TIGHT BINDING BOOK

TEXT LIGHT
WITHIN THE BOOK
ONLY

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_222418

UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—43--30-1-71—5,000

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

891.4315 15783

Call No. ۸۹۱٫۵۴۱۵ Accession No. ۱۵۷۸۳

Author ۱ - ع عبدالمالک آروی

Title اقبال کی شاعری

This book should be returned on or before the date last marked below.

سلسلہ مطبوعات ادارہ طاق بستاں آرہ

نمبر ۱

اقبال کی شاعری

از

مولانا عبدالمالک صاحب آروی

جسمیں اقبال کی زندگی، آپکی شاعری، فلسفہ، اور سیاسیات پر
نہایت محققانہ، جامع اور دلپذیر انداز میں تبصرہ، اور مخالفین کے
اعتراضات کا جایزہ لیکر معقول اور فاضلانہ استدراک کیا گیا ہے،

مع انتخاب کلام

قیمت غیر مجلد ـــــــــــ ۵؍

مجلد ـــــــــــ ۸؍

مطبوعہ نظامی پریس

بدایوں

سنہ ۱۹۵۰ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۱	گذارش احوال	۱
۲	دیباچہ (طبع ثانی)	۲ - ۳
۳	عرض نیاز (طبع ثالث)	۴ ۶
۴	مقدمہ	۷ - ۱۳
۵	اقبال اور اس کی شاعری	۱۴ - ۲۳
۶	اقبال کی شاعری پر فارسی شعرا کا اثر	۲۳ - ۲۹
۷	اقبال کی صوفیانہ شاعری	۲۸ - ۳۳
۸	اقبال کے بین الاقوامی تاثرات	۳۳ - ۳۵
۹	اقبال کی فلسفیانہ شاعری	۳۵ - ۶۱
۱۰	اقبال اور سیاسیات	۶۲ - ۷۲
۱۱	فلسفۂ خودی	۷۲ - ۸۷
۱۲	موازنہ علاج و اقبال	۸۷ - ۹۰
۱۳	اقبال و رومی	۹۱ - ۱۰۶

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۱۴	اقبال اور محمود شبستری	۱۰۷-۱۰۹
۱۵	گرامی و اقبال	۱۱۰-۱۱۴
۱۶	لاہور اسکول: اقبال، جوش اور احسان کا تقابلی مطالعہ	۱۱۵-۱۴۶
۱۷	لاہور اسکول کی تخلیق و ترقی	۱۱۶-۱۲۲
۱۸	سیاسیات: جوش و اقبال	۱۲۲-۱۲۵
۱۹	مذہبیات: جوش و اقبال	۱۲۵-۱۲۸
۲۰	اخلاقیات: جوش و اقبال	۱۲۸-۱۳۱
۲۱	فلسفہ: جوش و اقبال	۱۳۱-۱۳۴
۲۲	جوش و احسان کا تقابلی مطالعہ	۱۳۴-۱۳۵
۲۳	احسان کی انفرادیت	۱۳۵-۱۳۹
۲۴	احسان کا رنگ تغزل	۱۳۹-۱۴۳
۲۵	رباعیات	۱۴۳-۱۴۶
۲۶	اقبال اور گوئٹے	۱۴۸-۱۷۶
۲۷	گوئٹے کی داستان محبت	۱۵۸
۲۸	گوئٹے کا فلسفہ	۱۵۹

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۲۹	گوئٹے کی سیاسیات	۱۶۱
۳۰	دیوان مغربی اور پیام مشرق	۱۶۳
۳۱	زندگی: گوئٹے اور اقبال کے نظریات	۱۶۵-۱۶۶
۳۲	بائرن: ایضاً	۱۶۷-۱۷۲
۳۳	عشق: ایضاً	۱۷۳-۱۷۴
۳۴	گوئٹے کی زندگی کا ایک تاریخ وار خلاصہ:	۱۷۴-۱۷۶
۳۵	اقبال اور دانتے	۱۷۷-۲۰۰
۳۶	دانتے کی زندگی اور نفسیات	۱۷۷-۱۸۲
۳۷	جاوید نامہ پر تبصرہ	۱۸۳-۲۰۰
۳۸	ڈاکٹر سچتانند سنہا اور اقبال	۲۰۱-۳۶۳
۳۹	ڈاکٹر سنہا کی کتاب کا تعارف:	۲۰۲-۲۱۰
۴۰	یار جنگ اور اقبال	۲۱۱-۲۱۴
۴۱	سر سپرو اور اقبال	۲۱۴-۲۲۰
۴۲	امرناتھ جھا اور اقبال	۲۲۰-۲۲۸
۴۳	امین جنگ اور اقبال	۲۲۸-۲۳۰

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۴۴	اقبال کی نشو و نما، تصانیف اور شخصیت	۲۳۰-۲۳۰
۴۵	استدراک	۲۳۹-۲۴۲
۴۶	اقبال کا فلسفیانہ پس منظر	۲۴۳-۲۵۹
۴۷	پروفیسر شریف کا مقالہ	۲۴۷۰
۴۸	افلاطونی تصور	،،
۴۹	میک ٹیگارٹ اور جیمس وارڈ	۲۴۸
۵۰	نطشے کا مافوق البشر	۲۵۳
۵۱	برگسان	۲۵۴
۵۲	استدراک	۲۶۰-۲۸۴
۵۳	ابن سینا	۲۶۲
۵۴	فارابی	،،
۵۵	شوپنہار	۲۶۴
۵۶	لیبنز	۲۶۵
۵۷	ڈیکارٹ	،،
۵۸	لاک	۳۶۶

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۵۹	مارکس	۲۶۷
۶۰	ہیگل	۲۶۸
۶۱	اسلامی فلسفہ	۲۷۳
۶۲	توحید اور قرآن کا پیغام	"
۶۳	امام غزالی کی توضیحات	۲۷۶-۲۷۵
۶۴	ڈاکٹر نکلسن	۲۷۹
۶۵	فلسفہ اشراقی	"
۶۶	رومی و فلاطینوس کا موازنہ	۲۸۴-۲۸۰
۶۷	اقبال کا سیاسی پس منظر:	۳۰۸-۲۸۵
۶۸	اقبال اور پاکستانی تصور	۳۲۰-۲۸۶
۶۹	غلام سرور کی تنقیدیں	"
۷۰	یوٹوپیا	۲۸۷
۷۱	عرب لیگ	۲۹۸-۲۹۲
۷۲	استدراک	۳۰۸-۲۹۸
۷۳	مسلم ریاستوں کی جنتھا بندی	۳۰۳

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۷۴	محمد نعیم اور عباسی شہزادہ	۳۰۴
۷۵	سر فضل حسین اور اقبال	۳۰۶-۳۰۹
۷۶	اقبال اور آزاد و خیالی	۳۱۰-۳۱۲
۷۷	اسٹینڈرائک	۳۱۳-۳۲۰
۷۸	اقبال کی کتابیں اور غیر مسلم قارئین	۳۲۱-۳۴۸
۷۹	اقبال اور فرقہ پرستی	۳۴۴
۸۰	غیر معقول موازنہ	۳۴۶-۳۴۲
۸۱	اقبال اور ورڈسورتھ	۳۴۶
۸۲	" " کالرج	۳۴۸
۸۳	اقبال کی قومی نظموں کا نقص	۳۳۰-۳۳۷
۸۴	ہندو اور بت پرستی:	۳۳۸-۳۴۸
۸۵	اقبال کے خیالات کی تنقیح و تردید	
۸۶	اسٹینڈرائک	۳۳۸-۳۶۲
۸۷	کالیداس	۳۵۰
۸۸	اسوا گھوش	۳۵۱

نمبر شمار	عنوانات	
۸۹	بھاؤ دیو	۳۵۲
۹۰	شاہجہاں اور چندر بھان	۳۵۹
۹۱	اقبال کی فارسی شاعری اور اہل ایران	۳۵۷
۹۲	اقبالیات کا مختصر جائزہ	۳۶۴-۳۸۶
۹۳	اقبال اور اس کا پیغام	۳۶۴
۹۴	ہندوستانی شاعری اور قنوطیت	۳۶۶
۹۵	سانکھیہ	۳۶۸
۹۶	ویدانت	"
۹۷	یوگ	۳۶۹
۹۸	روح اقبال: یوسف حسین	۳۷۳
۹۹	تصور زماں و مکاں:	۳۸۱
۱۰۰	اقبال اور ڈاکٹر رضی	
۱۰۱	حیات اقبال: تاج کمپنی	۳۸۳
۱۰۲	انتخاب کلام	۳۸۸-۴۱۷

گذارش احوال

طبع اوّل

۹ر جنوری ۳۸ء کا دن ہندوستان کی تاریخ میں اپنی خصوصیات کے لحاظ سے بہت اہم تھا، اس دن اہلِ ہند نے اپنے شاعر علامہ سر محمد اقبال کی شاعرانہ عظمت اور وطن پرورانہ جوش و ولولہ کا احترام کرتے ہوئے "یوم اقبال" کی مُبفید اور گراں قدر تقریب منائی، اس سلسلہ میں شاہ آباد اُردو لائبریری (آرہ) کی طرف سے بھی ایک عام جلسہ بہ صدارت چودھری شرافت حسین صاحب ایم۔ اے۔ سی منعقد ہوا جس میں شاعر اعظم کی، زندگی، آپ کے کمالات شعری، اور آپ کے افادات علمی پر روشنی ڈالی گئی، اور میں آج بڑی مسرت کے ساتھ جناب عبدالمالک صاحب آروی کا علمی مقالہ جس میں اقبال کی شاعری پر بے مثل تبصرہ کیا گیا ہے شائع کرنے کی عزت حاصل کر رہا ہوں۔ میں اپنے رفیق جناب حافظ علی حسین صاحب کا مرہون منت ہوں کہ انھوں نے یوم اقبال کو کامیاب بنانے میں میری بڑی مدد کی

محمد امیر

سکریٹری شاہ آباد اُردو لائبریری (آرہ)

دیباچہ - (طبع ثانی)

یہ مختصر سی کتاب دوبارہ چھپ کر آپ کی خدمت میں پہونچ رہی ہے، ہم نے پہلی مرتبہ ۱۹۳۵ء میں اسے شائع کیا تھا اُس وقت وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ تھی کہ ملک میں اس طرح اس اس کی پذیرائی ہوگی، ہندوستان کے طول و عرض ہی میں یہ کتاب نہیں پھیلی بلکہ یورپ، جزیرۂ ملایا، وغیرہ سے بھی مانگ آئی پٹنہ یونیورسٹی نے اپنے ایم کے نصاب میں داخل کر کے ہماری حوصلہ افزائی کی، ڈاکٹر سید محمود صاحب وزیر معارف بہار نے اسکول اور کالج کی لائبریریوں میں تقسیم کرنے کے لئے اس کی دو سو جلدیں خریں، حکومت حیدرآباد نے اپنے مدارس ثانویہ کی لائبریریوں اور طلبہ کو انعام میں دیئے جانے کے لئے منظور کیا، ریاست بھوپال نے بھی اپنے مدارس کی لائبریریوں اور طلبہ کو انعام میں دیئے جانے کے لئے منظور کیا، حضرت مولانا نیاز فتحپوری مدظلہ نے اواخر دسمبر ۳۸ء میں اس کے متعلق دہلی ریڈیو اسٹیشن سے تقریر نشر کی ملک کے اکثر اخبارات و رسائل نے حوصلہ افزائی کے کلمات لکھے بہت جلد یہ کتاب ختم ہوگئی یہانتک کہ مختلف اداروں کی مانگ ہمیں مجبور کیا پھر اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن نکالیں پہلے صرف ۴۰ صفحات کی یہ کتاب تھی اب تین جز کا اضافہ کیا گیا ہے اسی کے ساتھ اقبال کے افکار عالیہ کا ایک مختصر سا انتخاب بھی دیا گیا ہے ہمارا ارادہ ہے کہ جب

کبھی اس کا نیا ایڈیشن نکلے ایک جدید باب کا اضافہ کر دیا جائے، اس طور سے یہ کتاب آگے چل کر اقبال کی شاعری پر ایسی چیز ہو جاوے گی جس کی نظیر آپ کو کسی دوسری جگہ نہیں مل سکتی۔

ص ۶۴ پر بہار کے چند شعراء کا تذکرہ کیا گیا تھا اس ایڈیشن میں یہ عبارت نکال دی گئی، چونکہ پہلے یہ کتاب مقالہ کی حیثیت سے شائع ہوئی تھی، اور اب اضافہ کے باعث ربط و تسلسل قائم نہیں رہتا تھا، بہار کے اکابر شعراء کا کلام ہم طاق نسیاں کی طرف سے شائع کریں گے۔

محمد امیر

طاق نسیاں آرہ

۱۲ر اپریل ۱۹۴۰ء

عرض نیاز (طبع ثالث)

"اقبال کی شاعری" کا تیسرا ایڈیشن شائع ہو رہا ہے پہلا ایڈیشن چونسٹھ صفحات کا ایک مختصر مقالہ تھا جو ۱۹۳۸ء میں یوم اقبال کی تقریب میں پڑھا گیا تھا، اہل ذوق نے اسے پسند کیا، اس لیے ۱۹۴۰ء میں مختصر سے اضافہ کے ساتھ اس کا دوسرا ایڈیشن نکالا گیا، ۱۹۴۳ء کے اواخر سے تقریباً ۱۹۴۵ء تک اس کا مصنف خود ہی بجی پریشانیوں میں گھرا رہا اسی کے ساتھ جنگ عظیم کی ہولناکیوں اور ۱۹۴۶ء کی فرقہ وارانہ کشاکش نے اس لائق نہ رکھا کہ اس کتاب کا تیسرا ایڈیشن نکالا جا سکے حالانکہ اس دوران میں بعض مکتبہ والوں نے اس کی اَن گنت کاپیاں طلب کیں۔

بہار کے وزیر ترقی ڈاکٹر سید محمود صاحب مظاہر قابل صد شکریہ ہیں کہ محض آپ کی توجہ و کرم سے اسباب اشاعت کی حوصلہ شکن دشواریوں کے باوجود اس کتاب کا تیسرا ایڈیشن شائع کیا جا رہا ہے، ڈاکٹر صاحب ممدوح طاق نسیاں جیسے خاموش خالص علمی ادارہ کی سرپرستی کر کے ہمیں عہد اسلامی کے معروف عالم وزیر نظام الملک صاحب ابن عباد اور ابن زیات کی یاد دلاتے ہیں کتاب ہذا کے مصنف کے ساتھ

ڈاکٹر صاحب کی غیر معمولی شفقت، نوازش، وہمت افزائی ایک اہم ادبی خدمت کے روپ میں آپ کے سامنے ہے، اگر مصنف اس لائق ہے کہ ادب وتنقید کی دنیا اس کی کوششوں کو بہ نظر قبول واستحسان دیکھے، تو اس سے زیادہ ڈاکٹر صاحب موصوف لائق مبارک باد ہیں جن کے غیر معمولی التفات، ادبی شغف اور طاق نسیاں کی مربیانہ سرپرستی کی وجہ سے یہ کتاب منظر عام پر آسکی،

اس کتاب میں بہت سے نئے ابواب کا اضافہ کیا گیا ہے اتنا اضافہ کہ پہلا حصہ اس کی ضخامت کی وسیع آغوش میں گم ہو گیا ہے، رومی گوئٹے اور دانتے کی زندگی وکلام سے ڈاکٹر اقبال کی حیات اور تصورات شعریہ کا موازنہ کیا گیا ہے، اس سلسلہ میں بہار کے مشہور فاضل، محقق و ادیب ڈاکٹر سچتانند سنہا کی انگریزی کتاب "اقبال: شاعر اور اس کا پیغام" کے چار مکمل ابواب کا ترجمہ کر کے ان پر استدراک لکھا گیا ہے، میرے خیال میں یہی حصہ اس ایڈیشن کی اصل جان ہے، ڈاکٹر سنہا نے اقبال، ان کی زندگی اور تصورات پر ایک بے لاگ تنقید لکھنے کی کوشش کی ہے، لیکن اس کوشش میں ان سے جو تسامح، فروگذاشت اور اجتہادی غلطیاں ہوئی ہیں، ان پر محققانہ انداز میں روشنی ڈالی گئی ہے،

کسی کتاب کی قبولیت اس کے افادی مرتبہ کی ضامن نہیں، شوپنہار نے

اپنی معروف عالم کتاب "عالم بہ حیثیت ارادہ و تصور" کے دوسرے ایڈیشن میں اس پر بحث کی ہے کہ "کسی کتاب کے گمنام ہو جانے یا قبول عام کا درجہ حاصل نہ کرنے سے اس کی افادی خصوصیت فنا نہیں ہوتی، بلکہ دنیا میں ذہن خلاق کی اکثر معجز و مفید پیداواریں عرصہ دراز تک قعر گمنامی میں پڑی رہیں" اگر واقعات مساعد ہوتے تو شاید دس سال کے اس مزمن وقفہ میں "اقبال کی شاعری" کے متعدد ایڈیشن نکل جاتے لیکن ایسا نہ ہوا۔ کا اس سے اس کتاب کی قبولیت کا ایک اندازہ ہوتا ہے لیکن افادیت کا نہیں غالب کا مختصر اردو دیوان اُن کی زندگی میں ان کے لئے بھی حوصلہ شکن رہا لیکن ان کی موت کے بعد ان کے اسلوب شعری نے ایک خاص اسکول کی صورت اختیار کر لی، شاعر، ادیب، نقاد، فلسفی، مصور سبھوں نے اس کی شرحیں لکھیں، کتاب کی زندگی کی ضمانت اسکی افادی خصوصیت ہوتی ہے، محض اسکی دلربائی و دلکشی نہیں، جہاں تک کتاب کے تخلیقی مواد، افادی محاسن اور دل ربایا نہ فن کاری کا تعلق ہے ملک کے نقاد ہی اس موضوع پر روشنی ڈال سکتے ہیں، میں نے اپنی فرصت کے ان عزیز لمحات کو جن میں دنیا کی دلچسپی و دلکشی کی طلبگار رہتی ہے گہری تنقیدی قدروں پر صرف کیا۔ یہ ایک ایسا عمل ہے جس پر ہنسی، نشاط، اور مزہ کی بڑی بڑی قربانیاں چڑھائی گئی ہیں، اور ایک خاموش فضا میں ڈوب کر ادب و تنقید کی یہ خدمت انجام دی گئی ہے۔

طاق نسیاں، ملکی محلہ آرہ
۲۵ اکتوبر ۴۳ء

عبدالمالک آروی

یورپ کا ایک مشہور ماہر نفسیات پروفیسر میک ڈاوگل جبلت عائلہ (FAMILY INSTINCT) پر بحث کرتے ہوئے لکھتا ہے،

اسلاف پرستی (ANCESTOR WORSHIP)

قوی استقلال کی موید ہے۔ قدیم روسہ کی ترقی کا راز
اسی میں مضمر تھا، یونان کی تہذیب عتیق اسی نوع کی
استوار بنیاد پر قایم تھی۔[1]

میک ڈاوگل نے اپنے خالص فلسفیانہ انداز میں مسئلہ آبادی میں آبا کی پرستش کو بہت اہمیت دی ہے اور مختلف اقوام و ملل اہل روسہ و یونان، ساکنان جاپان اور قوم یہود کی ترقی و تنزل پر بحث کرتے ہوئے یہ ثابت کیا ہے کہ اسلاف کی پرستش کو قوموں نے اپنی نشاۃ و ارتقاء کے لئے رواج دیا تھا، ہم زمانہ قوموں کے عروج و انحطاط پر نظر غائر ڈالتے ہیں تو ہمیں نہ صرف یہ نظر آتا ہے کہ وہاں اسلاف پرستی کا رواج تھا بلکہ ترقی یافتہ قومیں اپنے ہیروؤں کے ساتھ جذباتی وشیفتگی رکھتی ہیں جس ملت میں پستی و اضمحلال ہے وہاں ہیروؤں کی [illegible] بھی تاریکی

---

[1] AN INTRODUCTION TO SOCIAL PSYCHOLOGY ص ۲۳۶

کے پردوں میں فنا ہو چکی ہے۔

اس نظریہ کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں یہ دیکھ کر بڑی مسرت ہو رہی ہے کہ ہندوستان نے اپنے قومی شاعر اور ہیرو "علامہ اقبال" کی زندگی اور افکار شعری پر روشنی ڈالنے کے لئے ایک مخصوص "یوم" کی تعیین کی ہے جس دن سارے ہندوستان کے طول و عرض میں یہ تقریب منائی جائے گی اور اس طور سے اہل ہند دنیا کے سامنے اپنی رونق محفل اور آہنگ حیات کی ایک زندہ شہادت پیش کریں گے اور ہمارے فخر و ابتہاج کی کوئی حد نہیں کہ ہمیں اس نوع کی قومی تقریب میں چند سطور لکھ کر پیش کرنے کا موقع مل رہا ہے۔

اقبال کی شاعری پر تبصرہ کرنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ اردو شاعری کے مختلف ادوار پر ایک طائرانہ نگاہ ڈال لی جائے اور اس کے بعد بتایا جائے کہ اقبال کی شاعری کس دور سے تعلق رکھتی ہے اور اس کے اجزائے ترکیبی میں کتنے قدیم عناصر شامل ہیں۔

مولانا محمد حسین آزاد نے اردو شاعری کے پانچ دور قائم کئے ہیں، پہلا دور تو ان کے نزدیک ولی اور اس کے ہمعصروں کا تھا، دوسرے دور میں شاہ حاتم، خان آرزو، فغاں وغیرہ نظر آتے ہیں تیسرے دور میں انھوں نے مرزا مظہر جان جاں میر سوز، میر تقی، مرزا رفیع سودا، خواجہ میر درد کے اسماء گنائے ہیں، چوتھا دور مصحفی، انشا، جرأت وغیرہ سے متعلق ہے پانچویں دور میں ناسخ، آتش، شاہ نصیر،

مومن، ذوق، غالب وغیرہ شامل ہیں۔[۱]

تحقیق و نظر نے اب یہ بات پایۂ ثبوت تک پہونچا دی کہ ولی اردو کا پہلا شاعر نہ تھا، بلکہ اس سے پہلے اردو کے مستند باکمال شعرا گزر چکے ہیں، ہر چند میر تقی نے بہت سے دکنی شعرا کا تذکرہ کیا ہے، لیکن ان کے حالات کی تحقیق اور واقعات زندگی کی ترتیب میں اہتمام نہیں کیا بلکہ اکثر دکنی شعرا کا صرف نام لکھنے پر اکتفا کیا ہے۔[۲] قایم نے اس سلسلہ میں بڑی کاوش کی ہے اور وہ خاص طور پر دکنی شعرا کے حالات بیان کرتے ہیں ان کے نزدیک عبداللہ قطب شاہ کے عہد میں ریختہ کو بہت زیادہ رواج ہوا۔ مولینا عبدالحق صاحب کو اس پر اعتراض ہے، وہ فرماتے ہیں کہ "عبداللہ قطب شاہ کے عہد سے اس کی ابتدا قرار دینا صحیح نہیں کیونکہ اس سے قبل سلطان قلی قطب شاہ اور محمد قلی قطب شاہ خود بڑے شاعر گزرے ہیں"۔ عبدالحق صاحب کا اعتراض بے محل ہے قایم نے صرف یہ لکھا تھا کہ "در عہد عبداللہ قطب شاہ کہ باسخنوران بہ محبت و مواسا پیش می آمد ریختہ گفتن بہ زبان دکھنی بسیار رواج گرفت"۔ قایم نے عبداللہ قطب شاہ کے عہد سے اس کی ابتدا نہیں کی ہے جیسا کہ عبدالحق صاحب نے سمجھا ہے۔[۳]

---

[۱] آب حیات ص ۵ (طبع یازدہم)

[۲] نکات الشعرا میر تقی ص ۱۱-۱۰۳

[۳] "مخزن نکات" قایم چاند پوری ص ۷

قایم نے اُردو کا سب سے پہلا شاعر "سعدی" کو بتایا ہے اور ان کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ سعدی شیرازی ہیں جو دورانِ سیاحت میں گجرات تشریف لائے تھے اور وہیں اُنھوں نے چند اشعار کہے بوستاں میں خود سعدی نے تذکرہ کیا ہے کہ وہ سومنات گئے تھے، مگر میر تقی "سعدی" کو جن کی طرف ریختہ کے اشعار منسوب ہیں "دکھنی" لکھتے ہیں اور یہ اعتراض کرتے ہیں "بعض ایں را شیخ سعدی گماں بردہ اند خطا است[1]" بہرحال قایم نے اردو شاعری کے تین طبقات قایم کئے ہیں پہلے طبقہ میں اُنھوں نے سعدی، خسرو، نوری، افضل، فضلی، غوثی، لطفی، آزاد، فراقی، فخری، سراج، ولی، بیدل، فطرت وغیرہ کے نام گنائے ہیں، دوسرے طبقہ میں اُنھوں نے شاہ مبارک آبرو، خان آرزو، یک رنگ، شاہ ولی اللہ اشتیاق، شاکر ناجی، مضمون، احسن، پیام، شاہ حاتم، راجہ انند رام مخلص، میر تجاد، قزلباش خاں اُمید کو شامل کیا ہے، تیسرے طبقہ میں میر شمس الدین فقیر، مرزا مظہر، سودا، خواجہ میر درد، میر تقی، نعماں، یقین، حزیں، تاباں، ضیا وغیرہ نظر آتے ہیں، قایم نے بلحاظ زبان و طرز اردو شاعری کے طبقات قایم کئے ہیں[2] صفیر بلگرامی نے خود دکنی شعرا کو مختلف ادوار میں تقسیم کیا ہے، اُنھوں نے بھی سعدی دکھنی سے ابتدا کی ہے، اور احمد، احسن، اشرف، خوشنودی، فضلی کو طبقہ اول میں

---

[1] نکات الشعرا ص ۱۱

[2] مخزن نکات قایم

گنایا ہے اس کے بعد طبقہ دوم میں جعفر، مالک، محمود، ہاتفی، ہاشم کا نام لیا ہے یہ لوگ شاہجہاں کے دور حکومت تک شعر گوئی کرتے رہے، اس کے بعد عالمگیر کے زمانہ میں طبقہ سوم کا دور تھا اس عہد میں ملک فخری، غواصی، حشمت، عبدالرحیم، عبداللہ بیچارہ، حبیب گزرے ہیں، اسی دور کا مایہ ناز اور ذہین شاعر ولی[1] تھا جس کو مصنف آب حیات نے اردو شاعری کا بادا آدم کہا ہے۔

اس وقت اسکا موقعہ نہیں کہ اردو شاعری کی صحیح تقسیم کرکے بتایا جائے کہ کہ اس پر کتنے ادوار گزرے، مصنف آب حیات متاخرین تذکرہ نگاروں میں سے گزرے ہیں، اس لئے ان کی تقسیم ایک حد تک صحیح ہے لیکن "دور اول" کے متعلق ان کی رائے بالکل ساقط الاعتبار ہے، انھوں نے پانچ دور پر اردو شاعری کو ختم کیا ہے، دنیا آگے بڑھتی جاتی ہے، اس کے بعد بہت سے باکمال شعرا پیدا ہوئے محمد حسین آزاد نے غالب پر اپنا تذکرہ ختم کیا ہے یہ بہادر شاہ ظفر کا زمانہ تھا، اس دور میں اور اس کے بعد اردو شاعری نے بہت بڑی ترقی کی ہے، حالی پیدا ہوئے اول اول تو وہ اسی شاہراہ پر چلے جس پر شیفتہ، مجروح، وغیرہ چل چکے تھے، حالی کو غالب کی "باقیات صالحات" میں سے گنایا جاسکتا ہے لیکن ان کو تو ایک جدید اسکول کا بانی ہونا تھا، سرسید کی نظر انتخاب پڑی، اور حالی اب سرسید کے رفیق کار بنے اس وقت اردو شاعری نے ایک نئی کروٹ لی اور یہیں سے

---

[1] تذکرہ جلوہ خضر، صفیر بلگرامی جلد ۲ ص ۷

اس کا دورِ نہضت (RENAISANCE) شروع ہوا، اسلامی سلطنت کی شمع گل ہو چکی تھی، مسلمانوں کی زندگی و سیاسیات میں ایک انقلاب کی ضرورت تھی اُن کو دُنیائے تخیل سے نکال کر عمل کے میدان میں لا کھڑا کرنا، لازمی تھا، چنانچہ سب سے پہلا شاعر جس نے اپنی شاعری کے ذریعہ ان کے ..... شعورِ خفتہ کو بیدار کیا، ان کی فسردہ زندگی میں حیات کی گرمی و حرکت پیدا کی وہ "حالی" تھے، اُن کی "مسدّس" اُردو زبان کا ایک غیر فانی شاہکار ہے، جس سے نہ صرف مسلمانوں کا شاندار ماضی آشکارا ہوتا ہے بلکہ کوئی مورخ اور فلسفی بلا اس کو پیشِ نظر رکھے ہوئے اُردو زبان کے ارتقاء کی صحیح علمی تاریخ مرتب نہیں کر سکتا۔

یہ حالی ہی کا فیض تھا کہ اس نے اُردو زبان میں اکبر الہ آبادی جیسا نادرالوجود شاعر پیدا کیا، حالی کی مسدّس نے ہندوستانی ادب میں ترقی و اصلاح اور قومی زندگی میں سعی و بیداری پیدا کرنے کی طرف اربابِ علم و ذوق کو توجہ دلائی، اکبر کی ہلکی پھلکی تنقیدوں نے جو شوخ سنجیدگی کی بے مثل نظیریں، مسلمانوں کے مذہب و معاشرت، ادب و سیاست، الغرض مختلف شعبوں کو اثر پذیر کیا۔ اسمٰعیل میرٹھی وغیرہ اسی سلسلۂ ارتقاء کی کڑی ہیں۔

شمع سے شمع جلتی ہے، حالی کے بعد اُردو شاعری نے کوئی انقلابی صورت اختیار نہیں کی، شعراء ان کا متبع کرتے رہے اور کچھ اپنی انفرادیت کا اضافہ، ہندوستان مغربی تمدن سے آشنا ہو چکا تھا، یورپ کے علوم و معارف کا مشرقی علم و حکمت سے

اختلاط ہو رہا تھا، مغربی افکار و آرا سے ہندوستان سُرعت کے ساتھ اثر پذیر ہوتا جاتا تھا، بہت سے ناعاقبت اندیش اس رو میں بہہ گئے، کتنے ہندوستانیوں نے مغرب کی تقلید میں اپنا مشرقی ناموس کھو دیا، اب ضرورت تھی کہ کوئی "پیمبرِ سخن" پیدا ہو جو صحیح جادۂ اعتدال کی طرف رہنمائی کرے، چنانچہ قدرت نے اس کے لئے "اقبال" کا انتخاب کیا۔

اقبال اور اسکی شاعری

اقبال اپنے جذبات کی اثر پذیری اور افتادِ فکر و روح کے اعتبار سے نہ صرف ہندوستان بلکہ یورپ، ایران اور عراق و مصر میں بھی کافی شہرت رکھتے ہیں، اُن کی شاعری کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ یہ بہت اہم بحث ہے، یہ تو ظاہر ہے کہ نہ تو فارسی میں ان کے رنگ کا شاعر پایا جاتا ہے اور نہ اُردو میں ان سے قبل کوئی اس انداز کا شاعر گزرا ہے، اس میں شک نہیں کہ انھوں نے فارسی زبان کے مشاہیر شعرا سے کافی حد تک استفادہ کیا ہے اور اس سے بھی کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ اُردو میں وہ "حالی اسکول" کی پیداوار ہیں۔ یقیناً حالی، اسمٰعیل میرٹھی اور اکبر الہ آبادی کے تاثرات سے وہ بڑی حد تک اثر پذیر ہیں، یہ چند تینوں حضرات اپنے اندازِ بیان اور جدتِ انشا کے لحاظ سے اپنی مثال نہیں رکھتے "حالی"، عہدِ حاضر کے تمام نظم نگار شعرا کے پہلے اُستاد ہیں، اور میرا خیال ہے ہندوستان کا کوئی ایسا نظم نگار نہیں جس کے افکار شعریہ کی تنقیح و تحلیل کی جائے تو اس کا انتساب حالی اسکول سے نہ ہو، پھر بھی اقبال اپنی نظیر آپ ہیں۔

تنقیدِ شعر و ادب کے سلسلہ میں یہ امر نہایت اہم ہے کہ ہم جس شاعر کے کلام پر تبصرہ کرنا چاہیں اس کی زندگی کا گہرا مطالعہ کریں اور اسی کی آنکھوں سے اور اُس کے

شعور کے مطابق اشیاء پر نظر ڈالیں کیونکہ شاعر ایک مخصوص زمانہ میں ایک مخصوص خطہ کے سامنے اپنا پیام دیتا ہے۔ مصری عالم ڈاکٹر زکی مبارک اپنی فلسفیانہ اور ادبی تصانیف کے لئے یورپ اور اسلامی ممالک میں کافی شہرت رکھتا ہے، نقد شعر و ادب کے سلسلہ میں لکھتا ہے۔

فان الشاعر انما یؤدی رسالته الی جیل خاص فی قطر خاص ومن الحکم ان نطالبه بان یری الاشیاء بعینك ویدرکها ببصیرتك و یتذوقها بوجدانك مع ان بینك وبینه مئات الفروق وهو لم یعش معك ولا لك وانما خضع فی شعوره لغیر ما تخضع له من ظروف الزمان والمکان[1]

شاعر اپنا پیغام ایک خاص دور ایک مخصوص خطہ کے سامنے دیتا ہے، یہ بہت زیادتی ہے اگر آپ اس سے مطالبہ کریں کہ اشیاء کا مطالعہ آپ کی آنکھوں سے کرے، آپ کی بصیرت (بینائی) کے مطابق سمجھے، اور آپ کے ذوق و وجدان (INTUITION) کے لحاظ سے محسوس کرے باوجودیکہ آپ کے اور اس کے درمیان سینکڑوں برس کا فرق ہو، نہ وہ آپ کے ساتھ رہا اور نہ وہ آپ کے لئے آیا تھا، اور زمان و مکان نے اس پر جو نقوش چھوڑے ہیں وہ ان سے مختلف ہیں جو آپ اس کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

اس لحاظ سے ہماری خوش قسمتی ہے کہ اقبال ہمارے دور کے شاعر ہیں اور شعور و ذوق کے لحاظ سے اسی عہد کے پیداوار ہیں بنا بریں ہمیں ان کے کلام پر تنقیدی

[1] الموازنة بین الشعراء ص ۱۷

نظر ڈالنے میں کچھ زیادہ دقت بھی نہیں کیونکہ ظن و خیال کے مقابلہ میں ہمارے سامنے مشاہدات کی دنیا ہے، نیرو و تردد کے سمجھنے میں مشکلات و موانع ہیں کیونکہ وہاں مفروضات سے کام لینا ہوگا لیکن اقبال کو سمجھنے میں نہ زمان و مکان کے لحاظ سے کوئی بعد ہے نہ نظری و اعتبار سے کوئی سد و کاسہ ہے۔

اقبال نے فارسی شعراء بالخصوص صوفیانہ شاعری سے بڑی حد تک استفادہ کیا ہے اس سلسلہ میں سنائی، عطار، رومی و خاقانی کا نام لیا جاسکتا ہے ان کی شاعری پر زبان فارسی کے ہندی اور ایرانی شعراء کا بھی اثر پڑا ہے مثلاً حافظ و صائب، طالب آملی و بیدل وغیرہ کا کلام بھی ان کے زیر مطالعہ رہا ہے اقبال نے اپنی پہلی تازہ کتاب "ضرب کلیم" نواب سر حمید اللہ خاں فرمانروائے بھوپال کے نام معنون کی ہے اسی ضمن میں نواب صاحب کو خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

تو صاحب نظری آنچہ در ضمیر من است
دل تو بیند و اندیشۂ تو می داند
بگیر این ہمہ سرمایۂ بہار از من
"کہ گل بدست تو از شاخ تازہ تر ماند"

چوتھا مصرعہ طالب آملی کے ایک مشہور شعر کا آخری مصرعہ ہے، گو "ضرب کلیم" میں اس کا حوالہ نہیں دیا جاسکا مگر خاں کی روایت ہے کہ طالب آملی

نے چھ ماہ تک فکر کی لیکن کوئی مصرعہ فکر میں نہ آتا تھا، آخر انھوں نے یہ مصرعہ کہا

"زغارت چمنت بر بہار منتہاست"[۱]

میر حسن جیسا نقاد اور سخن شناس قایم چاند پوری کو طالب آملی کا ہم رنگ بتاتا ہے جو بالکل بے جوڑ سی بات ہے[۲]۔ قایم کی آشفتہ سامانی اور سوز جگری کو طالب آملی کی اس کاوش مژہ سے کوئی سروکار نہیں، پہلے وہ خواجہ میر درد کے شاگرد تھے، پھر سودا سے شرف تلمذ حاصل کیا اگر "درد" ہی وابستہ ہوتے تو آہ ان کا پایہ اردو شاعری میں کچھ اور ہی ہوتا۔ بہر حال اقبال باوجود اس کے کہ حالی اسکول کی پیداوار ہیں اور انھوں نے فارسی شاعری سے بھی بڑی حد تک استفادہ کیا ہے، پھر بھی وہ اپنی طرز کے یگانہ شاعر ہیں۔ ان کی شاعری میں فلسفہ، تصوف، اسلامیات و بین الاقوامی تاثرات بدرجہ اتم پائے جاتے ہیں۔ مشرقی ادب و تہذیب سے ان کو گہرا لگاؤ ہے، مغرب سے بھی انھوں نے سیکھا ہے، لیکن دوسرے متعلمین یورپ کی طرح وہ مغرب زدہ نہ ہوئے بلکہ وہ یورپ جاکر مشرق کیلئے ایک غیر فانی "ارمغان پیام" لائے۔ انگلستان اور جرمنی کی شاعری نے ان پر گہرا اثر کیا ہے، لانگ فیلو کی اخلاقیات، اور ورڈسورتھ کی راہبانہ اور صوفیانہ نگارش، کیٹس کی عشقیہ اور رول فردوشانہ آہنگ اور گوئٹے کے فلسفیانہ اور متین پیام و تلقین نے اقبال کو اثر پذیر کیا چنانچہ خود پیام مشرق انھوں نے گوئٹے کے

---

[۱] اقبال نامہ جہانگیری [۲] تذکرہ شعرائے اردو میر حسن

تتبع میں لکھی' یہ کوئی تاریخ ادب کا نیا واقعہ نہ تھا کہ ایک ہندوستانی شاعر یورپ سے کچھ سیکھتا ہے اور پھر اپنی قوم کی زندگی و ادب میں ایک انقلاب پیدا کر دیتا ہے' میک ڈاوگل کا نظریہ ہے،

"ہر قوم کے آرٹ کی مخصوص صورتیں اسلاف کے ورثہ یا اس سے زیادہ ماخذوں کی پیداوار ہیں جن سے اختلاط یا تتبع کے ذریعہ جدید قومی فن کی تخلیق ہوتی ہے' عموماً یہ ماہرین آثار قدیمہ کا کام ہے کہ اثر و تاثر کے ان سرچشموں اور خلط ملط کے ان نتائج کا پتہ لگائیں"[۱]

خود یورپ نے عربی اور فارسی شعرا سے بہت کچھ سیکھا' جرمنی کو اس سلسلہ میں امتیاز حاصل ہے' مشہور جرمن شاعر فریڈرک روئرٹ (FRIEDRICH RUCKERT) نے مثنوی مادھو نل کا سنسکرت سے جرمن نظم میں ترجمہ کیا' ولہم وان ہمبولٹ گیتا کا عاشق تھا' وہ ساری دنیا کے ادب میں اسی کو فوقیت دیتا ہے' ولہم وان شلیگل (جس نے گیتا کا اصل نسخہ سنسکرت زبان میں مرتب کیا اور ۱۸۲۳ء میں اسے ایک لاطینی ترجمہ کے ساتھ شائع کیا) گوئٹے کو لکھتا ہے' کہ ہم نے ایشیا کی ادبی مہم کی طرف عنان عزیمت موڑی ہے' وہ فخر کے ساتھ سنسکرت زبان

---

[۱] مقدمہ فلسفہ اجتماع میک ڈاوگل ص ۲۹۲ ۔ ۵ [۲] اخذ ہوتا تاریخ الادب العربی فی القرن التاسع عشرہ اور THE INFLUENCE OF INDIA AND PERSIAON THE POETRY OF GERMANY BY A. F. J. REMY

کی ادبیات کے ساتھ اپنی شیفتگی و ارادت کا اظہار کرتا ہے،
مشہور جرمن مستشرق ونٹرنز جو شانتی نکیتن و سوا بھارتی یونیورسٹی میں
پروفیسر رہ چکا ہے اپنی کتاب "تاریخ ادبیات ہند" میں لکھتا ہے کہ ہندوستان کی
مشہور دو مثنویوں رامائن اور مہابھارت اور اس کے مختلف قصص و حکایات
(مثلاً بھاگوت گیتا، نل و دمینتی، انوگیتا) وغیرہ نے جرمن شعرا گوئٹے اور ہمبولٹ وغیرہ
کو متاثر کیا۔[1]

اسی طرح مثنوی نل دمن کا تقریباً یورپ کی کل زبانوں میں سنسکرت سے ترجمہ
ہوا، تمام مغربی جامعات میں آج یہ دستور ہے کہ سنسکرت زبان کی تحصیل کا آغاز
اسی زبان سے کرتے ہیں،

الغرض اقبال یورپ گئے اور وہاں انھوں نے بہت کچھ سیکھا اور سیکھ کر
انہوں نے ہندوستانی ادبیات کو کافی فائدہ پہونچایا، اسی طرح جس طرح یورپ
نے مشرق سے سیکھا، اور پھر بھی اسے اپنی اختراعات فائقہ اور ایجادات رائقہ
پر ناز ہے۔

اقبال کی فلسفہ طرازیاں اور صوفیانہ رشحات فکر دیکھنے کے بعد ہم اس
نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ وہ شاعرانہ تخیل زار میں گمراہ ہونے کے بجائے ایک قاید
اخلاق اور علم بردار اصلاح و ترقی ہیں ان کے یہاں محض شاعرانہ نرمی و گرمی اور

---

[1] ملاحظہ ہو جرمن مستشرق ونٹرنز (WINTERNITZ) کی کتاب HISTORY OF INDIAN LITERATURE جلد ۲ ص ۸۴ - ۳۸۱

عشقیہ جگر ریزی و دل برشتگی نہیں ان کا دماغ متین اور سنجیدہ افکار کے لئے زیادہ موزوں ہے اور اس لئے عام شعرا کی طرح ان کے کلام میں رعنائی خیال اور صناع لفظی کی تلاش فضول ہے، وہ فرماتے ہیں۔

حدیث بادہ و مینا و جام آتی نہیں مجھ کو
نہ کر خارا شگافوں سے تقاضا شیشہ سازی کا[1]

اقبال یورپ کے قدیم و جدید فلسفہ سے متاثر ہیں، انہوں نے پیتھوزا و فلاطون، نطشہ (NIETSCHE) اور ہیگل کا مطالعہ کیا ہے، چینی فلاسفر و رہنما کانفیوشس کی تعلیمات اُن کی نظر سے گذری ہیں لیکن وہ فلسفہ یورپ سیکھنے کے بعد خشک فلسفی نہ بنے بلکہ جرمن شاعر شوپنہار کی طرح فلسفہ و شعر کے اختلاط سے ایک دلنواز ادب کی تخلیق کی آغوش مغرب میں پھوے پھلے لیکن اپنے مشرقی گہوارہ کو نہ بھولے بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ مغربی دنیا میں انھوں نے ناموس مشرق کی کافی تبلیغ کی، اور آج بھی ہندوستان کو یہ فخر ہے کہ اس کے موجودہ قومی شاعر.... کی نظم کا یورپ کی زبان میں ترجمہ ہوتا ہے[2]

اقبال کی شاعری حالی اسکول کی خصوصیات کا کمال پیش کرتی ہے، اگر یہاں عہد طفلی اور اس سے قبل کے اُردو شعرا کی طرح شعر گوئی نفسیاتی انتہا جیت

---

[1] بال جبریل [2] کیمرج یونیورسٹی کے پروفیسر عربی ڈاکٹر نکلسن نے آپ کی اسرار خودی کا اصل فارسی نسخہ اور اس کا انگریزی ترجمہ ایک مقدمہ کے ساتھ شائع کیا،

(ہتہاجیت

PSYCHOLOGICAL HEDONISM) کا نتیجہ نہیں ہے۔ پروفیسر میک ڈاوگل نے "اصول عمل" (THEORIES OF ACTION) پر بحث کرتے ہوئے دکھایا ہے کہ علمائے نفسیات حرکت و عمل کو مختلف جذبات و تہیجات کا نتیجہ بتاتے ہیں یہاں تفصیل کا موقعہ نہیں صرف دو باتیں عرض کر دینا ہیں۔ انھوں نے ایک جماعت کا تذکرہ کیا ہے جو اعمال کو لذتِ النفس اور خط باطن کی پیداوار بتاتی ہے، اسی زمرہ کے قایدین میں جرمن نفسی جی۔ ایچ شینڈر ہیں جنھوں نے مکمل طریقہ سے اس نظریہ کی وضاحت کی ہے۔ دوسری جماعت کہتی ہے کہ حرکت و عمل نتیجہ ہوتا ہے، تصورات (IDEAS) کا اور وہ IDIO-MOTOR ACTION کا قائل ہے اس نظریہ کے قدیم مبلغین میں ہربرٹ کا نام پایا جاتا ہے، میک ڈاوگل کے معاصرین میں سے پروفیسر باسینکوئٹ اور ایف۔ ایچ بریلڈ بھی اسی طبقہ میں نظر آتے ہیں، میک ڈاوگل کی تحقیق میں دونوں نظرئے ناقابل قبول ہیں[1]، بہرحال نفسیاتی نقطۂ نظر سے واقعہ جو بھی ہو لیکن اردو شاعری پر تاریخی اور تحقیقی نظر ڈالنے کے بعد ایک ناقد اسی نتیجہ پر پہونچتا ہے کہ اس کی تخلیق میں یا تو نفسیاتی ابتہاجیت کو دخل ہے میر و درد قائم و ضیا اسی صف میں نظر آتے ہیں، یا پھر اردو شعرا نے نفسیات کے "احساس فریضہ" THE SENSE OF DUTY کے مطابق شعر گوئی کی ہے

---

[1] AN INTRODUCTION TO SOCIAL PSYCHOLGY

ص ۳۳۰-۳۱۳ (بائیسواں اڈیشن)

ناسخ اور اُن کے مشاہیر تلامذہ اسی صنف کے شعرا ہیں۔ لیکن فارسی میں بیدلؔ اور اُردو میں غالبؔ اور مومنؔ ایسے شعرا گذرے ہیں جن کے یہاں شعر گوئی کی محرکات میں نفسیاتی ابتہاجیت اور تصوریت کے ساتھ "احساس فریضہ" بھی تھا، اقبال کے کلام میں اسی نوع کی ترنم ریزیاں پائی جاتی ہیں، چنانچہ انکا ایک شعر ہے،

مری نوا میں نہیں ہے ادائے محبوبی
کہ بانگ صور سرافیل دل نواز نہیں[۵]

اقبالؔ "پیمبر سخن" ہیں، اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اُن کا پیام کیا ہے؟ اُن کے کلام کا جائزہ لیا جاتا ہے تو وہ مختلف صورتوں میں نظر آتے ہیں، کبھی وہ فلسفی شاعر ہیں اور ہیگل اور برگسان کی طرح فلسفہ کے غموض و دقایق بیان کرتے ہیں کبھی وہ صوفی شاعر کے روپ میں نظر آتے ہیں اور ابن عربی و سنائی، رومی و عطار کی طرح تصوف کے اسرار و رموز پر روشنی ڈالتے ہیں کبھی وہ "اسلامی شاعر" کی طرح جلوہ گر ہوتے ہیں اور حضرت حسان اور ابن رواحہ کی طرح مسلم قوم، ممالک اسلامیہ، نبی اسلام اور شان اسلامی ان کا موضوع شعر بن جاتی ہے، ان کے یہاں ایسی نظمیں بھی ہیں جو ان کے بین الاقوامی تاثرات کا نتیجہ ہیں، مگر یہ ہیئت مجموعی ان کی شاعری پر غلبہ اسلامیات ہی کا ہے۔ اب سوال یہ ہو سکتا ہے کہ وہ کون سے اسباب ہیں جنھوں نے ان کے اندر "اسلامیاتی شاعری" کا دولہ پیدا کر دیا، فی الحال

---

[۵] بال جبریل

ہمارے سامنے اقبال کی نجی زندگی کے مختلف پہلو بے نقاب نہیں ہیں اس لئے ہم اس کا فیصلہ نہیں کر سکتے، ہاں سرسری طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ مجذوب اور اسباب کے ان کا قیام یورپ" اور سیاحت ممالک اسلامیہ بھی ہو سکتی ہے، ممکن ہے اسلام کے خلاف یورپ کی غیر ماہرانہ تنقید اور اس کی مسلم دشمنی نے ان کے اندر ایک ردّ عمل پیدا کر دیا ہو۔

اب آیئے مختلف عنوانات کے تحت کسی قدر تفصیل کے ساتھ اقبال کی شاعری پر تبصرہ کریں۔

۱ اقبال کی شاعری پر فارسی شعرا کا اثر

اقبال نے اپنی بلند پایہ کتاب "ضرب کلیم" اور ادبی کارنامہ "بال جبریل" دونوں میں کثرت سے فارسی شعرا کے حوالے دیئے ہیں ان کے تخیلات کا اقتباس لے کر طبع آزمائی کی ہے نادر شاہ نے دعوت نامہ بھیجا تھا، آپ افغانستان تشریف لے گئے اور وہاں نومبر ۱۹۳۳ء میں مشہور صوفی شاعر حکیم سنائی (متوفی ۵۴۵ھ) کے مزار کی زیارت کی ان تاثرات کو انھوں نے پوری ایک نظم میں ادا کیا ہے[۵]

اس نظم کی ابتدا کرتے ہیں رومی کے اس مشہور مصرعہ۔

"ما از پئے سنائی و عطار آمدیم" سے

ڈاکٹر نکلسن نے بھی انتخاب "دیوان شمس تبریز" میں رومی کا وہ شعر نقل کیا ہے

۵ بال جبریل ص ۳۷۔

جس کا آخری مصرعہ یہ ہے[۵۱] اور ثابت کیا ہے کہ رومی نے سنائی اور عطار سے استفادہ کیا تھا' اس پر فقیر نے طویل بحث کی ہے' جو نکلسن کے انگریزی ترجمہ کی اردو تلخیص میں موجود ہے[۵۲]

اسی نظم کے سلسلہ میں اقبال ایک جگہ کہتے ہیں'

حضورِ حق میں اسرافیل نے میری شکایت کی
یہ بندہ وقت سے پہلے قیامت کر نہ دے برپا
ندا آئی کہ آشوبِ قیامت سے یہ کیا کم ہے
"گرفتہ چینیاں احرام و مکی خفتہ در بطحا"

آخری مصرعہ سنائی کا ہے' اس سے پتہ چلا کہ حدیقہ ان کے زیرِ مطالعہ رہی ہے اس نظم کے سلسلہ میں انہوں نے صائب کے اس شعر کا بھی آخری مصرعہ لکھا ہے'

"کہ برفتراک صاحب دولتے بستم سرخود را"

اقبال نے پوری نظم بڑے جوش و خروش میں کہی ہے' ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جذبات کا سیلاب اُن کی پوری ہستی کو اپنے اندر جذب کر چکا ہے' فرماتے ہیں

---

۵۱ SELECTED ODES FROM THE DIWAN SHAMS. TABRIZ
(مرتبہ آر اے نکلسن) ص xxxviii

۵۲ انتخاب دیوان شمس تبریز (سلسلہ مطبوعات ایوان اشاعت گورکھپور) مرتبہ عبدالمالک آروی ص ۱۹۶ - ۱۸۱ -

نہ کر تقلید اے جبریل میرے جذب و مستی کی
تن آساں عرشیوں کو ذکر تسبیح و طواف اولیٰ

آگے چل کر کہتے ہیں،

فرنگی شیشہ گر کے فن سے پتھر ہو گئے پانی
مری اکسیر نے شیشہ کو بخشی سختی خارا
رہے ہیں اور ہیں فرعون میری گھات میں اب تک
مگر کیا غم کہ میری آستیں میں ہے یدِ بیضا
وہ چنگاری خس و خاشاک سے کس طرح دب جائے
جسے حق نے کیا ہو نیستاں کے واسطے پیدا

اسی گرم بیانی کے ساتھ انھوں نے پوری نظم ختم کی ہے اور آخر میں سنائی کے رتبہ کا لحاظ رکھتے ہوئے فرماتے ہیں: —

سنائی کے ادب سے میں نے غواصی نہ کی ورنہ
ابھی اس بحر میں باقی ہیں لاکھوں لولوئے لالا

اقبال نے رومی کا گہرا مطالعہ کیا ہے غالباً پہلے پہل ممدوح کو پروفیسر نکلسن نے اس کی طرف توجہ دلائی۔ ڈاکٹر نکلسن نے "اسرار خودی" کے مقدمہ میں اس کا تذکرہ کیا ہے کہ ڈاکٹر صاحب موصوف سے کیمبرج میں اقبال کی ملاقات رہی اور اس لئے قرینہ غالب ہے کہ نکلسن ہی کی تحریک سے اقبال نے رومی کا مطالعہ شروع کیا، کیوں کہ نکلسن

اس سے پہلے رومی کے متعلق بڑی عالمانہ کاوشیں کر چکے تھے ان کے نزدیک رومی کا کلام "عشق و جمال کے مذہب" کی پیداوار ہے، اقبال اپنی مختلف نظموں میں رومی کے ساتھ عقیدت و ارادت کا اظہار کرتے ہیں[۵۱] اس سلسلہ میں خصوصیت کے ساتھ "پیر و مرید" والی نظم قابل غور ہے جو "بال جبریل" (ص ۱۸۰) پائی جاتی ہے، ایک جگہ فرماتے ہیں:۔

مرید ہندی:۔ پڑھے ہیں میں نے علوم شرق و غرب
روح میں باقی ہے ابتک درد و کرب
دست ہر نا اہل بیمارت کند
پیر رومی:۔ سوئے ما در آ کہ تیمارت کند

اس سے پتہ چلتا ہے کہ اقبال[۵۲] نے رومی کا مطالعہ مریدانہ اعتقاد کے ساتھ کیا تھا اور وہ رومی کو اپنا روحانی رہبر سمجھتے تھے، پوری نظم بہت طویل ہے اور اس کے اسلوب و انداز بیان میں ولولۂ ارادت کی کارفرمائیاں ہیں،

اقبال نے خاقانی کی مشہور مثنوی "تحفۃ العراقین" کے دو شعر کا اقتباس اپنی نظم "ایک فلسفہ زدہ سید زادہ" میں درج کیا ہے[۵۳]، دولت شاہ کا بیان ہے کہ خاقانی نے شروان شاہ کے سامنے درباری زندگی سے علیحدگی کے لئے استعفا پیش کیا لیکن اس نے قبول نہ کیا آپ بلا اجازت بلقان کی طرف چلے گئے، گرفتاری موقوف سات

---

[۵۱] ضرب کلیم ص ۱۰ ۔ [۵۲] بال جبریل ص ۱۰، ۱۸۰، ص ۱۰۰ ۔ [۵۳] ضرب کلیم ص ۱۱، ص ۹ ۱۱

ماہ تک قید ہوئے عبادت اور یادِ الٰہی کا غلبہ ہوا قید سے چھوٹے تو پھر ملازمت نہ کی مکہ کا رُخ کیا۔[۵۱] راستہ میں ایک قصیدہ کہا جس کا پہلا مصرعہ یہ ہے :-

صبح از حمائل فلک آہیخت خنجرش

ابو طالب بن محمد اصفہانی کی روایت ہے کہ شرفائے مکہ نے اس کو آبِ زر سے لکھ کر خانۂ کعبہ میں آویزاں کیا۔[۵۲]

اقبال نے خاقانی" پر ایک نظم بھی لکھی ہے اسی میں فرماتے ہیں،

وہ محرم عالم مکافات ایک بات میں کہہ گیا ہے سو باتیں
خود بوئے چنین جہاں تواں برد کابلیس بماند و ابوالبشر مرد

مرزا بیدل کی نازک خیالیاں اہلِ نظر سے پوشیدہ نہیں ان کے کلام میں نزاکت خیالی کے ساتھ حیات و موت، فنا و بقا، وجود و عدم پر فلسفیانہ نکتہ سنجیاں پائی جاتی ہیں، اقبال نے مرزا بیدل پر بھی ایک نظم لکھی ہے فرماتے ہیں،

ہے حقیقت یا مری چشم غلط بیں کا فساد
یہ زمیں یہ دشت یہ کہسار یہ چرخ کبود[۵۳]

اس کے بعد فرماتے ہیں، کوئی کہتا ہے کہ ان کا وجود ہے کوئی کہتا ہے سب محض فریبِ نظر ہیں، لیکن مرزا بیدل نے اس مسئلہ کی خوب عقدہ کشائی کی ہے،

---

۵۱ تذکرہ شعرائے دولت شاہ بن بختی شاہ سمرقندی ۵۲ خلاصۃ الاذکار ابو طالب اصفہانی

۵۳ ضربِ کلیم ص ۱۲۱ ۔

درانحالیکہ ارباب حکمت اس کو حل نہ کرسکے، اور اس کے بعد اقبال، بیدل کا یہ شعر نقل کرتے ہیں:۔

دل اگر می داشت وسعت بی نشاں بود ایں چمن
رنگ مے بیرون نشست از بسکہ مینا تنگ بود

اقبال نے بیدل کا مطالعہ کیا ہے اور ممکن ہے انھوں نے اس کی تقلید و تتبع کی سعی کی ہو لیکن اس کے آثار ان کے کلام میں نظر نہیں آتے، بیدل کے تصورات کی بلندی، اور تخیل کی نزاکت، بلیغ معنی آفرینی اور فلسفیانہ نکتہ سنجی اس سطح کی چیز نہیں کہ آسانی سے کوئی اس کا تتبع کرسکے، غالب جیسا سخت کوش اور دقت پسند شاعر بھی کہہ اٹھا:۔

طرز بیدل میں ریختہ لکھنا
اسد اللہ خاں قیامت ... ہے

میرے خیال میں اردو میں کسی حد تک اس کا کوئی ہمرنگ شاعر ہے تو وہ مومن ہیں۔ اقبال نے اپنی ایک نظم میں نظامی کا بھی اقتباس دیا ہے[1]۔

اقبال کی صوفیانہ شاعری

اقبال کے کلام پر صوفی ادب کا بہت بڑا اثر پڑا ہے، قدیم فارسی شعراء میں اکثر

---

[1] ضرب کلیم (جاوید سے) ص ۸۷۔

بڑے پایہ کے صوفی بھی تھے، چنانچہ سنائی، عطار اور رومی کے مطالعہ نے ان کے اندر تصوف کا بہت بلند ذوق پیدا کر دیا، اسکے علاوہ ڈاکٹر نکلسن کی رفاقت اس کی تصنیفات کے مطالعہ اور فلسفہ سے فطری مناسبت نے ان کو صوفیانہ نکتہ سنجیوں کی طرف متوجہ کیا، مجھے جہاں تک علم ہے، قرآن کے علاوہ اقبال کی شاعری پر عربی ادب کا کوئی اثر نہیں، اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ ہمارے شاعر نے عربی زبان کی طرف توجہ نہیں کی پھر بھی ابن عربی اور ابو العلاء معری کے حوالے ان کے کلام میں پائے جاتے ہیں[۱]۔ ابن عربی کے صوفیانہ افکار و آرا سے ممکن ہے ڈاکٹر نکلسن کی وساطت سے ان کو علم ہوا ہو نکلسن نے ابن عربی کے عربی کلام "ترجمان الاشواق" کا اصل نسخہ انگریزی ترجمہ اور ایک مقدمہ کے ساتھ ۱۹۱۱ء میں شائع کیا۔

اقبال کے صوفیانہ رشحات ان کی کتاب "ضرب کلیم" میں پھیلے ہوئے ہیں، اس سلسلہ میں ان کی نظمیں "فقر و ملوکیت" "تسلیم و رضا" "جلال و جمال" اور "وجود" قابل غور ہیں وہ سنائی اور عطار کی طرح صاف صاف ناصحانہ انداز میں نہیں کہتے بلکہ جو کچھ کہتے ہیں رومی کی طرح عمق نظر کے ساتھ کہتے ہیں ان کے صوفیانہ پند و موعظت میں فلسفہ کی جھلک پائی جاتی ہے جس طرح رومی کا کلام فلسفہ و تصوف کی آمیزش کے باعث ہماری خاص توجہ کا مطالبہ کرتا ہے اسی طرح اقبال بھی صوفیانہ خیالات کو فلسفیانہ انداز میں بیان کرتے ہیں ان کے کلام پر بھی ابن عربی اور رومی کے کلام کا دھوکہ ہوتا

---

[۱] ضرب کلیم ص ۳۴ بال جبریل ص ۲۰۰۔

ہے ان کی نظم "تقدیر" ابن عربی ہی سے ماخوذ ہے آپ کی نظم "وجود" کے یہ اشعار ہیں

اے کہ ہے زیر فلک مثل شرر تیری نمود
کون سمجھائے تجھے کیا ہیں مقامات وجود[1]

یورپ کے مشہور فلسفی سپینوزا کا بھی یہی خیال ہے کہ زندگی کی حقیقت ایسی ہی ہے جیسے تاریکی میں ایک چنگاری کا جلنا گریز پا، اقبال نے یہ خیال یہیں سے لیا ہے، اس کے بعد فرماتے ہیں۔

گر ہنر میں نہیں تعمیر خودی کا جوہر
وائے صورت گری و شاعری و نائے و سرود

مکتب و میکدہ جز درس "ہو و ن" نہ دہند
"بو و ن" آموز کہ ہم باشی و ہم خواہی بود

اقبال نے ان اشعار میں ایک صوفی صافی کی طرح جو پیام دیا ہے اس پر فلسفہ کی نقاب پڑی ہوئی ہے، وہ محض "ہستی" کی حقیقت بتاتے ہیں لیکن نزاکت خیال اور دقت نظر نے اس کو بالکل فلاطینوس کا "فلسفہ اشراقی" بنا دیا، مطلب صرف اس قدر ہے کہ آرٹ ہو یا بت تراشی مصوری یا موسیقی جو بھی ہو اگر اس کے اندر تعمیر خودی کا جوہر نہیں تو پھر یہ محض بیکار چیزیں ہیں اس کے بعد فرماتے ہیں کہ مکتب یا شراب خانہ میں محض عدم کا سبق پڑھایا جاتا ہے، اس لئے انسان کو خود اپنی

---

[1] ضرب کلیم ص ۴۲۔

ہستی کی تلاش کرنی چاہیئے۔ تاکہ "وجود" جس کو ابدیت حاصل ہے صحیح معنی میں باقی رہے۔

اقبال اور اسلامیات

اگلے سطور میں لکھا جا چکا ہے کہ اقبال کے کلام کا بڑا ذخیرہ اسلامیات کے متعلق ہے اور یہ بھی عرض کیا گیا ہے کہ فی الحال ان کی نجی زندگی کے پورے نقوش ہمارے سامنے نہیں اس لئے نہیں کہا جا سکتا کہ اسلامیاتی شاعری کی طرف ان کا رجحان کن اسباب کی بناء پر ہوا۔ شیخ عبدالقادر صاحب بیرسٹر نے لکھا ہے کہ علمائے سلف کی یادگار اور ان کے نقش قدم پر چلنے والے ایک بزرگ مولوی میر سید حسن صاحب سے اقبال کو شرف تلمذ تھا۔ چنانچہ ابتدائے عمر میں اقبال نے انہیں سے فارسی و عربی کی تحصیل کی۔[1] اندازہ ہوتا ہے کہ مولانا ہی کے روحانی فیوض و برکات اور تدین و تشرع نے اقبال کے اندر اسلامیاتی شاعری کا ولولہ پیدا کیا ہو،

اقبال نے اسلامی شاعری کی حیثیت سے مذہب و ملت کی بڑی خدمات انجام دی ہیں، اس صنف کی ابتدائی نظمیں بیحد ولولہ انگیز اور ہنگامہ زا ہیں،

باطل سے دبنے والے اے آسماں نہیں ہم
سو بار کر چکا ہے تو امتحاں ہمارا

"شکوہ" اور "جواب شکوہ" اس صنف کی مخصوص نظمیں ہیں،

اقبال جب اسلامیاتی شاعری پر اترتے ہیں تو بعض اوقات ان کے اندر

---

[1] دیباچہ بانگ درا۔

ایک سخت قسم کا فرقہ وارانہ رجحان COMMUNALISTIC TENDENCY
پیدا ہو جاتا ہے، جس کو "جہاد فی سبیل اللہ" تو کہہ سکتے ہیں لیکن "شعر" نہیں کہہ سکتے
شاعر نام ہے ایک کامل تجرید (ABSTRACTION) کا، شاعر کی دنیا تمام
تشخصات و امتیازات سے بلند ہونی چاہئے، لیکن کیا کیجئے شاعر بھی انسان ہوتا ہے
اور وہ بھی ایک خاص ماحول اور ایک مخصوص جماعت سے تعلق رکھتا ہے اس لئے
قدرتی امر ہے کہ اس کے اندر بعض اوقات اس نوع کی شاعرانہ بے راہ روی پیدا
ہو جائے اس کے یہ معنی نہیں کہ اقبال کی پوری اسلامیاتی شاعری پر یہ اعتراض
ہے بلکہ انھوں نے جہاں غیروں پر تعریض اور ان سے خطاب کر کے رجز خوانی
نہیں کی بلکہ محض محاسن اسلام پر روشنی ڈالی ہے، وہاں وہ بہت کامیاب رہے ہیں
دنیا کا کوئی شاعر ہو اس کے مخصوص مذہبی معتقدات ہوتے ہیں، اور کسی نہ کسی
شریعت سے وہ وابستہ ہوتا ہے اس لئے اپنی شاعرانہ رفعت خیال میں غیر
ارادی بلکہ غیر شعوری طور پر اس کا اپنی معتقدات کے ماتحت پیام دینا ایک قدرتی
بات ہے، اس سلسلہ میں ان کی نظمیں "بلال"، "ایک حاجی مدینہ کے رستہ میں" جو
بانگ درا میں پائی جاتی ہیں قابل غور ہیں۔ اقبال کی ایسی نظموں کا بڑا حصہ "ضرب کلیم"
میں پایا جاتا ہے، میری رائے میں اقبال کی تمام تصانیف میں یہ بہترین کتاب ہے اس میں
اقبال اس سطح پر نظر آتے ہیں جہاں شاعر کا تخیل فلسفی کی حکیمانہ متانت میں بدل جاتا
ہے "ضرب کلیم" کی چھوٹی چھوٹی نظمیں اپنے اندر اس قدر فلسفیانہ عمق، وزن اور

تجربہ رکھتی ہیں۔ کہ شعر "الہام" کے بلند مرتبہ تک پہونچ جاتا ہے" معمو
اور اس سے قبل کی اسلامیاتی شاعری میں اقبال نمایاں نظر آتے ہیں، یہاں انہوں نے
سنجیدہ شوخی کے ساتھ عام مسلمانوں کی زندگی، ان کے پیشواؤں کی کمزوری ان
کے اعمال کی سطحیت اور بے مائگی پر بصیرت افروز تبصرے کئے ہیں، اس سلسلہ میں
"جہاد"، "اسلام"، "مسلمانوں کا زوال"، "ہندی اسلام"، "مردانِ خدا"، "قابل غور ہیں"
ان کی نظم "اذان" جو انھوں نے ہسپانیہ کے شہر قرطبہ میں کہی ہے
بڑی اثر آفریں ہے۔

سنی نہ مصر و فلسطیں میں وہ اذاں میں نے
دیا تھا جس نے پہاڑوں کو رعشۂ سیماب
ہوائے قرطبہ شاید یہ ہے اثر تیرا
مری نوا میں ہے سوز و سرور عہدِ شباب

اقبال کے بین الاقوامی تاثرات

اقبال نے ان مسائل پر بھی شعر کہے ہیں جن کا تعلق نہ تو ان کے وطن ہند سے
ہے اور نہ ان کے مذہب اسلام سے اس سلسلہ میں انھوں نے جو نظمیں کہی ہیں وہ
زیادہ تر "ضربِ کلیم" میں پائی جاتی ہیں "بالِ جبریل" میں بھی اس قسم کی بعض نظمیں
ہیں مثلاً "نپولین کے مزار پر" اور "مسولینی" وغیرہ۔

بین الاقوامی سیاسیات پر اقبال نے جن افکار کا اظہار کیا ہے ان میں شاعرانہ تخیل کے ساتھ انسانیت کا شرف و مجد بدرجۂ اتم پایا جاتا ہے۔ "بالشویک روس" "ابی سینیا"، "مسولینی" "سیاسیات فرنگ"، "جمعیت اقوام اور مشرق"، "قابل دید ہیں" مسولینی پر اقبال کی نظم بال جبریل میں بھی ہے اور ضرب کلیم میں بھی۔ بال جبریل میں جو نظم ہے اس میں اقبال نے مسولینی کو سراہا ہے "ابی سینیا" اور ضرب کلیم والی نظم "مسولینی" میں انھوں نے اس کی تعریف تو نہیں کی لیکن معترضین یورپ پر ایک زبردست ایراد ضرور کیا ہے، فرماتے ہیں۔

کیا زمانے سے نرالا ہے مسولینی کا جرم؟
بے محل بگڑا ہے معصومان یورپ کا مزاج

اس میں انھوں نے دول یورپ کی اس غیر مخلصانہ اور حریصانہ شورش کا جواب دیا ہے جو انھوں نے حملۂ ابی سینیا کے موقعہ پر برپا کر رکھی تھی۔ ہمارے شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔

میرے سودائے ملوکیت کو ٹھکراتے ہو تم!
تم نے کیا توڑے نہیں کمزور قوموں کے زجاج

اقبال نے دول یورپ کی چیخ و پکار کی حقیقت خوب سمجھی تھی، وہ نفسیات یورپ کے ماہر ہیں۔ انھوں نے صحیح طور پر فرمایا کہ یہ جو کچھ یورپی سلطنتیں شور برپا کر رہی ہیں وہ حب علی کا نتیجہ نہیں بلکہ بغض معاویہ ہے۔

آل سیز چوب نے کی آبیاری میں رہے
اور تم دُنیائے بنجر بھی نہ چھوڑو بے خراج

اقبال کی فلسفیانہ شاعری

اقبال فلسفی ہیں، انھوں نے یورپ جاکر باضابطہ اس کی تکمیل کی اور "دکتور فلسفہ" کی ڈگری لائے انگریزی زبان میں آپ کی کتاب "ایران میں علم مابعد الطبیعہ کی ارتقا" بہت مشہور ہوچکی ہے آپ کی شاعری پر بھی فلسفہ کا گہرا اثر ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ تصوف، شعر اور فلسفہ ایک ہی مہبط انوار کی مختلف کرنیں ہیں، صوفیہ و شعرائے تذکرے اور فلاسفہ کے سوانح حیات اس نظریہ کی تائید کرتے ہیں فرق صرف یہ ہے کہ بعض فلاسفہ پر شعر کا غلبہ تھا اور بعض پر تصوف کا۔ سیکڑوں صوفیہ ایسے گذرے ہیں جو بلند پایہ شاعر بھی تھے "امبیڈوکلس" "ابن سینا" فارابی اور شوپنہار دُنیا میں فلسفی کی حیثیت سے مشہور ہیں، لیکن ان کے واقعات زندگی ہمیں بتاتے ہیں کہ ان کا ذوق شعری بھی بہت بلند تھا، ابن سینا کو جب سلطان نے مقید کیا تو اس نے زنداں میں تصوف پر کتاب لکھی، شعر کہے، فارابی ڈی بویر کے قول کے مطابق صوفی اور ماہر موسیقی بھی تھا ——— اس فن پر اس کی ایک یا دو کتابیں ظاہر کرتی ہیں کہ ریاضی میں اس کی تعلیم ہوئی تھی۔ حالانکہ دُنیا ان کو صرف فلسفی ہی کی حیثیت

سے زیادہ جانتی ہے[۵۱]۔ شوپنہار خود شاعر تھا، وہ شعر کو حقیقت سے تعبیر کرتا ہے، اس نے اپنی مایۂ ناز کتاب "عالم بہ حیثیت ارادہ و تصور" میں یونانی شعرا "پندار" اور "سوفقلس" اور انگلستان کے مشہور شاعر "شکسپیر" کے کلام کا اقتباس دیا ہے، اس نے "پوپ" کا شعر نقل کیا ہے، ٹامس وٹیاکر کی روایت ہے کہ وہ اپنی کتاب "عالم بہ حیثیت تصور و ارادہ" مکمل کر چکا جو ۱۸۱۹ء میں شائع بھی ہوگئی تو اس نے کچھ شعر کہے جس میں اس نے پیشنگوئی کی کہ آنے والی نسلیں اس کا مقبرہ بنائیں گی ۱۸۵۹ء میں یہ پیشنگوئی عرفی کی۔

"بہ کاوش مژہ از ہند تا نجف بروم"

کی طرح پوری ہوگئی[۵۲]

ابیقورس تاریخ فلسفہ میں اپنی نوعیت کے اعتبار سے بالکل انوکھا انسان گزرا ہے اس کا نظام فلسفہ یکسر شعریت پر قائم ہے، اسی لئے مغربی ادبیات میں ابیقورس کے معنے ہی عیش کوش اور نشاط پسند کے ہیں، اس کا فلسفہ یہ تھا کہ دیوتاؤں کو انسانی معاملات میں کوئی دخل نہیں، وہ آخرت کا بھی منکر تھا، وہ

---

۵۱ HISTORY OF PHILOSOPHY IN ISLAM

ص ۱۳۳، ص ۱۰۷، ۱۰۸ (ڈی بویر کا انگریزی ترجمہ)

۵۲ SCHOPENHAUER مرتبہ ٹامس وٹیکر ص ۸ (بقیہ صفحہ ۳۷)

اسی دنیائے آب وگل کو زندگی کا منتہا سمجھا جاتا تھا۔ اس کے نزدیک آخرت کے عذاب اور دوسری دنیائی لذتوں کے تصور سے دماغ کو آزار پہونچانا معقول بات نہیں، ایتھنز میں یہ خیال پایا جاتا تھا کہ لوگ آخرت کے تصور اور دیوتاؤں کی عقوبت رسانی کے اعتقاد سے سخت روحانی عذاب میں تھے۔ افلاطون اور

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۶) مجنوں صاحب نے شوپنہار پر اُردو میں سب سے پہلے دلچسپ کتاب لکھی ہے جہاں تک شوپنہار کی زندگی اور فلسفہ کا تعلق ہے یہ کتاب تھامس وٹیکر (THOMAS WHITTACKER) کی تلخیص و ترجمہ ہے۔ ابواب و عنوانات بھی انھوں نے اسی سے اخذ کئے ہیں۔ میرا خیال ہے مجنوں صاحب اگر شوپنہار کی کتاب عالم بحیثیت ارادہ و تصور کو سامنے رکھ کر آزادانہ اس کے نظام فلسفہ پر تنقید کرتے تو آپ کی کتاب علمی حیثیت سے زیادہ اہم ہوتی۔ تھامس وٹیکر کی رائے ہے کہ وہ مزاج کے اعتبار سے قنوطی واقع ہوا تھا۔ اور آغاز ہی سے اس کو احساس تھا کہ ہستی ایک روگ ہے اس تشائم کی ذمہ دار اس کی بدحالی اور فلاکت زدگی وہ مالی اطمینان اور فراغت خاطر کے اعتبار سے دنیا کے خوش نصیب لوگوں میں سے تھا۔ آگے چل کر یہی مصنف لکھتا ہے کہ برہمنیت اور بدھ مذہب کا وہ قائل تھا اس کے نزدیک مسیحیت کی صحیح روح بھی انہیں مذاہب کے مطابق ہے وہ مسیحیت پر ان مذاہب کے اثرات کا بھی قائل تھا۔ اس نے یہودیت، اسلام اور یونانی رومی ثنویت کو مذاہب رجائیت سے تعبیر کیا ہے، اور اس حیثیت سے وہ یہودیت اور (بقیہ صفحہ ۳۸)

رواقیوں نے اس مصیبت کو یوں دفع کیا کہ کہنے لگے خدا نے ہر چیز بہتری

(بسلسلہ حاشیہ صفحہ ۳۷) اسلام سے تنفر رکھتا تھا[1]۔ ٹامس وٹیکر کے یہی خیالات مجنوں صاحب نے اپنی کتاب میں بھی دہرا دیئے، مجنوں صاحب یہ بھی فرماتے ہیں کہ وہ اپنے اُستاد کیمبٹ سے بڑی عقیدت رکھتا تھا۔ لیکن وہ کسی کا خوشہ چیں نہیں۔

شوپنہار نہ کیسر قنوطی تھا اور نہ مرفہ الحال اس کی قنوطیت کے معانی ہی جس کا وٹیکر نے اعتراف کیا ہے اور جسے مجنوں صاحب نے دہرایا ہے، بلکہ واقعات نے اس کے اندر "شاعرانہ حال" پیدا کر دیا تھا، جو اس کی کتاب "عالم بہ حیثیت ارادہ و تصور" کے ابتدائی حصہ سے ظاہر ہے، شوپنہار نے اپنی کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے حصے میں اس نے عالم بہ حیثیت تصور پر بحث کی ہے دوسرے اور تیسرے حصے میں ارادہ کے رموز و نکات پر روشنی ڈالی ہے، اور چوتھے حصے میں "تصور افلاطونی" کی شرحیں کی ہیں۔ الغرض اس کی کتاب کے پہلے حصے "عالم بہ حیثیت تصور" کو پڑھنے کے بعد وٹیکر کو غلط فہمی ہو گئی کہ وہ قنوطی تھا، اور مجنوں صاحب نے وٹیکر کی رائے دہراتے ہوئے یہ بھی لکھ دیا کہ اس کے فلسفہ پر شاعری کا غلبہ ہے۔ درآنحالیکہ خود شوپنہار کا اعتراف ہے کہ اس کا (بقیہ صفحہ ۳۹)

[1] حیات شوپنہار مرتبہ ٹامس وٹیکر ص ۲، ص ۸۔

کے لئے پیدا کی ہے، لیکن ان کے فلسفہ سے ان کے اس نظریہ کی تائید۔

(بسلسلہ حاشیہ ۳۸) فلسفہ کینٹ سے مستفاد ہے، اس کا عقیدہ ہے کہ کینٹ کی تعلیم ہر دماغ پر جس نے اس کو سمجھا ہے ایک مرکزی اور اصولی تغیر پیدا کر دیتی ہے یہ تغیر اتنا بڑا ہوتا ہے، کہ اسے جدید ذہنی تخلیق سے تعبیر کر سکتے ہیں[۵۱]، شوپنہار کے الفاظ میں کینٹ کا فلسفہ منطق کی سنگ بنیاد پر قائم ہے[۵۲] اس میں شک نہیں شوپنہار نے بعض مقامات میں کینٹ پر اعتراض بھی کیا ہے، لیکن اسی نے اس فلسفہ کی توضیحات بھی کی ہیں۔ چنانچہ ایم کیلی کا بیان ہے،

"بدھ مذہب کے نروان اور انسانی شخصیت کے متعلق جو غلط فہمیاں ہیں وہ کینٹ کے فلسفہ کی توسیع سے جو شوپنہار کی علمی سعی کا نتیجہ ہے صاف ہو جاتی ہیں، آج کل چونکہ اس موضوع پر بہت توجہ مبذول کی جا رہی ہے اس لئے میرا خیال ہوا کہ "لطیف تصوریت" (TRANSCENDENTAL IDEALISM) کی توضیح مع شوپنہار کی تعبیری اور تخریبی تنقید کے ان لوگوں

---

۵۱ THE WORLD AS WILL AND IDEA انگریزی ترجمہ از جرمن طبع ششم، از ہیلڈین اور جے کمپ ص xxxv

۵۲ "عالم بحیثیت ارادہ و تصور" ص ۷۳۔

نہیں ہوتی۔ ابیقورس نے سرے سے یہی کہا۔ یا کہ جسم کے بعد روح بھی

(بسلسلہ حاشیہ صفحہ ۳۹) کے لئے مفید ہوگی جو اصل زبان میں کینٹ اور شوپنہار کا بیک وقت مطالعہ نہیں کر سکتے۔[۱]

بہرحال شوپنہار ایک بلند پایہ فلسفی تھا، اس کے انداز بیان میں شعریت بھی ہے، چونکہ وہ خود بھی شاعر تھا، لیکن یہ کسی طرح نہیں کہا جاسکتا کہ وہ یکسر قنوطی تھا اور اس کے نظام فلسفہ پر شاعری کا غلبہ ہے، اس کی کتاب "عالم بحیثیت ارادہ و تصور" کے ابتدائی حصہ سے ڈیکر کو غلط فہمی ہوئی، غالباً شوپنہار کے ایک سوانح نگار کی مفصلہ ذیل روایت اس سلسلہ میں بہت اہمیت کی نگاہ سے دیکھی جاوے گی۔ ٹامس ڈیکر کو شاید یہ معلومات حاصل نہ ہوئی، کیوں کہ ان کی کتاب میں اس کا تذکرہ نہیں۔

شوپنہار کا باپ ہنری اس کو تجارت میں لگانا چاہتا تھا، اس نے بہت سی ترکیبیں کیں اور مختلف طریقوں سے اس کو ترغیب و تحریص دلائی لیکن شوپنہار کا دل تجارت کی طرف مائل نہ ہوا اور وہ ہمیشہ (بقیہ صفحہ ۴۱)

KANT'S PHILOSOPHY AS RECTIFIED BY SCHOPENHAUER BY

مرتبہ M. KELLY M.A.M.

فنا ہو جاتی ہے۔ اس لئے مستقبل یا آخرت سے کوئی خوف کی وجہ نہ تھی۔[۱]
الغرض شوپنہار، ایپقورس، ابن سینا، اور فارابی کے واقعات

(بسلسلہ حاشیہ صفحہ ۴۰) مطالعہ و تحصیل علم کی طرف متوجہ رہا، ہنری ایک تاجر پیشہ شخص تھا، اس کو اس پیشہ میں سخت خسارہ ہوا، تیقن کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا اسی کے اثر سے لیکن اس کے بعد اس کے عادات و خصائل میں ایک نمایاں تبدیلی ہو گئی، اس کے مزاج میں بہت تیزی آگئی یہانتک کہ ۱۸۰۵ء میں ہیمبرگ کی نہر میں اس کی لاش پائی گئی، قیاس یہ ہوا کہ اس نے خودکشی کر لی، شوپنہار اس وقت ۱۷ سال کا تھا، اس واقعہ نے اس کے قلب پر گہرا اثر کیا، وہ تمام عمر اپنے بوڑھے باپ کی یاد اور اس کا احترام کرتا رہا، اس نے اپنی مشہور کتاب "عالم بحیثیت ارادہ و تصور" (طبع دوم) کو اپنے باپ ہی کے نام سے معنون کیا اور اس میں اپنا ہدیہ اعتقاد و اخلاص پیش کیا تھا، جو چھپ نہ سکا۔ شوپنہار نے اس سلسلہ میں لکھا تھا کہ میری کتاب کے پڑھنے والے جو لذت و سکون اور تلقین حاصل کریں گے وہ تمہارا نام فراموش نہیں کریں گے۔ اور جان لیں گے کہ اگر ہنری فلورس شوپنہار وہ نہ ہوتا جو وہ تھا، تو آرتھر شوپنہار (فلسفی) (بقیہ صفحہ ۴۲)

---

[۱] A.W. BENN مرتبہ ANCIENT PHILOSOPHY
XIII — VIII

ہمیں بتاتے ہیں کہ فلسفہ اور شعر میں گہرا ربط ہے اسی طرح فلسفہ اور تصوف تو گویا ایک ہی چیز کے دو مختلف نام ہیں، فرانس کا فلسفی مورخ ڈی ولف باری تعالےٰ کے متعلق فلسفیانہ علم کو "صوفیانہ حضور" (DIRECT-COMMUNICATION) سے جو صوفیانہ زندگی کا مرکزی مظہر ہے، تمایز بتاتا ہے لیکن پھر بھی ہسپانیہ کے اسلامی فلاسفہ ابن باجہ (AVEMPACE) (آخر گیارہویں صدی تا ۱۱۳۸ء) اور ابن طفیل (متوفی ۱۱۸۵ء) کے متعلق وہ لکھتا ہے کہ دونوں حضرات فلسفہ کی بہ نسبت تصوف کی طرف زیادہ مائل تھے، اسی طرح یہودی فلسفہ کے متعلق خود مورخین ڈی ولف کا بیان ہے کہ یہاں تصوف نے مرکزیت اختیار کر لی تھی، اس کے نظریہ میں یہ اثر فیلو (متوفی ۴۰ء) کی تحریروں اور عہد وسطیٰ کے یہودی فلسفہ میں موجود ہے۔ گو یہودی فلسفہ کی تاریخ میں گیارہویں صدی کے قبل بھی مشہور طبیب منطقی

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۱) سینکڑوں مرتبہ تباہ ہوا دنیا پر

اس سے پتہ چلتا ہے کہ "عالم بہ حیثیت تصور" کی تخلیق میں زیادہ تر اسی واقعہ کا اثر تھا، کیوں کہ تقریباً اس کے تیرہ سال کے بعد اس کی یہ کتاب شائع ہوئی

۱؎ مقدمہ مقالات شوپنہار (ESSAYS OF SCHOPENHAUER XII - VIII)

مترجمہ دی والٹر اسکاٹ، پبلشنگ کمپنی ص

اسحٰق اسرائیلی اور داؤد ابن مروان وغیرہ کا نام نظر آتا ہے جو فلسفیانہ طرز نگارش کے اعتبار سے خصوصیت رکھتے ہیں[۵]

فلسفہ، شعر، اور تصوف کی مرابطت کے متعلق صوفیاء کے تذکرے نہایت اہمیت رکھتے ہیں، باضابطہ تصوف کی تاریخ دوسری صدی ہجری سے شروع ہوتی ہے، اس زمانہ سے آج تک جتنے صوفیا گذرے ہیں ان کے حالات کا سرسری جائزہ لیجئے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ ان میں بہت سے ایسے تھے جو فلسفہ و شعر کی طرف زیادہ میلان رکھتے تھے مثلاً ابن عربی رومی وغیرہ اور مشکل ہی سے کوئی ایسا ہوگا جو شاعر نہ ہو، سری سقطی، رابعہ بصریہ، ابو سعید ابن ابی الخیر، عراقی، رضی الدین علی لالہ اور ایسے سینکڑوں صوفی شعرا گذرے ہیں۔

فلسفہ، تصوف، اور شعر کا یہی قدرتی ربط ہے جس نے اقبال کو صرف شاعری کی منزل پر ٹھیرنے نہ دیا، بلکہ ان کو تخیلی صوفی اور عمیق النظر مفکر بنایا، ان کی شاعری پر کس نظام فلسفہ کا اثر ہے؟ یہ نہایت اہم سوال ہے، ان کے افکار و تخیلات پر قدیم، وسطی اور جدید تینوں دور

---

۵ HISTORY OF MEDIAEVAL PHILOSOPHY انگریزی ترجمہ از فرنچ مرتبہ MAWRICE DE WULF ترجمہ EARNEST C. MESSENGER بی۔ ایچ۔ ڈی۔ (طبع پنجم فرنچ) ص ۲۱۱، ص ۲۲۵، ص ۲۲۸

کے فلسفہ نے اثر کیا ہے اس وقت یہ موقع نہیں کہ ادوار ثلاثہ کے مختلف اسکول کا تجزیہ کر کے بتایا جاوے کہ اقبال کو کس اسکول نے اثر پذیر کیا، پھر بھی مختصراً تینوں ادوار پر بحث کر کے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اقبال فلسفہ کے کس اسکول سے علاقہ رکھتے ہیں،

مغربی مصنفین کے نزدیک تو یونانی فلسفہ کو اولیت حاصل ہے۔ چنانچہ اے۔ ڈبلیو بن لکھتا ہے۔ فلسفہ بہ حیثیت اسم وشے بہت سے ان انعامات میں سے ہے جن کے لئے ہم قدیم یونان کے مرہون منت ہیں[1]۔ حالانکہ قدیم یونان کے ساتھ ہندوستان اور ایران کا فلسفہ اپنی اصلیت اور تکمیل کے لحاظ سے خود ہی اہم ہے، عہد عباسیہ کا مشہور عرب فلسفی کندی ہندی فلسفہ سے متاثر تھا۔ بہرحال عام طور پر فلسفہ قدیم سے فلسفۂ یونان ہی مراد لیا جاتا ہے۔

تاریخ فلسفہ کے تمام مستند رواۃ سالیس ملیطی کو فلسفۂ یونان کا بانی کہتے ہیں اس نے پیشینگوئی کی تھی کہ ۵۸۵ ق م میں سورج گرہن ہوگا چنانچہ ایسا ہوا۔ اسی تاریخ سے اس کے عہد کی تعیین کی جاتی ہے، اس کے بعد پیروان فیثاغورس ہرقلیطوس اور زینوفنس کا زمانہ آتا ہے، زینوفنس کے پیرو ELEATICS کہلاتے ہیں، ایلیا، یونانی اطالوی ایک شہر ہے اسی طرف اس کا انتساب ہے اس دور کے بعد یونان میں فلسفہ طبعی کو فروغ ہوا اس کے علمبرداروں میں

---

[1] "فلسفہ قدیم" مرتبہ اے ڈبلیو بن ص ۱۱

انغزاغورس، دیاغنوس اور امپیدقلس (EMPEDOCLES) (۴۷۲ ق م) ہیں اواخر پانچویں صدی قبل مسیح تک اسی فلسفہ کو رواج رہا۔ اس کے بعد شہر ایتھنز میں فلسفہ نے ترقی کی، اس وقت سوفسطائیہ اور سقراط (۴۶۹ ق م ۳۹۹ ق م) کی تعلیمات رواج پذیر ہوئیں، سوفسطائیہ کا علمبردار فروتاغورس (PROTAGORAS) (۴۸۰ ق م ۴۱۱ ق م) تھا، اس کے بعد افلاطون (۴۲۷ ق م ۳۴۷ ق م) ارسطو (۳۸۴ ق م ۳۲۲ ق م) زینو (۳۳۶ ق م ۲۶۴ ق م) ابیقورس (۳۴۲ ق م ۲۷۰ ق م) اور قارنیادس (CARNEADES) تقریباً (۲۱۳ ق م ۱۲۹ ق م) اور فلاطینوس (۲۰۵ء ۲۷۰ء) کا نظام فلسفہ یونان، اطالیہ اور مصر میں فروغ پاتا رہا چنانچہ افلاطون کا فلسفہ اکادمی۔ ارسطو کا فلسفہ مشائیں، زینو کا فلسفہ رواقیون، ابیقورس کا فلسفہ لذتیین قارنیادس کا فلسفہ شکیین اسی عہد کی پیداوار ہیں۔ فلاطینوس کے فلسفہ اشراقی پر یونانی فلسفہ کا دور ختم ہو گیا۔[۱]

"فلسفہ عہد وسطی" پندرہویں صدی کے علما، جو فلسفہ یونان کے شیدائی تھے۔ عہد وسطی کو دور وحشت سے تعبیر کرتے ہیں، چنانچہ اس زمانے کی تعمیرات کو "گاتھک" کہا جاتا ہے لفظ "گاتھک" سولہویں صدی کے قدیم اطالوی ادبیات کے ماہرین تقریباً "عہد وحشت" ہی کے معنے میں استعمال کرتے تھے

۱؎ "فلسفہ قدیم" مرتبہ اے ڈبلیو ص ۱۱۔

خود گوئٹے کا اعتراف ہے کہ ہم لڑکپن سے گاتھک فن تعمیر کو نیچی نگاہ سے دیکھتے آئے تھے، اس لئے اسٹراسبرگ کے گرجا کو بھی ہم اچھی نگاہ سے نہیں دیکھتے تھے لیکن جب ہم اس کے اندر داخل ہوئے تو ہم حیرت زدہ رہ گئے اور اس کے جمال کی کشش محسوس کرنے لگے۔ مورالیس ڈی ولف کا بیان ہے کہ یہ تخیل عہد وسطیٰ کی ساری تہذیب کے خلاف جاری و ساری تھا۔[۵۱]

عہد وسطیٰ کی تعیین عام طور پر تھیاڈاٹیس THEODOTIUS کی وفات ۵۲۳ء سے ترکوں کی تسخیر قسطنطنیہ ۱۴۵۳ء کے درمیان سمجھی جاتی ہے، ڈی ولف کہتا ہے کہ مستقینین (SCHOLASTICS) کے مسلک کی ترقی فلسفہ کے نقطۂ نظر سے اس دور کا بہت ہی اہم واقعہ ہے، اس لئے ہم لوگ دہرے تحفظ کے ساتھ ان تاریخی حدود کو تسلیم کر سکتے ہیں، پہلی بات یہ ہے کہ ہم لوگ ایک جدید طرز تخیل نویں صدی عیسوی کے قبل کی تصنیفات میں نہیں پاتے، دوسری بات یہ ہے کہ فلسفہ عہد وسطیٰ فلسفہ جدید کے پہلو بہ پہلو بہت دنوں تک قائم رہا، اس لئے میرے خیال میں فلسفہ عہد وسطیٰ کا اثر ۱۴۵۳ء کے بعد بھی باقی رہتا ہے، یعنی وسط سترہویں صدی تک اس کو نشوونما ہوتا رہا۔[۵۲]

---

۵۱ تاریخ فلسفہ عہد وسطیٰ" مرتبہ ڈی ولف ص ۱-۴۔

۵۲ تاریخ فلسفہ عہد وسطیٰ" مرتبہ ڈی ولف ص ۲۸۔

یہودی فلسفہ، عربی فلسفہ، اور فلسفہ تصوف اسی عہد کی پیداوار ہیں۔ ڈی ولف کا بیان ہے کہ بارھویں صدی کے اختتام پر عہد وسطیٰ کے فلسفہ و تصوف پر عربی تصوف کا بھی اثر پڑا ہے۔[۵۱]

عربی فلسفہ ساڑھے تین سو برس تک ترقی پر رہا، اور مشرقی حکومت میں اور اس کے بعد اندلس میں نشوونما پاتا رہا۔ عرب پہلے پہل شامی مسیحیوں کی وساطت سے یونانی افکار سے واقف ہوئے اور شامیوں کو خود یونانیوں نے حملہ سکندر کے موقعہ پر تعلیم دی۔ ارسطو کی بعض کتابیں بالخصوص "ارغنون" فارفیری کی "ایساغوجی" اور "سیوڈو ڈیانوسیس" کی تصنیفات کا یونانی سے شامی زبان میں ترجمہ ہوا، اور ان پر شرحیں لکھی گئیں۔ پانچویں صدی سے ساتویں صدی تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ عربوں نے جب ایران اور شام فتح کیا تو انھوں نے مفتوح قوم سے فلسفہ کا ذخیرہ حاصل کیا اور اسی مواد نے عربی فلسفہ کو ترقی دی۔[۵۲]

ڈی ولف کہتا ہے کہ یونانی فلسفہ کے شامی مواد سے عربی فلسفہ کا تار و پود بنا، لیکن اس پر ڈی بوئیر کی رائے کا اضافہ کیا جا سکتا ہے کہ ایران اور ہندوستان کے فلسفیانہ افکار نے بھی عربی فلسفہ کو متاثر کیا ہے، چنانچہ خلیفہ منصور اور ہاروں کے زمانہ میں فلسفہ اور ہیئت کی مختلف کتابوں کا

---

۵۱ تاریخ فلسفہ عہد وسطیٰ مرتبہ ڈی ولف ص ۲۱۲۔

۵۲ " " " ص ۲۱۰، ص ۲۱۹۔

سنسکرت اور پہلوی سے عربی میں ترجمہ ہوا[1]۔ خسرو انوشیرواں (۵۳۱ء تا ۵۷۹ء) نے نیشاپور میں ایک فلسفہ کا درسگاہ قایم کیا۔ یہاں کے پروفیسر نسطوری مسیحی تھے۔ الغرض یہاں یہ پیچیدہ گتھی سلجھانے کا موقع نہیں کہ ایرانی اسکول اور شامی اسکول کو یونانی افکار نے کہاں تک اثر پذیر کیا۔ ہاں عربوں کے فلسفیانہ تخیلات پر صرف شامی مسیحیوں کے یونانی فلسفہ نے اثر نہیں کیا ہے، جیسا کہ ڈی وُلف کا اعتقاد ہے، بلکہ عربی فلسفہ کے اجزائے ترکیبی میں ہندی، ایرانی، اور یونانی، شامی افکار شامل ہیں۔

عربی فلسفہ کے اسی مواد کو کندی[2] فارابی (متوفی ۹۵۰ء) ابن مسکویہ (متوفی ۱۰۳۰ء) ابن سینا (متوفی ۱۰۳۷ء) غزالی (متوفی ۱۱۱۱ء) وغیرہ نے فروغ دیا، ابن باجہ (متوفی ۱۱۳۸ء) ابن حزم (متوفی ۱۰۶۴ء) ابن طفیل (متوفی ۱۱۸۵ء) ابن رشد (متوفی ۱۱۹۸ء) وغیرہ نے اندلس میں اسلامی فلسفہ کو ترقی دی، ڈی وُلف کا بیان ہے کہ نویں صدی میں عربی ہسپانوی فلسفہ کی تخلیق ابن مسرہ قرطبی (ABEN MASARRA) کے ہاتھوں ہوئی جس نے سیڈوڈیا نوسیس اور یونانی امفیدا قلس کے مجموعی افکار و

---

[1] تاریخ فلسفہ اسلام مرتبہ ڈی بوئر ص ۸۰ [2] ڈی بوئر اپنی تاریخ فلسفہ اسلام ص ۹۹ میں کہتا ہے کہ کندی کی ولادت اور وفات دونوں کی تاریخیں معلوم نہیں، وہ مسعودی پر تعجب کرتا ہے کہ باوجود ارادت وعقیدت رکھنے کے اس معاملہ میں خاموش ہے، پھر بھی وہ کہتا ہے کہ نجوم پر اس کے بعض رسائل ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ۸۷۳ء تک وہ زندہ تھا،

اصول کا اعادہ کیا۔[1] ڈی بویر اپنی تاریخ فلسفۂ اسلام میں لکھتا ہے کہ عبداللہ ابن مسترہ جب خلیفہ عبدالرحمٰن ثالث کے زمانہ میں مشرق سے فلسفہ طبعی کا نظام لائے تو ان کو اپنی تحریروں کو مجبوراً نذر آتش کرنا پڑا۔ چونکہ دماغ ابھی تک خیالات کے قبول کرنے میں آزاد نہ تھا۔

اس کے بعد سولہویں صدی سے فلسفہ جدید کا دور آتا ہے، اسوقت جرمنی فرانس اور انگلستان میں بڑے بڑے فلاسفہ گذرے خصوصیت کے ساتھ جرمن فلاسفہ نے مغرب و مشرق کو بہت زیادہ متاثر کیا، کینٹ شوپنہار، ہیگل، جرمن فلاسفہ نے یورپ کی بزم تخیل میں ایک ہنگامہ پیدا کیا خصوصیت کے ساتھ ہیگل اسکول نے بہت زیادہ اثر آفرینی کی اسی کے ساتھ ڈیکارٹ، سپینوزا، بیکلے، ہیوم، ہوبس، مختلف ممالک کے مفکرین نے فلسفہ جدید کو چار چاند لگائے۔

اقبال نے تینوں ادوار کے فلسفہ کا مطالعہ کیا، خصوصت کے ساتھ عہد وسطیٰ کے اسلامی فلسفہ اور فلسفہ جدید نے ان پر گہرے نقوش چھوڑے انھوں نے افلاطون کے بھی حوالے دیئے ہیں۔ لیکن فلسفہ قدیم سے زیادہ متاثر نظر نہیں آتے۔

الغرض فلسفہ کے غائر مطالعہ نے اقبال کی شاعری کو شوپنہار کے

---

[1] تاریخ فلسفہ عہد وسطیٰ ص ۲۲۵ -

الفاظ میں ایک سنگین حقیقت بنا دی ان کی شاعری کے ابتدائی کارنامے شکوہ، جواب شکوہ اور بانگ درا کی دوسری بہتیری نظمیں تو والہانہ رنگ کی چیزیں ہیں، ان کی کتابوں کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ ان کی نظر میں ابھی گہرائی نہیں آئی تھی۔ یہ غالباً نتیجہ ہے اس بات کا کہ ان کی شاعری پر فلسفہ کا رنگ نہیں چڑھا تھا، "اسرار خودی" اور "پیام مشرق" میرے خیال میں یورپ کی تقلید کا نتیجہ ہیں، ان کتابوں میں تخلیقیت (ORIGINALITY) سے زیادہ میگ ڈاوگل کی اصطلاح میں تبعیت (SUGGESTIBILITY) کا غلبہ ہے[1]۔ "بال جبریل" ایک عرصۂ طویل کی زاویہ نشینی کے تاثرات کا نتیجہ ہے، اور اس میں شک نہیں، ادبی حیثیت سے خوب چیز ہے لیکن اقبال کی تمام کتابوں میں جو سب سے زیادہ حقیقت اور پیام ناموس کی حامل ہے وہ ان کی مایۂ ناز کتاب "ضرب کلیم" ہے، اس میں انھوں نے ایک رمز شناس اور نکتہ سنج مفکر کی طرح زندگی کے مختلف پہلوؤں کو بے نقاب کیا ہے، معاشرت و سیاست کے بہت سے عقدے حل کئے ہیں، اقبال کی یہ کتاب اس لائق ہے کہ مغربی زبانوں میں اس کا ترجمہ ہو اور مہ۔ وستان کے اس فلسفی شاعر کے تخیلات سے وادیٔ مغرب کو آشنا کیا جائے اردو زبان اپنے اس سرمایۂ "ضرب کلیم" پر جتنا بھی ناز کرے بجا ہے،

---

[1] ص ۸۲ AN INTRODUCTION TO SOCIAL PSYCHOLOGY

اب آیئے مختلف عنوان کے تحت اقبال کی فلسفیانہ شاعری پر تبصرہ کریں۔

زندگی اور موت

زندگی اور موت ایسے مسائل ہیں جن پر فلسفہ نے بہت سی پر فشانیاں کی ہیں زندگی اور موت کے متعلق فلاسفہ کے مختلف نظریئے ہیں برگسان نے بھی اس پر اظہار خیال کیا ہے اس کی بحث و نظر کے مطالعہ سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ زندگی اور حقیقت کے درمیان کوئی فرق و ربط نہیں پاتا۔ اس کی تاویل و تعبیر سے ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ وہ ہماری موجودہ حیات شاعرہ کو فسانۂ ہومر کی اصطلاح میں دنیائے "ظل مردود"[۵۱] (SHADES) سے زیادہ اہمیت نہیں دیتا۔[۵۲]

شوپنہار نے "عالم بہ حیثیت تصور" میں دنیا کو غالب کے الفاظ میں "عالم تمام حلقۂ دام خیال ہے" سے تعبیر کیا ہے وہ کہتا ہے "دنیا ایک دام خیال ہے" یہ کوئی نئی حقیقت نہیں، ڈیکارٹ کے فلسفہ میں بھی جس کی ابتدا عکس تشکیک سے ہوتی ہے، یہ تعلیم موجود ہے، برکلے پہلا شخص ہے جس نے اس کو واضح طور سے بیان کیا، اور اس نے فلسفہ کی ایک مستقل خدمت انجام دی گو اسکی

---

۵۱ یہ قرآن مجید کی ایک آیت کا ٹکڑہ ہے (سورۃ واقعہ ۵۶)

AN EXAMINATION OF PROF. BERGSON'S PHILOSOPHY

DAVID BALSILLA

بقیہ تعلیم اس کی حامل نہیں، کینٹ کی اولین غلطی یہ تھی کہ اس نے اس اصول سے تغافل کیا جیسا کہ "عالم بہ حیثیت تصور و ارادہ" کے ضمیمہ میں دکھایا گیا ہے، یہ حقیقت عقلائے ہند سے بھی مستور نہ تھی، یہ مسئلہ بنیادی طور پر فلسفہ ویدانت میں پایا جاتا ہے، جس پر سر ولیم جونس نے اپنے آخری مقالہ "ایشیا والوں کا فلسفہ" میں روشنی ڈالی ہے۔

شوپنہار کہتا ہے کہ وید اور پوران میں بھی حقیقی عالم کے علم کو خواب ہی سے تشبیہ دیا گیا ہے، افلاطون بھی یہی کہتا ہے کہ انسان محو خواب رہتے ہیں صرف فلسفی خود کو بیدار کرنے کی کوشش کرتا ہے، اس کے بعد اس نے یونانی شعرا پندار اور سوفقلس اور انگلستان کے مشہور شاعر شیکسپیر کے کلام کا اقتباس دیا ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ ہماری زندگی نیند کے دائرہ میں ہے اور ہم خواب میں محو ہیں، اس کے بعد وہ کہتا ہے کہ شعرا کے ان بے شمار اقتباسات کے بعد مجھے بھی مجازی رنگ میں زندگی کے متعلق کچھ کہنے کی اجازت دیجئے۔

شوپنہار کا عقیدہ ہے کہ زندگی اور خواب ایک ہی صحیفہ کے اوراق ہیں، اس صحیفہ کا مسلسل اور باضابطہ مطالعہ حقیقی زندگی ہے، لیکن جب مطالعہ کی گھڑی یعنی دن ختم ہو جاتا ہے ہم لوگ اکثر کاہلی کے ساتھ اوراق الٹ پلٹ کرتے رہتے ہیں، اور یہاں وہاں سے ایک ورق بلا کسی اصول یا ربط کے پڑھ لیتے ہیں اکثر یہ وہی چیز ہوتی ہے جس کو پہلے ہم پڑھ چکے ہوتے ہیں

بعض نئی چیز بھی ہوتی ہے، لیکن اسی صحیفہ کی، ایسا علیحدہ ISOLATED ورق یقیناً کتاب کے باضابطہ مطالعہ سے غیر متعلق چیز ہوتا ہے، لیکن یہ بالکل ایسی نئی چیز نہیں معلوم ہوتا، جب ہم یہ یاد کرتے ہیں کہ پورے مسلسل مطالعہ کا آغاز اور اختتام اسی طرح سرسری طور پر ہوتا ہے اور اس لئے اس کو محض ایک بڑا واحد ورق کہہ سکتے ہیں[۵۱]

جرمن فلسفی ارنسٹ ہیکل (EARNEST HAECKEL) کہتا ہے[۵۲] کہ تغیر کے سوا کوئی شے مستقل نہیں، صرف "جوہر" ازلی اور ناتغیر پذیر ہے، خواہ ہم اس جوہر کو فطرت یا ہیولی سے تعبیر کریں یا خدا یا روح عالم سے، جوہر کا قانون ہمیں سکھاتا ہے کہ وہ ہمارے سامنے لاتناہی انواع و اقسام کی صورتوں میں جلوہ گر ہوتا ہے، لیکن اس کی مخصوص صفات مادہ اور قوت مستقل ہیں، جوہر کی تمام انفرادی صورتیں اور شکلیں تباہ و برباد ہو جانے والی ہیں، علمائے حیاتیات اور فلسفہ اس انجام کے متعلق مختلف نظریے رکھتے ہیں، ان میں اکثر ایسے ہیں کہ جو حقیقت زندگی ہی کے متعلق کوئی واضح تصور نہیں رکھتے اس لئے

---

۵۱ "عالم بہ حیثیت ارادہ و تصور" مرتبہ آرتھر شوپنہار ص ۲، ص ۲۰، ص ۲۰

۵۲ یہ ہیکل جرمنی کا مشہور فلسفی نہیں لیکن یہ پھر بھی یہ بہت بڑا مفکر ہے اس کی کتاب RIDDLE OF THE UNIVERSE لاکھوں کی تعداد میں چھپ کر شائع ہوئی، اس کتاب کی اشاعت کے بعد اس پر بہت سے حلقوں سے ملحد و دہریہ ہونے کی بوچھار پڑی۔

وہ اس کے وقفہ کے متعلق بھی کافی تصور نہیں کر سکتے۔[۵۱] ارنسٹ ہیکل کی آخری سطر میر تقی کے اس شعر کا ترجمہ معلوم ہوتی ہے۔

موت ایک ماندگی کا وقفہ ہے یعنی آگے چلیں گے دم لے کر

چند فلاسفہ کی گل افشانیاں سن چکے آیئے ہم بتائیں اقبال زندگی اور موت کو کیا سمجھتے ہیں۔ اپنی نظم "مقصود" میں انھوں نے اس مسئلہ پر روشنی ڈالی ہے[۵۲] پہلے انھوں نے افلاطون اور سپینوزا کے نظریے لکھے ہیں اور اس کے بعد اپنا فیصلہ کیا ہے، فرماتے ہیں۔

سپینوزا:۔ نظر حیات پہ رکھتا ہے مرد دانشمند۔
حیات کیا ہے؟ حضور و سرور و نور و وجود

افلاطون:۔ نگاہ موت پہ رکھتا ہے مرد دانشمند۔
حیات ہے شب تاریک میں سحر کی نمود

یہاں سپینوزا کے متعلق چند سطور لکھ دیئے جائیں تو بے محل نہیں، سپینوزا اپنے وقت کا عجیب انسان تھا، اس کے بعض معاصرین اس کی سنجیدہ عالمانہ زندگی کی وجہ سے اس کی عزت کرتے تھے، چنانچہ اس کی دماغی اہلیت اور

---

۵۱ HAECKEL WONDERS OF LIFE
مترجمہ JOSEPH M.C CABE ص ۴۲، ص ۴۳

۵۲ ضرب کلیم ص ۶۶

فکر و آرا کا احساس رکھتے تھے، دوسرے لوگ اس کی مادیت اور لامذہبیت کی گہرائی سے کانپتے تھے "ہیوم" ان تمام باتوں کا تذکرہ کرتا ہے جن کی بنا پر وہ اس عالمگیر طریقہ پر مطعون بنا۔ ان ساری ملازمتوں کا حاصل یہ ہے کہ وہ علل آخری کا منکر تھا وہ روح کی ازلیت کا قایل نہ تھا، وہ ارادۂ مطلق اور اخلاقی ذمہ داری سے بھی انکار کرتا تھا۔ وہ پرزور الفاظ میں لوگوں کو متنبہ کرتا ہے کہ ہیں نہ فطرت کے اندر حسن کا قایل ہوں نہ قبح کا، نہ ترتیب کا، نہ انتشار کا صرف ہمارے تصور کی مناسبت سے چیزیں اچھی یا بری مرتب یا منتشر کہی جا سکتی ہیں[۵]

سپینوزا کے ان افکار و آرا کے مطالعہ کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ وہ ابیقورس سے بہت قریب تھا، ابیقورس آخرت کا منکر تھا۔ سپینوزا روح کی ازلیت کا قایل نہ تھا۔ نتیجہ کے اعتبار سے دونوں نے حیات ہی کو سرمایۂ نشاط اور مقصود ہستی سمجھا۔ افلاطون زندگی پر موت کو ترجیح دیتا ہے کیوں کہ اس کے نزدیک زندگی کی مثال ایسی ہے جیسے اندھیری رات میں چنگاری کی جھلک، اب دیکھئے ہمارا ہندوستانی فلسفی کیا کہہ رہا ہے:—

حیات و موت نہیں التفات کے لایق
فقط خودی ہے خودی کی نگاہ کا مقصود

---

۵ THE ETHICS OF SPINOZA مقدمہ

اقبال نے یہ خیال کہاں سے لیا، اس پر یہاں بحث کرنے کا موقعہ نہیں ان کی شاعری کا مرکزی پیام "احساس خودی" ہے، انسان کو چاہیے کہ اپنی ہستی کو پہچانے، اپنی حقیقت کا صحیح ادراک کرے، ان کے نزدیک زندگی اور موت کی گتھیوں کو سلجھانے سے پہلے اپنی ہستی کی تعیین ضروری ہے اگر انسان اپنی حقیقت ہی سے بے خبر رہے تو پھر عمر خضر ہی لے کر کیا فائدہ حاصل کرے گا، اور اگر اس کو اپنی خودی کا احساس ہو گیا اس نے اپنا علو طرف پہچان لیا اس کو اپنی ہستی کے شرف و وقار کا عرفان حاصل ہو گیا تو پھر افلاطون کے نظریہ "حیات ہے شب تاریک ہیں شرر کی نمود" سے بھی اس کو کوئی نقصان نہیں پہونچ سکتا۔

مومن و کافر ضرب کلیم کی اکثر و بیشتر نظمیں اقبال کے فلسفیانہ عمق نظر کی شہادت دیتی ہیں، بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ اقبال کی اسلامیات پرستی نے ان کو قدامت پرست (CONSERVATIVE) بنا دیا ہے، ناقدوں کا یہ خیال ایک حد تک صحیح ہے لیکن ان کی بہت سی نظمیں ایسی ہی ہیں جو ان کی عالمگیر ہمدردی کا نتیجہ ہیں، ان کی ایک نظم "کافر و مومن" کے عنوان سے پائی جاتی ہے، اس میں انھوں نے کافر و مومن کی پہچان اور تمیز کے لیے بڑا چھوٹا تخیل پیش کیا ہے فرماتے ہیں:-

[illegible] مومن کی یہ پہچان کہ گم اسمیں ہیں آفاق

اگر نتیجہ اس کے برعکس ہو تب؟ کہاں گئے جو کہتے ہیں کہ اقبال نے اپنی شاعری کا دائرہ مسلمان قوم اور مذہب اسلام تک محدود کر لیا ہے آئیں اور ہمارے ہندوستانی شاعر کا پیام سنیں حقیقت یہ ہے کہ انسان جب مظہر پرستی کو چھوڑ دے تو وہ خدا والا ہو سکتا ہے، اور خدا والے کی یہی شناخت ہے کہ کائنات کے لئے ایک معمہ بن جائے یا ساری دنیا پر چھا جائے، اگر انسان اس سطح پر نہیں تو پھر کفر و اسلام کا جھگڑا ہی فضول!

پیری مریدی ہندوستان میں اکثر سجادہ نشین ایسے ہیں جو زحمت کرتے ہیں نہ معاش کے لئے ان کو سرگردانی ہوتی ہے، وہ مرغ زریں بنے خانقاہ میں حلوہ فروش رہا کرتے ہیں "خوئے غلامی کے پختہ کاروں" کی دست بوسیاں حاصل ہیں، اور مریدان وفاکیش کے نذرانے صوفی اور خواجہ صاحب کی کارگاہ تجارت قایم ہے، انہیں ہاتھ پیر مارنے کی ضرورت ہی کیا ہے، اقبال نے یہ منظر دیکھا، اور ایک رمز شناس طبیب کی طرح مرض کی تشخیص کی، وہ کہتا ہے:—

دور حاضر ہے حقیقت میں وہی عہد قدیم
اہل سجادہ ہیں یا اہل سیاست ہیں امام
اس میں پیری کی کرامت ہے نہ میری کا ہے زور
سینکڑوں صدیوں سے خوگر ہیں غلامی کے عوام

ضرب کلیم ص ۱۲۵

یعنی اہل سجادہ کی کرامت یا اہل سیاست کے زور کا نتیجہ نہیں کہ "خواجگی" کا بول بالا ہے، بلکہ یہ نتیجہ ہے غلامانہ ذہنیت کا کیونکہ۔

خواجگی میں کوئی مشکل نہیں باقی رہتی
پختہ ہو جاتے ہیں جب خوئے غلامی میں عوام

مرد بزرگ اقبال نے کس انداز سے آزادیٔ ضمیر اور حریت فکر کی تلقین کی ہے[۵۱]۔ اقبال کی ایک نظم "مرد بزرگ" کے عنوان سے پائی جاتی ہے[۵۲]۔ انہوں نے انسان کی بزرگی اور برگزیدگی کا ایک بہت بڑا معیار بتایا ہے۔

پرورش پاتا ہے تقلید کی تاریکی میں
ہے مگر اس کی طبیعت کا تقاضا تخلیق

دنیا میں جتنے انبیا، و رسل ہادی و رہنما گذرے ہیں انھوں نے تقلید کی تاریکی میں پرورش پائی، لیکن اپنی طبیعت پر تخلیقی (PRODUCTIVE) رجحان کے ذریعہ وہ اس سطح سے بلند ہوئے اور پھر "شمع محفل" کی طرح وہ سب سے جدا بھی رہے اور سب کی رفاقت بھی کی۔ اقبال بھی بزرگی کے اسی دور میں ہیں۔ کیونکہ،

اس کا انداز نظر اپنے زمانہ سے جدا
اس کے احوال سے محرم نہیں پیران طریق

---

۵۱ ضرب کلیم ص ۱۲۹۔

فلسفہ کے متعلق نظریہ

اقبال فلسفی ہیں، لیکن فلسفہ کی خشک زندگی نے ان کے اندر رانتشار نہ ہونے دیا۔ شاعر کی رنگینی زاہد کی خشکی، اور فلسفہ کی بے نیازی دنیا کی مشہور چیزیں ہیں، لیکن اقبال فلسفہ شعر اور تصوف کے امتزاج سے کچھ عجیب چیز بن گئے ہیں۔ میری رائے ہے کہ جوش کے کلام میں اقبال سے زیادہ ادب و انشا کی شگفتگی ہے، لیکن ان کے لہجہ کی تلخیاں لطف زبان کو کھو دیتی ہیں، برخلاف اس کے اقبال کے کلام میں رنگین نوائیاں تو کم ہیں، لیکن لہجہ اور ادا میں کشش اتنی ہے کہ ان کے اشعار "غریب فرات" معلوم ہونے لگتے ہیں۔ ہاں تو اقبال کی فلسفہ پسندی نے ان کو تخیل کے رو میں بہنے نہ دیا، بلکہ انھوں نے متکلمین کی طرح فلسفہ سے بہت بڑا کام لیا۔ "فلسفہ زدہ سید زادہ" اور "فلسفہ" اُن کی نظمیں پڑھئے، آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ عام فلسفیانہ رجحان رکھنے والوں کی طرح وہ فلسفہ کی الجھنوں میں گرفتار نہیں بلکہ ایک پیر طریق کی طرح دوسروں کو بھی فلسفہ کے مطالعہ میں جادۂ اعتدال کی رہنمائی کر رہے ہیں، ایک سید زادہ کو نصیحت کرتے ہیں:[۵۱]

تو اپنی خودی اگر نہ کھوتا	زناریٔ برگساں نہ ہوتا
ہیگل کا صدف گہر سے خالی	ہے اس کا طلسم سب خیالی

[۵۱] ضرب کلیم ۱۰۔

ہندوستان کے نوجوانوں میں ایک رسم سی چلی آتی ہے کہ فلسفہ پڑھا اور گمراہ ہوئے۔ مذہبی معتقدات خدا اور رسول سے بیزار ہو جاتے ہیں فلسفہ انکو اسلامی جمہوریت سے بہت دور لے جاتا ہے، درآنحالیکہ ان کی ساری پر فشانیاں محض تقلید و تتبع کا نتیجہ ہیں برگساں اور ہیگل کی کورانہ تقلید میں مذہب و ملت کا ناموس کھو بیٹھتے ہیں، اقبال نے اسی قسم کے ایک نسلی مسلمان کو نصیحت کی ہے کہتے ہیں :-

میں اصل کا خاص سومناتی — آبا میرے لاتی و مناتی
تو سید ہاشمی کی اولاد — میری کفِ خاک برہمن زاد
ہے فلسفہ میرے آب و گل میں — پوشیدہ ہری ریشہائے دل میں

یہ تو خیر اقبال نے اپنی اس فطری ودیعت کا اعتراف کیا ہے جو کشمیری برہمن ہونے کی حیثیت سے قدرت نے ان پر ارزانی کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میری سرشت میں ذوق فلسفہ جاری و ساری ہے کیونکہ میں نسلاً برہمن ہوں اور اس نسل سے ہوں جس نے فلسفہ ویدانت و فلسفۂ سانکھیہ وغیرہ کی تخلیق کی اور اس پر مستزاد یہ کہ خود انھوں نے اس کا اکتساب بھی کیا ہے،

اقبال اگرچہ بے ہنر ہے — اس کی رگ رگ سے باخبر ہے

اشارہ ہے کہ انھوں نے اس کو باضابطہ پڑھا ہے آخر میں فرماتے ہیں :-

انجام خرد ہے بے حضوری — ہے فلسفہ زندگی سے دوری

یہاں ہمیں اقبال سے اختلاف ہے اُنھوں نے صوفیاء کے والہانہ انداز میں عقل کو "حضور" کے منافی سمجھا اور فلسفہ چونکہ عقل ہی کی کاوشوں کا نتیجہ ہے اس لئے حقیقتاً فلسفہ نام ہے زندگی سے دوری کا، در اصل یہ کہ فلسفہ طرازیوں ہی نے اقبال کو ایک فانی زندگی بخشی، فلسفہ کے متعلق اُنھوں نے جو صحیح جادۂ اعتدال اختیار کیا ہے وہ ان کی دوسری نظم میں پائی جاتی ہے، نوجوان فلسفی کو مخاطب کر کے فرماتے ہیں :-

معلوم ہیں مجھکو ترے احوال کہ میں بھی
مدت ہوئی گذرا تھا اسی راہ گذر سے

اس کے بعد کہتے ہیں،

جس معنیٔ پیچیدہ کی تصدیق کرے دل
قرنوں میں بہت ڈھونڈ کے لاتا ہے تا بندہ گہر سے
یا مردہ ہے یا نزع کی حالت میں گرفتار
جو فلسفہ لکھا نہ گیا خونِ جگر سے

اقبال کی فلسفیانہ نظمیں ضرب کلیم میں بھری ہوئی ہیں، اُنھوں نے تعلیم معاشرت، سیاست، عورت، تعلیم نسواں وغیرہ مختلف عنوانوں پر فلسفیانہ انداز میں بے شمار نکتے بیان کئے ہیں۔

اقبال اور سیاسیات ۔ تضادِ فکر و عمل

اقبال جب تک سیاسی اصول پیش کرتے رہے اور خیالی سیاسیات پر تبصرہ کرتے رہے دنیا ان کو اپنے تخیل کی متاعِ عزیز سمجھتی رہی اور اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ ان کا سیاسی نظریہ اس قدر حوصلہ آزما اس قدر حریت پرست اور اتنا قربان نواز ہے کہ کسی قوم کا بڑے سے بڑا مخلص سیاسی رہنما بھی اس سے زیادہ بلند سطح پر نظر نہیں آتا لیکن وہی شخص جب سیاسیات کی عملی دنیا میں قدم رکھتا ہے تو چاروں طرف ایک قیامت برپا ہو جاتی ہے وہی شاعر جو حکیم سنائی کے الفاظ میں "گرفتہ چینیاں احرام و کی خفتہ در بطحا" کو قیامت سے تعبیر کرے عملی دنیا میں اس قدر تن آسان اور عافیت کوش بن جائے کہ اس کو حق و باطل میں کوئی تمیز ہی نہ ہو اقبال کے اس تضادِ فکر و عمل پر حامیانِ آزادی نے خوب خوب پھبتیاں اڑائی ہیں۔

اقبال کی نظم "گلہ" پڑھئے[۱] اور پھر ان کے سیاسی اعمال پر ایک نظر ڈالئے آپ کو تعجب ہوگا کہ وہی شاعر جو ملکی زبوں حالی، کسانوں کی تباہی، غلامی اور غلامانہ زندگی پر اشک فشانیاں کر رہا تھا یک بہ یک اس کی ذہنیت اس

---

[۱] ضربِ کلیم ص ۱۵۲۔

قدر بدل کیوں گئی؟ آخر اس کی کوئی نفسیاتی توجیہہ بھی ہو سکتی ہے؟ کیا واقعتہً اقبال ایک غیر مخلص انسان ہیں؟ کیا ان کی شاعری میں جو پیام ہے وہ محض طفل فریبی ہے؟ میں یہ ماننے کے لئے تیار نہیں۔ آڈبرا کے مشہور فلسفی ڈاکٹر ایگرامی نے تصورہ (IMAGINATION) پر بحث کرتے ہوئے یہ بات ثابت کی ہے کہ جو لوگ تصورات کی دنیا میں مستغرق رہتے ہیں ان کی عملی زندگی بہت ہی ناکامیاب ہوتی ہے۔ وہ درد و آلام کے مناظر پر خوں فشانیاں تو کر سکتے ہیں لیکن تدبیر و مصلحت سے کام لے کر اس کے دور کرنے کی کوشش نہیں کر سکتے، وہ زندگی کی صعوبتوں اور کسی کے مصائب سے متاثر ضرور ہوتے ہیں لیکن اس کو خوشگوار بنانے کے لئے کوئی جسمانی قربانی، یا سنجیدہ دوا دوش نہیں کر سکتے۔ پر درد اور المناک مناظر ان کے شعور خفی میں ان کے لئے لذت انگیز بن جاتے ہیں[1]۔ اقبال شاعر ہیں، میرؔ و ضیاؔ کی طرح۔ ان کے کلام میں درد و الم کی چاشنی ہے، وہ المناک مناظر سے اثر پذیر ضرور ہوتے ہیں، لیکن ان سے یہ توقع کرنا کہ جس طرح دنیائے شعر و ترنم میں وہ ہمدوش ثریا ہیں وہ عملی زندگی میں بھی قزاقیاں کریں خود ہماری قلت بصیرت کا نتیجہ ہے۔

اس سلسلہ میں اقبال کی وہ ۳۲ نظمیں جو ضرب کلیم کے ۲۶ صفحات کو محیط ہیں قابل غور ہیں۔ ان نظموں میں ہمارے شاعر نے یورپ کی ہوس استعمار

---

[1] INTELLECTUAL POWERS ص ۱۰۲-۱۰۱ گلمپس

ملوکیت انگلیس، مسئلہ فلسطین و شام، جمعیت اقوام وغیرہ پر جن خیالات فائقہ کا اظہار کیا ہے وہ حد درجہ قابل توجہ ہیں، ان کے علاوہ سیاسیات مغرب و مشرق کے اور بھی مسائل ہیں، جن پر ہمارے شاعر نے اپنی بلند رائیں دی ہیں، لیکن کبھی انھوں نے ایک "شاعر" کی سطح سے تجاوز نہیں کیا اور میرے خیال میں دُنیا کو اگر اپنی توقعات قائم کرنے کے بعد اقبال کی طرف سے ناکامیاں ہوئیں تو اس کے لئے ایک شاعر کو مورد الزام بنانے سے زیادہ اہل دُنیا کی پرورش تمنّا قابل الزام ہے۔

اقبال کا ادبی انداز

اقبال کا ادبی پایہ کیا ہے؟ اس کو سمجھنے کے لئے اُن کی تصنیفات کا جائزہ لینا ضروری ہے، اس میں تو شک نہیں کہ وہ دُنیائے جذبات کے بادشاہ ہیں لیکن ادبی حیثیت سے بھی ان کا ایک خاص مرتبہ ہے۔ میر سیّد حسن کے ظلِ عاطفت نے ان کے اندر زبان و ادب کا صحیح مذاق پیدا کر دیا تھا۔ عبدالقادر صاحب فرماتے ہیں کہ "اقبال داغ کے شاگرد ہیں اور داغ کے تلمذ نے اقبال کی ادبی زندگی پر اثر ڈالا ہے۔ خود داغ نے اقبال جیسے شاگرد پر فخر کیا ہے۔ جس کا تذکرہ عبدالقادر صاحب سے خود حیدر آباد میں داغ نے کیا تھا۔"[۵۱]

---

۵۱ دیباچہ بانگ درا۔

مخزن کی اشاعت و ترتیب اس کی بلندی انشا و ادبیت کی بنا پر ہندوستان کا کون خوش ذوق ہوگا جو شیخ صاحب کی کرامت کا منکر ہو لیکن باوجود اس اعتقاد و ارادت کے مجھے شیخ صاحب کے اس بیان پر بے اختیار ہنسی آگئی اور "صفیر و شاد" کی اُستادی و شاگردی اس کی نزاع و مناقشہ کا منظر اور اس کی لنویت اور رکاکت کا نقشہ سامنے آگیا حقیقت یہ ہے کہ علم حاصل کرنا دوسری چیز ہے اور ذوق تنقید بالکل دوسری شے ہے یہ قدرت کا محض عطیہ ہے جس کو مل جائے ایک نقاد ادب داغ اور اقبال کی اُستادی و شاگردی کے مسئلہ پر سوائے آنسو بہانے کے اور کیا کر سکتا ہے ہماری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ علم و معارف کے حامل ہونے کے باوجود بعض اوقات انسان کے اندر ستم ظریفانہ اپج کیوں پیدا ہو جاتی ہے داغ کی خصوصیات میں ان کی زبان دانی، سلاست بیان اور عریاں نگاری ہے۔ اقبال کو داغ سے نہ زباں دانی کے اعتبار سے کوئی نسبت ہے اور نہ وہ اپنے اُستاد کی طرح شباب کی معصیت کوشیاں اور ابیقورین ذوق کے تحت رنگ رلیاں بیان کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور نہ کبھی اس سطح پر آکر انھوں نے شاعری کی۔ خدا کا شکر ہے کہ شاد کی طرح اقبال نے بھی اپنے اُستاد کی نہج و روش سے ہٹ کر اپنی ایک جداگانہ راہ اختیار کی ورنہ آج شاد شاد رہتے اور نہ اقبال اقبال۔

اقبال کی ادبیت یوں تو ان کی آخری تصنیفات سے کافی طور پر ظاہر ہوتی ہے لیکن اس سلسلہ میں "بال جبریل" قابل ذکر ہے جو بیس سال کے طویل عرصہ کے بعد شائع ہوئی ہے اس میں انھوں نے اپنی شعریت و ادبیت کے بہت گہرے نقوش چھوڑے ہیں، فرماتے ہیں:-

پریشاں ہو کے میری خاک آخر دل نہ بن جائے
جو مشکل اب ہے یارب پھر وہی مشکل نہ بن جائے

پوری غزل اقبال نے گہری معنویت اور بلند فنی کے ساتھ ختم کی ہے ایک شعر ہے:-

بنایا عشق نے دریائے ناپیدا کراں مجھ کو
یہ میری خودنگہداری مرا ساحل نہ بن جائے

ان کی ایک دوسری غزل ہے جس کا ایک شعر ہے:-

میری خاک و خوں سے تو نے یہ جہاں کیا ہے پیدا
صلۂ شہید کیا ہے؟ تب و تاب جاودانہ

اور یہ گیسوئے تاری، یہ خون آلودگی یہیں ختم نہیں ہوتی بلکہ اس کے بعد وہ ایک عجیب قسم کی فنا دگی و از خود رفتگی کا اظہار کرتے ہیں:-

تری بندہ پروری سے مرے دن گذر رہے ہیں
نہ گلہ ہے دوستوں کا نہ شکایت زمانہ

ان اشعار سے پتہ چلتا ہے کہ اقبال کے کلام میں تغزل کا گہرا رنگ غالب ہے اگر وہ غزل گوئی ہی کی طرف مائل ہوتے تو کون کہہ سکتا ہے کہ سرزمین پنجاب کو جہاں ہمیشہ اس کا قحط رہا ہے۔ دہلی لکھنؤ یا عظیم آباد کے سامنے اپنی پستی دامنی پر افسوس کرنا ہوتا۔

کچھ روز ہوئے کلکتہ کے کسی مضمون نگار نے اقبال کی شاعری پر تنقید کرتے ہوئے اپنے زعم و پندار میں ہمارے شاعر کی غلطیاں نکالی تھیں یہ مضمون غالباً "کلکتہ ریویو" یا "ندیم" گیا میں شائع ہوا تھا۔ افسوس وہ پرچہ اس وقت میرے پیش نظر نہیں چند اعتراضات حافظہ میں مرتسم رہ گئے ہیں مختصراً ان کا جواب دینا چاہتا ہوں۔

مضمون نگار نے "بال جبریل" کی ترکیب پر اعتراض کیا تھا ان کے خیال میں یہ صحیح نہیں غالباً وہ "بال" کو محض مذکری لفظ سمجھتے ہیں درانحالیکہ اساتذۂ فارس نے کثرت سے استعمال کیا ہے سلمان ساوجی کا شعر ہے

باش تا رغ بال اگرچوں بلبلی زار با دل
مست و عاشق در ہوائے گلرخے پرواز کن

ناقد کا دوسرا اعتراض لفظ "نظارہ" پر تھا مجھے اب یہ یاد نہیں رہا کہ انھوں نے اقبال کے کلام سے لفظ "نظارہ" حرف ظا کے فتحہ کے ساتھ لکھا تھا یا تشدید کے ساتھ یعنی نظارہ لکھا تھا، یا نظّارہ، بہرحال ناقد

کو اعتراض تھا کہ اقبال نے غلط استعمال کیا ہے، در انحالیکہ ایرانی شعرا اور اردو شعرا دونوں نے اس کو نظارہ اور نظّارہ دونوں طرح استعمال کیا ہے، لطف یہ ہے کہ ایک ہی شاعر جو نظارہ لکھتا ہے وہی نظّارہ بھی استعمال کرتا ہے۔

جامی فرماتے ہیں۔

غلطے راکن اے باغباں مضایقہ چند اں
کہ یک نظارہ کنم باغ نو شگفتہ خود را

ظہوری نے بھی کہا ہے،

ز شوق گر یہ سراپائے دیدہ گردیدند
حباب ساں بہ ہوائے نظارہ برجستند

خسرو کا شعر ہے،

بیا نظارہ کن اے دل کہ یار می آید
زبہر بردن جاں نگار مے آید

اب ملاحظہ فرمائیے ظہوری اور خسرو دونوں نظّارہ بھی استعمال کرتے ہیں، خسرو فرماتے ہیں۔

دلم می شد بہ نظّارہ کہ باد افگند زلفش را
نیاید باز درخواہد کہ ہم در رہ شب افتادش

ظہوری کہتا ہے:-

رشک اخگر شدہ اشک از تف نظارۂ ما
شعلہ در بال سمندر شدہ خوارۂ ما

ظہوری کے اشعار سے نہ صرف یہ ثابت ہوتا ہے کہ نظارہ اور نظارہ دونوں صحیح ہے، بلکہ "بال سمندر" لکھ کر انھوں نے "بال جبریل" کی صحت پر مہر توثیق ثبت کر دی ہے، اسی طرح عراقی، رومی، عرفی، حافظ، حزیں وغیرہ تمام اساتذہ نے نظارہ اور نظارہ دونوں استعمال کیا ہے۔

ناقد نے اقبال کے شعر سے لفظ منجیچہ پیش کر کے اس پر بھی اعتراض کیا تھا، درانحالیکہ حافظ کا شعر ہے۔

منکہ در صومعہ سر حلقۂ دینداراں
نگہ کافر آں منجیچہ ایماں سوخت

شیخ علی حزیں فرماتے ہیں۔

گر شوند آگہ از اندیشہ ما منجیچگان
بعد ازیں خرقۂ صوفی بہ گرو نستانند

مضمون نگار نے اقبال پر یہ بھی اعتراض کیا تھا کہ انھوں نے لفظ "غمیں" استعمال کیا ہے جو صحیح نہیں۔ اردو اور فارسی کے تمام اساتذہ نے "خونیں جگر" "آتشیں عذار" اور "مشکیں کمند" کا استعمال کیا ہے، پھر

کوئی وجہ نہیں خون سے خونیں اور آتش سے آتشیں تو صحیح ہو لیکن غم سے غمیں غلط ہو جائے۔

حزیں کا شعر ہے۔

گرہ ساز و زباں شعلۂ شمع انجمن پیرا
دراں محفل کہ حرفے زاں عذار آتشیں باشد

ترکیب کے اعتبار سے بھی کوئی غلطی نہیں "غم" اسم نکرہ ہے اس کے ساتھ "ین" بھی دوسرے حروف مری۔ گان۔ کی طرح حرف نسبت ہے۔

اسی طرح مضمون نگار نے اور بھی اعتراضات کئے تھے جن سے اقبال کے کلام پر تنقید تو نہیں ناقد کی "ہمہ دانی" کا راز طشت از بام ضرور ہو ابھر بھی اقبال کے کلام کا گہرا مطالعہ کرنے کے بعد ایک نقاد ادب اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ ان کے یہاں ادب و انشا کی خامیاں ضرور ہیں اور اس کی وجہ غالباً یہ ہو سکتی ہے کہ ان کا وطن مرکز زبان سے بہت دور سیالکوٹ میں واقع ہوا ہے اس لئے ان کی روزمرہ کی زبان میں ادب و انشا کے غیر ارادی محاسن کی جلوہ ریزیاں نہیں پائی جاتی ہیں یہی سبب ہے کہ ان کی تحریروں میں بھی بعض جگہ زبان کی خامیاں ہیں اور اقبال کے لیے یہ کوئی زیادہ عیب کی بات نہیں جبکہ رفعت خیال، غرابت بیان، عمق نظر اور ندرت پیام کے لحاظ سے اردو شاعری میں ان کا کوئی مثل نہیں۔

اقبال کے لیے یہی کیا کم فخر کی بات تھی کہ اردو شاعری میں وہ جدید رکے بے مثل شاعر ہیں۔ ان کی تصنیفات و تعلیمات نے نہ صرف ہندوستان بلکہ ممالک اسلامیہ اور یورپ و امریکہ میں بھی شرف قبول حاصل کیا لیکن قدرت نے ان پر یہ مخصوص بارش کرم کی کہ ان کی زندگی ہی میں ان کے اسکول کو بہت بڑا فروغ دیا، اور آج ہندوستان میں جوش و ساغر کا وجود اس بات کی دلیل ہے کہ اقبال کی شاعری اپنی افادیت کے لحاظ سے غیر فانی ہو چکی ہے۔

اطالیہ کا مشہور نقاد ادب میزینی (MAZZINI) بائرن اور گوئٹے کا موازنہ کرتے ہوئے دونوں کو شاعری کے دو عظیم الشان اسکول کا سبب قرار دیتا ہے، اور کہتا ہے کہ ہم دوسرے چھوٹے چھوٹے شعرا کو جنہوں نے اپنے افکار سے اس دور کو شہرت دی انہیں دو شاعروں کے گرد اگرد جمع کرنے پر مجبور ہیں، اقبال بھی میزینی کی اصطلاح میں گوئٹے کی طرح REPRESENTATIVS POET ہیں۔[۱]

اقبال کی شاعری نے جوش کو جس حد تک مستفید کیا ہے وہ تعارف سے مستغنی ہے، جوش پر وطنی ماحول اور مرکزیت زبان نے بہت اثر کیا ہے اور اس لحاظ سے وہ اپنے اُستاد اقبال سے بھی آگے ہیں، لیکن جہاں تک

[۱] ملاحظہ ہو "مقالات میزینی" (ESSAYS OF MAZZINI) ص ۴۴

فلسفیانہ عمق نظر اور حکیمانہ ارشاد و پیام کا تعلق ہے جوش ابھی بہت پیچھے ہیں پھر بھی ہمیں یہ یقین ہے کہ ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ جب کہ جوش کا کلام اقبال سے بھی زیادہ سنگین حقیقت اور گہری معنویت کا حامل ہوگا، کیوں کہ جوش کے کلام میں شگفتگی و نشاط اب بھی اقبال سے زیادہ ہے، گو مطالعہ اور تجربہ کی کمی ہے۔

فلسفۂ خودی

اقبال کا پیام کیا ہے؟ وہ اپنے شعر میں زندگی کا کوئی فلسفہ بھی بیان کرتے ہیں یا محض ایک شاعر کی طرح اپنے قارئین پر کیف و تہیج کا اثر ڈال کر خموش ہو جاتے ہیں، ان کے کلام کا جائزہ لیا جاتا ہے تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ وہ زندگی کے لئے کوئی پیام دیتے ہیں۔ یہ پیام فلسفۂ خودی کی بنیاد پر قائم ہے۔ اقبال شاعری، موسیقی، مصوری، مدرسہ، خانقاہ، ہر جگہ خودی کی کارفرمائیاں دیکھنا چاہتے ہیں۔

گر ہنر میں نہیں تعمیر خودی کا جوہر ۔۔۔ دائے صورت گری و شاعری و نائے و سرود

اقبال تقلید و متابعت سے بیزار ہیں، وہ زندگی کے ہر شعبہ میں جدت طرازیوں کے حامی ہیں۔

اغیار کے افکار و تخیل کی گدائی ۔۔۔ کیا تجھ کو نہیں اپنی خودی تک بھی رسائی

الغرض اقبال کی شاعری پر فلسفہ کا گہرا اثر ہے، اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ فلسفۂ خودی" ہے کیا اور خود اقبال نے کہاں سے لیا؟ خودی سے مراد ہے اپنی ذات کی معرفت، ہماری ذات کیا ہے، کائنات سے اس کا کیا تعلق ہے، اور پھر اس کے علم و معرفت کے بعد ہمیں زندگی کس طرح گزارنی چاہیے۔

فلسفۂ خودی کا سبق اقبال نے کہاں سے حاصل کیا؟ یہ نہایت اہم بحث ہے، خود اقبال نے اشارے ضرور کئے ہیں۔ مثلاً

گسستہ تار ہے تیری خودی کا تار اب تک
کہ تو ہے نغمۂ رومی سے بے نیاز اب تک

کیا یہ درس اقبال کو رومی سے ملا؟ اس میں شک نہیں اقبال یقیناً اس سے اثر پذیر ہوئے ہیں باعث رومی پر وحدت فی الکثرت کا گہرا اثر تھا جیسا کہ نکلسن نے فلاطینوس سے رومی کے افکار شعریہ کا موازنہ کر کے ثابت کیا ہے، اب یہاں خود یہ پیچیدگی پیدا ہو جاتی ہے کہ وحدت فی الکثرت کو خودی سے کیا تعلق ہے۔ خودی، حلول، اتحاد، تمام چیزیں وحدت فی الکثرت ہی کے نتائج ہیں وحدت فی الکثرت کا مفہوم یہ ہے کہ تمام موجودات خدا ہے اور یہ کہ خدا تمام موجودات ہے، دہریت (PANCOSMISM) اور کائنات پرستی (ACOSMISM) اسی کی قسمیں ہیں۔ اگر ہم یہ سمجھیں کہ عالم

کے اندر خدا کی ذات سمائی ہوئی ہے تو یہ "دہریت" یا حلول ہے اور اگر اس نتیجہ پر پہونچیں کہ عالم ہی ذات خداوندی ہے تو یہ "کائنات پرستی" یا اتحاد، وحدت فی الکثرت (PANTHEISM) کی تاریخ پر نظر ڈالی جاتی ہے تو پتہ چلتا ہے کہ فلسفۂ یونان، برہمنیت، فلاسفہ یورپ، یہودی فلسفہ اسکندریہ، اسلام ہر جگہ اس کا وجود پایا جاتا ہے، فلاسفۂ یونان میں سالیس ملیطی، انغزامینیز دیاغنوس، افلاطون، ارسطو، سبھی اس کا اعتراف کرتے ہیں۔ افلاطون اور ارسطو پر ثنویت کا گہرا اثر ہے، باوجود اس کے افلاطون، ارسطو اور ہرقلیطوس نے رواقیوں پر اس کا اثر ڈالا، اور دنیا کے دوسرے مسالک پر انہیں کی وساطت سے اس کا اثر پڑا[۵۱] حسن فلسفی ہیگل اور ہالسانی، اسپینوزا کے یہاں بھی اس کی بحثیں ملتی ہیں اقبال جرمنی میں رہ چکے ہیں، اور ہیگل و اسپینوزا کا انھوں نے گہرا مطالعہ بھی کیا ہے، اور ان کے حوالے بھی انھوں نے دیئے ہیں مگر اقبال نے جس انداز سے اس فلسفہ کو پیش کیا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ انھوں نے تصوف اسلام سے یہ سبق سیکھا، خود ایک جگہ فرماتے ہیں :-

فردوس میں رومی سے یہ کہتا تھا سنائی مشرق میں ابھی تک ہے وہی کاسہ وہی آش

---

۵۱ ملاحظہ ہو "انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجن اینڈ ایتھکس" اور "انتخاب دیوان شمس تبریز" مرتبہ عبدالمالک آروی صفحہ ۱۱۹ - ۱۲۰

لاج کی لیکن یہ روایت ہے کہ آخر اک مردِ قلندر نے کیا راز خودی فاش[۵۱]
س میں شک نہیں اگر رباعیات سعید ابن ابی الخیر سے قطع نظر کرلیں تو
سنائی پہلے صوفی شاعر ہیں جنھوں نے باضابطہ تصوف کو موضوع شعر
ایا رومی پہ فلسفۂ اشراقی کا رنگ چڑھا ہوا ہے۔ فلاطینوس اور رومی میں اتنی
ہمرنگی ہے کہ خود فلاطینوس کو صوفی اور رومی کو اشراقی کہہ سکتے ہیں۔
لیکن اقبال فرماتے ہیں کہ رومی اور سنائی تو مشرق کی کہن سامانیوں کا
لہ کر کے چپ ہو جاتے ہیں، لیکن حلاج کہتے ہیں کہ "ایک مردِ قلندر نے آخر
راز خودی فاش کر ہی دیا"۔ یہ مردِ قلندر کون ہے اور حلاج نے کیونکر حکم
لگایا کہ یہ شخص راز خودی فاش کر رہا ہے، اور پھر کس سند و اعتبار کی بنا
پر ہم تسلیم کرلیں کہ حلاج کا یہ قول صحیح بھی ہے؟ کیا واقعتہً اقبال نے محض
شاعری کی ہے یا کوئی تاریخی حقیقت بیان کی ہے۔ مردِ قلندر تو خیر
اقبال ہوئے اور ان کا راز خودی بھی فاش کرنا ظاہر ہے، لیکن پھر حلاج
کی زبانی اس کو کیوں ادا کیا۔ آیئے ذرا اس پر غور کریں۔

حلاج و اقبال

اگلے سطور میں لکھا جا چکا ہے کہ وحدت فی الکثرت کا اثر روافیوں کے ذریعہ

---

[۵۱] ضربِ کلیم صفحہ ۱۱۶۔

دُنیا کے دوسرے مسالک پر پڑا، فلسفۂ رواقی کا بانی زینو ۳۳۶ ق م
۲۶۴ ق م، تھا لیکن تصوف اسلام میں یہ چیز کیوں کر آئی؟ یہ محل طلب
امر ہے، تصوف کی تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ اس خیال کی باضابطہ ترویج
حلاج ہی کے ذریعہ ہوئی چنانچہ جس طرح امام اشعری اسلام میں علم کلام
کے بانی ہیں۔ اسی طرح وحدت فی الکثرت کے بانی حلاج گذرے ہیں[۵۱]
حلاج کون تھے؟ اور کیوں کر ان کی وساطت سے وحدت فی الکثرت
کی ترویج ہوئی، یہ محل طلب بات ہے۔

مشرقی و مغربی ادبیات میں بہت سی کتابیں ملتی ہیں جن میں حلاج
کا تذکرہ پایا جاتا ہے، لیکن سب سے مکمل حالات ایک فرانسیسی
مستشرق لوئیس میسینان کی کتاب میں ملتے ہیں[۵۲]
انسائیکلوپیڈیا اوف ریلیجن میں جو مقالہ حلاج کے عنوان سے درج ہے وہ

---

۵۱ انسائیکلوپیڈیا اوف ریلیجن اینڈ تھکس مقالہ حلاج ۵۲ لوئیس میسینیاں
BIBLIOGRAPHIC CHRONOLEGI- (LOUIS MASSIGNON) کی کتاب کا نام ہے
-GUE
حلاج پر ڈوزی وان کریمر، ET CRITIGUE D'AL-HALLAJ
اور ایف۔ اے۔ جی تھالک نے بھی لکھے ہیں۔ تھالک نے ۱۸۲۵ء میں جرمن زبان
میں ایک کتاب لکھی حلاج کے حالات انھوں نے عطار کی تذکرۃ الاولیا
سے لئے ہیں۔

تصوف کے مشہور ماہر ڈاکٹر نکلسن کا لکھا ہوا ہے، اس میں نکلسن نے زیادہ تر میسینان ہی سے استفادہ کیا ہے۔

حالات آپ کا نام ابو مغیث حسین ابن منصور حلاج ہے ۸۵۸ء میں جنوبی ایران کے ایک شہر بیضا، میں پیدا ہوئے۔ ابن خلکان کہتے ہیں، نشاء بواسط والعراق (واسط اور عراق میں نشو و نما پائی) عبدالوہاب بن احمد الشعرانی فرماتے ہیں۔

صحب الجنیدؒ والنوری وعمرو بن عثمانؒ المکی والقوطی[1]

ابن خلکان نے مجمل طور پر لکھا ہے، صحب ابا القاسم الجنید ومن طبقتہ لیکن نکلسن نے میسینان کے حوالہ سے اس اجمال کی پوری وضاحت کی ہے فرماتے ہیں، سولہ سال کی عمر میں خوزستان کے شہر شوستر میں گئے اور سہل بن عبداللہ تستریؒ کے شاگرد ہو گئے اس کے بعد بصرہ گئے اور عمرو بن عثمان المکی کے مرید ہوئے۔ ابو یعقوب الاقطع کی لڑکی سے شادی کی ۸۷۸ء میں بغداد گئے اور حضرت جنیدؒ کے حلقہ میں طریقہ تصوف کی تکمیل کی۔ ۸۹۲ء میں حج کیا اور ایک سال تک خلوت نشیں رہے بہت جلد ہی صوفیوں نے ان سے قطع تعلق کر لیا اس کی وجہ ان کے عقیدہ وحدت فی الکثرت کی انتہا پسندی تھی۔

---

[1] لواقح الانوار مخطوطہ پٹنہ لائبریری۔

ہجویری کا بیان ہے کہ اس کی وجہ یہ نہ تھی کہ مذہب اور عقیدہ کے باب میں اختلاف تھا۔ بلکہ طریقت کی رعایت نہ کی، اس وجہ سے ایسا ہوا۔ دو سال تک شوستر میں زاویہ نشین رہنے کے بعد انھوں نے خراسان اور فارس کا سفر کیا۔ اور ۹۹۰ء سے ۱۰۱۰ء تک تبلیغ اور تصوف پر اپنی پہلی کتاب کی تصنیف میں مشغول رہے اسی دور میں ان کو حلاج کا لقب ملا[۵۱] دوسری مرتبہ پھر انھوں نے حج کیا اور ایک سال تک بغداد میں قیام پذیر رہے پھر یہاں سے بحری راستہ سے ہندوستان آئے[۵۲]، اور ترکستان کی رہ نوردی کرتے رہے اس دوران میں تبلیغ اور تصنیف کا بھی شغف تھا، اس کے بعد انھوں نے حج بیت اللہ کیا، اور دو سال تک قیام کرنے کے بعد ۱۰۶۹ء میں بغداد آئے اور ایک عام جلسہ میں تقریر کی جس کے باعث کچھ ہنگامہ ہوا، اور ان کو زنداں بھیج دیا گیا،

---

۵۱ انسائیکلو پیڈیا آف ریلجن اینڈ ایتھکس میں حلاج کی وجہ تسمیہ کے سلسلہ میں دو باتیں پائی جاتی ہیں ایک تو وہی جو نفحات وغیرہ میں مذکور ہے کہ انھوں نے جھزانہ حیثیت سے بہت قلیل عرصہ میں روئی دھن دیا دوسری وجہ ان کا کمال روغن بادام بتایا جاتا ہے جسکا دوسروں پر اثر پڑتا تھا۔

۵۲ سفر ہندوستان کا تذکرہ ابن خلکان قزوینی، شعرانی وغیرہ نے نہیں کیا نفحات الانس میں بھی مذکور نہیں نکلسن نے سیسنیان سے یہ روایت لی۔ یہ تحقیق بڑی اہمیت رکھتی ہے اس سے حلاج کے صوفیانہ عقائد کا تجزیہ کرنے میں بڑی مدد ملے گی۔

لیکن انھوں نے جیل سے بھاگنے کا سامان کیا اور دو سال تک خراسان کے شہر سوس میں روپوش رہے، تین سال کے بعد پھر گرفتار ہوئے اور خلیفہ مقتدر کے وزیر عیسیٰ کے سامنے مقدمہ پیش ہوا اس وقت آپ پر یہ الزام تھا کہ آپ قرامطی ہیں لیکن اس کا ثبوت کچھ نہ ملا پھر بھی وہ سال تک آپ بغداد میں نظربند رہے، لیکن یہ نظربندی زیادہ سخت نہ تھی۔ کیونکہ آپ کو ایک زندان سے دوسرے زندان میں منتقل کیا جاتا تھا۔ اور ملاقاتیوں سے ملنے اور تبلیغ وارشاد کی اجازت تھی۔

۹۲۲ء میں دوسرا مقدمہ چلا۔ یہ مقدمہ دو وزرا ابن عیسیٰ اور حامد نے چلایا حلاج پر تین الزامات تھے۔

(۱) قرامطہ سے ان کی پوشیدہ مراسلت۔

(۲) ان کے مریدوں کی جانب سے بڑھی ہوئی عقیدت کہ وہ ان کو الوہی شخصیت مانتے تھے۔

(۳) خود ان کا عقیدۂ عین الجمع (یعنی یہ کہ خدا کے ساتھ مخصوص وصلت) حامد چاہتا تھا کہ انھیں مسائل تک تحقیقات محدود رکھی جائے لیکن قاضیوں نے ایک اور بھی شق کا اضافہ کیا وہ یہ کہ حلاج کا عقیدہ تھا کہ حج کرنا فرائض میں سے نہیں ہے، بلکہ اس کا تعلق اس عقیدہ سے ہے جو

تسلیم کرتے ہیں۔ چنانچہ ان تین فقہی اور سیاسی مسائل

کو ہوشیاری کے ساتھ ترتیب دیا گیا اور اس منتخب مجموعہ کی بنا پر ان کو پھانسی دی گئی، ۲۴ ذیقعدہ ۳۰۹ھ مطابق ۲۶ مارچ ۹۲۲ء میں یہ حادثہ ہوا، نکلسن نے بیان کیا ہے کہ بڑی بیدردی اور بہیمیت کے ساتھ جان لی گئی۔ ابن خلکان کی روایت ہے۔

فلما فرغ من ضربہ قطع	جب (کوڑے کی) مار سے فراغت
اطرافہ الاربعۃ ثم حز رأسہ	ہوگئی تو اس نے ان کے چاروں
واحرق جثتہ ولما صار رمادًا	ہاتھ پیر کاٹے، سر علیحدہ کرلیا دھڑ
القاہ فی دجلہ ونصب رأسہ	جلا دیا جب آپ راکھ ہوگئے تو انکو
ببغداد علی الجسر[1]	دجلہ میں ڈال دیا اور آپ کا سر بغداد
	کے پل پر آویزاں کیا گیا۔

اس سلسلہ میں ابو ذکریا محمد بن قزوینی کی روایت بھی قابل ذکر ہے،

فلما اخرج للصلب استدعی	جب آپ کو پھانسی دینے کیلئے نکالا گیا
بعض الحجاب وقال انی اذا	تو آپنے دربانوں سے درخواست
احرقت یاخذ ماء دجلہ	کی کہ جب میں جل جاؤں تو دجلہ
فی الزیادۃ حتی تکاد تغرق	میں طغیانی ہوگی یہانتک کہ بغداد
بغداد فاذا رأیتم ذالک	ڈوبنے لگیگا جب تم یہ تماشا دیکھو تو

---

[1] وفیات الاعیان جلد ۱ ص ۱۴۶

فخذ واشیئا من رمادی و اطرحوہ فی الماءِ لیسکن[1] — یہ ری۔ اکھ میں سے تھوڑا لیکر پانی میں ڈال دینا تاکہ پانی تھم جائے۔

آپ کا سر خراسان میں آپ کے مریدوں کو دکھانے کے لئے بھیجا گیا۔ وہاں اور دوسرے مقامات میں بھی یہ مشہور رہ گیا کہ حلاج مارے نہیں گئے بلکہ ان کا مثل کوئی اور یا گھوڑا یا خچر مارا گیا۔

تعلیم حلاج کے قتل کے اسباب میں آپ کے کفر کے واقعات بیان کئے جاتے ہیں، لیکن اس کی بڑی وجہ سیاسی اسباب ہیں، قدیم تاریخی کتابوں میں اس کو شیعہ اور قرامطہ کے پروپگنڈہ کا کارکن بتایا جاتا ہے[2]۔ اور اُن کو غفلت شعار اور بدمعاش ہنگامہ آفرین کہا گیا ہے جو کیمیا اور سحر کے ذریعہ عام انسانوں کو معجزات کا دھوکہ دیتا تھا۔ قزوینی نے بیان کیا ہے۔

فمن المشہور انہ کان یرکب الاسد ویتخذ الحیۃ سوطاً — مشہور ہے کہ آپ شیر پر سوار ہو جاتے اور سانپ کا کوڑا بناتے اور گرمیوں میں جاڑے

---

[1] براؤن نے لٹریری ہسٹری آف پرشیا (جلد ۱ ص ۴۰۹) میں یہ بیان کیا ہے کہ حلاج امام علی الرضا کے مبلغ تھے۔ نکلسن نے اس کا رد کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اصل کتاب "فہرست" کی آخری سطر سے اس قطعی روایت کی تصدیق نہیں ہوتی وہاں صرف یہ پایا جاتا ہے کہ حلاج علویہ کا پروپیگنڈہ کرتے تھے۔

کان یاتی بفاکهة الشتاء فی الصیف و بفاکهة الصیف فی الشتاء یمد یدہ الی الهواء و یعیدها مملوة دراهم و یخبر الناس بما فی ضمائرهم و بما یفعلون[1]

کا میوہ، اور جاڑوں میں گرمیوں کا میوہ پیش کرتے، فضا میں اپنا ہاتھ بلند کرتے اور ہاتھ کھینچتے تو مٹھی روپے سے بھری ہوئی ہوتی اور لوگوں کو ان کے دلوں کا حال بتا دیتے

قزوینی نے عبداللہ بن خفیف کی روایت سے یہ بھی لکھا ہے کہ حلاج قید خانے میں تھے، تو رات کے وقت بیڑیاں ان کے جسم سے علیحدہ ہو جاتیں، آپ وضو کرتے، شمع آپ کے پاس خود ہی چلی آتی آپ نماز ادا کرتے، وہ قرامطی نہ تھے[2]، لیکن آسانی کے ساتھ ایسا الزام ان پر چسپاں کیا جا سکتا تھا، حلول کا عقیدہ بہت سے صوفیہ کے راہ صواب سے ہٹے ہوئے فرقوں میں اور شیعوں کی بہت سی انتہا پسند شاخوں میں متداول تھا۔ اسی طرح حلاج کو قرامطی کہہ دینے کے لئے بھی مواد موجود تھا، کیونکہ وہ خود کو نور متجلی (Radiant Light) کہا کرتے تھے، اور ان کے مریدوں نے ان کو

---

[1] عجائب البلدان مخطوطہ پٹنہ لائبریری۔

[2] قرامطہ کون تھے؟ ابن خلکان نے منصور حلاج کے ذیل میں اپنے استاد ابن الاثیر الجزری کی تاریخ "الکامل" کے حوالہ سے "سیر مختصر سی روشنی ڈالی ہے" "قرمطی" لقب تھا ابوسعید بہرام کا جو قرامطہ کے مشہور پیشوا اور رہنما، ابوطاہر سلیمان کا باپ تھا، ابوطاہر کو "جنابی" کہا جاتا تھا جنابہ جزیرہ کے نزدیک فارس کا ایک شہر ہے حلاج اور جنابی ہمعصر تھے، ابوسعید بہرام (صفحہ ۸۳ پر)

الوہیت اور اوتار کے درجہ تک پہنچا دیا تھا۔ دسویں صدی کے ربع اوّل میں قرامطہ نے ایک خوفناک سلطنت قائم کر لی تھی، اور حامد جیسا کہ سینان کا خیال ہے، حلاج کو قرامطی ہونے کے الزام میں قتل کرکے اپنی سیاسی اہمیت قائم کرنا اور اس طور سے عوام میں شہرت و ناموری چاہتا تھا۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو حلاج کو محض وحدت فی الکثرت کے عقیدہ یا حال و سرمستی کی بنا پر قتل نہ کیا جاتا کیونکہ اسلام نے صوفیہ کے ساتھ ہمیشہ اس باب میں رواداری کی ہے'

فلسفۂ تصوف کے اصول کے مطابق "الحق" (The Real) (خدا ایک خالص ہستی خیال کیا جاتا ہے۔ عالم فانی (Phenomena) کے مخالف ہے جو کہ مادہ کی ظلمت یا عدم میں محض ہستی خالص کا ایک عکس ہے

(صفحہ ۸۲ سے آگے) چونکہ پست قد، کندم گوں اور بدصورت تھا اس لئے اس کا لقب قرمطی پڑ گیا، ۲۷۸ھ میں قرامطہ کی پہلی تحریک کوفہ سے شروع ہوئی، بصرہ بحرین، مکہ اور مصر میں ان لوگوں نے قتل غارت کا بازار گرم کیا، عباسی خلیفہ المعتضد باللہ کی فوج کو شکست فاش دی، قیدیوں کو زندہ جلا ڈالا، اور مکہ سے غلاف کعبہ اور حجر اسود اٹھا کر لے گئے، پھر ۳۱۷ھ میں ۲۲ برس کے بعد حجر اسود مکہ میں واپس آیا، انھوں نے اسلام کے دائرہ میں رہ کر جتنا ہیبناک فساد مچایا، ویسا نہ اس سے قبل ہوا تھا نہ بعد میں، انکی غارتوں کا سلسلہ عراق، حجاز، شام اور باب مصر تک پہونچ گیا۔ قرامطہ کا سردار ابو طاہر سلیمان الجنابی ۳۳۲ھ میں قتل کر دیا گیا (ملاحظہ ہو وفیات الاعیان جلد ۱، ص ۷۵، بہ سلسلہ حلاج)

بہت سے صوفیہ کا بھی عقیدہ ہے کہ وصل باری قابل حصول چیز ہے، ان کا بیان ہے کہ انسان عالم ہستی سے فنا ہو جانے کے بعد لازمی طور پر ذات باری میں مل کر ایک ہو جاتا ہے، یہاں تک کہ اس کی طبیعت میں جو الوہی عنصر ہوتا ہے، اب اپنے مبداء سے مل جانے کے لئے آزاد ہو جاتا ہے۔ یہ اصول جو اس طرح بیان کیا جاتا ہے حلاج کی چیز نہیں بلکہ حلاج انہیں تصورات کو رمزی پیرایہ میں اپنے ایک مخصوص رنگ میں پیش کرتا ہے[۵]۔ صوفیہ عموماً اس کفریہ تخیل کی تردید کرتے ہیں کہ الوہی جوہر یا روح انسان کے اندر داخل ہو سکتی ہے لیکن پھر بھی حلول (Transubstantiation) کا عقیدہ ان میں بعض نے اختیار کر لیا، اور چونکہ حلاج کا ایک خاص مربی فارس اس کی تعلیم دیا کرتا تھا اس لئے ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ یہ عقیدہ اس کے کلمہ "انا الحق" سے واضح ہوتا ہے، چوتھی اور پانچویں صدی کے صوفی علمائے اسلام کا یہ عقیدہ نہ تھا ان میں اکثر کا یہ خیال تھا کہ حلاج حقیقی صوفی ہیں، جو اپنے صوفیانہ

---

۵ ملاحظہ ہو میسینان کا مقدمہ کتاب الطواسین (کتاب الطواسین کا ایک قلمی نسخہ تحف برطانیہ میں ہے اصل کتاب کے ساتھ فارسی میں اس کی شرح بھی ہے جو روزبہان کی تراوش قلم کا نتیجہ ہے، کتاب الطواسین حلاج کی تصنیف ہے میسینان نے اس کو ایک مقدمہ کے ساتھ شائع کیا۔)

حال یا سرمستی میں اس مقام تک پہونچ گئے جہاں انھوں نے اپنی ہستی کو ذات باری کے ساتھ متحد پایا، اور ان کی نظر میں کسی بڑے جرم کے مرتکب نہیں ہوئے، بجز اس کے کہ ایک لمحہ کی بے ادبی کا ارتکاب کیا، دوسرے لوگ غیر جانب دار رہے۔ غزالی نے بھی جنھوں نے پہلے یہی رویہ رکھا تھا، آخر میں اعلان کیا کہ "انا الحق" وہ کلمہ ہے جو وحدانیت کے انتہائی درجہ سے تعلق رکھتا ہے، جن لوگوں نے حلاج کو کافر کہا وہ بھی معترف تھے کہ گو انھوں نے مذہبی قانون سے انحراف کیا لیکن اسلام کی باطنی صداقت کے لحاظ سے جھوٹے نہ تھے، ان کی غلطی یہ تھی کہ وہ الوہیت کے اسرار کو منظر عام پر لائے، اور اس لئے قتل کے سزاوار ٹھیرے۔

نکلسن نے جو لکھا ہے اس کی تائید ابن خلکان، شعرانی، قشیری وغیرہ سے بھی ہوجاتی ہے، ابن خلکان کی روایت ہے۔

والناس فی امرہ مختلفون منهم	اور آپ کے متعلق لوگوں کا اختلاف ہے
من بالغ فی تعظیمہ ومنهم من یکفرہ ورأیت	بعض آپ کی تعظیم کرتے ہیں اور بعض
فی کتاب مشکوۃ الانوار تالیف ابی حامد	تکفیر، اور میں نے ابوحامد غزالی کی کتاب مشکوۃ الانوار
الغزالی فصلاً طویلاً فی حالتہ[۵۱]	میں آپ کے حالات کے متعلق لمبی بحث دیکھی

---

۵۱ وفیات الاعیان قلمی نسخہ صفحہ ۵۹

عبدالوہاب بن احمد الشعرانی فرماتے ہیں،

ورجحہ اکثر المشائخ ونفوہ وابوا	اور اکثر مشائخ نے آپ کا رد کیا اور آپ کو
ان یکون لہ قدم فی التصوف	نہیں مانتے، اور اس کا انکار کرتے ہیں کہ
وقبلہ بعضہم منہم ابو العباس	آپ سرو طریقت تھے بعض آپ کو مانتے ہیں
بن عطاء ومحمد بن خفیف وابو	ان میں ابو العباس ابن عطا، محمد بن خفیف
القاسم نصیرا بادی وامنوا علیہ و	اور ابو القاسم نصیر آبادی ہیں اور یہ لوگ آپکے
صحوا احوالہ وحکوا عنہ کلامہ و	معتقد ہیں آپکے احوال کو صحیح جانتے اور
جعلوہ من احد المحققین حتی	آپکے کلام کی روایت کرتے ہیں اور ان لوگوں نے
کان محمد بن خفیف یقول الحسین	آپکو ایک محقق گردانا یہانتک کہ محمد بن خفیف
بن منصور عالم ربانی [1]	کہا کرتے کہ حسین بن منصور "عالم ربانی"

تحریک وحدت فی الکثرت کا آغاز انہیں سے نہیں ہوا، بلکہ یہ چیز بہت دنوں سے سطح کے اندر قوت جمع کر رہی تھی، ان کے الفاظ نے صرف پھٹ پڑنے کا اشارہ کر دیا، کسی نے اظہار کی جرات نہ کی گو کم و بیش شعوری طور پر خیال سب کر رہے تھے، نتیجہ وہی ہوا کہ اظہار کا اثر بہت گہرا ہوا، اور اس کو اذیت و انتقام سے دوچار ہونا پڑا، جس نے اپنی الوہیت کا اعلان کیا متاخرین صوفی مصنفین بالخصوص ایران کے صوفی

[1] لواقح الانوار قلمی نسخہ صفحہ ۱۰۹

شعرا نے حلاج کو ہیرو اور شہید تسلیم کیا۔ جس نے حق کے اعلان کی خاطر جان نچھاور کر دی تاکہ وصل کامل حاصل ہو جائے جو ہستی کے فنا کر دینے کے بعد میسر ہو سکتا ہے۔

حلاج نے اپنے بعد ایک فرقہ چھوڑا جو اسی کے نام کی طرف منسوب ہے یہ فرقہ "حلول" کا قائل تھا اور ان کا شمار تصوف کے منکروں میں تھا

موازنہ حلاج و اقبال

حلاج ایک صوفی سرمست تھے، وہی سرمستی و بے خودی جس نے آگے چل کر ابو سعید ابن ابی الخیر اور بابا طاہر کو قید لباس سے آزاد کر دیا جس نے شمس تبریز اور سید مولہ کی جان لی، اس میں شک نہیں حلاج کے قتل میں سید مولہ اور خواجہ محمود کا وان کی طرح سیاسیات کو بھی دخل ہے، لیکن ان کے کلمات نے مذہبی دنیا میں بھی ایک ہلچل ڈال دی تھی۔ شعرانی نے لکھا ہے کہ حلاج عمرو بن عثمان مکی کی صحبت میں رہے۔ لیکن کلبی اور جامی کی روایت ہے کہ حلاج عمرو بن عثمان کے مرید ہو گئے تھے خود عمرو بن عثمان کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ ان کی باتیں بہت باریک ہوتی تھیں لوگوں نے ان کو کلام کی طرف منسوب کیا اور مکہ سے شہر بدر کر دیا۔[1]

---

[1] نفحات ذکر عمرو بن عثمان مکی۔

حلاج کی شدت احساس عمرو بن عثمان کے تلمذ کا بھی نتیجہ ہے، جامی کا بیان ہے کہ عمرو بن عثمان نے توحید اور صوفیہ کے علم پر ایک مختصر سی کتاب لکھی، حلاج نے پوشیدہ طور پر اُستاد کا کلام لیا اور مخلوق کے سامنے پیش کیا، کلام باریک تھا لوگ منکر ہوئے اور ان سے کنارہ کش ہو گئے، عمرو بن عثمان حلاج سے خفا ہوئے اور بددعا دی۔

حلاج پر جو کچھ گذرا وہ اُستاد کی بددعا کا اثر تھا[1]۔

اب آیئے حلاج کے اقوال پر غور کریں، نکلسن نے فرانسیسی مستشرق میسنیان کے حوالہ سے لکھا ہے کہ "حلول" کا عقیدہ حلاج کے کلمۂ "انا الحق" سے واضح ہوتا ہے، جامی نے بھی لکھا ہے کہ ایک دن حلاج حضرت جنید بغدادی کے دروازہ پر آئے اور کواڑ پیٹا۔ جنید نے پوچھا کون ہے؟ حلاج نے کہا "حق"۔ جنید نے کہا کہ آپ "حق" نہیں ہیں بلکہ حق کے ساتھ ہیں (نہ حقی بلکہ بحقی) اس کے بعد فرمایا ای خشبۃ تفسد ھا (یعنی کون سی لکڑی یا دار ہے جس کو تم سے لوگ چرب کریں گے۔)

شعرانی نے حلاج کے بہت سے اقوال نقل کئے ہیں،

---

[1] نفحات الانس ذکر حسین بن منصور۔

کان یقول من لاحظ الاعمال حجب من المعمول لہ ومن لاحظ المعمول لہ حجب من رویۃ الاعمال

آپ کہا کرتے کہ جس نے اعمال کا لحاظ کیا وہ معمول سے یعنی جس کے لیے عمل کیا (اس سے) نہاں ہوگیا اور جس نے معمول کا لحاظ رکھا یا اس کا نگراں رہا اس سے اعمال پردۂ حجاب میں پڑ گئے۔

وکان یقول لا یجوز لمن یری غیر اللہ او یذکر غیر اللہ ان یقول عرفت اللہ الا حد الذی ظہرت منہ الاحاد[1]

آپ فرماتے کہ جس نے غیر اللہ کو دیکھا یا اس کی یاد کی اس کے لیے جائز نہیں کہ کہے کہ اس کو اللہ کی معرفت حاصل ہے جس سے تمام اکائیاں (موجودات) منظر عام پر آئیں۔

اقبال بھی کہتے ہیں۔

آہ اس راز سے واقف ہے نہ ملا نہ فقیہ — دقت افکار کی بے دقت کردار ہے خام

ابو ذکریا محمد بن محمد تبریزی کی روایت ہے کہ قتل کے سلسلہ میں یہ اشعار حلاج نے کہے۔

اقتلونی یا ثقاتی — ان فی قتلی حیاتی
وحیاتی فی مماتی — ومماتی فی حیاتی

---

[1] لوائح الانوار قلمی نسخہ ٹیپو لائبریری صفحہ ۱۰۹۔

والذی حیّ قدیم	غیر مفقود الصفات
وانا منه رضیع	فی حجور المرضعات

اقبال فرماتے ہیں۔

تری نگاہ میں ثابت نہیں خدا کا وجود	مری نگاہ میں ثابت نہیں وجود ترا
وجود کیا ہے فقط جوہر خودی کی نمود	کر اپنی فکر کہ جوہر ہے بے نمود ترا

اقبال نے یہ اشعار اپنی نظم "افرنگ زدہ" کے سلسلہ میں کہے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ خدا کے وجود سے انسان کا وجود ہے، وجود کیا شے ہے؟ وہ "جوہر خودی" کی نمود ہے، اس لئے جس کے اندر یہ صلاحیت نہیں کہ اپنی ذات سے جوہر ذات (خدا) کا رشتہ سمجھے اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک بے رونق موتی، اس میں شک نہیں منتی کردار کے لحاظ سے اقبال کو علاج سے کوئی نسبت نہیں، یہاں تک کہ دار و رسن تو بڑی چیز ہے، وہ سیاسی دنیا میں جوہر (محمد علی)۔ داس۔ اجمل و نہرو بھی نہ بن سکے، ہم اقبال کو عملی انسان نہیں مانتے صرف ان کے بدیعۂ افکار کی بحث ہے، اور اس اعتبار سے ہندوستان کا کوئی شاعر ان سے آنکھ نہیں ملا سکتا۔ اقبال کی اس شاعری کو تصوف و فلسفہ نے اس بلند مرتبہ تک پہونچایا۔

لہ اے وہ لوگو! جن پر مجھے اعتماد ہے مجھکو قتل کرو، میری موت میں میری زندگی مضمر ہے زندگی ہی میرے لئے موت ہے، اور موت زندگی ہے، اور جو ازل کا زندہ ہے اس کی صفات کبھی گم نہ ہوئیں میں دودھ پلانے والیوں کی آغوش میں ان کا شیر خوار بچہ ہوں۔

اقبال و رومی

محمود شبستری و گرامی

اقبال و رومی

اقبال ۱۹۰۵ء سے ۱۹۰۸ء تک یورپ میں قیام پذیر رہے یہی وہ زمانہ ہے جبکہ ان کی طبیعت نے نوامیس مشرقیہ سے گہرا اثر لیا۔ بانگ درا میں ۱۹۰۸ء کے بعد کا جتنا کلام ہے وہ مغربی شعرا کی تقلید و تتبع کا نتیجہ نہیں بلکہ نتیجہ ہے خود اقبال کی تخلیق شعری کا، یورپ جانے یعنی ۱۹۰۵ء سے قبل اقبال نے انگریز شعرا کی خوشہ چینیاں کیں کوپر، ایمرسن، لانگ فیلو، ٹینیسن وغیرہ سے ان کی بہت سی نظمیں ماخوذ و مستفاد ہیں لیکن یہ تعجب کی بات ہے کہ جب وہ تحصیل علم کے لئے یورپ گئے تو وہاں مشرقی علم نے ان کو زیادہ مسحور کرنا شروع کیا جرمن شاعر گوئٹے اور اطالوی شاعر دانتے کے علاوہ شاید ہی کسی مغربی شاعر سے اثر پذیر ہونے کا نتیجہ کہہ سکیں۔

یورپ کے دوران قیام میں اقبال نے صوفی ادبیات کی اہمیت کا احساس کیا۔ کیمبرج میں ڈاکٹر رینالڈ اے نکلسن سے ان کی علمی صحبتیں رہیں۔ ڈاکٹر نکلسن ایک مشہور مستشرق ہیں آپ صوفی ادبیات کے بڑے ماہر ہیں

اور بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں تصوف کی اہم اور مفید عربی فارسی کتابیں انہوں نے فاضلانہ مقدمات کے ساتھ اڈٹ کر کے شائع کی ہیں۔ ڈاکٹر نکلسن کے فیض صحبت نے اقبال کی عنان توجہ صوفی ادبیات کے مطالعہ بالخصوص رومی کے فلسفہ و تصوف کی طرف موڑ دی ڈاکٹر صاحب ۱۸۹۸ء میں رومی کی غزلوں کا انتخاب مع ایک فاضلانہ مقدمہ کے شائع کر چکے تھے۔

(اسرار و رموز اور مثنوی معنوی)

اقبال جب یورپ سے واپس آگئے تو انہوں نے رومی کا گہرا مطالعہ شروع کیا اور ۱۹۱۴ء میں "اسرار خودی" شایع کی یہ کتاب بالکل مثنوی رومی کے مطالعہ کا نتیجہ ہے ایسا معلوم ہوتا ہے انہوں نے اسکو سامنے رکھ کر پہلے مشق کی اور پھر اس کے بعد اپنے خاص اجتماعی افکار و میلانات کے اندر رومی کے صوفیانہ و اخلاقی پیام کا نقش بھرا۔ اقبال نے اس مثنوی کے پہلے ہی صفحہ میں رومی کی غزل کے یہ اشعار دیئے ہیں۔

دی شیخ با چراغ ہمی گشت گرد شہر — کز دام و دد ملولم و انسانم آرزوست
زیں ہمرہان سست عناصر دلم گرفت — شیر خدا و رستم دستانم آرزوست
گفتم کہ یافت می نشود جستہ ایم ما — گفت آنکہ یافت می نشود آنم آرزوست

ڈاکٹر نکلسن نے دیوان شمس تبریز (کیمبرج اڈیشن) میں یہ غزل

وائنا کے ایک قلمی نسخہ سے نقل کی ہے اقبال نے "دام و دد" لکھا ہے وائنا کے نسخہ میں "دیو و دد" ہے اقبال کی کتاب میں جو آخری شعر ہے اس کے الفاظ بھی وائنا کے نسخہ کے مطابق نہیں، نکلسن یہ شعر دیتے ہیں۔

گفتہ یافت نیست جستہ ایم ما چیزے کہ یافت می نشود آنم آرزوست

معلوم ہوتا ہے دیوان شمس تبریز کے لکھنؤ اڈیشن سے اقبال نے یہ اشعار دیئے ہیں دیوان کا یہ لکھنؤ اڈیشن اس قدر اغلاط و اسقام سے بھرا ہوا ہے کہ ایک غزل بھی قطعی طور پر صحیح نہیں اور اکثر غزلوں کے تقریباً کل اشعار محرف ہیں۔

اقبال نے رومی کی غزل کے یہ اشعار دیکر لطیف اشعارہ کیا تھا کہ ان کی اس کتاب کی بنیاد ہی رومی کے فلسفۂ جائیت پر قایم ہے لیکن اس کے بعد انہوں نے اس کو مثنوی کی تمہید میں واضح بھی کر دیا یہ چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

باز برخوانم ز فیض پیر روم — دفتر سربستہ اسرار علوم
جان او از شعلہ ہا سرمایہ دار — من فروغ یک نفس مثل شرار
شمع سوزاں تاخت بر پروانہ ام — بادہ شبخوں ریخت بر پیمانہ ام
پیر رومی خاک را اکسیر کرد — از غبارم جلوہ ہا تعمیر کرد[۵۱]

اس کے بعد اقبال فرماتے ہیں کہ "میں موج ہوں اور رومی کے دریائے علم میں میری منزل ہے مقصود یہ کہ میں اس دریا کی گہرائیوں سے "دوتا بندہ" حاصل کروں" اقبال نے اعتراف کیا ہے کہ وہ ایک رات اپنے غمناک لمحوں میں بیتابانہ کروٹیں بدلتے سو گئے خواب میں رومی آئے اور تلقین کی کہ "اے عاشقوں کے دیوانے! خود اپنی اندر عشق کی بجلی پیدا کر، جگر میں قیامت کی سی ہلچل مچا، سر میں سودا پیدا کر اور آنکھ میں نشتر چبھو، ہنسی ہنسی میں اپنی آہ و نالہ کی داستان کہہ گزر، اور اشک و خونیں کے لئے جگر کو پرکالہ بنا غنچہ کی طرح کب تک چپ رہے گا اٹھ پھولوں کی طرح نکہت بیزیاں کر" الغرض اقبال نے رومی کے اس فرمان کی تعمیل کی اور ہمیں "اسرار خودی" دے گئے، فرماتے ہیں۔

ذرہ کشت و آفتاب انبار کرد خرمن از صد رومی و عطار کرد

اس میں شک نہیں مثنوی کو سامنے رکھ کر اقبال نے مشق کی، اور پھر اسی کو پیش نظر رکھ کر انہوں نے "اسرار خودی" کی ترتیب دی، البتہ نہ تو زبان کے اعتبار سے اور نہ فلسفیانہ موشگافیوں کے لحاظ سے وہ رومی کو پہونچ سکے پھر بھی "اسرار خودی" لکھ کر وہ ہندوستان کے مسلمانوں میں زندگی کی ایک لہر پیدا کر گئے، رومی کی مثنوی اور دیوان دونوں میں فلسفہ آمیز تصوف کے اتنے لطیف نکات و رموز ہیں کہ ان کو فارسی میں

ادا کرنے پر غالباً اقبال قادر نہ تھے، انہوں نے ہلکی پھلکی زبان میں اپنے افکار کی ترجمانی کی اور خود اقبال اپنی اس کمزوری سے واقف تھے۔ فرماتے ہیں۔

خردہ برگیر اے ہوشمند دل بہ ذوق خردۂ مینا بہ بند[۵۱]

اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ رومی کی مثنوی صوفی ادبیات میں ایک بے مثل چیز ہے اور "اسرار خودی" اس سے مستفاد و ماخوذ ہے لیکن ایک بہت بڑا بنیادی فرق یہ ہے کہ اقبال نے رومی کا تتبع کرنے کے باوجود اپنا ایک جداگانہ نصب العین پیش کیا ہے جو رومی کے پیش نظر نہ تھا رومی نے فرد کو سامنے رکھ کر فلسفہ آمیز صوفیانہ انداز میں اخلاق کا پیام دیا ہے اس کے برعکس اقبال کے پیش نظر اجتماعی تصورات تھے انہوں نے ملت اور جمہور کو خطاب کیا ہے اجتماعی حیثیت سے قوم کی زندگی اور انحطاط پر نگاہ ڈالی ہے۔ اقبال نے اس مرض کے ازالہ کی تجویزیں بھی پیش کی ہیں۔

"اسرار و رموز" اور مثنوی رومی کے تقابلی مطالعہ کے بعد ہم یہ نتائج اخذ کرتے ہیں۔

رومی نے اپنی مثنوی میں کہانیاں، قصے اور تاریخی روائتیں لکھی ہیں

---

[۵۱] مثنوی اسرار و رموز ص ۱۱۔

اوران سے اہم اخلاقی و فلسفیانہ نتائج نکالے ہیں انہوں نے صوفیہ، حکما، انبیا اور سلاطین کے واقعات درج کئے ہیں۔ جانوروں، شیر، بھیڑیا، لومڑی، خچر، اونٹ، باز، کوا، ہدہد، طوطی اور الو کی کہانیاں نقل کی ہیں اور ان سے اخلاق، تصوف اور فلسفہ کے مسائل حل کئے ہیں لیکن ہر جگہ ان کے سامنے فرد کی شخصیت رہتی ہے اقبال نے بھی اسرار و رموز میں یہی اسلوب اختیار کیا ہے رومی نے احمد حضرویہ، ذوالنون مصری کے روحانی و اخلاقی مراتب پیش کئے تھے تو اقبال نے ہندوستانی بزرگوں" شیخ علی ہجویریؒ اور بو علی قلندرؒ کے واقعات پیش کئے ہیں رومی کے قصوں میں دجلہ بخارا آتا ہے اور اقبال اپنی مثنوی میں گنگا و ہمالہ لاتے ہیں۔

رومی کے یہاں رجائیت و جہد کا پیام ملتا ہے اور اقبال بھی یاس، حزن اور خوف سے باز رہنے کی تلقین کرتے ہیں، فرق صرف یہ ہے کہ رومی نے فرد کے روحانی اور اخلاقی تزکیہ کو پیش نظر رکھا ہے اور اقبال کی مثنوی کا کوئی قصہ اجتماعی تصور اور جمہوری لطائف سے خالی نہیں۔

اقبال نے بھی رومی کی طرح اسرار و رموز میں تاریخ، قرآن و حدیث سے تلمیحیں پیش کی ہیں، توحید، رسالت اور تعلیم قرآن پر اساس دین کی حیثیت سے روشنی ڈالی ہے اقبال نے اس کے ساتھ اپنے مقامی روایات اور وطنی محاسن و خصائص کو بھی ہاتھ سے جانے نہ دیا سلطان مراد اور معمار حضرت علی ہجویریؒ اور بو علی قلندرؒ کے قصوں میں یہی روح وطنی کارفرما تھی،

زبورِ عجم، و دیوانِ شمس تبریز

مثنوی کے علاوہ اقبال نے رومی کے رنگ غزل پر بھی ایک کتاب ۱۹۲۷ء میں شایع کی یہ مشہور کتاب "زبورِ عجم" ہے اقبال نے رومی کے "دیوانِ شمس تبریز" کا گویا جواب لکھا ہے اس میں اقبال کی چھوٹی بڑی فارسی غزلیں ہیں اقبال کو یہ کتاب اپنی تمام کتابوں میں سب سے زیادہ پسند تھی اور بہت سے لوگ اس کو ڈاکٹر اقبال کی کتابوں میں سب سے اچھا سمجھتے ہیں[۵۱]۔

"زبورِ عجم" کے نام پر بھی اعتراض ہے اقبال کے شایانِ شان نہ تھا کہ کتابِ الٰہی کے مقابلہ میں اپنی کتاب کا نام "زبور" رکھ دیں مثنوی کو "قرآن در زبانِ پہلوی" کہا گیا ہے لیکن اس میں اور "زبورِ عجم" کے نام میں آسمان زمین کا فرق ہے خواجہ حسن نظامی نے بھی اسی طرح کی نازو اجارت کرکے اپنی کتاب کا نام "اردو قرآن" رکھ دیا خواجہ صاحب کا یوں بھی ڈاکٹر اقبال سے تقابل نہیں پھر بھی اردو قرآن کی توجیہہ ہے کیونکہ اس میں بھی قرآن ہی سے بحث کی گئی ہے اور اس کی تفسیر و ترجمہ ہے اس کے برعکس "زبورِ عجم" میں "زبور" (کتابِ الٰہی) کے ایک لفظ سے بھی بحث نہیں اور اس کا نام "زبورِ عجم" رکھ دیا گیا یہ کتاب اللہ کے ساتھ ایک نوع کی بے ادبی ہے لیکن زبورِ عجم میں

---

[۵۱] حیاتِ اقبال تاج کمپنی ص ۹۰، ۹۸،

انہوں نے "اسرار و رموز" کی طرح رومی سے استفاضہ کا اعتراف نہیں کیا ہے رومی کا دیوان غزلیات جو "دیوان شمس تبریز" کے نام سے موسوم ہے صوفیانہ معارف اور فلسفیانہ نکات سے بھرا ہوا ہے فلسفۂ اشراقی کی بعض اصولی بحثیں کرتے ہوئے نکلسن لکھتا ہے کہ "اس میں کوئی ایسی چیز باقی نہیں رہ جاتی جس کو رومی نے اپنے صوفیانہ انداز میں مثنوی اور دیوان کے پڑھنے والوں کے سامنے پیش نہ کر دیا ہو" اقبال کی زبور عجم کا بھی یہی حال ہے کہنے کو تو یہ غزلوں کا مجموعہ ہے لیکن اس میں بھی رومی کی طرح اقبال نے عارفانہ و فلسفیانہ نکتہ سنجیاں کی ہیں نکلسن کہتا ہے کہ "رومی کی غزلوں میں تصورات کی یکسانیت پائی جاتی ہے اور ایسا ہونا ناگزیر تھا صوفی کے نزدیک سارا ظاہری فرق ثبوت و مظاہرہ ہے ایک باطنی وحدت کا" اقبال کی زبور عجم میں بھی جو غزلیں پائی جاتی ہیں ان میں بھی وہی یکسانیت اور عدم تنوع ہے وہ دوسرے غزل گو شعرا کی طرح کیف و سرور یا سوز و الم کے متنوع مظاہرے نہیں کرتے اور نہ جذبات کی مختلف حالتوں میں انہوں نے محض خیالی طور پر جذبات نگاری کی ہے بلکہ رومی ہی کی طرح وہ اپنی غزلوں میں بھی ایک پیام دیتے ہیں فلسفۂ خودی، اجتماعی ترقی، جمہوری اخلاق، تنظیم ملت، اتحاد قومی جیسے موضوع سے غزلوں میں انہوں نے بحث کی ہے لیکن انداز بیان اس قدر

دلکش، اور اشارات ایسے لطیف ہیں کہ یہ مباحث غزل کی نزاکت پر گراں بھی نہیں معلوم ہوتے۔

نکلسن رومی کی مثنوی اور دیوان پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ "فلسفۂ تصوف رومی کے روحانی فیضان کا سرچشمہ ہے اسی سرچشمہ کی مثنوی اور دیوان مختلف راہوں سے بہ نکلے، ایک تو اس عظیم الشان عمیق، اور خاموش دریا کی طرح ہے جو زرخیز اور گوناگوں وادیوں سے بل کھاتا ہوا نا پیدا کنار سمت رہیں مل گیا ہے دوسرا ایک کف آلود دھارے کی طرح ہے جو کہسار کی اثیری خلوت میں رواں دواں ہے" اقبال کی زبور عجم بھی دیوان رومی کی طرح ہمیں "کہسار کی ایک اثیری خلوت" کی یاد دلاتی ہے رومی کی شدت احساس اور زخمۂ درد دیوان شمس تبریز کی ہر ہر غزل میں کارفرما ہے اقبال بھی 'زبور عجم' میں ایک ولولہ انگیز اور متغیر دل زندگی کی لہر پیش کرتے ہیں لیٹس اور شیلے جیسے جوانا مرگ اگر ہمیں نوجوانی میں ایسی ایسی پرجوش اور حد درجہ جذباتی غزلیں دے گئے تو کوئی تعجب کی بات نہیں کہ ان کے اعصاب میں حیات نو، اور ریحان شباب کی ہنگامہ زائیاں تھیں اقبال نے جس منزل پر پہونچ کر "زبور عجم" لکھی وہاں زندگی سوچ بچار کی چیز بن گئی تھی، اقبال نے جذبات و افکار کو اس طرح ممزوج کیا ہے کہ ان کی یہ فارسی غزلیں بہ یک وقت

دل کو بھی اپنے بس میں کر لیتی ہیں اور دماغ پر بھی چھا جاتی ہیں۔ صنعتوں کے ساتھ لازمی تخلیقی آرٹ کا نتیجہ تھا۔ عالیہ کو

اقبال کی غزلیات کے یہ چند اشعار ملاحظہ ہوں

بہ خود نگر! گلہائے جہاں چہ می گوئی — اگر نگاہ تو دیگر شود جہاں دیگر است ق

عاشق آں است کہ تعمیر کند عالم خویش — در نسازد بہ جہانے کہ کرانے دارد ق

بہ ہر نرخے کہ ایں کالا بگیری سود منداقتد — بہ زور بازوئے حیدر رہ ادراک رازی را

شے کو از تب و تاب تمنا آشنا کردد — ز ندبر شعلۂ خود در اصورت پروانہ بے درپے

ز اشک صبحگاہی زندگی را برگ و ساز آور — شود کشت تو ویراں تا نہ ریزی دانہ بے درپے

بگیر ایں جام و از ہنگامہ کمتر گوئے — ہزاراں کارواں بگذشت ازیں ویرانہ بے درپے

زندگی انجمن آرا نو گہار خود است — اے کہ در قافلہ بے ہمہ شو با ہمہ رو

تو ای شاہیں نشیمن در چمن نر دی ازاں ترسم — ہوائے اوبال تو دارد پرواز کوتاہے

غبارے گشتہ و آسودہ تواں نشستن اینجا — بہ باد صبحدم در پیچ و بنشیں بر سر راہے

ز جوئے کہکشاں بگذر ز نیل آسماں بگذر — ز منزل دل بہ دگر چہ باشد منزل ماہے

اگر زاں برق بے پروا دروں او تہی گردد — بہ چشم کوہ سینائی نیرزد با پرکاہے

خود را نگہ بسجدہ دیر و حرم نماندہ — ایں در عرب نماندہ آں در عجم نماندہ
در برگ لالہ و گل آں رنگ و نم نماندہ — در لالہ ہائے مرغاں آں زیر و بم نماندہ
در کارگاہ گیتی نقش نوے نہ بینم — شاید کہ نقش دیگر اندر عدم نماندہ
سیماب پائے گردوں بے ذوق انقلابے — شاید کہ روز و شب را توفیق رم نماندہ
بے منزل آرمیدند یا از طلب کشیدند — شاید کہ خاکیاں را در سینہ دم نماندہ
یا در بیاض امکاں یک برگ سادہ نیست — یا خامۂ قضا را اتاب رقم نماندہ

ان اشعار میں اقبال نے جو پیام دیا ہے اس کا ملخص یہ ہے
انسان کو اپنی ہستی کا مطالعہ کرنا چاہئے، اپنے بازو سے کام لینا چاہئے دوسروں کا گلہ کیسا؟ اگر ہماری نگاہ خود بدل جائے تو ساری دنیا خود بخود بدل جائیگی عاشق کی شان یہ ہے کہ اپنی دنیا آپ تعمیر کرے اس کو اس عالم سے کیا سروکار جس کا انتہا نظر آئے، زور بازو سے حیدر کے ساتھ اگر رازی کے علوم و معارف دستیاب ہو جائیں تو کسی قیمت پر بھی یہ سودا گراں نہیں وہ دل جس میں تمناؤں کی سرشاریاں رہتی ہیں پروانوں کی مثل شعلہ زار پر قربان ہوتا ہے اور ہیم نثار ہوتا ہے صبح کے آنسوؤں سے نخل زندگی کو سینچ، وہ زمین بنجر ہو جاتی ہے جس میں نغمہ فشانیاں نہیں ہوتیں، دور شراب، مستانہ عمل، چلا، مغرب اور اس کی ہوس استعمار کا گلہ کیسا اگر سرہ کی کہانیاں تجھے یاد نہیں فیاصرہ کی حکومت و طنطنہ کا نقشہ تو بھول گیا، قومیں بنتی ہیں اور پھر بگڑ بھی جاتی ہیں یہی دنیا کا کارخانہ ہے

زندگی کے لیے اجتماعی تصورات خودی کی خصوصیتوں کے ساتھ لازمی ہیں جمہور کے ساتھ مل جل کر بسر کر مگر اپنی ذات اور اس کے عواطف عالیہ کو بھی ہاتھ سے نہ جانے دے،

عافیت کوشی اور چمن سامانی انسان کے اعضا میں سستی اور دل و جگر میں جمود پیدا کر دیتی ہے اس شاہین (عقاب) کے مثل جو گلشن میں اپنا آشیانہ بنالے اور آسمان کی رفعتوں کو چھوڑ کر زمین کی پستیوں پر قناعت کرلے چونکہ اس طور سے اس کے بال و پر میں بلند پروازیوں کی سکت بھی باقی نہیں رہتی۔

اے قوم! تو بہار چمن گل بلبل سر راہ بیٹھ کر پامال نہ ہو بلکہ باد صبح کے ساتھ مل کر کشاکش حیات میں حصہ لے زندگی تغیر ہے ایک مستقل ہنگامہ عمل سے زور بازو صرف کرکے قومی مسابقت میں آگے بڑھتے جانے سے نہر کہکشاں سے بھی پرے چل نیل آسمان سے بھی بلند ہو جا، منزل کا تصور نہ کر منزل کو نقش باطل سمجھ، کیونکہ کارزار حیات میں اس سے دل بیٹھ جاتا ہے بہت پست ہو جاتی ہے انسان کو چاہیے حقیقت کی تلاش کرے طور کی دقوت محض برق تجلی سے ہے، اگر اس کا دامن اس تجلی زار سے محروم ہے تو پھر اس کی قیمت پرکاہ سے بھی کم ہے۔

میں اپنی ہی ہستی کے سامنے جبہ سائی کرتا ہوں کیونکہ نہ ایران میں آتش کدہ کی شعلہ زاریاں باقی ہیں نہ عرب میں حرم کی رونق باریاں، نہ تو دشت لالہ میں خلش داغ نظر آتی ہے نہ گل کی پنکھڑیوں میں رنگ و نور باقی ہے طیور کی ترنم ریزیوں

میں بھی وہ اگلی سی موسیقیت کا پتہ نہیں، سارا زمانہ نقش فرسودہ سے ایک بے کیف منظر پیش کر رہا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کائنات کی تزئین و تجمیل کے لئے قدرت کے پاس اب کوئی "نقش نو" باقی نہیں رہا آسمان پرستارے مدہم نظر آتے ہیں ہر چیز ساکن و جامد نظر آتی ہے نہ دن کے اندر طاقت رفتار باقی ہے نہ شب کے اندر یا رائے رم، اہل دنیا کا کیا حال ہے؟ وہاں ٹھہر گئے جہاں ان کی منزل نہیں کیا سینہ میں ان کے دم نہیں رہا کیا قدرت کے خامہ میں رقم کی طاقت نہیں یا "امکان تخلیق" کی حد و ختم ہو گئیں،

یہی وہ پیام ہے جو زبور عجم، میں اقبال نے دیا ہے وہ ہمارے اندر زندگی کی گرمیاں پیدا کرنا چاہتے ہیں، ترقی کی راہ پر لگانے کے لئے بے چین نظر آتے ہیں، جمود و تعطل سے ان کو نفرت ہے، ترقی کے کسی زینہ پر مطمئن ہو کر بیٹھنا نہیں چاہتے بلکہ ان کی پرواز خیال ان کو عالم بالا کے حدود سے بھی پرے اڑا کر لے جانا چاہتی ہے وہ یورپ کی ستم رانیوں کی گلہ پردازیاں کرنا نہیں چاہتے بلکہ قوم کے اندر عمل کی سرشاریاں پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ آخر میں ان کو قوم کی کائنات کے اندر ایک بے کیف نظر آئی، اضمحلال پا کر وہ بڑے خروش و درد کے ساتھ اپنی انانیت کے جوہر دکھاتے ہیں، اور ہمیں غیرت اور خودداری احساس ذات اور خود شناسی کی ترغیب دیتے ہیں۔

رموز نے بھی حرکت و عمل، خودی اور احساس ہستی کا یہ پیام دیا ہے

آپ کی مشہور غزل ہے[۵]

درخت اگر متحرک بدے بہ پا و بپر — نہ رنج آرہ کشیدے نہ زخمہائے تبر
در آفتاب نہ رفتے بہ پرو پا ہرشب — جہاں چگونہ منور شدے بگاہ سحر
در آب تلخ نہ رفتے ز بحر سوئے افق — کجا حیات گلستاں شدے بسیل و مطر
چو قطرہ از وطن خویش رفت و باز آمد — مصادف صدفے گشت و شد یکے گوہر
نہ یوسفے بہ سفر رفت از پدر گریاں — نہ در سفر بہ سعادت رسید ز ملک و ظفر
نہ مصطفیٰ بہ سفر رفت جانب یثرب — بباخت سلطنت و گشت شاہ صد کشور
وگر تو پائے نہ داری سفر گزیں ز خویش — چو کان لعل پذیرا شو از شعاع اثر
ز خویشتن سفرے کن بہ خویش اے خواجہ — کہ از چنیں سفرے گشت خاک معدن زر
ز تلخی و ترشی رو بہ سوئے شیرینی — چنانک رست ز تلخی ہزار گونہ ثمر

رومی فرماتے ہیں۔

درخت میں اگر حرکت ہوتی تو نہ وہ آرہ کی مصیبت جھیلتا نہ کلہاڑی سے مجروح ہوتا۔ اگر آفتاب رات بھر چلتا نہ رہتا تو صبح کے وقت دنیا روشن کیسے ہوتی، اگر سمندر کا کھاری پانی آسمان کی طرف نہ جاتا تو سیلاب اور بارش کے ذریعہ زراعت و گلستاں کی زندگی کیونکر باقی رہتی، جب پانی کا ایک قطرہ اپنے وطن سے گیا اور واپس آیا تو سیپ میں ایک گوہر آبدار پیدا ہوا یوسفؑ نے باپ سے روتے

۵ دیوان شمس تبریز (کیمبرج ایڈیشن) ص ۱۱۰ - ۱۰۹

ہوئے سفر کیا تو حکومت پائی حضرت مصطفیٰؐ نے مکہ سے ہجرت کی تو ہفت اقلیم کے شہنشاہ ہوئے، اگر تیرے پاس پیر نہیں تو تو اپنی ہی ذات میں سفر کر اپنی ہستی میں ڈوب جا لعل کی کان کے مثل آفتاب کی شعاع سے اتر لے اے خواجہ! اپنی ذات سے اپنی ذات کی طرف سفر کر کیونکہ اسی سفر سے مٹی سونے کی کان بن جاتی ہے کڑواہٹ اور تلخی سے مٹھاس کی طرف جا... کیونکہ ہزاروں پھل تلخ سے شیریں بن گئے۔

اقبال یہ شعر کہہ کر رومی سے کس قدر قریب نظر آتے ہیں

از من بروں نیست منزل گہ من — من بے نصیبم رہے نیابم

رومی کے اس پیام میں بھی وہی تصور ہے جو اقبال پیش کرتے ہیں۔

ز خویشتن سفرے کن بہ خویش اے خواجہ — کہ از چنیں سفرے گشت خاک معدن زر

اسی طرح رومی کے یہ اشعار پڑھیے

نہ ہفت آسماں کاں ز عرش است زیر — ازاں سوئے عرش است جولان ما

چہ جائے ہوا ہائے عرش و فلک — بہ گلزار وصل است سیران ما

ازیں داستان بگذر از ما مپرس — کہ در ہم شکست است دستان ما

رومی کے یہ تصورات ہمیں ڈاکٹر نکلسن کے قول کے مطابق فلسفۂ اشراقی کے "وصل کامل" کی طرف متوجہ کرتے ہیں جس کی فلاطینوس نے وضاحت کی ہے یہاں رومی اور فلاطینوس کے تصورات آکر مل جاتے ہیں

یہی وجہ ہے کہ نکلسن کہتا ہے "یہ رائے زنی کی جا چکی ہے کہ جلال الدین (رومی) اپنے موضوع پر اخلاقی حیثیت سے روشنی ڈالتے ہیں اور گو ان کو دعویٰ نہیں کہ وہ منطقیانہ اور مربوط وضاحت کرتے ہیں وہ اپنی مابعد الطبیعیاتی اڑان میں اس قدر خیال پسند نہیں اور پر کہا یہ ہیں کہ یونانی اور عربی فلسفہ سے ان کی واقفیت کی گہرائی کا صحیح اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔"

اب اقبال کا یہ شعر پڑھئے۔

زجا بلکستاں بگذر زنیل آسمان بگذر ۔۔۔ زمنزل دل بمیر دگر چہ باشی منزل ما ہے

رومی اور اقبال اس "وصل کامل" کے تصور میں کس قدر ہم آہنگ ہیں!

اقبال اور محمود شبستری

اقبال نے صوفی ادب کی تحقیق و مطالعہ کے سلسلہ میں رومی کے علاوہ بعض دوسرے عارفوں سے بھی درس و پیام حاصل کیا ہے چنانچہ زبور عجم کے آخر میں انہوں نے "گلشن راز" محمود شبستری کے جواب میں "گلشن راز جدید" کے نام سے ایک مختصر مثنوی لکھی اور جس طرح رومی نے حکیم سنائی کے چند اشعار کا عنوان قایم کر کے مثنوی میں ان کی شرح و تفصیل لکھی ہے اسی طرح اقبال نے بھی محمود شبستری کی "گلشن راز" کے بعض اشعار کے عنوان سے سوالات قایم کئے ہیں اور ان کا جواب بھی

دیا ہے۔ اس مثنوی کے ابتدائی اشعار یہ ہیں۔

زجان خاور آں سوز کہن رفت — دمش واماند و جاں از تن رفت
چو تصویرے کہ بے تار نفس زیست — نمی داند کہ ذوق زندگی چیست
دلش از مدعا بیگانہ گردید — نے او از نوا بیگانہ گردید
بہ طرز دیگر از مقصود گفتم — جواب "نامہ محمود" گفتم
زعہد شیخ تا ایں روزگارے — نہ زد مردے بجان ما شرارے
کفن در بر بہ خاکے آرمیدیم — ولے یک فتنۂ محشر نہ دیدیم
گذشت از پیش آں دانائے تبریز — قیامت ہا کہ رست از کشت چنگیز
نگاہے انقلابے دیگرے دید — طلوع آفتاب دیگرے دید

اقبال کہتے ہیں کہ "مشرق کی زندگی میں سوز باقی نہ رہا تھا" اس کی سانس اکھڑ چکی تھی اس کی حالت ایک بے جان تصویر کی سی ہو چکی تھی اس کے قالب میں نہ تو زندگی کی گرمیاں باقی تھیں نہ اس کے پیش نظر کوئی مقصد حیات تھا۔ اس کی مثال ایسی تھی جیسے ایک بانسری جس سے کوئی نوا پیدا نہ ہو سکے، مشرق اس منزل میں تھا کہ میں نے شیخ محمود شبستری کی گلشن راز کا جدید انداز سے جواب لکھا۔ شیخ کے زمانے سے اس عہد تک کسی نے میری روح میں ایسی بے تابی نہیں پیدا کی تھی۔ مشرق والے گویا کفن پہن کر قبر میں سو چکے تھے، اور ابھی تک ہم نے

قیامت کا کوئی سماں نہیں دیکھا تھا اس قیامت کا جو چنگیز کی ہلاکت آفرینیوں نے اس تبریزی حکیم (شیخ محمود) کے سامنے کھینچ دیا تھا۔ لیکن میری نگاہ نے ایک دوسرا انقلاب دیکھا اور وہ دوسرا آفتاب نکلتے پایا" اس کے بعد اقبال فرماتے ہیں کہ "میری شاعری میں عام شعرا کی طرح نہ تو دل زار اور غم یار کی کہانیاں ہیں نہ ہجر و فراق کی افسانہ ترانیاں، بلکہ میں جبریل کی طرح پیام حق کا امین ہوں، میں فقیر ہوں لیکن شان کلیمی کے ساتھ میں گلیم پوش ہوں لیکن جلالت سلطانی رکھتے ہوئے، میں غبار ہوں لیکن صحرا کی وسعتوں میں سمو یا نہیں جا سکتا، پانی ہوں لیکن سمندر کی بیکرانیاں مجھے اپنی آغوش میں نہیں لے سکتیں شیشہ کی طرح نزاکت بدوش ہوں، لیکن پتھر کا کلیجہ بھی مجھ سے ٹکر لینے سے کانپ اٹھتا ہے میرے بحر تصور کی فراخ دامانی میں ساحل کا گزر نہیں اس لئے بعد فرماتے ہیں۔

به جانم رزم مرگ و زندگانی است نگاهم بر حیات جاودانی است

ز جان خاک ترا بیگانه دیدم به اندام تو جان خود ندیدم [۱]

یہی "حیات جاودانی" تھی یہی وہ "تغافل جذبات" تھے، جس کا پیام اقبال نے

---

[۱] محمود شبستری کی "گلشن راز" بقول ڈاکٹر نکلسن صوفیانہ تعلیمات کی منظوم شرح ہے اور اس کا مطالعہ ہر شخص کے لئے لازمی ہے جو اس موضوع سے دلچسپی رکھتا ہو۔ ای۔ ایچ۔ وھنفیلڈ نے اصل کتاب اور اس کا انگریزی ترجمہ مع مقدمہ و شرح ۱۸۸۰ء میں شایع کیا ("صوفیائے اسلام" مصنفہ نکلسن ص ۱۷۱)

گرامی و اقبال

مولینا شیخ غلام قادر گرامی ہوشیار پور (پنجاب) کے رہنے والے تھے، کچھ دنوں اسلامیہ اسکول امرتسر میں فارسی کے معلم رہے اس کے بعد حیدرآباد چلے گئے اور وہاں حکومت کے زیر سایہ بسر کیا۔[۵۱] اقبال اور گرامی کے گھریلو دوستانہ تعلقات تھے، لاہور میں مولینا گرامی آتے تو اقبال ہی کے یہاں ٹھیرتے بعض تذکرہ نگاروں کا خیال ہے کہ گرامی کی شاعری پر آخر زمانہ میں اقبال کا اثر پڑا ہے[۵۲] لیکن میرے خیال میں یہ صحیح نہیں۔

گرامی کا دیوان میرے پیش نظر ہے اس میں شک نہیں، گرامی اقبال کی شاعری اور افکار کو بڑی عظمت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور انھوں نے دیوان میں مختلف اشعار میں اس کا تذکرہ کیا ہے ایک مستقل نظم بھی انھوں نے اقبال پر کہی ہے انجمن حمایت اسلام لاہور میں انہوں نے ایک نظم پڑھی اس میں فرماتے ہیں۔

حکمت آموز حال و استقبال — وہ چہ علامہ ایست سر اقبال
می دہد بوے حال را دقال — گوئٹے راجواب سر اقبال[۵۳]

اسی طرح ایک غزل میں فرماتے ہیں۔

---

۵۱ کلیات گرامی ص ۵ ۵۲ حیات اقبال ص

جام جم گیر کہ در میکدہ خوش گفت اقبال　　قسمت بادہ بہ اندازۂ جام است اینجا

"سر اقبال گرامی کی نظر میں" کے عنوان سے گرامی نے اقبال کے محاسن افکار کے متعلق ایک نظم لکھی فرماتے ہیں

حضرت اقبال آں بالغ نظر　　دارد از بود نبود ما خبر
ما بہ ذوق سوختن کم ساختیم　　بیخودی را از خودی نشناختیم
آن نوا پرداز اسرار ازل　　شہسوار عرصۂ علم و عمل
بیخودی را در خودی منزل شناس　　در غبار کاروان منزل شناس
از نوا بیش بزم یورپ در خروش　　حکمت امریکہ اورا سفتہ گوش[۵۱]

گرامی کے ان اشعار سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اقبال کی شخصیت اور افکار کو کس عظمت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے عرفی کی مشہور غزل:۔

برو از زمزمۂ سوز کہ اے شیخ حرم　　طفل را شیوۂ بازیچہ حرم است اینجا

اقبال اور گرامی دونوں نے اس پر طبع آزمائیاں کی ہیں گرامی نے اقبال کے ایک مصرعہ کی تضمین بھی کی ہے لیکن سارے دیوان گرامی کا بہ امعان نظر مطالعہ کرنے کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ اقبال کی فکر و نوا سے گرامی اثر پذیر نہ ہوئے۔

گرامی فارسی زبان کے شاعر تھے، ان کے یہاں جدید اجتماعی تصورات

---

[۵۱] دیوان گرامی ص ۱۵۷

کا مطلق پتہ نہیں اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ گرامی کو اقبال کی ہوا بھی نہ لگی تھی، بلکہ اس کے برعکس گرامی کے اثرات حکیم فیروز الدین طغرائی اور ڈاکٹر اقبال وغیرہ پر پڑے۔

مولینا گرامی کے دیوان میں ایران کے ان شعرائے متاخرین کی غزلوں پر جو وارد ہندوستان ہوئے غزلیں پائی جاتی ہیں بعض مقطوعات ملاحظہ ہوں،

ہاں گرامی نہ پرندہ باخبر است　　گر نظیری غلط کند آہنگ
از یک خم و یک قدح مئے ناب　　خورد ند گرامی و نظیری

بصورت جانشیں عرفیم در معنیم عرفی　　کہ گردد مستقل قایم مقام آہستہ آہستہ

گرامی زبان ظہوری نداشت　　خبر ساز خود بے خبر ساختیم

خواجہ حافظ کی مشہور غزل ہے۔

غلام نرگس مست تو تاجدار انند　　خراب بادۂ لعل تو ہوشیار انند

اس پر بھی گرامی نے غزل کہی گو اس میں حافظ کا نام نہیں لائے لیکن حافظ کی غزل سامنے رکھئے اور گرامی کی غزل "اسیر گوشۂ چشم تو شہسوار انند" پڑھئے

صاف معلوم ہو جائے گا کہ گرامی نے حافظ کے تتبع میں یہ غزل کہی ہے۔
گرامی کی فارسی دانی، فقر و مستی، اور مثنوی رومی کی ایک ناکام تقلید نے اقبال پر البتہ گہرا اثر ڈالا،

اگلے سطور سے پتہ چلا ہوگا کہ پنجاب خصوصاً لاہور فارسی ادب کا گہوارہ رہ چکا ہے اور یہاں شعر و موسیقی کی ایسی ایسی محفلیں قایم ہو چکی ہیں جو اصفہان و شیراز کے لیے بھی باعث رشک تھیں۔ فارسی کا یہی رچا ہوا مذاق تھا جو اقبال کے زمانہ تک باقی رہا مولینا گرامی، حکیم طغرائی اقبال کے معاصرین میں سے تھے، ان کے فارسی دواوین چھپ کر شائع ہو چکے ہیں اقبال ایک طرف مستشرقین یورپ کی تحریک و اثر سے اگر فارسی شاعری اور رومی کی طرف متوجہ ہوئے تو دوسری طرف مولینا گرامی کی صحبتوں کا بھی یہ فیض تھا۔ گرامی مرحوم کو بزرگان دین سے بڑی عقیدت تھی، انہوں نے بہت سے اولیاء عظام کے مناقب میں اشعار کہے ہیں رومی کی مثنوی معنوی کے تتبع میں بھی انہوں نے ایک مختصر مثنوی کہی ہے۔ گرامی کے ان افکار و رجحانات نے اقبال پر گہرا اثر کیا، اور غالباً منجملہ اور محرکات کے مولینا گرامی کی ایک ناکام سعی سے بھی اثر پذیر ہو کر اقبال نے مثنوی معنوی، کے تتبع میں "اسرار خودی" لکھنا شروع کی، اور رومی کے اس تتبع میں وہ کامیاب بھی

ہو گئے۔

لاہور اسکول

اقبال، جوش اور احسان کا تقابلی مطالعہ

لاہور اسکول کی تخلیق و ترقی

اقبال، جوش اور احسان کا تقابلی مطالعہ

فروری ۱۹۳۳ء میں "انجمن بہار ادب لکھنؤ" کا جلسہ ہوا، مناظرہ کے دن ایک منحنی سا بوڑھا آدمی جس کا سارا جسم سیماب کی طرح مرتعش تھا، اعصاب کی کمزوریوں مگر شعر و ادب کی تمام رنگین اداؤں کے ساتھ اسٹیج پر آیا، یہ ملک کے مشہور ادیب سجاد حیدر یلدرم کی ذات تھی۔ آپ نے اپنے مخصوص انداز میں "ماتھے پہ بندیا ری" والی اپنی مشہور نظم پڑھی اور تقریر کے سلسلہ میں یہ بھی کہہ گئے کہ نہ اب لکھنؤ اسکول ہے نہ دہلی اسکول بلکہ اردو کا اگر کوئی اسکول ہے تو وہ لاہور اسکول ہے یا دکن اسکول۔ جلسہ ختم ہو گیا اور میں آرہ واپس آگیا لیکن بات دل میں کھٹکتی رہی۔ میں اس سے قبل پنجاب کو اردو کی تجارتی منڈی سے زیادہ اہمیت نہ دیتا تھا، اور یہاں کے اہل قلم کے متعلق بھی میری رائے اچھی نہ تھی، لیکن جب سب سے پہلے اپریل ۱۹۳۴ء میں مجھے لاہور کی زیارت نصیب ہوئی تو نگاہوں کے سامنے سے پردے اٹھ گئے۔ لاہور کو دیکھنے کے بعد میں نے ایسا محسوس کیا کہ کرۂ ارض سے یکایک فردوس

میں پھینک دیا گیا ہوں جہاں کا ذرہ ذرہ دعوتِ نشاط ہے۔ اس میں شک نہیں اودھ کے ایک مشہور شاعر کے معیارِ رندی کا یہاں کوسوں پتہ نہ تھا یعنی یہاں نہ قدم ڈگمگاتے تھے، نہ نظر بہکی بہکی پھرتی تھی پھر بھی شعر و ادب کی ایک بے پناہ دنیا ساری دنیا پر چھائی جا رہی تھی۔

لاہور اسکول کی تاریخ اور تقاضوں پر نظر ڈالی جائے تو اس کے چار حصے نظر آتے ہیں، پہلا عنصر تو وہی عربی اور اسلامی ادب کی اشاعت و ترویج ہے۔ یہاں بہت سے علماء غیر ممالک سے آئے اور دہلی و اودھ کے علماء نے بھی پنجاب کا رُخ کیا اور مدرس و ارشاد کی بھالی، ان علماء میں دینیات کے اساطین بھی تھے۔ مثلاً علامہ حسن الصنعانی، مولانا عبداللہ بن ہبل الیمانی التلمیذ (متوفی ۱۲۳۳ء)، شیخ احمد بن شیخ احمد بن شیخ عبدالاحد زروقی سہسوانی۔ حضرت غوث بن علی الہجویری (صاحب کشف المحجوب)، حضرت میاں میر، حضرت خواجہ بہاء الدین زکریا اور شیخ صدرالدین وغیرہ انھیں میں سیالکوٹ کے ملا عبدالحکیم بھی تھے جن کو شاہجہاں نے سونے سے تولا۔ میں نے اقبال کی شاعری پر بحث کرتے ہوئے آپ کی شاعری کے اسلامیاتی عنصر کے محرکات پر ایک مجمل رائے دی تھی لیکن سبحۃ المرجان اور خلاصۃ الاثر نظر سے گزری تو پتہ چلا کہ اقبال کا ابن رواحہ اور حسان کے روپ میں نظر آنے کا کیا سبب ہے۔ عبدالمنان وزیر آبادی، عبدالوہاب ملتانی، ابراہیم سیالکوٹی ثناء اللہ امرتسری کے فیوض و برکات کی

فضا میں اگر اقبال کے اسلامیاتی شاعری کے بہترین آثار و نقوش چھوڑ دے تو کوئی تعجب کی بات نہیں۔

دوسرا عنصر جس نے لاہور اسکول اور پنجاب کی اُردو شاعری کی تعمیر میں مدد دی وہ فارسی زبان اور ایرانی تہذیب و اخلاق کی ترویج ہے۔ ہندوستان کا دارالسلطنت ہونے کی حیثیت سے لاہور ایک مدت تک علم و ادب کا مرکز رہا۔ دہلی کی طرح یہاں بھی اصفہان و شیراز کے علماء و شعرا کی آمد رہا کی ہے۔ عرفی نے مرتے وقت "دو شش و شش پنج" اسی سرزمین میں کہا تھا اور یہیں پیوند خاک ہوا۔ اس کے بعد جہانگیر کے عہد میں بھی لاہور ایرانی شعراء کا مرکز رہا اور شاہجہاں اور اورنگ زیب کے زمانہ میں بھی علم و فضل کی مجلسیں یہاں گرم ہوتی رہیں۔

محمد خاں، ہاک صالح کنبوہ، اور سرخوش نے اپنے تذکروں میں جن شعراء اور صوفیہ کے قیام لاہور کے حالات لکھے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ پنجاب میں ان لوگوں نے فارسی ادب اور شاعری کا بہت پاکیزہ مذاق پیدا کر دیا تھا، یہ مذاق جہانگیر کے دور حکومت میں بہت زیادہ بلند ہو گیا اور جب دارالسلطنت پھر دہلی مقرر ہو گیا تو بھی لاہور کی مرکزیت میں کوئی فرق نہ آیا۔ فارسی کا یہی چار چاند مذاق اور ایران کی رومانی زندگی کا یہی اثر تھا جس نے اہل پنجاب کے ذہن اور تہذیب پر گہرا اثر ڈالا۔ اور آج آپ لاہور جا کر وہاں کی سماجی زندگی کا مطالعہ کریں گے تو بادی النظر میں مشکل سے آپ کو یقین آئے گا کہ آپ اودھ کی

رنگینیوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، یا کسی ایسے صوبہ سے جس کی زبان، جس کا تمدن، جس کا معاشرتی مذاق ہم سے بالکل الگ ہے۔ سرخوش نے پنجاب کے جن فارسی شعرا کا تذکرہ کیا ہے ان میں رائج سیالکوٹی، رضوان لاہوری اور ملا مفید بلخی کا نام بہت اہمیت رکھتا ہے، میر جمال الدین محدث کے ایک فرزند نے بھی لاہور میں توطن اختیار کر لیا تھا اور شعر گوئی کا بہت پاکیزہ مذاق رکھتے تھے، رائج تو خالص پنجابی ہیں سیالکوٹ کے سادات[۵۱] میں تھے، سرخوش ان کو "مرد بیت قلندر وضع و آزاد مشرب پختہ گو" لکھتے ہیں، رضوان ایران سے آئے اور لاہور میں آباد ہو گئے، ملا مفید بھی ولایت ہی سے آئے تھے اور لاہور میں رہ گئے تھے، ملا مفید کا یہ شعر ہے:

تکمہ در پیرہن نمی گنجد　　از ہم آغوشی گریبانش

مصحفی نے بھی عہد محمد شاہی کے مشہور شاعر "شاہ فقیر اللہ آفریں" کا تذکرہ کیا ہے آپ کا وطن لاہور تھا، آپ سے نور العین واقف نے اصلاح لی۔ (عقد ثریا)

تقیر اعنصر جس نے لاہور اسکول کی تعمیر میں مدد دی وہ اردو شاعری کا رواج ہے۔ اس میں شک نہیں، اردو کی کلاسکل شاعری کی ترقی و ترویج میں

---

۵۱ رائج کا نام میر محمد علی تھا اس لیے شاید انکو سید سمجھ لیا گیا، ورنہ وہ اور شاہ آفریں دونوں قبیلہ جویہ سے تھے جو گوجر قوم کی ایک شاخ ہے۔ (نگاں)

فضا میں اگر اقبال کے اسلامیاتی شاعری کے بہترین آثار و نقوش چھوڑ دے تو کوئی تعجب کی بات نہیں۔

دوسرا عنصر جس نے لاہور اسکول اور پنجاب کی اُردو شاعری کی تعمیر میں مدد دی وہ فارسی زبان اور ایرانی تہذیب و اخلاق کی ترویج ہے۔ ہندوستان کا دارالسلطنت ہونے کی حیثیت سے لاہور ایک مدت تک علم و ادب کا مرکز رہا۔ دہلی کی طرح یہاں بھی اصفہان و شیراز کے علماء و شعرا کی آمد رہا کی ہے۔ عرفی نے مرتے وقت "دوشش و شش پنج" اسی سرزمین میں کہا تھا اور یہیں پیوند خاک ہوا۔ اس کے بعد جہانگیر کے عہد میں بھی لاہور ایرانی شعراء کا مرکز رہا اور شاہجہاں اور اورنگ زیب کے زمانہ میں بھی علم و فضل کی مجلسیں یہاں گرم ہوتی رہیں۔ متمد خاں، مالک صالح کنبوہ، اور سرخوش نے اپنے تذکروں میں جن شعراء اور صوفیہ کے قیام لاہور کے حالات لکھے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ پنجاب میں ان لوگوں نے فارسی ادب اور شاعری کا بہت پاکیزہ مذاق پیدا کر دیا تھا، یہ مذاق جہانگیر کے دور حکومت میں بہت زیادہ بلند ہو گیا اور جب دارالسلطنت پھر دہلی مقرر ہو گیا تو بھی لاہور کی مرکزیت میں کوئی فرق نہ آیا۔ فارسی کا یہی چار چاند مذاق اور ایران کی رومانی زندگی کا یہی اثر تھا جس نے اہل پنجاب کے ذہن اور تہذیب پر گہرا اثر ڈالا۔ اور آج آپ لاہور جا کر وہاں کی سماجی زندگی کا مطالعہ کریں گے تو بادی النظر میں مشکل سے آپ کو یقین آئے گا کہ آپ اودھ کی

رنگینیوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، یا کسی ایسے صوبہ سے جس کی زبان، جس کا تمدن، جس کا معاشرتی مذاق ہم سے بالکل الگ ہے۔ سرخوش نے پنجاب کے جن فارسی شعرا کا تذکرہ کیا ہے ان میں رائج سیالکوٹی، رضوان لاہوری اور ملا مفید لمعی کا نام بہت اہمیت رکھتا ہے، میر جمال الدین محدث کے ایک فرزند نے بھی لاہور میں توطن اختیار کر لیا تھا اور شعر گوئی کا بہت پاکیزہ مذاق رکھتے تھے، رائج تو خالص پنجابی ہیں سیالکوٹ کے سادات[1] میں تھے، سرخوش ان کو "مردیست قلندر وضع و آزاد مشرب پختہ گو" لکھتے ہیں، رضوان ایران سے آئے اور لاہور میں آباد ہو گئے، ملا مفید بھی ولایت ہی سے آئے تھے اور لاہور میں رہ گئے تھے، ملا مفید کا یہ شعر ہے:

تکمہ در پیرہن نمی گنجد　　از ہم آغوشی گریبانش

مصحفی نے بھی عہد محمد شاہی کے مشہور شاعر "شاہ فقیر اللہ آفریں" کا تذکرہ کیا ہے آپ کا وطن لاہور تھا، آپ سے نور العین واقف نے اصلاح لی۔ (عقد ثریا)

تیسرا عنصر جس نے لاہور اسکول کی تعمیر میں مدد دی وہ اردو شاعری کا رواج ہے۔ اس میں شک نہیں، اردو کی کلاسکل شاعری کی ترقی و ترویج میں

---

[1] رائج کا نام میر محمد علی تھا اس لئے شاید انکو سید سمجھ لیا گیا، ورنہ وہ اور شاہ آفریں دونوں قبیلہ جویہ سے تھے جو گوجر قدیم کی ایک شاخ ہے۔ (نگاں)

پنجاب کا بہت کم حصّہ ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُردو شاعری کے بحرانی دور میں یک لخت بھیرا وُپیدا ہو گیا تھا۔ آدی لاہوری کے سوا کوئی قابل تذکرہ پنجابی شاعر نظر نہیں آتا۔ اس جمود کی وجہ سیاسی ہے۔ اُردو شاعری کا حقیقی دورِ شباب عہدِ محمد شاہ سے شروع ہوتا ہے جو مسلمانانِ ہند کی سیاسی زندگی کا اہم ترین دور تھا۔ مغلوں کی شان و برتری میں کمی اسی وقت سے شروع ہوئی تھی اور شاہ کی تاخت نے ہندوستان کی محکوم قوتوں کے اندر ایک نئی زندگی پیدا کر دی۔ یہی وجہ ہے کہ اس عہد میں دہلی کے تمدن و زندگی کی تنویر سے پنجاب کوئی اثر نہ لے سکا۔ مگر یہ جمود کب تک باقی رہ سکتا تھا۔ پنجاب ملک کا ایسا حصّہ نہ تھا جہاں کوئی انقلاب نہ ہو۔ اور پنجاب کے لئے یہ فخر کی بات ہے کہ اس ادبی انقلاب کی رہنمائی اسی کے حدود سے شروع ہوئی۔ پانی پت کی خونیں آشام سرزمین سے حالی جیسا ادیبِ جلیل اور شاعرِ بے بدل اٹھا اور اردو شاعری کی بالکل نئی داغ بیل ڈالی ــــ اس میں شک نہیں کہ پر دہلی کے تمدنی زندگی کا گہرا اثر رہا اور اس کو علاوہ پنجاب میں سمجھنا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ لیکن جغرافی اعتبار سے حالی پنجاب کے فرزند تھے انھوں نے غالب کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا اور ذوق کے مشہور شاگرد آزاد کے ساتھ مل کر لاہور میں اُردو شاعری کی ایک لہر پیدا کر دی اقبال پر حالی و آزاد کے اسی مشترکہ تخلیقی سرمایہ کا اثر پڑا، اس میں شک نہیں وہ

اول اول اِدھر اُدھر بھٹکے، داغ سے تلمذ کا واقعہ ان کی اسی ایک بے راہ روی کی یادگار ہے۔ اقبال کی انفرادیت کی تشکیل جن عناصر سے ہوئی ان میں حالی و آزاد کے قیام لاہور کی ادبی سرگرمیاں بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ اس انفرادیت کی تکمیل اس وقت ہوئی جب اقبال یورپ گئے اور انھوں نے انگریزی اور المانوی شعرا و فلاسفہ کا بالاستیعاب مطالعہ کیا۔

اقبال کی شاعری نے نہ صرف پنجاب بلکہ ہندوستان کے مختلف صوبوں کو اثر پذیر کیا لیکن اقبال کا یہ اثر پنجاب و اردو پر زیادہ گہرا رہا۔ پنجاب کے ان شعرا میں جو اقبال کے ہمعصر تھے اور جن میں قومی شاعری کی کافی صلاحیت پائی جاتی ہے سب سے پہلے حفیظ کا نام سامنے آتا ہے لیکن جس فضا میں ان کا نشو و نما ہوا اس نے انھیں اس طرف متوجہ نہ ہونے دیا۔ تاہم میں حفیظ کی شاعری کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔ لیکن صرف چھوٹے چھوٹے ہندی نغموں اور غزلوں کی حد تک اور ان کے شاعرانہ کارناموں میں سب سے زیادہ ناقابل توجہ "شاہنامۂ اسلام" کو سمجھتا ہوں جو شاید سب سے زیادہ مطول مجموعہ اُن کی قومی یا اسلامی نظموں کا ہے۔

یوں تو ملک میں کافی تعداد ان شعرا کی ہے جنھوں نے اقبال کی تقلید میں نظمیں لکھنی شروع کیں، اور ہمارے اُردو ادب میں اقبال کے

ان مقلدوں کی بدولت بہت سا ذخیرہ جمع ہوگیا لیکن حقیقتہً اقبال کے صحیح جانشینوں میں ہمارے سامنے صرف دو ہی شاعر نظر آتے ہیں ایک جوش دوسرے احسان۔ سیماب صاحب نے بھی اس تتبع کی کوشش کی، لیکن وہ ہمارے عہد کے مصحفی ہیں، وہی شاگردوں کی بہتات، وہی قدیم و جدید اداروں میں عدم فاصلہ بننا۔ مصحفی کی یہ ساری باتیں سیماب میں موجود ہیں۔ سیماب صاحب نے بھی جوش کی طرح اقبال کی تقلید و تتبع میں شعر گوئی کا مسلک بدل ڈالا اور اس میں شک نہیں جہاں تک فن، فکر اور سند کا تعلق ہے سیماب کے افکار اقبال سے زیادہ مختلف نہیں لیکن ان کے سارے کلام میں نہ کہیں اوریجینلٹی کا پتہ ہے اور نہ تخلیقی عنصر کا، جذبات میں بھی نہ ولولہ ہے نہ اُمنگ، مضامین فرسودہ، اور تصورات مقلدانہ یہ ہے سیماب کا وہ ذخیرۂ شعر جو اقبال و اقبالیات کے تتبع میں انھوں نے پیش کیا۔

سیاسیات اور جوش و اقبال جوش میدانِ سیاست میں زیادہ سرفروش، زیادہ زور آزما نظر آتے ہیں۔ ان کے سیاسی افکار میں اقبال سے زیادہ حریت اور زیادہ خروش ہے۔ اقبال بھی ہندوستانی ہونے کی حیثیت سے سوچتے ہیں، وہ بھی ہندوستان کی نکبت، زوال، اور غلامی پر خون فشاں

نظر آتے ہیں۔ ان کے دل میں بھی ایک ہوک سی اٹھتی ہے۔ لیکن جوش زیادہ بلند سطح سے نالہ کش نظر آتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ اقبال پنجاب کے رہنے والے تھے، جہاں مسلمان تناسب آبادی کے لحاظ سے برادران وطن سے بڑھے ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ اقبال کی تربیت ذہنی ایک خاص قسم کی مذہبی فضا میں ہوئی۔ وہ صرف یہ تصور کر سکتے تھے کہ ہندوستان کے امن و سکون کے لئے غیر مسلم اقوام سے رواداری تعلق بہ حیثیت ایک قومی عنصر کے مسلمان قوم کا اخلاقی فرض ہے ان کو کسی معاشرتی مجبوری، یا سیاسی انفعالیت کا تصور نہ تھا۔ اس کے برعکس جوش صوبہ اودھ کی پیداوار ہیں جہاں مسلمانوں کی تعداد، قوت اور تعلیم برادران وطن سے بہت کم ہے اور اس پر طرہ یہ کہ جوش کی مذہبی تربیت بھی بہت ضعیف، مضمحل اور دھندلی تھی، یہی وجہ ہے کہ جوش کی طنزیات میں، مذہب، پیشوایان مذہب اور مراکز مذہب پر سخت قسم کی پھبتیاں نظر آتی ہیں۔ ان کی نظم (مولوی) پڑھ کر اگر ایک طرف ہمیں ان کی قادر الکلامی، طنز نگاری اور ہجو کے لطائف سے محظوظ ہونے کا موقع ملا، تو اسی کے ساتھ ہماری آنکھوں سے خون کے دو قطرے بھی ٹپک پڑے۔ جوش کی یہ انتہائی محرومیت ہے کہ ان کو اقبال کی طرح کسی دل والے، پاک سرشت انسان کا فیض صحبت نصیب نہ ہوا،

اس میں شک نہیں جوش نہایت دردمندانہ لہجہ میں قوم کو اتحاد اور ربط باہم کی طرف بلاتا ہے لیکن جوش کی عملی سیاسی زندگی اقبال سے زیادہ پست، مردہ

اور بے کیف ہے، وہ سیاسی تصورات تو بلند بانگ دعوؤں کے ساتھ پیش کرتے ہیں لیکن ہمارے سامنے کوئی ایسا کارنامہ نہیں جس کو ان کی عملی سیاسی زندگی کا نتیجہ کہہ سکیں۔ اس کے برعکس اقبال نے بڑی حد تک عملی کام بھی کیے۔ گو ایک فلسفی شاعر کی حیثیت سے انھوں نے جو نظریات سیاسی پیش کیے وہ ان کے سیاسی اعمال سے ہم آہنگ نہ ہو سکے۔

اقبال ایک مفکر تھے، فلسفی تھے، جوش کا میلان اس طرف نہیں رہا ان کا سارا سرمایۂ زندگی ادب اور شعر ہیں۔ اقبال نے اپنی قومی اور سیاسی صحیفۂ زندگی کی ترتیب نفسیات، مذہبیات، اور فلسفہ پر رکھی اور اس لیے ان کی سیاسیات، خواہ عملی ہو یا نظری، ان کی فکر عمیق کا نتیجہ ہوتی ہے۔ اس کے برعکس جوش محض شاعرانہ کیفیت و حال سے کام لیتے ہیں۔ ان کے سیاسی تصورات نفسیات انسانی کے رموز و حقائق کے تجزیہ و تحلیل کا نتیجہ نہیں۔ جوش کے دل میں ایک حال پیدا ہوتا ہے اور وہ بلا کسی فکر و تعمق اس کو ہمارے سامنے پیش کر دیتے ہیں۔ جوش نے اپنی قومی نظموں "آدمی" "نئے خدا" اور "ہلال اور مسلمان" میں جو پیام دیا ہے وہ بہت بلند و پاکیزہ ہے اور اس لیے قدرتی امر تھا کہ مسلمانوں کے وہ ادارے جن سے ان قومی جذبات کے پامال ہونے کا اندیشہ ہو جوش کے اندر غم و غصہ پیدا کریں یہی وجہ ہے کہ انھوں نے ایک دلچسپ ہجویہ نظم "پیرزن لیگ" لکھی اور اپنے دل کا غبار نکالا۔

مگر حقیقت یہ ہے کہ فنی اعتبار سے یہ نظم ناقص تشنہ اور مبہم ہے انھوں نے نہ فیصلہ کن انداز میں کوئی بات کہی اور نہ اس کے روشن یا ایجابی پہلو پر کوئی بحث کی، حالانکہ یہ بھی ایک اہم نقطۂ خیال ہونا چاہئے تھا کہ (پیرزن لیگ) کی رعنائیاں کیوں ہیں اور لوگ ان پر شیدائیوں ہوتے جاتے ہیں، مگر جیسا کہ ہم نے ابھی سطور بالا میں عرض کیا (جوش جو کچھ کہتے ہیں شاعرانہ حال میں کہہ جاتے ہیں فکر و نقد سے ان کو کوئی کام نہیں)

مذہبیات اور جوش و اقبال اقبال کی نشو و نما مذہبی فضا میں ہوئی، ان کو مذہبی بزرگوں کی پاک اوضاع، خلوص اور للہیت پر نزدیک سے نظر ڈالنے کا موقع ملا، مذہبی اعمال اور امر و نواہی نے بچپن ہی سے ان پر گہرے اثرات چھوڑے اس کے برعکس (جوش کو لکھنؤ کے عیش کوش تمدن سے واسطہ رہا) دونوں شاعروں کی ابتدائی زندگی کے ان اثرات کو آگے چل کر ان کی شاعرانہ شخصیت کی تعمیر میں بہت کچھ دخل ہے) اسی مذہبی تصور نے اقبال کو خالص ہندوستانی شاعر بننے نہ دیا (جوش اس میدان میں اقبال سے آگے بڑھ گئے مگر فکر و نظر میں اقبال کی سی گہرائی، اور وزن نہ پیدا کر سکے اقبال نے "اسلامی شاعر" بن کر اس کمی کی تلافی کر دی) جوش میں گو ہندوستانی شاعر بننے کے آثار و نقوش زیادہ ہیں لیکن ان میں "حال" ہی حال ہے کوئی فلسفیانہ تعمق نہیں یہ تو کمی تھی ہی، اس پر طرہ یہ

کہ جوش نے اپنے مذہبی اضمحلال، یا یوں کہئے اپنی مذہبی لاپرواہی کو اپنی طنزیات کے پردہ میں چھپانا چاہا اور طرفہ یہ کہ اپنی طنزیات کا موضوع بھی انھوں نے اسلامیات ہی کو قرار دیکر، اپنی اس تحقیق کے ثبوت میں یہ کہنے کی جرأت کرتا ہوں کہ جوش کے یہاں جو مذہبی نظمیں ہیں وہ یکسر تخریبی پہلو رکھتی ہیں اور منفیانہ رنگ کی حامل ہیں یہانتک کہ ان کی نظم (پیغمبر اسلام) میں بھی ان کا منفیانہ رنگ نہ چھپ سکا حالانکہ اپنے گمان میں جوش صاحب نے بڑی عقیدت سے یہ نظم لکھی ہے اس اعتبار سے جوش، اقبال سے تو خیر کیا، احسان سے بھی بہت پیچھے ہیں۔ اقبال دنیائے اسلام کا قابل احترام شاعر تو خیر تھا ہی مگر وہ ہندوستانی شاعر بھی تھا، جوش کی "ہندوستانیت" بلند سطح پر پہونچی لیکن ان کا اسلامی رنگ اس قدر مضمحل اور بے آب بن کر رہ گیا کہ اردو زبان کے نوجوان شاعر سے بھی جوش صاحب آنکھ نہیں ملا سکتے، احسان اور جوش دونوں نے "پیغمبر اسلام" پر نظمیں لکھیں ہیں لیکن احسان کے یہاں ولولہ، ارادت اور کیف ہے اس کے برعکس جوش صاحب نے اپنے شک و ارتیاب، اور مذہبی بے توجہی کو عقیدت کے پردہ میں چھپانا چاہا ہے

"ضرب کلیم" کے اس حصہ کو پیش نظر رکھئے جس میں اقبال نے اسلامیات کے سلسلہ میں نظمیں کہی ہیں اس میں شک نہیں، عہد حاضر کے اسلام پیشوایان

مذاہب اور مراکز مذہب پر انھوں نے بھی طعن کئے ہیں لیکن اقبال کے لہجہ میں سوز و گداز ہے اور ان کا مطمح نظر قوم کی اصلاح ہے۔ اس کے برعکس جوش صرف طنزیات سے کام لیتے ہیں اور اس میں ایک تلخی، خشونت اور تمسخر ہوا کرتا ہے اور طنزیاتِ اقبال کا افادی رنگ جوش کے یہاں بالکل مفقود ہے۔

(جوش نے فکر و نشاط میں جو نظمیں مذہبیات سے متعلق کہی ہیں ان میں یہی نقص اور سطحیت پائی جاتی ہے وہ اپنی نظم (ہوشیار) میں قوم کو دین پناہوں سے متنبہ کرتے ہیں (شیطانی زہد) اور (پندار عبادت) میں مذہبی لوگوں کی بداعمالیاں پیش کرتے ہیں (خانقاہ) اور (شیخ کی مناجات) میں مذہبی مرکز پر پھبتی کہتے ہیں "شیخ جی" کی ہجو کرتے ہوئے ان کی عبادت کی غرض و غایت کا مرقع کھینچے ہیں لیکن ہر جگہ یا تو صرف مذہب سے کھیلتے ہوئے نظر آتے ہیں یا انشاء کی طرح ہنسوڑ معلوم ہوتے ہیں، افسوس ہے کہ ان کی کتابوں میں کوئی ایسی نظم نہیں جو ان کے بلند تصور مذہبی پر دلالت کر سکے)

ناانصافی ہوگی اگر ہم "فکر و نشاط" کی "مذہبی طنزیات" کے ساتھ "شعلہ و شبنم" کی اصلاحی نظموں کا تذکرہ نہ کریں، ان نظموں میں زیادہ اہم اور مشہور "ذاکر سے خطاب" "متولیان وقف حسین آباد سے" اور "سوگواران حسین سے

خطاب" ہیں بیشک ان نظموں کے ذریعہ جوش نے ایک خاص اسلامی فرقہ کی اصلاح کی ہے لیکن جوش کی ساری قومی شاعری فرقہ پرستی سے بلند نہ ہوسکی۔ اور باایں ہمہ دعوائے آزادی و لامذہبیت جوش صاحب دائرۂ "شیعیت" سے باہر نہ نکل سکے۔ یہ ہے جوش کی "اسلامی شاعری" جس پر بجائے سر دُھننے کے کفِ افسوس ملنا چاہیے۔

اخلاقیات اور جوش و اقبال

اقبال اور جوش کی شاعری میں جس طرح سیاسی اور مذہبی اختلافات ہیں اسی طرح اخلاقی اختلاف بھی ہے۔ اقبال سنجیدہ، محتاط اور گہرے نظر آتے ہیں یہ نتیجہ ہے اس امر کا کہ ان کی زندگی پر اسلامی اخلاق کا اثر ہے۔ اقبال کی شاعری میں ان کی بلند اخلاقی زندگی کی جھلک موجود ہے اس کے برعکس جوش کے اخلاق کے دو رُخ ہیں ایک وہ جو پیدا وار ہے اس فضا کی جس میں انھوں نے نشو و نما پائی، عنفوان شباب کا عہد گزارا، اور دوسرا وہ جو تجربہ، امتداد زمانہ، وسعت تصور و مطالعہ نے ان کے اندر پیدا کیا۔ لیکن جب کوئی ہستی قوم کی متاع بن جاتی ہے تو اس کی زندگی کا ہر زاویہ معرض بحث میں آتا ہے اور اس حیثیت سے ان کی نجی زندگی کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

جوش کی بعض نظمیں ان کے نفسی تغیر اور روحانی انقلاب کو نمایاں کرتی ہیں اس سلسلہ میں "کالج کے نوجوانوں سے" "مسلک جوش" اور "بلوغِ حیات"

قابل توجہ ہیں۔

جوش نے ان نظموں میں خود ہی اپنی زندگی کے مختلف ادوار کا تذکرہ کیا ہے اور اپنی شخصیت کے مختلف تغیر پذیر آثار و نقوش دکھائے ہیں، ان کی نظم "کالج کے نوجوانوں سے" پڑھئے ان کی حیات رنگیں نظر کے سامنے آجائے گی لیکن جب ان کو تجربہ نے ان کے نظریۂ زندگی میں تبدیلی پیدا کردی تو وہ ماضی کے ان ایام کا تذکرہ حسرت کے ساتھ کرنے لگے اور نوجوانوں کو یہ سمجھانے لگے کہ:

بس اک گمان جوانی ہے ورنہ حسن کہاں　　بس اک فریب نظر ہے جمال یار نہیں
جو زخم سر سے میسر نہ ہو وہ تاج غلط،　　جو خون دل سے نہ پیدا ہو وہ بہار نہیں

"یار صادق" میں بھی انھوں نے اپنی کامرانی و اقبال مندی کے ترانے گائے ہیں جبکہ نہ صرف وہ کسی سے محبت کرتے تھے بلکہ محبت کا جواب محبت سے دیا جاتا تھا۔ فرماتے ہیں:۔

یہ بھی غلط کہ مجھ کو جوانی کے دور میں　　کوئی قمر جمال و سمن بر نہیں ملا

یہ منزل یہیں ختم نہیں ہوتی ہے بلکہ اور آگے چلتی ہے۔

یہ بھی غلط کہ مجھ کو جوانی کے دور میں　　خود مجھ پہ جو فدا ہو وہ دلبر نہیں ملا

ان نظموں میں جوش نے اپنی ابتدائی زندگی اور اخلاق کو نمایاں کردیا ہے ــــ ان کے اخلاق کا یہ ابتدائی دور تھا، اس میں بتدریج ترقی ہوتی ہے یہاں تک کہ رفتہ رفتہ واخلاقیات کی اس بلند سطح تک پہونچ جاتے ہیں جہاں

پہونچکر بایرن نے Byron Cehero لکھی اور جوش نے "بلوغ حیات" بایرن کی اس نظم اور جوش کی "بلوغ حیات" میں عجیب و غریب مماثلت ہے بایرن بھی طوفان زندگی سے نبرد آزما تھا جوش نے بھی ہنگامہ و انقلاب سے زور آزمائیاں کیں آخر جذبات میں ٹھہراؤ ہوا، دونوں نے مڑکر زندگی کو دیکھا اور مسکرادیے بایرن کی ابتدائی ہنگامہ پرستی، معاشرتی، سیاسی اور مذہبی نبرد آزمائی پر نظر ڈالی اور "حسرت حاصل" سے متاثر ہوئے "بلوغ حیات" اور Byron Cehero کو سامنے رکھنے کے بعد ایسا معلوم ہوتا ہے جوش نے بایرن سے متاثر ہوکر یہ نظم لکھی ہے۔ اگلے اوراق میں ہم نے یہ لکھا تھا کہ جوش اور بایرن میں کردار، رجحان اور نظریہ کے اعتبار سے ہم آہنگی پائی جاتی ہے بایرن اپنی ابتدائی زندگی کا نقشہ کھینچکر اپنی نفسی تغیر پذیری، اور اخلاقی انقلاب کا تذکرہ کرتا ہے اور اپنی عظمت اور رفعت حال کا اعتراف کرتے ہوئے اپنی موجودہ زندگی کا نقشہ پیش کرتا ہے اسی طرح جوش بھی اپنی تدریجی روحانی اور نفسی ترقی کا اظہار کرتے ہوئے "بلوغ حیات" کے اشعار پیش کرتے ہیں:-

ایک نیا احساس اس سینے میں پاتا ہوں میں — دشمنی کرتے ہیں دشمن اور شرماتا ہوں میں

اور صرف یہی نہیں بلکہ

برکس و ناچیز انساں کو دعا دیتا ہوں میں — وار کرتا ہے کوئی تو مسکرا دیتا ہوں میں

یہ ہے وہ اخلاقی تبدیلی جو امتداد زمانہ، تجربہ اور تصور نے جوش کے اندر پیدا کی، وہ پہلے کیا تھے جوش و غضب ہنگامہ و معرکہ، غرور و خود بینی، جس کا بایرن تذکرہ کرتا ہے جوش میں بھی موجود تھی لیکن "زمانہ" کے زبردست ہاتھ نے روح و نفس میں ایک انقلاب پیدا کر دیا۔ بایرن اسکو شعلہ سے تشبیہ دیتا کہتا ہے جوش بھی اسی باعث اپنے "سینہ میں اک نیا احساس پاتے ہیں"۔

فلسفہ اور جوش و اقبال شاعری کی اس صنف میں اقبال و جوش کا کوئی موازنہ نہیں۔ نہ تو جوش کا مطالعہ وسیع نہ اقبال کی طرح باضابطہ انھوں نے فلسفہ کی تعلیم حاصل کی جوش صرف جذباتی شاعر ہیں وہ نہ کبھی مفکر رہے اور نہ مسائل کائنات پر بہ حیثیت فلسفی ہونے کے انھوں نے نظر ڈالی حقیقت یہ ہے اقبال اپنی یہ شاعرانہ خصوصیت اپنے ساتھ لے گئے ہندوستان کے تمام شعرا میں ان کا کوئی جانشین نظر نہیں آتا جوش اپنی زندگی کی بڑی منزل تمام کر چکے اب ان سے تو ہم یہ توقع نہیں کر سکتے کہ قدیم وجدید فلسفہ کا باضابطہ مطالعہ کرنے کی دوسری لیں گے اور ان حقائق کے امتزاج سے وہ ایک نیا ہیولیٰ تیار کر کے اردو شاعری کو فائدہ پہونچائیں گے علی اختر صاحب زاویہ گزیں ہو چکے۔ احسان کا میلان ترقی کی طرف ہے۔ ان کی عمر اور ذوق، سے ہمیں توقعات ہیں، وہ ابھر سکتے ہیں لیکن ان کو سازشی مشاعرہ و ریڈیو تک محدود رہ گیا ہے اس کی ذمہ داری ہماری مجلسی و عمرانی

زندگی پر عاید ہوتی ہے۔ کاش احسان صاحب باضابطہ کچھ پڑھنے اور سیکھنے کی سعی کریں لیکن شاید وہ اپنی موجودہ زندگی پر مطمئن ہیں ـــ یہ قناعت یا سیر چشمی نہیں کم ہمتی ہے اور ان کے مستقبل کے لئے مہلک!

(جوش کی کتابوں میں سے "شعلہ و شبنم" کی نظمیں اکثر و بیشتر فضائی تاثرات کی پیداوار ہیں اسی طرح "نقش و نگار" بھی جوش کے عمیق مشاہدات و تصورات کا نتیجہ نہیں، البتہ "فکر و نشاط" اور "حرف و حکایت" کی بعض نظمیں ہیں چونکا دیتی ہیں اور ہم ذرا سنبھل کر بیٹھ جاتے ہیں۔ یہ نظمیں اقبال کی ایک ہلکی سی یاد دلا جاتی ہیں۔

جوش کی دو نظمیں ہیں "جوانی کا بستر مرگ" اور "جھریاں" جوان کی عمیق فکر کا نتیجہ ہیں، فغانی کو گلگشت چمن رلاتا تھا وہ "ورق گل" پر اپنا منہ رکھ کر آپے سے باہر ہو جاتا تھا جوش نے بھی "جھریوں" میں جوانی کی رعنائیاں دیکھیں اور رعنائیوں کے اس انجام پر آنسو بہانے لگا۔

نظر کر جھریوں سے شیب کے سمٹے ہوئے رخ پر یہ وہ بستر ہی ہم تو توڑا ہی جس پر نوجوانی نے

جوش صاحب کی ایک نظم کا عنوان ہے "فریب ہستی" اس میں بھی وہ مفکر اور رمز شناس فلسفی کی طرح پھول کی تخلیق، اس کی شگفتگی، نگہت بیزی اور پھر فسردگی، پراگندگی، اور پامالی پر خوں فشانیاں کرتے ہیں اس نظم کے آخری شعر یہ ہیں:

یہ کیا نظام ہے معبود باغ ہستی کا کھلے جو صبح کو وقت غروب کھلائے
جب ایک پل میں ہو تعمیر ماہ و سال خراب تو کس امید پہ کوئی فریب ہستی کھائے

اسی طرح ان کی یہ حقیقت شناسی "موتی یا شبنم" میں بھی جھلکتی ہے کس بے پناہ انداز میں فرماتے ہیں:

ہست جوانی کی آنکھ جس پہ گرے موتی کہتی ہیں دیکھیگی جو پیری جھک کے اسے اک قطرۂ شبنم پائیگی

جوش کی نظمیں "سہاگن بیوہ" اور ایک "تقابل" ہماری معاشرت اور عمران سے متعلق ہیں "سہاگن بیوہ" بہت لمبی ہے، یہ نظم جوش کے تمام نقوش شخصیت کی حامل ہے ان کا رومانی تصور، ان کی شاعرانہ محاکات، انکا مصلحانہ پیام اور آخر میں ان کی فلسفیانہ بصیرت بھی نمایاں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ نظم جوش کے ماضی اور حال کا ایک آئینہ ہے ان کی کم نظمیں ایسی ہیں جنمیں ان کی تمام خصوصیات یکجا اس مکمل طریقہ سے نظر آئیں۔

"ایک تقابل" میں جوش کی اخلاقی زندگی کا وہ رخ نظر آتا ہے جسے میں نے پچھلی سطور میں تجربہ، امتداد زمانہ اور وسعت تصور کا نتیجہ بتایا ہے "ایک تقابل" ہمیں احسان کے تصورات درد و حزن کی یاد دلاتا ہے، احسان نے ان جمہوری تصورات کو بہت کامیابی کے ساتھ نمایاں کیا ہے اور اس صنف میں اس کا کوئی مقابل نہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ چیزیں بڑی حد تک احسان کی آپ بیتی ہیں

اس کے برخلاف جوش پر فطرت اس قدر نا مہربان نہیں رہی ہے بایں ہمہ ان کے دل میں ایسی ہوک اُٹھنا ان کے "دل والے" ہونے کی دلیل ہے۔

پلیٹ فارم پر دو گاڑیاں آکر ٹھیرتی ہیں دوسرے درجہ کے ایک ڈبہ کے سامنے تیسرے درجہ کا ڈبہ ہے اس میں مزدور، غریب اور فلاکت زدہ انسان ہیں اول الذکر میں امرا اور سرمایہ دار سفر کر رہے ہیں، جوش دونوں ڈبے دیکھتے ہیں، اور بلندی و پستی، امارت و غربت کا فرق ان کو بیتاب کر دیتا ہے۔ دیکھئے کس المناک لہجہ میں فرماتے ہیں:

اللہ اللہ اس قدر عدل و تناسب کی کمی — اُس طرف بھی آدمی تھے اس طرف بھی آدمی

جوش و احسان کا تقابلی مطالعہ

اقبال، جوش اور احسان اپنی زندگی اور تجارب زندگی کے لحاظ سے بالکل علیحدہ علیحدہ چیز ہیں، اقبال مفکر تھے، جوش صاحب حال (اس سے مراد ان کی صوفیت نہیں جس کی جوش کو کبھی ہوا بھی نہ لگی بلکہ "کیفیت" ہے) اور احسان مفکر بھی ہیں اور صاحب حال بھی اقبال کے افکار کو علم و حکمت نے جلا دی، جوش کی ادبی بلند پایگی نے اس کے "حال" میں رفعت اور کلام میں کشش پیدا کی لیکن افسوس ہے احسان کا دامن ان دونوں سے معرا ہے۔ رومی کو اعتراف تھا "ما از پے سنائی و عطار آمدیم" ہمارا احسان بھی اقبال اور جوش کے نقش قدم پر چلا، احسان: اقبال اور جوش کا محض تتبع کر کے مطمئن نہ رہا بلکہ

اس نے اپنے اس ہیولیٰ میں اپنی انفرادیت کا تخلیقی رنگ بھی بھرا۔ احسان کی شاعری کا ہیولیٰ تین اجزا سے بنا ہے، اقبال کی گہرائی، جوش کی ادبیت، اور خود احسان کی درد بھری زندگی، یہ نقوش اس کی شاعری کے ہر ہر پہلو میں نمایاں ہیں اقبال کی طرح وہ فکر و غور سے بھی کام لیتا ہے ضبط، شب سیاہ، خواب زندگی پڑھئے تو آپ کو احسان کے مفکرانہ رجحان کا اعتراف کرنا پڑے گا۔ اسی طرح جوش کی رومانیت، ادبی انداز، اور شاعرانہ حال احسان کی بہت سی نظموں میں موجود ہے تقابلی مطالعہ کے لئے دونوں شعرا کی بعض نظمیں قابل لحاظ ہیں[1] ان نظموں کو پڑھنے کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ احسان نے جوش کا نہ صرف کافی مطالعہ کیا ہے بلکہ انھوں نے جوش کی تقلید و تتبع کی کوشش بھی کی ہے، آپ جوش کی کتاب "نقش و نگار" کے اس حصہ کو پیش نظر رکھئے جو "مطالعہ و نظر" کے عنوان کے تحت ہے، احسان نے بالکل اسی کی تقلید میں طبع آزمائیاں کی ہیں جو "جادۂ نو" کے نام سے ہمارے سامنے ہے۔

احسان کی انفرادیت

یوں تو احسان کا انفرادی رنگ ان نظموں میں بھی ہے جو اس نے اقبال اور جوش کی تقلید میں

---

[1] (جوش) سہاگن بیوہ (جوش) جنگل کی شہزادی (جوش) گنگا کے گھاٹ پر (جوش) بھکارن شہزادی (احسان) نوعروس بیوہ (احسان) دیہاتی دوشیزہ (احسان) توی کے ساحل پر (احسان) انکار پریشاں (احسان)

کہی ہیں لیکن بعض ایسی نظمیں بھی ہیں جو صرف احسان ہی کا ذہن خلاق پیدا کر سکتا تھا۔ اس موضوع پر ایسی اثر انگیز نظمیں نہ اقبال نے کہی ہیں نہ جوش نے، یہ احسان کی آپ بیتی ہیں جہاں اقبال اور جوش کا ذہن پہونچ نہیں سکتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اقبال تو بلندی و پستی دونوں جگہ قبولیت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں لیکن جوش کو امرا زیادہ پسند کرتے ہیں اور احسان کو غربا، احسان غریبوں کا شاعر ہے۔ اس کے شعر کا موضوع بستر سنجاب کی بجائے بوریا ہے۔

احسان کی نظم "مزدور کی موت" اردو زبان کے غیر فانی شاہکاروں میں سے ہے۔ [illegible]ئی "سہاگن بیوہ" میں جس طرح جوش کی پوری شخصیت اور ان کا ماضی و حال نمایاں ہے اسی طرح "مزدور کی موت" احسان کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ صورتِ شعریہ یا محاکات کی ایسی مثال بدیع شاید ہی اور کہیں نظر آئے احسان اگر اپنی پوری زندگی میں صرف یہی ایک نظم کہہ جاتا جب بھی اس کی حیات کی ضمانت ہو سکتی تھی، لیکن "جشن بیچارگی" لکھ کر تو اس نے اپنی شاعرانہ انفرادیت بھی منوالی۔

"مزدور کی موت"، "مزدور کا چالان" اور "جشن بیچارگی" اسی قلم سے نکل سکتا تھا جو "میرا گھر"، "غم فاطمہ" اور "خندۂ غرور" لکھ سکے۔ اقبال کو یہ دن دیکھنا نصیب نہ ہوا، اور جوش بھی اس نوع کا کوئی المناک تصور نہ کر سکتے تھے۔

(جوش حیدر آباد میں رہ کر ملیح آباد کو یاد کرتے ہیں۔ اپنی بے وطنی کا غم،

احباب کی یاد، وطن کی فضا، سب کچھ لکھ جاتے ہیں لیکن ان کا اثر قاری پر اس قدر گہرا نہیں ہوتا جس طرح احسان "میرا گھر" میں ایک پایدار نقش چھوڑ جاتے ہیں اسی طرح جوش کی "قلب ماہیت" اور احسان کی نظم "خندۂ غرور" سامنے رکھئے اور فیصلہ کیجئے کہ جوش اور احسان میں اثر آفرینی کے لحاظ سے کون کامیاب ہے جوش کے لہجہ میں خشونت اور طنز ہے احسان کے نالہ میں درد اور تلقین جوش کا انداز خطاب بلیغ اور شاعرانہ ہے احسان کا انداز سلیس اور حکیمانہ، احسان کو جب مقدر نے وطن سے بہت دور پنجاب میں پھینکا تو اس کو ایک مدت کے لئے وطن کی زیارت بھی نصیب نہ ہو سکی۔ اس دوران میں اس کا گھر گر گیا۔ ایک زمانہ کے بعد جب وہ اپنے وطن میں آتا ہے تو اپنے گھر کا نقشہ اسکو بیحد متاثر کرتا ہے، اس نے ایک نظم لکھی جس کے آخری اشعار نیتر کی طرح دل میں پیوست ہو جاتے ہیں۔ کہتا ہے۔

میں تو اپنی سخت جانی سے بصد مہ سہہ گیا　　میرے غم میں میرا گھر برباد ہو کر رہ گیا
آج اپنے اس شکستہ گھر میں پھر آیا ہوں میں　　بے بسی کے چند آنسو نذر کو لایا ہوں میں

اور آخری شعر میں تو گویا دل نکال کر رکھ دیا ہے:

دل بھر آتا ہے رو کوں کس طرح انساں ہوں　　آہ میں اپنے وطن میں ہوں مگر مہمان ہوں

یہ ہوک اقبال اور جوش کے دل میں کہاں سے آتی۔

احسان لائل پور (پنجاب) کے ایک مشاعرہ میں جاتا ہے، اس کا لباس

پھٹا اور پرانا ہے اس کی ہیئت، غریبی اور مفلسی کی تصویر دیکھ کر اسکا ایک نادان دوست "انور" ہنس پڑتا ہے، انور کی یہ بے محل ہنسی احسان کے دل و دماغ پر ایک جانکاہ ٹرخ ڈالتی ہے، شاعر ہے اور پہلو میں ایک نازک دل رکھتا ہے احساس کروٹ لیتا ہے، اس کیفیت کو اس نے "خندۂ غرور" میں پیش کیا ہے۔

یہ نظم احسان کے باطنی اخلاق اور سرشت کی ایک جیتی جاگتی تصویر ہے۔ جوش نے بھی دکن میں اپنے ایک دوست "مدعی ہوش؟ ہوش!" کو بدلا ہوا پایا، ایک نظم لکھی، اور جذبات کو سیراب کیا جوش بلاغت بیان اور ادبی مہارت کے لحاظ سے بہت کامیاب ہیں لیکن اسی کے ساتھ لہجہ میں سختی، اور بیان میں طنز، غم اور عتاب پایا جاتا ہے اس کے برعکس احسان بہت ہی نرمی، سلاست، اور صفائی کے ساتھ دوست کے دل و دماغ میں ایک اخلاقی ردعمل پیدا کرنا چاہتا ہے۔ جوش کی طرح احسان نے طنز، غم اور غصہ کا اظہار نہ کیا بلکہ ایک حکیم کی طرح مرض کی ماہیت پیش کی اور اس کے برے اثرات کا مرقع کھینچا۔ دیکھئے کس پیرائے انداز میں کہتا ہے:

بے خبر، یہ تری بے وقت ہنسی خوب نہیں ایسی باتیں مرے اللہ کو مرغوب نہیں

ہمارے نوجوان شاعر نے جس حکیمانہ انداز میں "انور" کو سمجھایا ہے اس سے بہتر طریقۂ موعظت اخلاقیات کی عملی تاریخ میں نہیں مل سکتی۔ احسان لاہور میں قلعہ کی دیوار سے گر پڑتا ہے، ایک عورت "کنیز فاطمہ" اس کو بے پناہ سمجھ کر اپنے گھر لے آتی ہے

بیمار داری کرتی ہے۔ احسان اس ہمدرد عورت کو بہن کی طرح چاہنے لگتا ہے اور جب اقبال کو اسکا ایک پیارا دوست مرثیہ لکھا ہے یہ نظم غم فاطمہ کے عنوان سے ہے احسان نے اس نظم میں جس والہانہ محبت کا اظہار کیا ہے اس سے اسکی شرافت اخلاق اور محسن پرستی کا اظہار ہوتا ہے،

تیری الفت کا ہوں قائل مرے خوابوں میں نہ آ جانتا ہوں تری تعمیر وفا خام نہیں

اور آخری شعر میں اپنی منہ بولی بہن کے غم میں جس تاثر کا اظہار کیا ہے اس سے احسان کے غیر معمولی جذبۂ وفاشعاری کا ثبوت ملتا ہے۔

خواہش مرگ جوانی پہ جیئے جاتا ہوں زندگی زہر ہے مجبور پیئے جاتا ہوں

احسان کا رنگ تغزل احسان نے اُردو زبان میں بہ حیثیت نظم نگار شہرت حاصل کی، لیکن اس کے یہ معنی نہیں کہ وہ غزل گو کی حیثیت سے ناکامیاب ہیں اس باب میں جتنی رائیں ہیں وہ یا تو نتیجہ ہیں اس امر کا کہ اُردو ادب کے بعض نقادوں نے محض اپنے ذاتی رجحان کی بنا پر صحیح تنقید نہ کی یا ان میں بعض نے دیدہ و دانستہ ناانصافی کی، اس باب میں نیاز صاحب نے جو رائے دی ہے وہ تنقید صحیح اور مذاق سلیم کی بہترین[1] مثال ہے

اقبال اور جوش اقبال، جوش اور احسان تینوں نے غزلیں کہی ہیں اقبال کی رہبری داغ کے ہاتھ آئی تھی، داغ گو ہماری زبان کا ایک ناقابل فراموش شاعر تھا، لیکن اقبال کا رجحان و مذاق اس سے

---

[1] نگار رسالہ نامہ ۱۹۳۲ء

بالکل مخالف تھا اقبال سنبھل گیا، ورنہ گمراہ ہوجاتا، اور ہمارا ادب ایک بہت بڑے ذخیرۂ شعر سے محروم ہوجاتا، اقبال نے جو غزلیں کہی ہیں ان میں کوئی خاص بات نظر نہیں آتی، جوش کا حال اس سے بھی بدتر ہے، جوش غزل کے مخالف ہیں، ملک میں اس پر ہنگامہ ہوا، اور میرا خیال ہے یہ ہنگامہ بیجا نہ تھا، جوش میں صلاحیت ہی نہ تھی کہ وہ دورِ حاضر کی غزل گوئی کا ساتھ دے سکیں، ان کا ذوق، ریاض، امیر اور داغ کا رنگ چاہتا تھا، اودھ کی شمع حکومت کے بجھ جانے کے بعد اردو شاعری کے مذاق میں ایک انقلاب پیدا ہوچکا تھا، اس انقلاب نے اگر ایک طرف اصغر اور جگر پیدا کئے تو دوسری طرف حسرت اور فانی، اب احساس اور پسند میں اتنی تبدیلی ہوچکی تھی کہ "صنم خانہ" اور "گلزار" کے لئے ہمارے ادب میں مزید گنجائش نہ تھی، یہی وجہ ہے کہ جوش کو باوجود کوشش غزل گوئی میں کامیابی نہ ہوئی۔ اب اس "جراحت ناکامی" کو انھوں نے دوسرے روپ میں پیش کرنا شروع کر دیا، جوش اگر خموش رہجاتے اور نظموں پر اکتفا کر لیتے تو ان سے کوئی محاسبہ نہ کرتا، لیکن جب انھوں نے اپنی ناکامی پر انتقام کی یہ صورت نکالی تو دنیائے نقد ادب میں ایک شورش پیدا ہوئی۔

جوش صاحب غزل گو کی حیثیت سے ناکامیاب ہیں، کم مشق ہیں، ان کی غزلوں میں ان کا کوئی انفرادی رنگ نہیں، انھوں نے "ناصح مشفق" کی حیثیت سے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے اس میں نہ کوئی کشش ہے اور نہ کوئی وقعت، جوش

صاحب فرماتے ہیں:

آج تک غالب ہے ان پردہ رقیب روسیاہ کر چکا ہے زندگی جو میر و مومن کی تباہ

تعجب ہے جوش صاحب کے ذوق پر، اور حیرت ہے ان کے اس اہل فیصلہ پر کیا تغزل، میں صرف "رقیب روسیاہ" کی گلہ پردازیاں ہوا کرتی ہیں، اور کیا واقعتہً "میر و مومن" اپنے افکار عالیہ کا دفتر چھوڑ کر اپنے کو تباہ کر گئے اگر میر تباہ ہو گیا، مومن ناکام رہا تو جوش صاحب کا اپنے باب میں کیا فیصلہ ہے؟

میر تو تباہ ہونے کے بعد بھی دو سو برس سے بچہ بچہ کی زبان پر ہے، میر حسن، ناسخ، اور غالب ہی اس کا اعتراف نہیں کرتے بلکہ آج بھی جبکہ اردو شاعری نے نئے اسالیب اختیار کر لئے ہیں میر و مومن کا اردو ادب میں ایک خاص مقام ہے، جوش صاحب کا یہ نقد تغزل اپنی بے بسی اور کمزوری کو بے نقاب کر رہا ہے، جوش صاحب نے اپنے زعم میں مسلسل غزلیں کہکر ایک اسلوب جدید کی بنیاد ڈالی ہے اور دنیا میں اپنے تجدد، اور بدیعۂ فکر کی ایک یادگار چھوڑنا چاہتے ہیں، یہ اور بھی بے معنی اور مہمل سی چیز ہو کر رہ گئی ہیں، بات یہ ہے کہ جوش صاحب جس پایہ کی نظمیں کہتے ہیں غزلیں نہیں کہہ سکتے، نظم تسلسل چاہتی ہے اور غزل بے ربطگی، نظم میں ایک تصور کو پھیلا کر بیان کرنے کی وسعت ہے، غزل میں ہر شعر ایک داستان کی اجمالی تصویر ہوا کرتا ہے، نظمیں لکھتے لکھتے جوش صاحب تسلسل کے عادی

ہوگئے ہیں غزلوں میں بھی وہ اس سے نہیں بچ سکتے اور غزل کی نزاکت اس کی متحمل نہیں ہوسکتی، اپنے بیان میں جوش صاحب کو جب یہ نقص نظر آیا، اور باوجود کوشش بھی وہ اس کو دور نہ کرسکے، تو پھر اس عیب کو ہنر بنانے کے لئے انھوں نے مسلسل غزلیں کہنی شروع کیں اور داد چاہنے لگے، لیکن

"کیا بنے بات جہاں بات بنائے نہ بنے" ۔ یہ راز کھل کر رہا

احسان غزل گوئی کے اعتبار سے اقبال اور جوش دونوں سے زیادہ کامیاب ہے اس کی غزلیں بہت بلند ہیں، وہ قدرت کی طرف سے غزل گو ہی بننے کے لئے آیا تھا لیکن فضا اور ماحول نے اس کو نظم نگار بنا دیا، اس کے تغزل کا حقیقی رنگ اس کی ہر نظم میں موجود ہے، اور جب وہ غزل کہنے لگتا ہے تو مشکل سے یقین کرنے کو جی چاہتا ہے کہ وہ غزل گو شاعر نہیں بلکہ نظم نگار ہے، احسان کے یہ چند اشعار ملاحظہ ہوں ۔

آہ اس عاشق ناشاد کا جینا بھی ہے جینا — جس کو مرنا بھی ترے عشق میں مشکل ہو جائے

وہ مسکرا رہے ہیں بہ انداز دلبری — یہ میرے ضبط غم کا کہیں امتحاں نہ ہو

نہ جانے محبت کا انجام کیا ہے — میں اب ہر تسلی سے گھبرا رہا ہوں

یہ اڑی اڑی سی رنگت یہ کھلے کھلے سے گیسو — تری صبح کہہ رہی ہے تری رات کا فسانہ

نشیمن کے وہ بے ترتیب تنکے ہائے کیا کہنے — قفس میں آج تک خواب گلستاں دیکھ لیتا ہوں

یہ کس نے دم مرگ صورت دکھا دی — میرے دل سے جینے کی حسرت مٹا دی

دیکھ اے دل وہ اُٹھ رہی ہے نقاب اب نظر آزمائی جاتی ہے،
سیماب وار ہے یہ دلِ بے قرار کیوں اللہ کوئی زینتِ محفل نہیں رہا،

نسائیات اس باب میں اقبال کا پیام بہت ہی متین اور سنجیدہ ہے اقبال کی نسائیات کا مطالعہ کرنے کے بعد ہم ان کو حکیم و صوفی تو کہہ سکتے ہیں یا پھر لیڈر لیکن شاعر نہیں کہہ سکتے، اس قدر محتاط انداز سے اور اس قدر بچ بچ کر انھوں نے نسائیات پر طبع آزمائیاں کی ہیں کہ شعر میں حلاوت کی بجائے فلسفہ کا روکھا پن آگیا ہے، اقبال طبعاً محتاط تھے۔ اخلاق و عادات پر اسلامی بزرگوں کی تعلیم و تربیت کا گہرا اثر تھا۔ احسان نسائیات میں اقبال اور جوش کے درمیانی راہ پر ہیں وہ ابتدا کرتے ہیں جوش سے، لیکن ختم کرتے ہیں اقبال پر۔

بعض نظموں کی ابتدا تو انھوں نے جوش کی نظموں کو سامنے رکھ کر کی ہے مثلاً "دوشیزہ" کے ابتدائی اشعار پڑھئے اور "جنگل کی شہزادی" پر ایک نظر ڈالئے تو آپ کو یہ تتبع صاف نظر آئے گا۔ احسان کی شاعری گو پنجاب میں پروان چڑھی لیکن وہاں کی رومانی فضا کا اثر احسان پر نہیں، احسان زندگی کے جن سخت مراحل سے گزرا وہاں عشق و رومان کی فرصت کہاں! اسکی زندگی تو ان دھڑکوں میں گزری کہ کل کا دن آلام کی کونسی نئی تلخی لاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ احسان کے پورے سرمایۂ خیال میں ہمیں جوانی

کی امنگیں بہت کم نظر آتی ہیں حالانکہ جس سرزمین سے اس کا تعلق ہے وہاں "ریاض" و "امیر" کا رچا ہوا مذاق پھیلا ہوا تھا۔ اور اگر اس کو سکون ملتا تو ممکن ہے وہ کچھ مزے کی باتیں بھی کہہ جاتا۔ دیکھئے اس کا یہ شعر اس کی دبی ہوئی آرزو کی ایک دھندلی سی تصویر ہے۔

یہ اڑی اڑی سی رنگت یہ کھلے کھلے سے گیسو تری صبح کہہ رہی ہے تری رات کا فسانہ

لیکن اس کا یہ رنگ بالکل دب گیا ایسا دبا کہ باوجود کوشش کے بھی وہ اس کو نہ ابھار سکا، اس میں شک نہیں کہ اس نوع کی شاعری میں احسان نے جوش کی تقلید کی لیکن اسکی زندگی جن حالات میں بسر ہوئی وہ اس تقلید کے منافی تھے۔ اس نے "دہقانی دوشیزہ" ولولہ کے ساتھ لکھی لیکن اس کا ولولہ خستگیٔ دہر کے تصور میں گم ہوگیا، رومان سے ابتدا کی لیکن وہی رومان اصلاح جمہور کی قربانگاہ پر بھینٹ چڑھ گیا، احسان کی دوسری نظمیں "گھاس والی" اور "مزدور عورت" بھی اس خیال کی تائید کرتی ہیں، اور عشق و مجبوری کے دوراہے پر ایک حادثہ" لکھ کر تو انھوں نے گویا ان تمام انتقادی اسرار کا اعتراف کر لیا ہے مگر اس کے یہ معنی نہیں کہ وہ ہمیشہ رومانیت کو معاشرتی مسائل سے مسل ڈالتا ہے۔ کبھی کبھی وہ اپنے ماحول اور فضا سے بے نیاز بھی ہو جاتا ہے۔ لیکن ایسی نظموں میں وہ اثیریت اور وہ ولولہ نہیں ہوتا جو مزدور اور اس کی کہانیوں کی تمثیل میں اس کے یہاں پایا جاتا ہے۔

جوش کے یہاں ایک نقص بھی ہے جوش عورت کا روایتی تصور تو کرسکتے ہیں لیکن اسکے دوسرے اخلاقی لطیف اور جمہوری افادات پر روشنی نہیں ڈال سکتے یہاں تک کہ ظاہر ہیں بھی ان کو عورت کی فطرت سامانیاں ہی نظر آتی ہیں اور کسی بزرگ کی صحبت میں بھی وہ اس کی آنکھ کھیلیاں ہی دیکھنا چاہتے ہیں اس کے برعکس احسان کے یہاں عورت کا روایتی تصور تو یقیناً فرسودہ اکہرے آب و رنگ اور مضمحل ہے لیکن عورت کے دوسرے اخلاقی اور جمہوری نقطۂ نظر کی اس نے بڑی عمدہ تصویریں کی ہیں ان کو پڑھنے کے بعد ہمارے کوائف بہت قریب پاتے ہیں جوش اس اعتبار سے احسان سے پیچھے ہیں۔ احسان نے "عمر زدہ" اور "عمر زدہ" لکھ کر نفسیات پر عظیم عورت کے جو پھول چڑھائے ہیں ان کو ہماری صدیوں کی روایتی روش نہیں کرسکتا احسان، اقبال کی طرح عورت کی گہرائی سے مدد لیتے ہیں اور ان کا احترام کرتا ہے "عمر زدہ" میں احسان نے ایک سچی کہانی کہی ہے۔ نرس کے ٹرنک اس کا گزر گورستان کی طرف ہوتا ہے وہاں ایک کمسن بیوہ اپنے شوہر کی قبر سے چمٹی ہوئی نالہ و شیون کر رہی ہے یہاں پر عورت کے خلوص اخلاق اور وفاکیشی پر اس نے جو تصورات پیش کئے ہیں ان کو پڑھنے کے بعد بے اختیارانہ ہمیں فیضی کی "تل و من" یاد آجاتی ہے۔ تل جب دنیا میں تنہا پڑ کر آوارہ غربت ہوتا ہے تو دمن پر جوش جیوں طاری ہوجاتا ہے وہ دیوانہ وار پہاڑوں دریاؤں اور درختوں سے تل کا حال پوچھتی ہے احسان نے عورت کے اسی ایثار

پناہ اور عشق و وفا کی تمثیل لکھی ہے۔ اس نظم کا آخری شعر ہے:-

ن نازک کی وفا میں ہمت مردانہ ہے شمع کشتہ پر بھی جلتا ہے یہ وہ پروانہ ہے

ت کا بڑی پر احترام تصور تھا جس نے اپنی والدہ ماجدہ کی وفات
ستان" لکھائی۔ یہ نظم بڑی طویل اور پُر کیف ہے۔

اقبال اور گوئٹے

اقبال اور گوئٹے

گوئٹے اپنی نسلی خصوصیت اور مخصوص ماحول کے لحاظ سے ممتاز طور پر جرمن تھا اسی طرح جس طرح والٹیر فرانسیسی، اور سقراط یونانی تھا، جرمنی کے مشہور شہر فرینکفرٹ میں پیدا ہوا، سیاسی اور تاریخی طور پر اس شہر کو جرمنی سے وہی علاقہ ہے جو لندن کو انگلستان اور راولپنڈی کو پاکستان سے۔ گوئٹے کے ماں باپ دولت عوامی سطح سے بلند تھے، دنیا میں ذہنی لحاظ سے جو اکابر ہوئے ہیں، وہ عموماً (اگرچہ ہمیشہ نہیں) معقول اور اچھی حالت میں رہنے والے والدین کی پیداوار ہیں۔ گوئٹے نے اپنے قوس الخواص کی طرح اپنی ڈائری میں بہت شکریہ کے ساتھ ان مواہب اور اوصاف کو قلمبند کیا ہے جو اس کو اپنے والدین سے وراثت میں ملے۔ باپ سے اس نے عقل کی مردانہ وار متانت، اور تمام چیزوں میں نظم و ترتیب کی خوبی حاصل کی

گوئٹے کی زندگی کے حالات انگریزی میں متعدد ہیں، اور اردو میں بھی، پہلا اردو کے لکھے ہیں، پہلا اردو ترجمہ "گوئٹے کا فاضل مترجم ہے، گوئٹے کی سوانح حیات کے متعلق ڈوبیرر کی کتاب کا انگریزی ترجمہ بھی ہیگلمین نے شائع کیا ہے، گوئٹے نے بھی اپنی خود نوشت سوانح عمری مرتب کی ہے، اور اپنی کمزوریوں کا اعتراف کیا ہے، میرے پاس اسکاٹ لینڈ کے ایک فن کار اور ادیب جے، ایس، بلیکی کی کتاب "گوئٹے کی دانائی" ہے، جس میں مصنف نے بڑے دل رہا بانہ انداز میں گوئٹے کے پیغام کا اندازہ لگایا ہے، فلسفیانہ کے باب میں اس کی خلاقی روش پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں ان کا جواب دینے کی کوشش کی ہے، ہیوز نے اپنی کتاب میں گوئٹے کی سوانح زندگی کا ایک تاریخی خاکہ دیا ہے، اس مضمون کے آخر میں اس کا ترجمہ دیا جا رہا ہے۔

ماں سے اس نے زیادہ قیمتی اوصاف حاصل کئے، روح کی تازگی، خوش مزاجی، لطف کی صلاحیت، فکر و خیال کی صفائی، زبان کی روانی، خدا پر توکل، ماضی کی پریشانیوں اور مستقبل کی تشویش سے دائمی پرہیز، اور حال کے مشغلہ پر ہمت و راضی گرفت۔

گوئٹے کو ماں باپ کے ظل عاطفت ہی میں لاطینی اور یونانی زبانوں کی روایتی تعلیم ملی، شروع ہی میں وہ فرانسیسی، انگریزی اور بالخصوص اطالوی زبانوں سے واقف ہوگیا، اس کے باپ کو اطالوی زبان سے خاص لگاؤ تھا، اس کے بعد بھی اس کو مخصوص طور پر ترجیح دینے لگا، گوئٹے نے اطالوی زبان کی تحصیل محض اس کی ادبیات کے لئے نہیں کی تھی، بلکہ قدیم و جدید آرٹ کے کاموں کے سلسلہ میں، اطالیہ ان کاموں کا مخزن اور گہوارہ رہا ہے، ان زبانوں کی ابتدائی ہی تعلیم نے گوئٹے کی ذہنی نشو و نما میں بڑی مدد پہنچائی۔

سترہ برس کی عمر میں گوئٹے کو لیپزگ یونیورسٹی میں قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے بھیجا گیا، اس کے باپ نے اس کے لئے اس پیشہ کا انتخاب کیا تھا اس نے خود ہی اپنی ذہانت کی رہبری میں اسے پسند نہیں کیا تھا، لیپزگ میں بہ حیثیت ایک شاعر، ایک ادیب، ایک فلسفی، ایک سائنسداں اور ایک فن کار کے اس کا مقدر کافی طور پر نمایاں ہونے لگا۔

گوئٹے کی افتاد طبع گہرے طور پر بھری پری، اور انسانی ہمدردی کے ہر ایک سروکار سے نازک طور پر پوری طرح اثر پذیر تھی، اس پر اجتماعی کشمکش

[illegible] کرنا بیکن سے اکادمی کے خطبات اور تنقیدی تقریروں کی بہ نسبت زیادہ [illegible] ان کی تصور محرکہ کی فسر گی اور ہنگامہ احساس پابندی کے ساتھ [illegible] فلسفہ عمومی تاریخ علم تشریح [illegible] جو کچھ وہ لیتے اور حاصل کرنے کا موقع [illegible] ایوانہش سنہ وعوت دی [illegible] سیکھا اور حاصل کیا۔

گوئٹے کی تعمیر سیرت میں اس کی طبیعت کی فوری اور شدید [illegible] کو بڑا دخل ہے اس کی طبیعت کا مطالعہ کرنے والا کہ وہ ہر شخص سے کچھ سیکھتا اور ہر چیز سے [illegible] پیدا کرتا، خود کہتا ہے کہ "میرا کام پر بہت قوی اثر ہوا تھا اگر میں نے کی زندگی میں ناکام کی مشاورتی نظر ڈالی ہے اور یہ چیز کے لیے کسی دوسرے [illegible] کی ضرورت اس کی زندگی میں [illegible] کی تعلیم سے محفوظ تھی [illegible] اصلی [illegible] اور اچھے مشاغل [illegible] اس کی زندگی کا بہت بڑا حصہ ہوئی

یہاں تک تو گوئٹے کے ماحول [illegible] اخلاقی تربیت [illegible] تعلیم، اعلیٰ تحصیل علم اور پختہ کے اختیار سے گوئٹے اور اقبال میں ایک خاص مماثلت پائی جاتی ہے، لیکن جو چیز گوئٹے کو اقبال سے بہت زیادہ ممتاز بنا دیتی ہے وہ اس کا جمالیاتی ذوق اور مصوری کے باب میں اس کی تخلیقی کمزوری ہے۔ دو بڑے شاعروں میں اس مقام پر یہ پہلا ایک غیر معمولی فرق پایا جاتا ہے، اقبال کی ساری زندگی میں اس نوع کا کوئی اشارہ بھی ہمیں نہیں ملتا حالانکہ اپنی حساس فطرت کے لحاظ سے اقبال گوئٹے سے کسی طرح کم نہ تھے، پھر

بھی نسائیات اور نسائی جمال و دل ربائی کے لحاظ سے وہ بالکل ذاتی معلوم ہوتے ہیں۔ ان کے یہاں ہمیں اس باب میں اظہار ذہنی عشق، کا بھی پتہ نہیں ملتا، حالانکہ دانتے، گوئٹے، شیلے، کیٹس سبھی نسائیات کے جمالیاتی اثر سے بہت زیادہ متاثر نظر آتے ہیں۔ گوئٹے کا ذوق نسائیات ہمیں عربی زبان کے شعرا عشق شعرا عین رہیعہ، اور اردو کے بہت دل جلے، اور رعاشق مزاج، استاد سخا موسن خاں کی یاد دلاتا ہے۔

گوئٹے کی داستان محبت بڑی لمبی اور دلچسپ ہے۔ سب سے پہلے سکی لیپزگ میں ایک نوجوان لڑکی، اناکیتھرینا سے محبت ہوئی۔ لیکن یہ عنفوان شباب کا ایک ہلکا پھلکا خاکہ معلوم ہوتا ہے، اور دونوں نے بڑی خوشی اور معصومانہ طور پر گویا آگ سے کھیلا۔ گوئٹے کی حالت ایسی نہ تھی کہ وہ شادی کا خواب دیکھ سکتا، خود بھی اس کے لئے انتظار کھینچنے کی زحمت گوارا نہیں کر سکتی تھی۔ لیپزگ نے گوئٹے کی داستان محبت شروع کرنے سے قبل نہایت ہی بلیغ انداز میں لکھا ہے "ایک شاعر کے لئے ایک حسین عورت بہت ہی ناقابل رد و کشش پیش کرتی ہے، اس میں شک نہیں کچھ تو جیسا کہ عام لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے، اس وجہ سے کہ وہ ایک مرد ہے، اور وہ ایک عورت، ان میں ایک دوسرے سے ممتاز بھی اور دوسرے کا تکملہ بھی، ایک حد تک یہ بھی وجہ ہے اور زیادہ یہی وجہ ہے، کہ وہ ایک شاعر ہے جس میں دونوں باتیں ہیں۔ وہ دیکھتا بھی ہے

تیزی سے اسے محسوس بھی کرتا ہے، گہرے طور پر، اور اد راکی مخلوقات کی دنیا میں وہ واضح طور پر خدا کے جمیل ترین صنعت پارہ کے حسن کی تصویر کشی کرتا ہے۔" اس لیے کسی آدمی کو بُرا نہ ماننا چاہیئے۔ اگر میں صاف صاف کہوں کہ گوئٹے ہمیشہ عشق میں مبتلا ہوا کرتا تھا۔ اور یہ کہ میں اس بات کو اس کے حق میں ایک عظیم استحسان وصف سمجھتا ہوں، اگر وہ ایسا نہ کرتا تو نہ وہ نصف آدمی بن سکتا، اور نہ اس شاعر کا دسواں حصہ جو وہ تھا۔

اس کے بعد لیکی نے گوئٹے کی داستان محبت شروع کی ہے۔ گوئٹے کا اولین مشہور عالم عشقیہ معاملہ فریڈریکا کے ساتھ تھا، جو اسٹراسبرگ کے قرب میں ایک پہاڑی گاؤں سسنہیم کے ایک پادری کی لڑکی تھی، یہ اقرار کر لینا مناسب ہے کہ عشق و محبت کے اس معاملہ میں گوئٹے کا دامن جو اسوقت اسٹراسبرگ میں طالب علم تھا اور قانون کی سند کے لیے تیاری کر رہا تھا، بدنامی کے داغ سے پاک نہیں، ہر انگریز نے بلا کافی تحقیقات کے لیکن پھر بھی فیصلہ کن انداز سے، ذہن نشین کر لیا ہے، کہ گوئٹے نے اس دلکش نوجوان خاتون کے ساتھ بہت ہی شرمناک طریقہ سے بے وفائی کی، اس کو چاہیئے تھا کہ وہ اس کے ساتھ شادی کر لیتا، اور یہ کہ ایک لائق مخلوق کو غیر شریفانہ انداز سے چھوڑ کر اچھا ہوا کہ اس جنس کے ایک کمتر درجہ کے نمونہ سے اس کو واسطہ پڑا جس کے ساتھ ازدواجی مشقتوں میں وہ آگے چلکر گرفتار ہوا، میں ایک حد تک اس الزام کو مانتا ہوں، لیکن پوری طرح نہیں، اس سنگین الزام پر ایک غیر جانبدار فیصلہ صادر کرنے کی کوشش کرتے ہوئے (چونکہ دوسرے الزامات چنداں

ہمیت نہیں رکھتے) ہم لوگوں کو یہ ذہن میں رکھ لینا چاہیئے کہ اس لگاوٹ کے وقت شاعر ایک نوجوان تھا، محض ایک طالب العلم، جیسا کہ کہا جاتا ہے آکسفورڈ میں ابھی اس نے بی۔ اے بھی نہیں کیا تھا، ابھی نہ تو اس کا پیشہ متعین ہوا تھا نہ اس کی حیثیت۔ اس بیکاری کی حالت میں وہ پادری کی لڑکی پر عاشق ہو گیا، جیسا کہ اس وقت ایک گوئٹے اور ایک برنس ہی عاشق ہو سکتا تھا، اور پادری کی لڑکی اس کی محبت میں گرفتار ہوئی۔ محبت بوسہ بازی کی حد تک، محبت نامہ و پیام کی حد تک امید پذیر ہوئی جس کے بعد عام طور پر جیسا کہ ہوتا ہے ایسے معاملات کی قدرتی ترقی کے ساتھ شادی کا انجام پانا ضروری تھا، اور ایسا کیوں نہ ہوا؟ محض اس وجہ سے کہ گوئٹے اس وقت لڑکا تھا، پختہ کار انسان نہ تھا اس کو توقع نہ تھی کہ وہ اپنے والدین کو اس تعلق کے لئے رضامند کر سکے گا، یا وہ اپنے تئیں اس رضامندی سے آزاد بھی نہیں کر سکتا تھا، جب تک کہ ذریعۂ معاش کے لئے وہ خود کو روح و جسم کے ساتھ قانونی پیشہ میں نہ لگا دیتا، جس کو اس نے ذہنی خودکشی کا فعل سمجھا ہوگا، اور اس نے پوشیدہ طور پر اس کو نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہوگا، ہمیں ذہن میں یہ بھی رکھ لینا چاہیئے کہ گوئٹے گو چند سال کا لڑکا تھا، لیکن ذہن کے لحاظ سے وہ پختہ کار انسان تھا، اس کی تعبیر میں انتہائی حسیت کے ساتھ ٹھنڈے دل سے مطالعہ کرنے کی غیر معمولی قوت ممزوج تھی اور گو وہ کتنا ہی شدید طریقے سے تشنۂ محبت ہو وہ ہیجاں کا ایسا بندہ نہ تھا کہ یہ نہ سمجھ سکتا کہ جلد بازی کی، اور

بلا اچھی طرح سوچی سمجھی ہوئی نوجوانوں کی شادیاں، جو ابھی دنیا میں کوئی جگہ بھی نہیں رکھتے، اکثر ساری زندگی کی مصیبتوں کی تخلیق کا سبب ہوتی ہیں، جس کے مقابلہ میں اس سے باز آجانے کی تکلیف دہ رسوائی بہت کم ہے۔

گوئٹے کی محبت کی دوسری داستانیں، مثلاً شارلاٹ کے ساتھ جو "ورتھر" کی بہت ہی مشہور ہیروئن ہے، لی کی، وان آکمین، اور کرسٹیانا ویپنیس کے ساتھ جو آخر میں اس کی جائز بیوی بن گئی، بہت مشہور ہیں۔ شارلاٹ کے ساتھ اس کا عشق ایک ایسا معاملہ ہے جس کی وجہ سے اس پر الزام کا ایک پرتو بھی نہیں پڑتا۔ تھوڑے سے ہی دنوں کے بعد جب وہ اس عشق کی کیفیت سے باہر آیا تو شاعرانہ زبان میں لکھا کہ "کیسے خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو ہمیشہ کے لئے ایک دوسرے کے ہو جاتے ہیں"۔ اس کے بعد ہی ربط نے جس کا [illegible] محبوبہ کی شخصیت کی پیروی میں ظہور ہوا، جو ہنری آدم بیت کی "لگن" میں ہیرو کی [illegible] والی لڑکی تھی، شاعر کے خیال پر دل ربایانہ اثر ڈالا۔ لیکن [illegible] کے ساتھ آغاز محبت کے لطیف وجدان نے جس سے شاعر کے اعصاب میں تحریک پیدا کی تھی، اس کو پتہ چلا کہ وہ خاتون ایک دوسرے معزز آدمی سے منسوب ہے، اس لئے شاعر نے شادی کا خیال ہی ختم کر دیا، لیکن یہ جوش اس آسانی کے ساتھ ختم نہیں ہو سکتا تھا، شعلۂ عشق میں مبتلا ہونے والے ایک انسان کے لئے ایسے حالات قطع تعلق کا سبب بن جاتے ہیں، یا بعض دردناک اور بہت ہی خراب حادثہ کا لیکن

جرمن طبیعت بہت مہربان، محتاط اور رحم ہوتا ہے، اس لئے ساری باتیں پہلے کی طرح ہوتی رہیں، وہ اسے کوئی تکلیف نہ دکھائی، نہ وہ نہ فہم سلیم میں کوئی کمی، "بادہ پیما" عاشق بھی اپنے اوپر قابو رکھے ہوا تھا، اور ان احساسات کو سختی سے دبائے ہوئے تھا جنکی پرورش کرنا ذلت انگیز بات تھی، لیکن گوئٹے روانی نہ تھا اس لئے اس نے آخر میں مناسب سمجھا کہ اس فضا ہی کو تیاگ دے، اور ناقابل دفع درد و اذیت کو ایک کیفیت آفریں ناول میں پیش کرے، اس کے بعد گوئٹے کو بی لی سے لگاؤ ہو گیا، شاعر کے عشقیہ تجربات میں اس کا یہی نام ہے محبت حیثیت مجموعی مختلف قسم کی تھی، اور گو اس میں کوئی ایسی چیز نہ تھی جسکو قلیل ترین درجہ میں بھی ذلت انگیز کہا جائے لیکن اس واقعہ سے شاعر کی سرشت پر لاابالی پن اور بے اعتمادی کا داغ پڑ جاتا ہے جس کے لئے وہ معافی کی، یا کم از کم عورتوں سے توقع نہیں کر سکتا، این ایلزبتھ شونمان جس کے ساتھ فریڈریکا کی طرح شادی کی منزل تک پہونچانے والا تعلق پیدا ہو چکا تھا فرینکفرٹ کے ایک دولتمند ساہوکار کی لڑکی تھی، لڑکی بڑی حسین، شائستہ اور اپنے انداز کے لحاظ سے بڑی موہنی تھی، گوئٹے کے خاندان سے اس کا خاندان کچھ اونچا بھی تھا، دونوں میں کچھ باہمی نسبت ہوئی لیکن دونوں کے والدین اس اتحاد کے مخالف ہو گئے، بلیکی نے محبت کے اس اختتام کی بہت سی توجیہیں کی ہیں، اس میں اہم ترین گوئٹے کا سفر دیمر اور دس سالہ درباری زندگی تھی، یہاں گوئٹے کا احساس محبت جس کے بغیر ہمارا شاعر

زندہ نہیں رہ سکتا تھا، شارلاٹ وان اسٹین کی موہنی صورت، شائستہ اور دل پذیر اداؤں سے ایک بار پھر ابھرنے لگا، یہ گرانڈ ڈیوک، کے ایک درباری کی بیوی تھی، آج تک گوئٹے کی محبت کا مرکز سب سے زیادہ پائیدار اور لازوال یہی رہی ہیں، لیکن شارلاٹ وان اسٹین عمر کے لحاظ سے اس سے چھ سال بڑی تھی، وہ اعلیٰ حیثیت کی خاتون تھی، حسین، مہربان، عاقلہ، شائستہ، انسانی، جسکو جرمنی کے ترقی پذیر ادب سے مناسبت تھی، ایک وفادار بیوی، ایک اچھی ماں، ایک مستقل دوست اور ہر صورت سے دلکش تھی، گوئٹے پر اس نے بڑا اثر ڈالا، گوئٹے اس وقت لی لی کے ساتھ اختلال پذیر ربط کے سبب میں تھا، اس نے اس کو ایک روحانی آسودگی بخشی، ویمر کے سرکاری انتظامی امور اسکو فرینکفرٹ کی مختصر قانونی مسئولیت سے کمتر درجہ میں ناپسندیدہ معلوم ہوئے، یہاں شارلاٹ کی صحبت میں اسکی خستگی کم ہوجاتی، اور اس کے المناک لمحات تسلیوں سے خوشگوار بن جاتے، گوئٹے کی عمر اس وقت چالیس کے لگ بھگ ہوگی وہ ویمر کے انتظامی امور سے دبا ہوا تھا، لیکن شارلاٹ کی موجودگی اور اس کے دلربایانہ انداز و ادا سے وہ مسرور تھا، شادی کا سوال ہی پیدا نہ ہوا، اس اثنا میں اس نے دو برس کے لئے روما کا سفر کیا، وہاں فطرت اور آرٹ کے ساتھ اس کے عشرت پسند رالطہ نے اس کے ذہن و قلب پر غیر معمولی اثر کیا، اب اس میں زیادہ وسعت اور زیادہ قوت پیدا ہوچکی تھی، اس وقت ایک تنہا عورت، خواہ

شارلاٹ وان اسٹین جیسی شائستہ خصال سہی اس پر شاہانہ اقتدار حاصل نہیں کر سکتی تھی، نتیجہ یہ ہوا کہ جب دوبارہ وہ ملے، تو ان میں وہ جوش اور امنگ نہ تھی، جو وداع کے وقت پائی جاتی تھی، پہلے ان کے روابط سست پڑے اور اس کے بعد کھلم کھلا بے اطمینانی کا اظہار ہونے لگا، گوئٹے کے پاس اسکا کوئی تشفی بخش جواب نہ تھا، اب گوئٹے افلاطونی عشق سے اکتا چکا تھا، وہ اسی گوشت پوست کی دنیائی محبت اور دل میں مبتلا ہو چکا تھا، وہ ایک دن ویمر کے پارک میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک چھوٹی سی خوبصورت حسینہ نظر آئی جس کے چہرے گول چہرہ سرخ ہونٹ، شفاف چھوٹی ناک، اور لمبی سنہری زلف نے گوئٹے کو بھی متاثر کیا، یہ کرسچینا ولپیس تھی اس ناگہانی ملاقات نے ازدواجی پیمان وفا کی صورت اختیار کر لی، اور ویمر کا یہ وزیر اعظم اس غریب حسینہ کا باضابطہ شوہر بن چکا، اس کے لئے نہ کسی پادری کو رسم ادا کرنے کی ضرورت ہوئی، اور نہ کسی اقرار نامہ پر دستخط کی، اطالیہ کے تازہ سفر نے اس کے خیالات میں نمایاں تبدیلیاں پیدا کر دی تھیں، قدرتی طور پر اس کے بعد شارلاٹ وان اسٹین سے تعلق ختم ہو گیا گو اس میں برہمی کی کوئی وجہ نہ تھی، چونکہ اس سے محض افلاطونی عشق تھا، اور وہ ایک بیاہی عورت تھی، لیکن یہ حادثہ ناگہانی اور زور کا جھٹکا بے رحمانہ تھا، جرمن قوم نے بھی شاعر کی اس حرکت کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا، کیونکہ اس نے نہ صرف اپنے مرتبہ سے بہت ہی نیچے درجہ کی لڑکی سے ازدواجی تعلق پیدا کیا،

بلکہ اس نے اجتماعی رسوم و رواج سے بھی انحراف کیا تھا اس کے علاوہ اس شادی کے متعلق جرمنی یا انگلستان میں جو کچھ کہا جاتا ہے قابل اعتنا نہیں، نسائیات، حسن پرستی، اور عشق مزاجی کے سلسلہ میں گوئٹے پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا، ہمارے سامنے سوفلس، چاسر، شیکسپیئر اور بڑی بڑی ذہنی ہستیوں کی نجی زندگی کے کارنامے موجود ہیں، یہ مرمریں پتھر پر نیلے داغ کی حیثیت رکھتے ہیں،

گوئٹے ایک بڑے ممتاز عہدہ پر فائز تھا سرکاری ملازمت اور دربار کے بعد وہ وزیر اعظم ہوا، اس حیثیت سے وہ سیاسی ہونے سے محفوظ نہیں رہ سکتا تھا جرمن سیاسیات میں وہ ایک آزاد خیال انسان تھا یہاں تک کہ پرجوش محبان وطن نے اس کو پدوبین کی فطری قابلیت کے رہنے اظہار عقیدت کرنے پر تنقید و عتاب بنایا، اور کبھی معاف نہ کیا، انھوں نے اس کے مذاق کو علامانہ اور بزدلانہ سے تعبیر کیا، لیکن وہ یہ فراموش کر گئے کہ شاعر ایک فلسفی اور عالمگیر دردمند انسان کی حیثیت سے اپنے وسیع قلب میں سیاسی دشمنی اور ناقابل مصالحت نفرت کی پرورش نہیں کر سکتا تھا، جو حب وطن کے سلسلہ میں، تنگ نظروں میں بحرانی جوش کے زمانہ میں پائی جاتی ہے۔

گوئٹے نے اپنی دیمر کی سرکاری زندگی کے زمانہ میں ان تمام علوم سے دلچسپی لی، جو اس کے عوامی فریضہ کے شعبہ سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ معدنیات نباتات الارض، نباتات اور علم تشریحات ہیں ان تمام علوم میں اس نے

ایک سطحی مشاہدہ اور ایک ہمدرد شاعر ہی کی حیثیت سے دلچسپی نہیں لی، بلکہ انکی فنی، علمی اور اصطلاحی قدروں سے وہ آشنا ہوا، خاصکر علم نباتات اور عظمیات میں اس کی اہلیت اور عمق نظر کا، ان شعبوں کے فاضلوں نے اعتراف کیا،

گوئٹے پیشہ ور نہ اصطلاح میں افلاطون، ہالینڈ کے اسپینوزا اور ہینوور (جرمنی) کے لیبنز کی طرح فلسفی نہ تھا لیکن جن لوگوں نے اسکی زندگی اور فاسٹ کا مطالعہ کیا ہے انھوں نے سمجھا ہوگا کہ کلیات سے بحث کرنے اور مابعد الطبیعی مشکلات کے درمیان اپنا راستہ نکالنے میں وہ فلسفی تھا، ہم اسکا موازنہ پلیٹو یا برنس یا بایرن سے اس کا موازنہ کریں، ہم دیکھیں گے کہ کس واضح طور پر اور بعض حیثیت سے اپنی شاعری کے لئے مصرت رسال طور سے وہ فلسفی تھا، جس طرح ایک شاعر فلسفی، کی حیثیت سے، افلاطون اپنے ملک کے جمالیاتی اور مابعد الطبیعاتی عناصر کی مخصوص نیابت کرتا ہے اسی مخصوص انداز سے فاسٹ کا مصنف فلسفی شاعر، کی حیثیت سے اپنی قوم کی خدمات انجام دیتا ہے۔

نباتیات کو فلسفہ سے قریبی تعلق ہے، دوسرے گہرے انسانی معاملات کی طرح اس علم سے بھی گوئٹے نے ساری زندگی سرگرم دلچسپی لی، گوئٹے کے ضمیر میں کسی سخت عقیدہ پرستی کو رد کرنے کے لئے کافی تشکک موجود تھا، دوسری طرف جیسا کہ انگلستان کے اندر بعض سائنسدانوں میں فیشن ہوگیا ہے کہ وہ خدا کا انکار کر بیٹھے ہیں، گوئٹے ایسا آزاد بھی نہ تھا وہ خدا پر دنیا کے اخلاقی

ماحول پر، اور آخرت پر پورا یقین رکھتا تھا، وہ انجیل کو خدا کی وحی کی حیثیت سے تسلیم کرتا تھا جسمیں خدا نے خود کو پر معنی طور پر اخلاقی دنیا میں نمایاں کیا، جس طرح اس نے یونانی آرٹ میں جمالیاتی حیثیت سے اپنے کمالات کا اظہار کیا تھا، وہ دیگر عقیدہ پسندوں کی طرح خدا کا فطرت سے علیحدہ ہونا نہیں سُن سکتا تھا، بلکہ کالرج اور جیمس حواری کی طرح اس کا عقیدہ تھا کہ سچا آدمی ہر اچھے اور حقیقتاً حسین چیز کے ساتھ عقیدت و نیایش رکھتا، اور خود کو دنیا کے من مانے رسوم، غیر مفید فکر و آرا اور احمقانہ رواجوں سے بے داغ رکھتا ہے، جو سب سے زیادہ محبت کرتا ہے وہ سب سے زیادہ عبادت کرتا ہے، اور خدا کی عبادت وہی سب سے زیادہ اچھی طرح کرتا ہے جو خدا کے مقصد کو اپنے ہی شعبۂ عمل میں بڑھانے کا آرزومند ہو، اور دوسرے اہل عمل کو ان کے کاموں میں تقویت پہونچائے، یقیناً عمل ہمیشہ محبت کے ساتھ، نفرت کے ساتھ نہیں، اس کا شاندار نصب العین، فائدہ اور کلمۂ امتیازی تھا انگریزوں نے اس حد تک وسیع اصطلاح میں اس پر خود غرضی کا جو عمومی الزام لگایا ہے اس کی ہلکی سی بنیاد بھی ہمیں نظر نہیں آئی، وہ کبھی اقدامی کارروائی نہیں کرتا، وہ کبھی بغض کی پرورش نہیں کرتا جہاں اس کی امداد مفید ہوتی وہ ہمیشہ امداد دینے کے لئے مستعد رہتا ہر واسطہ کے لحاظ سے وہ صرف ایک بڑا انسان، اور نمایاں نظر نہیں آتا بلکہ اچھا خوش باش، بھائیوں

جیسا، مہربان، شفقت نواز، بشریت کا حامل، اور پورے طور سے پر لطف انسان تھا،
گوئٹے کے فلسفہ، سیاسیات، مذہبیات اور سرشت کے متعلق جو کچھ بلیکی نے
لکھا ہے وہ بڑی حد تک اقبال پر بھی صادق آتا ہے، فلسفی کی حیثیت سے گوئٹے
کوئی خاص نظام حیات پیش نہیں کرتا، اور اسی لئے وہ افلاطون، اسپینوزا، اور لیبنز
کی طرح پیشہ ور فلسفی نہ تھا، اس کے برعکس اقبال کا فلسفیانہ مرتبہ بڑا تھا، انھوں نے
فلسفۂ خودی پیش کرکے اپنا مرتبہ بہت بلند کر دیا، فلسفۂ خودی میں نطشے کے مافوق البشر
کی ایک جھلک ملتی ہے اس لئے اقبال کے اکثر نقادوں کو دھوکہ ہوگیا سر عبدالقادر،
پروفیسر شریف، ڈاکٹر مسنہا سبھی اس باب میں غلط نتیجہ پر پہونچے، اس کی وجہ یہ تھی
کہ انھوں نے اس نظریہ کے اسلامی ماخذوں پر نظر نہیں ڈالی، یہ قطعی طور پر فلسفۂ اشراقی
اور تصوف بالخصوص رومی اور علاج کے تصور بشریت پر مبنی ہے۔
گوئٹے کے سیاسی رجحانات پر چونکہ اخلاق اور شاعری کا گہرا اثر تھا، اس لئے
اقبال کی طرح وہ بھی اس باب میں ناکام رہا یہی وجہ ہے کہ اقبال کو سرکار برطانیہ
میں نہ کوئی بڑا عہدہ مل سکا نہ وہ قوم کے بڑے لیڈر بن سکے، دینیات کے لحاظ
سے البتہ گوئٹے اور اقبال میں تھوڑا سا فرق ہے، گوئٹے مسیحیت کے کلیات کا قائل
تھا، اقبال فروعی مسائل میں بھی اسلامی مسلک سے تجاوز کرنا نہیں چاہتے، ہاں
والیٹر اور نطشے کی طرح انھوں نے مذہب نما عناصر کی دھجیاں اڑائی ہیں، وہ رسمی اسلام
کی بیگانہ روح زندگی کے قایل نہ تھے، تاہم وہ ان کی حیثیت سے گوئٹے اور اقبال

دونوں ناکام رہے، شاعری اور قانون دونوں میں غالباً۔ بعد المشرقین ہے، فرق صرف یہ ہے کہ اقبال شاعری کے سوا دوسرے کاموں میں بھی نہ جم سکے اسکے برعکس گوئٹے سرکاری ملازمت میں یہاں تک کہ وزیر اعظم کی حیثیت سے بھی بہت کامیاب رہا، سائنس کی قابلیت نے اسکو زندگی کے اس دور میں بھی تاریخی کامرانی بخشی، اس منصبی فوز و فلاح، ترقی اور عظمت میں اسکی اس طبعی پسندیدگی کو بھی بڑا دخل ہے جو چیزوں کے نظم و ترتیب کے باب میں اس کو اپنے باپ سے ورثہ میں ملی تھی، وہ بڑی دیانت، انہماک، اور ولولہ سے اپنے منصبی فرائض انجام دیتا رہا گو اس نے اس کے شاعرانہ جاں پر ناخوشگوار اثر ڈالا، یہاں تک کہ وہ اکتا کر دوسال کے لئے رومہ چلا گیا، اور فطرت اور آرٹ کے ساتھ دل بہلاتا رہا۔

زمانہ اور ماحول کے لحاظ سے بھی گوئٹے اور اقبال میں ایک قریبی مماثلت پائی جاتی ہے، جرمنی، اسکاٹ لینڈ اور انگلستان کے بڑے بڑے شعرا شیلر و برنس، ورڈسورتھ و اسکاٹ، کالرج و ساؤتھی، بایرن و ٹینیسن اسی کے عہد میں پیدا ہوئے، اور ابھی وہ زندہ ہی تھا، کہ شیلر اور والٹر اسکاٹ دنیا سے رخصت بھی ہو گئے اقبال کا عہد بھی اس اعتبار سے بڑا ہی رنگین اور شاعرانہ تھا، اردو کے بڑے بڑے ممتاز شعرا، اصغر و فانی، حسرت و جگر، جوش و سیماب اسی عہد مسعود کی پیداوار ہیں، اقبال کے شاعرانہ پیغام نے اردو میں ایک خاص اسکول کی صورت اختیار کر لی ہے، اور ان کے متبعین کا سلسلہ کشمیر، پنجاب، سندھ

سے لیکر یو۔ پی، بہار اور بنگالہ تک پھیلا ہوا ہے، اقبال کی شخصیت، اخلاق اور طرز تپاک کے متعلق ڈاکٹر سنہا نے جو کچھ لکھا ہے، اس کی جھلک گوئٹے کی زندگی میں بھی ہمیں نظر آتی ہے، بلیکی اور ڈاکٹر سنہا اپنے ہیروؤں کی شخصیت کی تشکیل کے لحاظ سے ہم آہنگ ہو جاتے ہیں۔

قبل اس کے کہ گوئٹے کے "دیوان مغربی" اور اقبال کے "پیام مشرق" کا موازنہ کیا جائے گوئٹے کی شاعری پر ایک مجمل تنقید ضروری ہے، میتھو آرنلڈ نے گوئٹے کو "موجودہ عہد کا سب سے بڑا شاعر اور زمانہ کا سب سے بڑا نقاد" بتایا ہے، بلیکی کہتا ہے کہ "یہ دونوں باتیں حقیقت سے بہت قریب ہیں، خاصکر دوسرا ٹکڑا" ہیوارڈ کا فیصلہ ہے کہ گوئٹے نے سرزمین جرمنی کی ساری صورت ہی بدل دی، جرمنی ہی کی نہیں بلکہ اور ممالک کی بھی، میڈم ڈی اسٹیل کہتی ہیں کہ عظیم الشان شعرا میں اس کے صحیح مقام کی تعیین کا دعوی کئے بغیر ہم یہ اعلان کرنے میں حیص بیص نہیں کرتے، کہ وہ تربیت یافتہ ذہن کا شاندار ترین نمونہ تھا جس کا کبھی دنیا میں ظہور ہوا" بلیکی کی تاریخی تعیین کے مطابق گوئٹے نے ۱۸۱۹ء میں اپنا دیوان مغربی لکھا، جرمنی اور یورپ کے دوسرے ممالک میں مشرقی تحریک کا آغاز اقبال کی رائے میں ۱۸۱۲ء میں ہوا تھا جبکہ وان ہیمر نے خواجہ حافظ کے دیوان کا پورا ترجمہ شائع کیا، گوئٹے نے بھی جرمن، انگریز، فرانسیسی اور دوسرے یوروپی شعرا، علما اور مستشرقین کی طرح مشرقی شاعری بالخصوص فارسی سے

دلچسپی لی، چنانچہ اپنے آپ کو ایک مقام پر عالم خیال میں ایک ایرانی شاعر تصور کرتے ہوئے جس کو جرمنی میں جلاوطن کر دیا گیا ہو وہ لکھتا ہے "اے فردوسی! اے جامی! اے سعدی! تمہارا بھائی زندان غم میں اسیر شیراز کے پھولوں کے لئے تڑپ رہا ہے[1]" اقبال کے بیان کے مطابق گوئٹے خواجہ حافظ کے علاوہ اپنے تخیلات میں عطار، سعدی، فردوسی اور عام اسلامی لٹریچر کا بھی مرہون ہے۔

ڈاکٹر اقبال نے گوئٹے کے "مغربی دیوان" کا جواب لکھا، یہ کتاب ۱۹۲۳ء میں "پیام مشرق" کے نام سے چھپی گوئٹے کے "مغربی یوں" نے اقبال کی شاعری کا انداز بدل ڈالا، ابھی تک انھوں نے جو مختصر نظمیں کہی تھیں وہ انگریز شعرا کے تتبع و تقلید کا نتیجہ تھیں، انھوں نے اس محاکات کے بعد ہندوستان اور امت اسلامیہ کے متعلق بعض تخلیقی نظمیں بھی لکھیں، انھوں نے مشرقی و مغربی علوم فلسفہ سے متاثر ہو کر "اسرار خودی" لکھی لیکن گوئٹے کے مطالعہ نے ان کی شاعری کا نہج ہی بدل ڈالا، پیام مشرق، اور ضرب کلیم، میں جو چھوٹی چھوٹی نظمیں ہیں، اور انہیں انھوں نے زندگی و کائنات کے بے شمار مسائل پر جو مختصر مگر جامع تنقیدیں کی ہیں وہ ہمیں بلیکی کی "گوئٹے کی دانائی" کی یاد دلاتی ہیں اقبال گوئٹے کی طرح اپنے ان تصانیف میں شاعر سے زیادہ حکیم اور پیغام بر نظر آتے ہیں، وہی عمق، تجربہ اور وزن جو گوئٹے کی تنقیدوں میں ہے، ہمیں اقبال کے یہاں بھی نظر آتا ہے، میتھو آرنلڈ کے

[1] پیام مشرق مقدمہ

نظریہ کے مطابق جس طرح گوئٹے ہر عہد کا سب سے بڑا نقاد ہو سکتا ہے، اسی طرح اقبال کو بھی ہر زمانہ میں ایک عظیم الشان نقاد کی حیثیت سے دیکھا جائیگا،

گوئٹے اور اقبال دونوں کے یہاں بہت سے مشترک موضوع ہیں، جن پر دونو نے فلسفیانہ اور ناقدانہ انداز میں اظہار خیال کیا ہے ذیل میں دونو شعرا کی فکر و احساس کا موازنہ کیا جاتا ہے۔

زندگی

گوئٹے کہتا ہے "انسان کی اعلیٰ صفت جہاں تک ممکن ہو سکے خارجی حالات پر حکمرانی کرنا اور جہاں تک کم ممکن ہو اپنے کو ان کی محکومیت کے حوالہ کرنا ہے، زندگی ہمارے سامنے وہی حیثیت رکھتی ہے جس طرح ایک معمار کے سامنے ایک عظیم الشان معبد، وہ معمار کے نام کا اہل اسی وقت ہو سکتا ہے جبکہ وہ اس قدرتی اسباب کے ماتحت ہونے والے ذخیرہ سے بہت ہی کفایت شعاری، مناسبت اور پائداری کے ساتھ ایک ایسی شکل تیار کر لیتا ہے جس کا نمونہ اس کی روح ہی میں خلق ہو جاتا ہو ساری چیزیں جو ہم سے خارج ہیں، نہیں بلکہ میں اضافہ کر سکتا ہوں، ساری چیزیں جو ہم میں داخل ہیں صرف عناصر کی حیثیت رکھتی ہیں، لیکن ہماری فطرت کے انتہائی داخلی مقبرہ میں تخلیقی قوت موجود ہوتی ہے جو ان (منتخب مواد) سے وہ چیز پیدا کرتی ہے جو ان کو بنانا ہے، اور جو (تخلیقی قوت) ہمیں نہ سونے دیتی، نہ آرام لینے دیتی ہی جب تک ایک یا دوسرے یعنی خارجی یا داخلی طور پر یہ تخلیق منظر شہود پر نہ آجائے۔

اب دیکھئے اقبال کیا فرماتے ہیں،

پرسیدم از بلند نگاہے حیات چیست . گفتا مئے کہ تلخ ترا و نکو تر است
گفتم کہ کرمک است ز گل سر بروں زند . گفتا کہ شعلہ زاد و مثال سمندر است
گفتم کہ شر بہ فطرت خامش نہادہ اند گفتا کہ خیر او نہ شناسی ہمیں شر است
گفتم کہ شوق سیر نہ بردش بہ منزلے گفتا کہ منزلش بہ ہمیں شوق مضمر است
گفتم کہ خاکیست و بہ خاکش ہمی دہند گفتا چو دانہ خاک شگافد ز گل تر است

ان اشعار کا مفہوم یہ ہے کہ "میں نے ایک بلند نظر انسان سے پوچھا کہ زندگی کیا ہے؟ اس نے بتایا کہ یہ ایک ایسی شراب ہے کہ اُس کی تلخ تر قسم بھی، اچھی ہی ہی، میں نے کہا یہ ایک کیڑہ ہے جو مٹی سے پیدا ہو گیا ہے، اس نے کہا نہیں بلکہ سمندر (ایک جانور جس کی پیدائش آگ سے ہوتی ہے) کے مثل آگ سے اس کا جسم ہے، میں نے کہا کہ اس کی فطرت خام میں شر کا مادہ ہے، اس نے جواب دیا کہ اس کے خیر کی معرفت حاصل نہ کرنا ہی شر ہے، میں نے کہا اس کا شوق سیر کسی منزل پر اسے نہ لے گیا، اس نے کہا کہ اس کی منزل تو شوق میں چھپی ہوئی ہے، میں نے کہا کہ وہ خاکی ہے اور آخر کار خاک میں ملا دی جاتی ہے، اس نے کہا کہ دانہ جب خاک کو چیر ڈالتا ہے تو گل تر بن جاتا ہے۔

گوئٹے کے آخری سطور میں وہ تصور موجود ہے جس کی طرف اقبال نے اپنے آخری شعر میں اشارہ کیا ہے،

بایرن

ایک ایسی طبیعت کے ساتھ جو اس کو ہمیشہ لامتناہیت کی طرف لے جاتی تھی، وہ مدکاوٹ جو اس نے تین وحدتوں کی پابندی و تعظیم کے ذریعہ جو اس نے اپنے اوپر عائد کی، وہ اس کو اچھی طرح زیب دیتی ہے، کاش وہ یہ بھی جان لیتا کہ کس طرح اخلاقی ضبط سے بھی کام لیا جاتا ہے، اس کو تباہ ہونا تھا اس لئے ایسا وہ نہیں کر سکتا تھا اور یہ کہنا مناسب ہے کہ وہ اپنے ہی بے لگام مزاج کی وجہ سے برباد ہوا۔

لیکن وہ اپنے متعلق بہت تاریکی میں تھا، وہ اپنے زمانہ میں متکبرانہ انداز سے جیا، اور نہ اس کو یہ پتہ چلا اور نہ اس نے سوچنے کی زحمت گوارا کی کہ وہ کیا کر رہا ہے اپنے لئے سب کچھ روا رکھتے ہوئے اور دوسروں کی کوئی چیز سے درگذر نہ کرکے لازمی طور پر اس نے خود کو ایک خراب حیثیت میں مبتلا کر دیا، اور دنیا کو اپنا دشمن بنالیا۔ بہت شروع ہی میں اس نے اپنی کتاب "انگریزی بھاٹ اور اسکاٹ لینڈ کے تبصرہ نگار" کے ذریعہ ممتاز علمی آدمیوں کو آزردہ بنا دیا اس انداز پہ جمے رہ کر وہ ایک قدم اور پیچھے سرک گیا، اپنے بعد کے تصانیف میں وہ مخالفت اور نکتہ چینی کا رستہ اختیار کئے رہا نہ مذہب اس کے حملہ سے محفوظ رہا نہ حکومت اس ناعاقبت اندیشانہ چلن نے اس کو انگلستان سے ملک بدر کر دیا، اور کسی وقت اسکو یورپ ہی سے بھاگنا پڑتا، ہر جگہ اس کے لئے تنگیاں تھیں، اور بہت ہی مکمل شخصی آزادی کے ساتھ اس نے خود کو محدود دائرہ کے اندر مقید کر لیا، یہ دنیا اس کیلئے ایک

قید خانہ نظر آنے لگی، اس کا سفر یونان اس کے اختیاری فیصلہ کے ماتحت نہ تھا، دنیا کے ساتھ اس کی غلط فہمی نے اس کو وہاں بھیج دیا، ایک ممتاز انسان کی شخصی تباہی نہ صرف موروثی اور حسب وطنی چیزوں کو نظر انداز کرنے کے سبب ہوئی، بلکہ اپنے انقلابی رجحان کے ذریعہ جہیں منتقل ذہنی اضطراب شامل تھا، اس نے اپنی فطری صلاحیت کو بکھرنے نہ دیا اس کے علاوہ اس کی متاثر نفسی اور نکتہ چینی اس کی اعلیٰ تصنیفات کے لئے بھی مفید ثابت ہوئی، کیونکہ شاعر کی بے اعتنائی نہ صرف قاری پر برا اثر ڈالتی ہے بلکہ ساری مخالفت کا انجام نفی ہوتا ہے اور نفی کوئی شے نہیں، اگر ہم کسی برے کو برا کہیں تو ہمیں حاصل کیا ہوتا ہے؟ لیکن جب ہم کسی اچھے کو برا کہیں تو ہم بہت زیادہ فتنہ کے مرتکب ہوں گے، وہ جو ٹھیک کام کرتا ہے کبھی اس پر طعن نہیں کرے گا، برائی کے جانے پر اپنے کو پریشانی میں نہیں ڈالے گا، بلکہ خود اچھا کام کرتا رہیگا کیونکہ تخریب کسی بڑے نقطہ کا نام نہیں، بلکہ تعمیر ہے اور اسی میں انسانیت کو اصلی خوشی محسوس ہوتی ہے، لارڈ بائرن بھی ایک انسان ہی تھے، ایک انگریز، طبقہ امرا کے ایک فرد، ایک بڑی فطری صلاحیت کے انسان، ان کے اچھے اوصاف انسان سے خصوصی تعلق رکھتے ہیں، ان کی بری باتیں، انگریز، اور طبقہ امرا کے ایک فرد ہونے سے ان کی فطری صلاحیت کا مقابلہ، مقدار کے لحاظ سے ان چیزوں سے نہیں ہو سکتا، سارے انگریز ایسے ہی ہوتے ہیں، اس میں کوئی طعن نہیں، ایسا کہنا بالکل صحیح ہے، بہت سے اقسام کی بدحواسی اور جماعتی جوش ان کے خیالات کو سکون کے

ساتھ بخشہ نہیں ہوتے دیتا، لیکن عمل انسان کی حیثیت سے وہ بڑے ہوتے ہیں۔

اس طور سے ہارڈی یا ہر قنوطی اور پر باد دنیا پر ایک دانشمندانہ عکس نہیں ڈال سکتا تھا مگر جہاں وہ کوئی تخلیق کرنے میں کامیاب ہوتا ہے وہ ہمیشہ شعر کہنے پر مجبور رہتا تھا، اور جو چیز اس سے نکل جاتی اس کے دل سے بہت خوب تھی۔ اس نے اپنی بہترین چیزیں پیش کیں جیسا کہ عورتیں اپنے بھولے بھالے بچے پیش کرتی ہیں، بلا اس کا خیال کئے ہوئے اور بلا یہ جانے ہوئے کہ کیسے یہ کیا گیا۔

وہ ایک بڑی فطری صلاحیت، پیدائشی صلاحیت کا انسان تھا، اور ہم نے اس سے زیادہ کسی میں ہو شاندار نہیں دیکھی۔ ہمیں اس کے سمجھنے اور گذرے ہوئے سوا قع میں سما جانے کے لحاظ سے وہ اتنا ہی بڑا تھا جتنا شیکسپیر، لیکن ایک خالص فرد کی حیثیت سے شیکسپیر اس سے بزرگ تر ہے، باوجود اس کے محسوس کرتا تھا اور اسی وجہ سے وہ شیکسپیر کے متعلق زیادہ نہیں کہتا، گو ہماری سماعتیں اس کو حفظ ہیں، بہ حیثیت مجموعی ارادی حیثیت وہ اس کو [illegible] کیونکہ شیکسپیر کی بشاشت اس کا سنگ راہ ہے، اور وہ محسوس کرتا ہے کہ اس اعتبار سے وہ کسی طرح اس کا مدمقابل نہیں، پوپ کا وہ انکار نہیں کرتا کیونکہ اس سے اس کو ڈرنے کی کوئی وجہ نہیں، اس کے برعکس وہ اس کا تذکرہ کرتا ہے، اور جہاں تک ہو سکتا ہے اس کا احترام کرتا ہے، چونکہ وہ بھی طرح جانتا ہے کہ پوپ کے مقابلہ میں اس کی آب و تاب زیادہ نمایاں ہے ایک انگریز امیر کی حیثیت سے اس کا بلند مرتبہ بایرن کے لئے مضرت رساں تھا، کیونکہ فطری صلاحیت کا ہر انسان خارجی دنیا سے پست ہو جاتا ہے، اور اس وقت یہ

احساس اور بھی سنگین ہو جاتا ہے جبکہ ایسی خاندانی شرافت کے ساتھ ایک عظیم الشان خوش قسمتی بھی مستلزم ہو، ایک خاص اوسط طبقہ فطری صلاحیت کے لئے بہت زیادہ مناسب حال ہے، یہی وجہ ہے کہ ہم بڑے بڑے فن کاروں، اور شاعروں کو متوسط طبقہ میں پاتے ہیں، لامتناہیت کی طرف بایرن کا طبعی میلان، نیچے گھرانہ اور کمتر وسائل کے ساتھ اس قدر خطرناک نہ ہوتا لیکن چونکہ وہ ہر خیال کو عمل میں پیش کر سکتا تھا، اس لئے اس کو بے ثمر ناگوار مواقع میں گھرے رہنا پڑا، اس کے علاوہ ایک اتنے بلند مرتبہ کا آدمی، دوسروں کے مرتبہ سے، خواہ کیسا ہی ہو، وہ کس طرح ہیبت اور تعظیم کا اثر لے سکتا تھا، جو اس نے محسوس کیا وہی بولا، اس نے اس کو دنیا کے ساتھ ایک ناقابل اختتام جدال میں مبتلا رکھا۔

اگر لارڈ بایرن کو زوردار پارلیمانی تقریروں کے ذریعہ، اپنے جلن کے سارے مخالفانہ عنصر کو کام میں لانے کا موقع ملتا، تو وہ شاعر کی حیثیت سے زیادہ خالص ہوتا، لیکن چونکہ پارلیمان میں وہ کبھی بولتا نہ تھا وہ اپنے سرپرستوں کے خلاف اپنے سارے احساسات اپنے ہی اندر جذب رکھتا تھا، اور ان احساسات سے خود کو آزاد کرنے کی اس کے سوا کوئی صورت نہ تھی کہ وہ ان کو شاعرانہ صورت میں پیش کرے، اس لئے میں بایرن کی شاعری کے بڑے حصہ کو نفی کے کارناموں سے تعبیر کرونگا، ایسی تقریریں جو پارلیمان میں ہونی چاہیئے تھیں، اور انکو اس عنوان کے تحت لاکر انکی وقعت بڑھانا ہے، گھٹانا نہیں ہے،

اب اقبال کی تنقید پر ایک نظر ڈالئے،

مثال لالہ و گل شعلہ از زمین روید — اگر بہ خاک گلستاں ترا وداز جامش،
بود درخور طبعش ہوائے سرد فرنگ — تپید پیک محبت ز سوز پیغامش،
خیال او چہ پرستارۂ بنا کردہ است — شباب عشق گند از جلوۂ لب بامش،
گذاشت طایر معنی نشیمن خود را — کہ سازگار ترافت دحلقہ، دامش،

گوئٹے نے بایرن کی زندگی کے جن گوشوں پر شرح کے ساتھ نظر ڈالی ہے، اقبال ان پر ایک مجمل نگاہ ڈالتے ہیں، گوئٹے کی طرح اقبال بھی بایرن کی شدت احساس، بے باک اظہار خیال، اور شعلہ انگیز طرز تنقید کے قایل ہیں وہ اس کے حسرت ناک انجام کو بھی پیش کرتے ہیں، لیکن فرق صرف اس قدر ہے کہ گوئٹے اس کی بربادیوں کو خود اسکے حد سے بڑھے ہوئے احساس، اور بے لگام، غیر مدبرانہ اور کھلم کھلا نکتہ چینیوں، کا نتیجہ قرار دیتا ہے اقبال اسکے لئے بایرن کو نہیں بلکہ خود یورپ ہی کو سزاوار ملامت سمجھتے ہیں، بایران کے شاعرانہ کمال، جوش اور فطری صلاحیت کے دونو یکساں قایل ہیں، اقبال کی تنقید یا تقریظ کا خلاصہ یہ ہے،

"اگر بایرن کے جام سے باغ میں ایک قطرہ ٹپک پڑے تو اس سے بجائے لالۂ وگل، زمین سے شعلہ پیدا ہو، یعنی اس قدر اس کے کلام میں گرمیاں ہیں، یورپ کی سرد ہوا اس کی طبیعت کے ناموافق تھی، اس کے پیغام کے سوز سے محبت کا تاصر تڑپ اٹھا، اسکے خیال نے کیسا پری خانہ بنایا کہ جوانی اس کو لب بام پر

دیکھکر غش کھا جاتی ہے، یعنی اس کی شاعرانہ قدرت نے ایسے خیالات کی تخلیق کی ہے جیسے ایک قصر بلند پر ایک حور وش بیٹھی ہو اور جوان اس کو دیکھے اور غش کھا کر گر پڑے، بایرن کے افکار شعری ہمارے اندر یہی جوش و حدت پیدا کر دیتے ہیں، بایرن کی شاعری تیر معنی آفرینی کا یہ عالم ہے کہ اب معنی کا کوئی پہلو باقی نہ رہا کہ کوئی اس کو پیش کر سکے کیونکہ طائر معنی خود ہی اپنے نشیمن سے اتر کر اس کے حلقہ دام میں گرفتار ہو گیا"

عشق

دشمنی اور بدخواہی تماشہ ہیں کو محض اس سمع میں محدود کر دیتی ہے، جسکو وہ دیکھتا ہے، وہ ہمیشہ ایسا ہی حساس رہتا ہے، لیکن جب لطف و محبت کے ساتھ زیبکی مربوط ہو جاتی ہے، تو مشاہد، انسانوں، اور عالم کی محض چولی سے درے ہو جاتا ہے اور مسرت آفریں اثرات کے ماتحت بلند مسائل کو حل کر دینے کی توقع کر سکتا ہے۔

گوئٹے نے عشق و محبت پر ایک مجمل رائے دی ہے، اقبال نے اس کی وضاحت کرتے ہیں، لیکن مقصد اور پیغام کے لحاظ سے دونوں بالکل ہم آہنگی ہیں،

فکرم چو بہ جستجو قدم زد — در دیر رسید و در حرم زد
در دشت طلب بسے دویدم — دامن چو گرد باد چیدم
پویاں بخضر سوئے منزل — بر دوش خیال بستہ محمل،
جویائے دے و شکستہ جامے — چو صبح بہ باد چیدہ جامے،
پیچیدہ بہ خود چو موج دریا — آوارہ چو گرد باد صحرا،

عشق تو دلم ربود ناگاہ — از کار گرہ کشود ناگاہ
آگاہ ز ہستی وعدم ساخت — بتخانۂ عقل را حرم ساخت
چو برق بہ خرمنم گذر کرد — از لذت سوختن خبر کرد
سرمست شدم ز پا فتادم — چو عکس ز خود جدا فتادم
خاکم بہ فراز عرش بردی — زاں را کہ بدلم سپردی
واصل بہ کنار کشتیم شد — طوفان جمال زشتیم شد
از عشق حکایتے ندارم — پروائے ملامتے ندارم
از جلوۂ علم بے نیازم — سوزم، گریم، تپم، گدازم

میرا خیال جب تلاش میں نکلا تو دیر میں بھی گیا اور حرم میں بھی، صحرا میں بھی بگولے کی طرح مارا پھرا اور جستجوئے منزل میں موج دریا کی طرح بھی بیتاب کھاتا رہا یہاں تک کہ تیری محبت نے میرا دل چھین لیا۔ اس نے مجھے ہستی اور نیستی کی معرفت سکھائی، عقل کے بتکدے کو حرم بنا ڈالا، یہ محبت بجلی کی طرح میرے خرمن زندگی پر گری اور مجھے لذت سوز سے آشنا کیا، یہاں تک کہ میں آپے سے باہر ہوگیا، سایہ کی طرح اپنے وجود سے ایک علیحدہ ہستی بن گیا۔ محبت نے جو زندگی مجھے بنایا اس سے میری خاک کا مرتبہ عرش کی بلندی تک پہونچا، میری کشتی ساحل سے آملی، میری برائیاں طوفان جہاں میں مٹ گئیں، اب عشق ہی عشق مجھ میں ہے، مجھے نہ کسی کی ملامت کی پروا ہے، اور نہ کسی علم کی ضرورت، میں محبت میں جل رہا ہوں،

روتا ہوں، لوٹ رہا اور گھل رہا ہوں۔ اب آپ پیچھے مڑ کر گوئٹے کی فکر و رائے پر بھی ایک نظر ڈالیں "جہاں محبت میں انسان بہت بلندی حاصل کر لیتا ہے، اور مسرت آفریں اثرات کے ماتحت بلند مسائل کو حل کرنے کی توفیق کر سکتا ہے"

گوئٹے کی زندگی کا ایک تاریخ وار خلاصہ

ولادت و طفولیت

۱۷۴۹ء — ولادت بہ مقام فرینکفرٹ،

۱۷۵۶ء — جنگ ہفت سالہ، فریڈرک ثانی

۱۷۵۹ء — شیلر اور رابرٹ برنس کی پیدائش

طالب علمی

۱۷۶۵ء — لیپزگ یونیورسٹی

۱۷۶۵ء — ماریہ تھریسا اور جازف ثانی

۱۷۶۹ء — اسٹراسبرگ، کوویرا اور ولنگٹن کی پیدائش

۱۷۷۰ء — سسنہیم فریڈرک، ورڈسورتھ اور سر والٹر اسکاٹ کی پیدائش،

قانون اور ادبیات

۱۷۷۲ء — وزلر ناٹ — کالرج کی پیدائش

۱۷۷۳ء گازوان برلی چنگن۔
۱۷۷۴ء ورتھر ــــ رابرٹ ساؤتھی کی پیدائش
۱۷۷۵ء لی لی

ویمر میں امید واری کا دور

۱۷۷۵-۷۶ء فرو، وان اسٹین ــ قومی کام ــ سرکاری ملازمت
بہتری چھوٹی تصنیفات ــــ اس کے عظیم الشان
کلاسکل تصانیف کی تدریجی ترقی
۱۷۷۶-۸۰ء عظیم الشان کلاسکل ڈکسالی تصانیف

اطالیہ

۱۷۸۶ء ایفجینا، اگمانٹ

شادی اور خانہ آبادی

۱۷۸۸ء کرسچینا ولپیس ــ ولادت بابرن
۱۷۸۹ء انقلاب فرانس ــــ قصاید ــــ ٹاسو
۱۷۹۲ء فرانس میں پروشیا والوں کی فوج کشی، علم مناظر

شیلر اور گوئٹے

۱۷۹۴ء شیلر سے خط و کتابت
۱۷۹۵ء وینس کا لطیفہ ــ تقابلی علم تشریحات

۱۷۹۷ء	ہرمان اور ڈوراتھیا
۱۸۰۰ء	علم مناظر
۱۸۰۳ء	بن وینوٹو بیلینی، حقیقی دختر
۱۸۰۵ء	نپولین کی موت۔ سیاسی پریشانیاں
۱۸۰۶ء	جنگ جینا
۱۸۰۶ء	فاسٹ
۱۸۰۹ء	بیتھوون کی پیدائش
۱۸۱۳ء	جنگ آزادی
۱۹۱۴-۱۸۱۵ء	مغرب کا مشرقی دیوان
۱۸۱۵ء	واٹرلو کی لڑائی
۱۸۲۰ء	طبعی سائنس اور صوریات (سائنس کا وہ شعبہ جو اعضا کی شکل و ساخت سے بحث کرتا ہے)
۱۸۲۲-۳۱ء	بہتیری، علمی، تنقیدی اور فنی تصنیفات۔
۱۸۳۱ء	فاسٹ کا دوسرا حصہ۔ ہیوالٹر اسکاٹ کی موت،
۱۸۳۲ء	۲۲ مارچ، گوئٹے کی موت
۱۸۳۲ء	کوویر کی موت

اقبال اور دانتے

اقبال اور دانتے

ڈاکٹر اقبال نے اپنی کتاب "جاوید نامہ" کا نام اپنے عزیز فرزند "جاوید" کے نام پر رکھا، کتاب کے بالکل آخر میں جاوید سے خطاب بھی ہے، لیکن صحیح معنی میں جاوید کی ذات، زندگی، یا تعلیم سے اس کو کوئی خاص علاقہ نہیں، بلکہ دراصل یہ کتاب اقبال کی صوفیانہ اور فلسفیانہ شاعری کا ایک شاہکار ہے روحانیت کی جس منزل پر پہونچکر اقبال نے یہ کتاب لکھی، اس کی نظیریں قوموں اور ملکوں کے ادب و شاعری میں موجود ہیں،

جاوید نامہ ہمیں زرتشتیوں کی "ارتاوراف نامک" ہندوؤں کی "اندرالوک گیمنم" اسرائیلیوں کی "ورداتے کی "ڈیوائن کمیڈی" کی یاد دلاتی ہے، دراصل یہ کتاب اسلام کی "معراج" کے رنگ میں لکھی گئی، شاعر اپنی روحانی زندگی میں ایک بالیدگی سی محسوس کرتا ہے، یہی روحانی تڑپ اس کو عالم بالا کی طرف لے جاتی ہے، اور وہ ایک پیام برانہ اور مصلحانہ انداز میں انسانوں کو نیکی اور حق کی تلقین کرتا ہے، واکر ٹسٹل نے معراج پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے، "ویسیو پالی" میں ہمیں بتایا گیا ہے کہ کس طرح بودھ آسمانوں پر گیا، اور فردوس کے چار دریاؤں کو دیکھا، اور حضرت ابراہیمؑ نے بھی (اپنے اضافوی عہد نامہ میں) کس طرح عجائب آسمانی کا مشاہدہ کیا، ان میں سے ہر ایک

لوٹ کر دنیا میں آئے اور محمدؐ اور اسرا و معراج کی طرح جو کچھ دیکھا تھا دنیا کو بتایا۔[1]
ڈاکٹر آسین پلاسیوس نے معراج کی تنقیح کی ہے، اور اسلام کے اس مسئلہ کو دنیا کی دوسری مذہبی خرافات کی طرح ایک فرضی اور تقلیدی چیز بتائی ہے، ہمیں یہاں اس مسئلہ کے الہامی پہلو اور اس کی صداقت سے بحث نہیں بلکہ یہ بتانا ہے کہ قوموں کے ادب میں اس نہج کی تمثیلی چیز موجود ہے اور روحانی رنگ میں اقبال نے اسی کا تتبع کیا ہے، اس سلسلہ میں دانتے اور اس کی زندگی و تصانیف پر ایک اجمالی نگاہ ڈال لی جائے تو بیجا نہیں[2]

دانتے کی زندگی و تصانیف — دانتے کا پورا نام Dante Alighieri

ہے، ۱۸ رمئی اور ۱۷ رجون کے درمیان ۱۲۶۵ء میں بمقام فلورنس پیدا ہوا۔ ہنری ہفتم آف لکسمبرگ کے ساتھ ملکر وطن کی خدمت و اصلاح کر رہا تھا اسکی سیاسی ناکامی نے اس کے قلب پر گہرا اثر کیا اس کی زندگی نے ایک نئی کروٹ لی اور ۱۳۰۰ء کے بعد وہ صوفیانہ افکار کی طرف مائل ہو گیا چھپن برس

[1] Sources of The Quran
Encyclopedia Of Religion and Ethics

کی عمر میں ۱۴ ستمبر ۱۳۲۱ء کو وہ بہ مقام راونا (Ravenna) انتقال کر گیا، اور بڑی شان کے ساتھ ایک جلیل القدر شاعر اور فلسفی کی حیثیت سے بہ مقام فریرمائیز مدفون ہوا،

دانتے کی زندگی کو اس کی تصانیف کی طرح تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے پہلا دور تو عشق و محبت کا تھا جبکہ وہ بیٹرس پر والہانہ طور سے مفتوں تھا، عہد شباب کے یہ تصورات و رجحانات اس کے مجموعۂ کلام وٹیا نوا وا Vita Nuova میں جمع ہیں، یہ دانتے کی پہلی کتاب ہے اس میں اس کی اکتیس غزلیں ہیں، جسمیں اس نے بیٹرس کے ساتھ اپنے عشق کا اظہار کیا ہے،

دوسرا دور وہ تھا جبکہ اس نے سیاسیات سے دلچسپی لینی شروع کی، یہ دور بہت صبر آزما اور حوصلہ شکن رہا اس کا مال و اسباب ضبط ہوا اس کو جلا وطنی کی مصیبت جھیلنی پڑی، اس کو دھمکی دی گئی کہ وہ نذر آتش کر دیا جائیگا، اور حکومت وقت نے اس کا سر قلم کر لینے کے لئے فرمان بھی جاری کر دیا، اس عہد میں اس نے تغزل، فلسفہ، لسانیات اور بلند سیاسی تصورات و افکار پر ایسی بلند پایہ کتابیں لکھیں جو لاطینی زبان میں معیاری و مستند سمجھی جاتی ہیں،

Convivis میں اس کے آخری عہد کی غزلیں اور نظمیں لسانیاتی اور فلسفیانہ سرمایہ تحقیق ہے، De Vulgari Eloquentia

ہیں اس نے لاطینی نثر کے شاہکار چھوڑے ہیں اور De Monarchia
ہیں اس کے سیاسی افکار و عقائد پرجوش طریقہ سے ترقی پذیر معلوم ہوتے ہیں،
اسمیں اسکے لاطینی خطوط بھی ہیں، تیسرا دور وہ ہے جب کہ حاضر کی اصلاح کے لئے وہ
دوسرے عالم کا تصور کرنے لگا، انسانیت سے الوہیت کی طرف اور زماں سے
ابد کی طرف لوٹنے لگا اس عہد کی مایہ ناز کتاب Divina-
Commedia ہے اور لاطینی نثر میں وہ مکتوبات جو اس نے CanGrade dello Scala کو
لکھے، درجل کے تتبع میں اس نے جو دیہاتی نظمیں لکھی ہیں وہ اسی زمانہ کی پیداوار
ہیں۔ Divina Commedia میں دانتے
نے انسانی زندگی اور انسانی تقدیر کو ایک ایک کنایہ آمیز طریقہ سے بیان کیا
ہے، اس مسئلہ کو اس نے موت کے بعد ارواح کی حالت کا نظارہ پیش کرکے
واضح کیا ہے، صوفیانہ معنی میں یہ کتاب استعارہ کے طور پر روح کے صعود سے
بحث کرتی ہے، جو اسی گوشت پوست کی زندگی میں حاصل ہوسکتا ہے، تین
طریقوں تزکیۂ باطن، تجلی اور اتحاد کے ذریعہ یہ صعود روحانی میسر آسکتا ہے، دانتے
کا مقصود یہ ہے کہ ایک نظم کے ذریعہ دنیا کی اصلاح کرے، ایک ایسی نظم جو
ابدیت کے آئینہ میں انسان اور فطرت کو پیش کرسکے،

دانتے غالباً عہد وسطیٰ کی ان روایات میں سے بعض سے واقف تھا جن

میں دوسرے عالم کی زیارت کے متعلق (خواہ اسی جسم میں یا اس جسم سے علیحدہ ہوکر) بحثیں پائی جاتی ہیں، Visis Sancte Secolo

اور وہ رؤیتیں، جو سینٹ گریگوری عظیم کے مکالمات میں پائی جاتی ہیں بارہویں صدی میں عام تھیں، گوآمرش بینڈکٹین مرقس (۱۱۴۹ء) کی Visis Tnugdali ایک ایسی کتاب ہے جس کے نمایاں اثرات Divina Commedia میں نظر آتے ہیں،

جاوید نامہ پر تبصرہ

اقبال مسئلۂ معراج اور دانتے کی ڈیوائن کامیڈی سے متاثر ہوکر اپنی کتاب لکھی اس کا ثبوت خود "جاوید نامہ" سے ملتا ہے، کتاب کے ایک عنوان تمہید زمینی کو پڑھئے اس میں خود انھوں نے اعتراف کیا ہے کہ میں شہر کے ہنگاموں سے گھبرا کر دشت و کہسار کی طرف نکل پڑا، شہر میں التہاب عشق کو فروغ نہیں ملتا، یہی وجہ ہے کہ عاشق کو پناہ ملتی ہے تو دامان کوہسار میں یا لب جوئبار میں، چنانچہ میں بھی تھوڑی دیر کے لئے دریا کے کنارہ دم لینے لگا، شام کا وقت تھا، اور غروب کے منظر اور شفق کی رنگ بیزی سے سمندر کا نیلگوں پانی لعل کی طرح رنگیں نظر آرہا تھا، شام کا سماں کچھ ایسا ہوتا ہے کہ اندھوں میں بھی ذوق نظر پیدا ہو جائے، سحر کی طلوع میں اگر دل فریبیاں ہیں تو شام کے غروب میں بھی سحر سامانیاں ہوا کرتی ہیں،

دل ہی دل میں باتیں ہو رہی تھیں، پہلو میں کسی آرزو کی خلش پا رہا تھا، دل کچھ ڈھونڈھ رہا تھا، زندہ ہوں لیکن لطائف زندگی سے بے بہرہ آنی ہوں اور جادوانی سے محروم، اسی عالم میں دریا کے کنارے بیٹھا ہوا، رومی کی یہ غزل پڑھ رہا تھا" اس کے بعد اقبال نے رومی کی اسی مشہور غزل کے نو اشعار دئے ہیں جس سے "اسرار و رموز" کی ابتدا کی تھی،

بکشائے لب کہ قند فراوانم آرزوست بنمائے رخ کہ باغ و گلستانم آرزوست

رومی نے اس غزل میں اپنی آشفتہ آرزوؤں کی ایک لمبی کہانی لکھی ہے، وہ اپنے محبوب کے رخ میں چمن کی نکہتیں، اور اس کے لب لعلیں میں قند کی عذوبتیں محسوس کرتے ہیں، ان کی تمنا ہے کہ ایک ہاتھ میں یار کی زلف ہوتی اور دوسرے ہاتھ میں شراب کا پیالہ، اور اسی عالم بدمستی میں، میاں ہوتا اور اس میں رقص بیتاب! محبوب یہ کہتا کہ مجھے زیادہ نہ ستاؤ اور میری آرزو ہوتی کہ وہ یہی کہتا جاتا، اس وقت نہ عقل کی مصلحت کوشیاں ہوتیں، اور نہ ہوش کی نکتہ سنجیاں، بلکہ شوق فراواں گفتگو میں پراگندگی اور عشق خیرہ سر خیالات میں آشفتگی پیدا کر دیتا، یہ آسماں اور اس کی روزی رسانیاں سیلاب کی طرح وفا دشمن ہیں، اس لئے مجھ ماہی بے آب کے لئے بحر عمان چاہیئے اور اس کی بے کرانیاں، میری روح فرعون اور اس کے ظلم سے ملول ہے، میری آرزو ہے کہ مجھے موسیٰ کا ید بیضا نصیب ہوتا، کل شیخ کو میں شہر میں چراغ لے مارے پھرتے

دیکھا، وہ کہتے جاتے کہ "دیو اور درندوں سے دل خستہ ہوچکا اب "انسان" کی صحبت کا آرزو مند ہوں، ان سست اور بے کیف ساتھیوں سے دل بھر چکا اب حضرت علیؓ جیسے شیر خدا اور رستم جیسے تہمتن کی ضرورت ہے" میں نے کہا شیخ صاحب! آپ جس تمنا میں سرگرداں ہیں وہ دنیا میں میسر ہونے والی چیز نہیں، انھوں نے کہا "جو میسر نہ ہو وہی میری آرزو ہے"

اب سوال یہ ہے کہ اقبال کو رومی کی اس غزل میں کونسا پیام مل رہا تھا اور انھوں نے اپنی مثنوی "اسرار و رموز" کی طرح جاوید نامہ میں بطور عنوان اسی کو کیوں دیا، بات یہ ہے کہ اقبال اب شاعری کی اس منزل تک پہونچ چکے تھے، جہاں شاعری اور پیمبری کے ڈانڈے ملتے ہیں، یہی وہ بام روحانیت تھا جہاں پہونچکر پیمبروں کی طرح شاعروں کو بھی معراج ہوا کرتی ہے، اقبال کی روحانی آنکھیں کھل چکی تھیں، ان کا باطن بہت پاکیزہ اور لطیف ہوچکا تھا، وہ اپنی ندرت فکر اور صعود روحانی کے لحاظ سے عام انسانوں کے مذاق، رجحان اور روزانہ زندگی میں خرابیاں اور کمزوریاں محسوس کر رہے تھے، رومی کی طرح عام لوگ انکی نظروں میں "دیو و دد" نظر آرہے تھے، وہ اپنی روحانی خلش کے باعث کسی خار رسیدہ کی تلاش میں تھے، شام کا وقت تھا اور اسکی رنگینیاں، اس منظر نے ان کے ذوق فکر و نظر میں بڑی لطافت پیدا کر دی، رومی کی یہ غزل اقبال کے دل بیتاب کی ایک المناک تصویر ہے۔

شام کا رنگیں سماں سیاہی میں ڈوب رہا تھا، موجیں سکون پذیر ہو چکی تھیں، ستارے چھٹک چکے تھے کہ پہاڑ کی پشت سے رومی نمودار ہوئے آفتاب کی طرح آپ کا چہرہ چمک رہا تھا، پیری میں جوانی کی نزہتیں نظر آ رہی تھیں اقبال نے اس منظر کو یوں ادا کیا ہے،

موج مضطر خفت بر سنجاب آب — شد شفق تار از زیان آفتاب
از متاعش پارۂ در دید شام — کوکبے چوں شاہدے بالائے بام
روح رومی پردہا را بر درید — از پس کہنہ پارۂ آمد پدید
طلعتش رخشندہ مثل آفتاب — شنیب او فرخندہ چوں عہد شباب
پیکرے روشن ز نور سرمدی — در سراپایش سرور سرمدی
بر لب او سر پنہاں وجود — بندہائے حرف وصوت از خود کشود
حرف او آئینۂ آویختہ — علم با سوز دروں آمیختہ

اس کے بعد اقبال رومی سے سوالات کرتے ہیں، موجود اور ناموجود کیا ہے؟ محمود اور نامحمود میں کیا فرق ہے، رومی بتاتے ہیں کہ "موجود وہ ہے جو نمود چاہے کیونکہ ہستی کا تقاضا یہ ہے کہ ظاہر ہو زندگی نام ہے اپنے کو سنوارنے کا اور اپنی ہستی پر گواہی چاہنے کا، خدا نے ازل میں انجمن برپا کی اور اپنی ہستی کی گواہی دلائی، اے انسان! تو زندہ ہو، مردہ ہو، یا دم توڑ رہا ہو، تین گواہوں سے گواہی طلب کر، اول اپنے شعور سے، یعنی خود کو اپنی

ہی روشنی میں دیکھنا، دوسرا گواہ، دوسرے کا شعور، ہے وہ یہ کہ اپنے کو دوسرے کے نور سے دیکھنا، تیسرا گواہ ہے اللہ تعالیٰ کی ذات کا شعور، وہ یہ کہ خدا کے نور سے اپنی ہستی کا مشاہدہ کرنا، اگر تو اس نور کے سامنے قائم ہو جائے تو پھر خدا کی طرح اپنے کو زندۂ جاوید اور دائم شمار کر، زندگی نام ہے اپنے مقام پر پہونچنے کا، اور اپنی ذات کو بے پردہ دیکھنے کا، مومن کی یہ شان نہیں کہ صفات میں الجھ جائے، حضرت محمد صاحب نے ذات الٰہی تک پہونچکر دم لیا، معراج کیا ہے؟ ایک گواہ کی آرزو، ایک گواہ کے سامنے امتحان، اس گواہ عادل کے سامنے کہ بلا اس کی تصدیق کئے ہوئے زندگی میرے لئے ویسی ہے جیسے پھول کے لئے رنگ و بو، جو چمک تیرے اندر ہے اس کا ایک ذرہ بھی ہاتھ سے جانے نہ دے، جو چمک ہے اس کو گرہ میں باندھ رکھ، اپنی چمک کو بڑھانا اور آفتاب کے روبرو آزمانا، اچھا ہے، اپنے فرسودہ جسم کو دوبارہ تراش کر بنا اپنا امتحان کر، یہی دراصل موجود ہونا ہے۔

اس کے بعد اقبال کہتے ہیں میں نے رومی سے پوچھا، کہ انسان خدا سے کیونکر مل سکتا ہے اس پانی اور مٹی کے پہاڑ کو جو درمیان میں حائل ہے کیونکر ہٹایا جا سکتا ہے؟ رومی نے جواب دیا کہ اگر تجھکو "سلطان" ہاتھ آجائے تو پہاڑوں کو کیا، آسمانوں کو توڑا جا سکتا ہے، ایسا کر کہ یہ کائنات ہی تیرے سامنے بے نقاب ہو جائے اور اس سے "جہات" کی قید دور ہو جائے، اے اچھے

آدمی تو اپنی موجودہ پیدائش کے ذریعہ "جہاں چار سو" میں آیا، انسان موجودہ طریق پیدائش سے نکل بھاگ بھی سکتا ہے، اور ان قیود کو توڑ سکتا بھی ہے لیکن یہ پیدا ہونا آب و گل سے پیدا ہونا نہیں اس کا حال تو اس کو معلوم ہے جو "صاحب دل" ہے، وہ پیدائش مجبوری سے تھی یہ اختیار سے ہے وہ پردہ کے اندر چھپی ہوئی رہتی ہے یہ ظاہر اور کھلی ہوئی ہے، اس پیدائش کے ساتھ رونا دھونا ہے، یہاں ہنسی خوشی ہے، یعنی اس پیدائش کے وقت انسان کچھ ڈھونڈتا ہے، یہاں وہ کچھ پاتا ہے اس پیدائش کے ذریعہ انسان کائنات کے حدود کے اندر سیر و آرام کرتا ہے، اور اس میں انسان جہات کے قیود سے بالاتر ہو کر ہمیشہ رواں دواں رہتا ہے، پہلی منزل میں انسان روز و شب کا محتاج رہتا ہے، دوسری منزل میں روز و شب اس کی سواری بن جاتی ہے، بچہ پیدا ہوتا ہے تو ماں کی شکم میں برہمی پیدا ہوتی ہے، اور جب مرد خدا کی تخلیق ہوتی ہے، تو عالم کی شکست ہوتی ہے دونو پیدائشوں کے موقعہ پر اذان دی جاتی ہے، فرق صرف یہ ہے کہ اس کو لب سے ادا کیا جاتا ہے اور اس کو روح سے، ایک بیدار جان جب دنیا میں جنم لیتی ہے، تو اس عالم میں ایک کپکپی طاری ہو جاتی ہے"

اقبال پوچھتے ہیں میں سمجھا نہیں کہ یہ جنم لینا کس طرح کی چیز ہے، رومی کہتے ہیں کہ یہ "زندگی ہی کی ایک شان ہے، زندگی میں غیب بھی ہوتا ہے، حضور بھی،

انسان کبھی جلوت میں گھلتا ہے، اور کبھی خلوت میں جمع رہتا ہے، نور صفات سے اُس کی جلوت روشن رہتی ہے، اور ذات کی روشنی سے اس کی خلوت میں چمک دمک رہتی ہے، عقل اُس کو جلوت کی طرف کھینچتی ہے، اور عشق اس کو خلوت کی طرف بلاتا ہے، عقل انسان کو اسی عالم میں مبتلا رکھتی ہے، یہاں تک کہ انسان آب وگل کے طلسم کو توڑ ڈالتا ہے یعنی مادی قیود سے آزاد ہو جاتا ہے، رستہ کا ہر سنگریزہ اس کے لئے درس ادب کا کام کرتا ہے، بجلی اور بادل اسکو خطاب کرتے ہیں، اُس کی آنکھیں گو ذوق نگاہ سے بیگانہ نہیں ہوتیں، وہ چلتا ہے تو اندھے کی طرح آہستہ آہستہ، رستہ کے خوف سے چونٹی کی طرح پیر رکھتا ہے، جب تک عقل رنگ و بو میں لپٹی رہتی ہے تو انسان خدا کی راہ میں بہت آہستہ چلتا ہے آہستہ آہستہ اس کا کام انجام پاتا ہے، مجھے معلوم نہیں منزل مقصود پر وہ کب پہونچتا ہے۔

اس کے برعکس عشق نہ تو برس اور مہینہ کی قید کا پابند ہے اور نہ اسکے سامنے نزدیک و دور، یا جلد اور دیر کوئی شے ہے، عقل پہاڑ میں سوراخ کرتی یا اسکے گرد طواف کرتی ہے، لیکن عشق کے سامنے خود پہاڑ کا وجود مثل تنکے کے ہے دل مہینہ کی طرح تیز رو ہوتا ہے عشق کا کام ہے لامکاں پر شبخوں مارنا اور بلا قبر کے دنیا سے چل بسنا، عشق کا یہ زور مادی نہیں اور نہ اسکی طاقت، اعصاب جسمانی کی سختی کا نتیجہ ہے۔

یہ عشق ہی کی کارفرمائیاں ہیں کہ جو کی روٹی کھا کر یوگوں نے در خیبر اکھاڑ پھینکا، اور یہی جو کی چپاتیاں کھانے والے نے چاند کو شق کر ڈالا بے مار کے نمرود کا منہ توڑ ڈالا، اور بلا لڑے بھڑے فرعون کے لشکر کو شکست دی، عشق راکھ بھی ہوتا ہے اور چنگاری بھی، اس کا معاملہ دین و عقل سے بلند تر ہوتا ہے، عشق ایسا بادشاہ ہے کہ دونوں جہاں اس کے زیر نگیں رہتا ہے، زماں اور مکاں، ماضی اور مستقبل، نیچے اور اوپر، ہر جگہ اس کی اعجاز آفرینیاں ہیں جب وہ خدا سے خودی مانگتا ہے تو سارا عالم بہ منزلۂ سواری اور وہ خود بہ حیثیت سوار ہوتا ہے دل کا مقام اس سے آشکارا ہوتا ہے، اس عالم مادی کا جذب و کشش اس سے باطل ہو جاتا ہے، عاشق لوگ خود کو اللہ کے سپرد کرتے ہیں، اور عقل کو قربان کر ڈالتے ہیں، عاشقی جہت کی پابند نہیں، عاشق مرتا نہیں، انسان مردہ کے مثل قبر میں پڑا رہتا ہے، صور کی آواز سے قبل اگر چاہے تو اٹھ سکتا ہے، تیرے گلہ میں بڑی پیاری، دلکش، اور موہنی آواز بند ہے، تو چند کے مثل کیوں شور مچاتا ہے، تو زماں اور مکاں پر سوار ہو جا، اس کی الجھنوں سے نکل، ان دو نوں آنکھوں اور دو نوں کانوں کو زیادہ تیز کر، اور جو دیکھتا ہے، سکو ہوش کی راہ سے سن، حضرت سلیمان نے چیونٹی کی آواز سنی، اسی طرح آپ زمانہ سے زمانہ کا اسرار بھی سن لیتے تھے، پردہ کو چاک کرنے والی نگاہ مجھ سے لے، ایسی نگاہ جو صرف آنکھ میں مقید نہیں، آدمی کی ہستی میں صرف آنکھ ہی ہے

باقی پوست ہے اصل دیکھنا دوست کا دیکھنا ہے، سارے جسم کو بصارت میں گھلا ڈال، اور نظر میں چل، تو ان نو آسمانوں سے ڈرتا ہے، مت ڈر، جہاں کی وسعتوں میں گم ہوتا ہے، مت گم ہو، زمان اور مکاں پر ایک نظر ڈال، یہ تو صرف روح کا ایک حال ہے اختلاف دوش و فردا کیا ہے، صرف نظر کا پھیر ہے اسکی مثال ایسی ہے جیسے ایک دانہ جو مٹی کی تاریکیوں میں چھپا ہوا ہے، اسے فضائے آسمانی کی تابناکیاں معلوم نہیں، اسے خبر نہیں کہ ایک وسیع مقام پر اپنے کو ایک تناور درخت اور شاخ در شاخ ہئیت میں نمایاں کیا جا سکتا ہے، اس کا جوہر کیا ہے ایک ذوق نمو ہے۔ یہی اس کا مقام ہے اور یہی اس کا جوہر ہے، تم کہتے ہو جسم، جان کا محل ہے، سر روح پر نظر کرو اور جسم کو نظر انداز کر دو، جسم، جان کا محل نہیں ہے بلکہ اُس کے مختلف احوال میں سے ایک حال ہے، اس کو محمل سمجھنا فریب کلام ہے جان کیا ہے؟ جذب و سرور ہے، سوز و درد ہے، نام ہے اس ذوق کا جو آسمان پر چھا جائے، جسم کیا ہے؟ رنگ و بو کے ساتھ میل اور جاذبیت سے ربط پیدا کرنا، نزدیک اور دور کا احساس شعور کی بنا پر ہوتا ہے، معراج کیا ہے؟ اس شعور کے اندر انقلاب، جذب شوق سے وشعور میں انقلاب پیدا ہوتا ہے اور جذب شوق انسان کو نیچے اور اوپر کے فرق و امتیاز سے آزاد کر دیتا ہے یہ جسم روح کی شریک نہیں، ایک مٹھی خاک پرواز سے روک نہیں سکتی،

اقبال کہتے ہیں رومی کی ان باتوں کو سُنکر میرا دل بیتاب ہو گیا، میرے

جسم کا ہر ذرہ مرتعش ہونے لگا، کہ یکایک پورب اور پچھم کے بیچ سے آسمان پر بدلی کی ایک نورانی چادر نمایاں ہوئی، اور اس سے ایک فرشتہ ظاہر ہوا اس کا نام زرواں تھا

گفت زروانم جہاں را قاہرم ہم نہانم از نگہ ہم ظاہرم

اس فرشتہ کی آمد سے اقبال نے اپنی بصیرت روح، اور ذوق میں ایک انقلاب سا محسوس کیا، فرماتے ہیں،

تن سبک تر گشت و جاں سیارتر چشم دل بیندہ و بیدار تر
پردہ ہائے بے حجاب آمد پدید نغمۂ انجم بہ گوش من رسید،

اقبال کو یہی زرواں "فلک قمر" پر لے گیا یہاں ہندوستانی سادھو "جہاں دوست" سے ملاقات ہوئی رومی ساتھ تھے، تینوں اہل دل میں باتیں ہوئیں، رومی اقبال کو شعر و شاعری کی حقیقت بتاتے ہیں۔

گفت آں شعرے کہ آتش اندر دست اصل او از گرمی اللہ ہوست
آں نوا گلشن کند خاشاک را آں نوا ہرہم زند افلاک را
آں نوا برحق گواہی می دہد بافقیراں بادشاہی می دہد،
خوں از و اندر بدن سیارتر قلب از روح الامیں بیدارتر
اے بسا شاعر کہ از سحر ہنر رہزن قلب است و ابلیس نظر

مشاعر ہندی خدایش یار باد — جاں او بے لذت گفتار باد،
عشق را خنیاگری آموختہ — با خلیلاں آذری آموختہ
حرف او چا دیدہ و بے سوز و درد — مرد خوانند اہل درد او را نہ مرد،
زاں نوائے خوش کہ نشناسد مقام — خوشتر آں حرفے کہ گوئی در منام
فطرت شاعر سراپا جستجو است — خالق پروردگار آرزو است
شاعر اندر سینۂ ملت چو دل — ملتے بے شاعرے انبار گل،
سوز و مستی نقشبند عالمے است — شاعری بے سوز و مستی ماتمے است
شعر را مقصود اگر آدم گری است — شاعری ہم وارث پیغمبری است

اس کے بعد رومی اقبال کو پیغمبری کی حقیقت بتاتے ہیں، اور پھر زرواں ان کو وادی برغمید کی راہ سے وادی طواسین تک لاتا ہے۔

پا زدم مستانہ سوئے برغمید — تا بلند بہائے او آمد پدید
من چہ گویم از شکوہ آں مقام — ہفت کوکب در طواف آں مدام
عرشیاں از نور او روشن ضمیر — فرشیاں از سرمۂ خاکش بصیر
جستجوئے عالم اسرار داد — حق مرا چشم و دل و گفتار داد
با تو گویم از طواسین رسل — پردہ را برگیرم از اسرار کل

اس کے بعد اقبال نے طاسین گوتم، طاسین زردشت، طاسین مسیح، اور طاسین محمدؐ سے بحث کی ہے اور گوتم اور رقاصہ، اہرمن اور

زردشت کے مکالمے درج کیے ہیں، اور پھر طاسین مسیح میں حکیم طالسطائی کے خواب اور طاسین محمد میں ابوجہل کے قتل پر روشنی ڈالی ہے۔

فلک قمر کے بعد فلک عطارد پر پہنچے، یہاں جمال الدین افغانی اور حکیم پاسٹر کی روحوں کی زیارت ہوئی۔ روحوں نے جمال الدین افغانی اور حکیم پاسٹر سے اقبال کا تعارف کرایا اور اقبال کا اسم آفرینش بتایا۔ اس کے بعد چاند میں قرآن خیالات ہوا۔ اس سلسلہ میں شرک کیا ہے، توحید کیا ہے، خلافت آدم، حکومت الٰہیہ اور مکالمہ پر بحثیں ہوئیں۔ جمال الدین افغانی سے ملاقات ہوئی۔ اس کو پیغام دیا۔ پھر اقبال فلک زہرہ پر پہنچے، یہاں اقوام قدیم کے دیوتاؤں کی جگہ اور دیوتاؤں کی جگہ عرب کے دیوتا لعل کا تذکرہ ہوا۔ پھر ارواح فرعون اور کنفوشس سے ملاقات ہوئی اور باتیں ہوئیں۔

اس کے بعد فلک مریخ نظر آیا یہاں حکیم مرکبی سے ملاقات ہوئی، پھر [illegible] مریخ سے جس نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا اور عورتوں کو [illegible] اور [illegible] سے چھڑا دیا تھا، ملاقات ہوئی۔ مریخ سے [illegible] فلک مشتری پر پہنچے اور

[illegible] طاسین مسیح [illegible] طاسین [illegible] طاسین محمد [illegible] طاسین زردشت جس کا کچھ حصہ پڑھ کر سنایا اور اس کے بارے میں پتہ چل جاتا ہے۔

(و حلاج، غالب اور قرۃ العین طاہرہ کی۔ روحوں سے ملاقات ہوئی، اس باب میں بہت ہی بلیغ اور دلچسپ مکالمے ہیں،

اقبال فلک مشتری کی سیر کر چکے تو فلک زحل پر پہونچے، اور یہاں انھوں نے ان روحوں کو دیکھا جنھوں نے ملک وملت کے ساتھ غداری کی تھی، اس باب میں اقبال نے اپنا جو سیاسی نصب العین پیش کیا ہے اس سے انکی شخصیت بہت ممتاز نظر آتی ہے۔ اقبال کی عملی سیاسی زندگی کوئی وقیع اور برگزیدہ چیز نہ تھی، بظاہر وہ "سر" بھی تھے، لیکن ہندوستان کے خطاب یافتہ بزرگوں کی طرح وہ برطانوی سیاست کا ہتکنڈہ نہیں بنے ہوئے تھے، بلکہ وہ آزادی کا اتنا بلند جذبہ رکھتے تھے جیسا بڑے سے بڑے روشن ضمیر، قربان ہونا اور ایثار پیشہ ہمارے قوم میں پایا جاتا ہے، اقبال خود کو ایک ہندوستانی سمجھتے تھے، اور اس پر فخر بھی کرتے تھے، ہندوستان کے لئے ان کے دل میں کتنا گہرا درد، اور عمیق تاثر تھا، وہ جاوید نامہ کے اس باب سے واضح ہوتا ہے، وہ ہندوستان کی غلامی پر خون روتے تھے، اور یہاں ارباب سیاست پر جنھوں نے انگریزوں کے ساتھ ملکر ہندوستان اور ہندوستانی قوم کو نقصان، پہونچایا انھوں نے اس شاعرانہ انداز سے نفرین ولعنت کی ہے کہ قومی ادب میں ان اشعار کا ایک خاص مقام بن گیا ہے۔

اقبال نے میر جعفر اور صادق دکنی کے متعلق اس غضبناک لے میں ترانہ سنجیاں کی ہیں، کہ کوئی ہندوستانی بلا متاثر ہوئے نہیں رہ سکتا، آسمان شق ہوتا ہے

ایک حور وش حسینہ اترتی ہے، اُس کی جبین ناز نور میں لپٹی ہوئی اور اس کی آنکھوں میں ایک غیر فانی سرور موج زن ہے، چادر سحاب کے مثل ایک ہلکا پھلکا، جوڑہ پہنے ہوئے ہے جسکو معلوم ہوتا ہے برگ گل کی رگوں سے بنایا گیا ہے، اس کے بعد پیر رومی میں فرماتے ہیں،

باچنیں خوبی نصیبش طوق وبند — برلب او نالہائے دردمند
گفت رومی ہند ہندستاں نگر — از فغانش سوزہا اندر جگر

روح ہندوستان نالہ کش ہوتی ہے، اور ماتم کرتی ہے کہ ہندوستانی قوم ناموس ہند سے بیگانہ ہوگئی، ہندوستان کی فانوس میں روح کی لو باقی نہیں، بدقسمت ہندوستانی اپنے اسرار سے نامحرم ہے، وہ اپنے تار پر سریلی آواز سے خود نغمہ سنج نہیں، وہ گذرے ہوئے زمانہ پر سر دھنتا ہے، اور ایک بجھی ہوئی آگ سے جگر سوزی کرتا ہے، ہندوستانی قوم کی اسی زندگی نے مجھے غلامی میں مبتلا کر رکھا ہے، اسی کی نااہلیت کے باعث میں ناداں ہوگریاں ہوں، ہندوستانیوں نے خود ہی کو بھلا دیا اور پرانے رسوم سے اس پاک سرزمین کو قید خانہ بنا رکھا ہے۔ اقبال نے اس کے بعد ان ارباب عدو معصیت پر روشنی ڈالی ہے جو ہندوستان کی موجودہ سیاست میں میر جعفر کا کردار پیش کر رہے ہیں۔

کے شب ہندوستاں آید بروز — مرد جعفر زندہ روح او ہنوز
تا زیک قبر بدن دامی رہد — آشیاں اندر تن دیگر نہد۔

گاہ اورا با کلیسا ساز باز — گاہ پیش دیریاں اندر نماز

دین او آئین او سوداگری است — عنتری اندر لباس حیدری است

تاجہاں ملک و بگردد دیگر — رسم او آئین او گردد دگر

پیشش از دیں ہیچ ناگیرد سجود — در زماں ما وطن معبود او

ظاہرش از ذکر و فکر ایمن و دور — باطنش چوں دیہریاں زنار بند

حضرت او ہر دو ملت کرد خام — ایں مسلمانے کہ ایں ملت کش است

خند خند زیرکانہ با خود است — از گرفتاراں شود جز دام نیست

از نفاق ملتے قوی شود — ملتے از وے ضعیف و بے نمود

ملتے را ہر کجا غارت گرے است — اصل او از صادقے یا جعفرے است

الاماں از روبہ جعفر الاماں — الاماں از جعفراں ایں زماں

اور انھوں نے عرصے کے بعد جعفر اور صادق کی آل کا جو دردناک منظر کھینچا ہے اس سے ان کی وطن دشمنی اور ملت سازی کی نسب العین پر گہری روشنی پڑتی ہے اور یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ وہ برطانوی سامراج کو کس حد تک اپنا وطن کے لیے برداشت کیے ہوئے تھے۔ فرماتے ہیں،

جعفر از بنگال و صادق از دکن — ننگ آدم، ننگ دیں، ننگ وطن

اقبال کا یہ تبصرہ سچ ثابت ہوا۔ جعفر اور صادق کی زبان پر چڑھ گیا، وہ میر جعفر اور صادق دکنی نے کردار سے بیحد برافروختہ اور متنفر تھے، جاوید نامہ میں انھوں نے

ایسے ایسے اشعار چھوڑے ہیں، جن کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ اقبال کو ہندوستان کی غلامی کا کتنا بڑا سوگ تھا، اور وہ خود غرض، غدار اور وطن فروش ارباب سیاست سے کتنا بیزار تھے، فرماتے ہیں،

می ندانی خطہ ہندوستاں — آں عزیز فاطر صاحبدلاں
خطۂ ہر جلوہ اش گیتی فروز — در میان خاک و خون غلطاں ہنوز

کیوں بیتاب ہے، یہ خطۂ پاک خاک و خون میں کیوں لوٹ رہا ہے؟ اس لئے کہ اس کی آزادی چھن گئی، غلامی کی بیڑیاں اس کے پیر میں پڑی ہیں، پھر کہتے ہیں،

در گلشن تخم غلامی را کہ کشت؟ — ایں ہمہ کردار آں ارواح زشت
در فضائے نیلگوں یکدم بایست — تا مکافات عمل بینی کہ چیست

ہندوستان کو غلامی میں مبتلا کرنے والے میر جعفر جیسے وطن فروش اور صادق دکنی جیسے غدار تھے آپ کو معلوم ہے دنیائے روح میں ان کا انجام کیا ہوا؟ میں نے دیکھا کہ خون کا ایک سمندر ہے اس میں طوفان ہے ہوا میں سانپ اور پانی میں نہنگ کی جلوہ باریاں ہیں موجیں شیروں کی طرح ڈکار رہی ہیں سمندر کے ہیجان سے ساحل کو ذرا دم لینا نصیب نہیں، ہر وقت ایک پہاڑ کا ٹکڑا ساحل سے ٹکرا کر سمندر میں گرتا ہے خون کی موجیں باہم دست و گریباں ہیں اس سمندر میں ایک کشتی ڈگ ڈگ کر رہی ہے، اس پر دو آدمی سوار ہیں ان کا چہرہ زرد، ان کا جسم عریاں، اور ان کے بال الجھے ہوئے ہیں، یہ کون تھے؟

میر جعفر اور صادق دکنی!

فلک زحل کی سیر ختم کرنے کے بعد اقبال آسمان سے پرے پہونچے، اور یہاں نطشے کو دیکھا، پھر جنت فردوس میں گئے یہاں شرف النساء کا قصر تھا، سید علی ہمدانی اور ملا طاہر غنی کشمیری کی زیارت ہوئی، جنہ کے مشہور پرتری ہری سے صحبت رہی پھر سلاطین مشرق، نادر، ابدالی، اور سلطان ٹیپو شہید کے محلوں پر ایک نظر ڈالی، اور ان بادشاہوں سے ان کے وطنی مسائل پر گفتگو ہوئی، اس اثنا میں ناصر خسرو علوی کی روح سامنے آئی، اور ایک مستانہ غزل گا کر چلی گئی، پھر حوران بہشتی کے نغمے اور مکالمے ہیں، اور اس کے بعد جنت سے رخصت ہوئے۔

یہ باب بہت طویل اور بہت دلچسپ ہے۔ اس میں اقبال نے فارس افغانستان، اور ہند کی حیات سیاسی پر رائے زنی کی ہے، اور یہاں کے بسنے والوں کے جمہوری مذاق، رجحان اور اخلاق پر تبصرہ کیا ہے۔

فلک زحل طے کرنے کے بعد آسمان کے دوسرے سیارے پر اقبال رومی کے ساتھ جب پہونچے، تو انھوں نے ایک آدمی کو دیکھا جس کی آواز درد بھری تھی، آنکھیں عقاب کی طرح تیز تھیں، اس کے چہرہ سے اس کے سوز جگر کا پتہ ملتا تھا، اس کے دل کا دکھنا بڑھتا جاتا تھا، اور وہ سینکڑوں بار شعر دہرا رہا تھا،

نہ جبریلے نہ فردوسے، نہ حوری نے خدا وندے
کفے خاکے کہ می سوزد ز جان آرزومندے

اقبال نے رومی سے پوچھا یہ دیوانہ کون ہے؟ رومی نے کہا، یہ جرمن فلسفی نطشے ہے، ان دونوجہاں کے درمیان اس کا مقام ہے، اس کی بانسری میں ایک پرانا نغمہ ہے، یہ بھی حلاج کے مثل ہے، لیکن اس کے ہاتھ دار و رسن نہیں ہے، پھر بھی اسی پرانی بات کو اس نے دوسری طرح ادا کیا ہے، اس کے خیالات پر عظمت ہیں اور طریق ادا بے باکانہ، یورپ والے اس کی باتوں سے دو ٹکڑے ہو رہے ہیں، لوگوں نے اس کے جذبہ کو سمجھا نہیں، اس لئے اس کی مجذوبانہ باتوں کو جنون کی طرف منسوب کیا، جو لوگ عقل کے دعویدار تھے وہ بھی اس راز کو نہ سمجھے، کیونکہ عشق و مستی سے ان کو فیض نصیب نہ تھا انھوں نے طبیب سے اس کی نبض دکھائی، یورپ میں مجذوب کا پیدا ہونا بھی ایک قیامت ہے، طبیب بیچارا کیا کام ہے؟ وہ یا تو عمل جراحی کرے گا یا نیند لانے والی دوا دیگا، نطشے کی حالت مثل حلاج تھی، مذہبی اداروں سے جان بچائی تو طبیب نے اس کی جان لی۔

نطشے کی حالت یورپ میں ایسی تھی جیسے کوئی رہرو طریقت ہو اور اس کو کوئی مرشد نہ ملے، نتیجہ یہ ہوا کہ وہ جادۂ صواب تک نہ پہونچ سکا، گمراہ ہو کر رہ گیا، وہ ظاہری آنکھوں سے خدا کا متلاشی ہونا چاہتا تھا، اسکی خواہش تھی کہ دل کے کھیت سے ایک خوشہ نکلے اور آب و گل کی کثافتوں سے بلند ہو جائے یہ مقام کبریا تھا یہ عقل و حکمت کی دنیا سے دور ہے،

کتاب کے آخر میں اقبال نے اپنے فرزند جاوید کو نصیحتیں کی ہیں،

ان مواعظ میں سادگی، متانت، اور بہت بڑی بلند خیالی ہے۔ ایک اخلاقی اور روحانی رہنما کی حیثیت سے اقبال نے اپنے فرزند کو ایسا پیغام دیا ہے جو ہندوستان کے ہر بچہ کو پڑھانے اور سکھانے کی چیز ہے، اس میں مذہب قوم اور وطن کے بارے میں جس رویہ کا اظہار کیا گیا ہے، اور لڑکے کو فرد اور سوسائٹی کے ساتھ جس خلوص، ربط اور رواداری رکھنے کی تعلیم دی گئی ہے اس سے اقبال کی ذہنی رفعت ظاہر ہوتی ہے، اور وہ ایک سچے مسلمان کے ساتھ "ماڈل ہندوستانی" بھی معلوم ہوتے ہیں۔

ڈاکٹر ستیانند سنہا اور اقبال

تعارف

ڈاکٹر سچدانند سنہا، سیاسی اور علمی دونوں اعتبار سے ہندوستان کے ان مخصوص لوگوں میں سے ہیں جن پر ایک ملک بجا طور پر ناز کر سکتا ہے، انکی مشغول علمی و سیاسی زندگی کو دیکھکر ان کی عظمت کا اعتراف کرنا پڑتا ہے، سرکاری اور اعزازی طور پر انھوں نے بڑی اہم اور مفید خدمتیں انجام دی ہیں، انھوں نے صوبائی اور مرکزی مجالس قانون ساز میں بھی، اپنی صلاحیت، اصابت رائے، اور جمہوری تصورات سے ملک کو فائدہ پہونچایا، اور پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر، ایک علمی ماہنامہ کے اڈیٹر اور قانون داں، ادیب اور نقاد کی حیثیت سے بھی اپنے ذہنی کارناموں کے گہرے نقوش چھوڑے، انگریزی حکومت کے دور میں بھی آپ کی بڑی منزلت تھی، اور آج جبکہ ملک آزاد ہو چکا ہے، ہندوستان کی مجلس دستور ساز کا عارضی صدر بنا کر آپ کی شخصیت اور آپ کی سابقہ قومی خدمات کا اعتراف کیا گیا، آپ ہندوستان کے ایک قابل فخر فرزند ہیں، شہر آرہ (صوبہ بہار) کے قرب میں آپ کا وطن ہے اس لئے اہل آرہ اور بہار والوں کو اس خصوصیت کے لحاظ سے آپ کے ساتھ ایک باطنی عقیدت ہے۔

چھہتر برس کی عمر میں آپ نے اقبال پر ایک ضخیم کتاب لکھی، اور اس بڑھاپے میں آپ نے اس ادبی خدمت پر دو سال صرف کئے۔ یہ کتاب اقبالیات

پر ایک نئے باب کا اضافہ کرتی ہے، اس سلسلہ میں ایک محقق اور نقاد کی حیثیت سے آپ نے سینکڑوں کتابیں پڑھیں اور اقبال کی زندگی، شاعری، اور فکر و خیال، مذہبی و عمرانی، فلسفیانہ و سیاسی، صوفیانہ و ادبی، پر اپنا ایک عمیق تنقیدی تجزیہ پیش کیا، اس کتاب کے ابواب کا مطالعہ کرنے کے بعد پتہ چلتا ہے، کہ اس میں اتنا تنوع، اتنا بسط، اور اتنی جزئیات ہیں، کہ شاید ہی آج تک کسی کتاب میں اقبال کے متعلق اتنی جامعیت سے بحث کی گئی ہو۔

اقبالیات کے سلسلہ میں یہ کتاب چونکہ ایک نئے نہج سے بحث کرتی ہے اس لئے بقول سرسپرد "اقبال کے بعض ناسخن شناس مداح غرائیں گے" یقیناً اس کتاب کے بعض مباحث ہمیں جذبات کی مختلف وادیوں میں لے جاتے ہیں کبھی ہم مصنف کو ایک زبردست فرقہ پرست، ایک راہ صواب سے ہٹا ہوا نقاد، اور اقبال اور اس کی شاعری کا نامحرم اسرار خیال کرنے لگتے ہیں، اور ہم میں لکھنے والے کے متعلق تلخی اور خشونت پیدا ہونے لگتی ہے، مینے اول اول جب اس کتاب کو ادھر اُدھر سے دیکھا تو میرے اندر رہت سے خیالات پیدا ہوئے، میرے مرنے والے دوست بابو شنکر دیال فتنہ (بیکل آر ہ) یاد آئے جو ایک یوروپین مستشرق کے متعلق ایک ہندوستانی نقاد کا لطیفہ اکثر بیان کرتے تھے، اس یوروپین مستشرق کے متعلق کسی نے کہا کہ "وہ سنسکرت زبان کے بڑے عالم ہیں" ہندوستانی نقاد نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ "سنسکرت زبان" نہیں جانتے بلکہ سنسکرت زبان کے متعلق"

جانتے ہیں، میں نے ڈاکٹر سچتانند کی کتاب پڑھی تو میرا پہلے قطعی یہی خیال ہوا، اور اب اس میں کسی قدر تبدیلی ہوئی ہے لیکن بہت کم،

میں نے اس کتاب کے چار ابواب کا انگریزی سے اردو میں ترجمہ کیا ہے، ترجمہ میں مصنف کے روح مقصد کو برقرار رکھنے کی سخت کوشش کی گئی ہے، اور میرا خیال ہے، ڈاکٹر سنہا خود بھی ترجمہ کو سند و اعتبار سے گرا ہوا نہ پائینگے، میرا مقصد یہ ہے کہ مصنف کا اصل خیال اور میری تنقیدیں دونو عوام کے سامنے آجائیں، اتنا ترجمہ میں مجھے رہ رہ کر یہ خیال آتا تھا کہ ڈاکٹر سنہا نے ڈالون کی موشگافیوں کو شعر و ادب پر بھی صرف کرنا شروع کیا، انھوں نے اس کتاب میں بھی ڈالون دفعہ رسل، مقدمہ، اور مقدمہ کی راجیت کا تذکرہ فرمایا ہے (ملاحظہ ہو اصل کتاب ص ۱۹۶، ۲۳۱، ۲۳۴) غریب عربی مدرسہ میں اپنے شعر سے جانے پر پچھتایا تھا اقبال کو جب عدالت اور مشیر قانونی سے سابقہ ہو جائے تو ان کا سر انجام زیادہ تر یہی ہوگا جو اس ضخیم کتاب کی صورت میں پیش نظر ہے۔

ڈاکٹر سنہا نے بالکل نئے زاویہ سے اقبال پر بحث کی ہے ان کا دعویٰ ہے کہ تنقید کو بالکل بے لاگ ہونا چاہیئے، چنانچہ نواب یار جنگ نے اس کتاب کے مقدمہ میں ڈاکٹر سنہا کی عبارت کا مفصلہ ذیل اقتباس دیکر اس کو بڑی اہمیت دی ہے، فرماتے ہیں،

"وہ (ڈاکٹر سنہا) اقبال پر اپنے تنقیدی انداز کے تمہیدی باب میں

اپنے ذہنی طور اور رویہ کے متعلق جس کے ذریعہ وہ اپنے موضوع تک پہونچے ہیں، ایک جھلک سی پیش کرتے ہیں۔ "نہ تو غیر ناقدانہ تحسین، اور نہ الزام، بلکہ ٹھیک ٹھیک اندازہ لگانا، عمدہ طور پر پرکھنا، ہمدردانہ تشخیص کرنا اور فیصلہ کرنا تنقید کا کام ہے، لیکن جہاں یہ صورت حال ہے وہاں یہ بھی ایک کمتر حقیقت نہیں ہے کہ نقاد کا فرض اس ناخوشگوار کام کا بھی مطالبہ کرتا ہے، کہ وہ ہیرے کے بدلے جعلی اور شیشے کے مسالہ سے بنے ہوئے مصنوعی جواہرات کو نظر انداز نہ کرے، اور پھٹے پرانے کپڑے سے نکالے ہوئے سرت کا مصنوعی کپڑا اصلی پشمینہ کی جگہ غصب نہ کرے، ایسا کرکے کوئی اپنے کو سچا نقاد نہیں کہہ سکتا جس کا فرض ہے کہ اپنی بہترین روشنی میں فیصلہ صادر کرے۔"

یار جنگ، سر سپرو، اور رام ناتھ جھا کی طرح میرا بھی عقیدہ ہے کہ ڈاکٹر سہانے کسی عصبیت کے ماتحت یہ کتاب نہیں لکھی ہے، اس عمر میں جبکہ طبع انسانی میں زیادہ تر داعیۂ سکون و آسائش پیدا ہو جاتا ہے، نو سال تک کسی عقدہ عناد میں یہ ادبی کارنامہ انجام نہیں دیا جا سکتا تھا، سر سپرو اور رجھا صاحب کی طرح مجھے بھی یقین ہے کہ ڈاکٹر سہانے جس روپ میں اقبال کو دیکھا ٹھیک اسی طرح ہمت اور سچائی کے ساتھ پیش کیا، مجھے توقع ہے کہ ڈاکٹر سہانے جس طرح دنیا کے سامنے اپنی بے لاگ تنقید پیش کی ہے اور وہ دنیا والوں سے ٹھنڈے دل سے غور کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں، وہ بھی اپنی کتاب کے نقادوں کی فکر و آرا کی

پذیرائی کرینگے، کیونکہ ان تنقید نگاروں میں وہ بھی ہیں جو ان کے علمی پایہ اور ہموطنی کی بنا پر ان سے ایک سچا قلبی لگاؤ رکھتے ہیں،

ڈاکٹر سنہا نے اپنی کتاب میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اقبال فرقہ پرست تھے، شاعرانہ عظمت کے لحاظ سے ان کو کالیداس، دانتے اور ملٹن کی صف میں جگہ نہیں دی جاسکتی، زبان، خیال اور عقائد کے لحاظ سے انکو ہندوستان سے زیادہ دلچسپی نہ تھی، انھوں نے غیر ملکی زبان (فارسی) میں اپنا بیشتر کلام چھوڑا،

یار جنگ اور سپرو نے ڈاکٹر سنہا کی اس ایراد پر متین انداز میں تنقیدی روشنی ڈالی ہے، یار جنگ نے بڑے مہذب شایستہ اور نرم لہجہ میں اقبال کے غیر ملکی زبان میں لکھنے کا اتنا زور دار جواب دیا ہے، کہ میرا خیال ہے ڈاکٹر سنہا کو چاہیئے تھا کہ اپنا اعتراض کتاب سے نکال دیتے، ڈاکٹر سنہا اور رامرناتھ جھا دونو کو سخت شکایت ہے کہ اقبال نے اردو میں بھی جو چیزیں لکھیں، انمیں بھی سخت زبان استعمال کی، انکی اس تنقید میں معقولیت سے زیادہ جذبات کی جھلک پائی جاتی ہے یا ترقی یافتہ اردو سے ان کے عدم واقفیت کی، سپرو نے بھی اقبال کی زبان اور غیر ملکی زبان (فارسی) اختیار کرنے پر اعتراض کیا ہے، لیکن اس میں خالص علمی اور ناقدانہ شان ہے لہجہ بھی دلپذیر ہے، اسی طرح یار جنگ نے بھی اس باب میں ڈاکٹر سنہا کی حمایت کی ہے، لیکن ایک ترمیم کے ساتھ، جو اعتراض ڈاکٹر سنہا کو اقبال پر ہے، وہی ڈاکٹر سنہا پر ہندوستان کی تمام جنتا کو ہے، کہ

انھوں نے اقبال پر اتنی بڑی ضخیم علمی کتاب لکھی، اور اس پر نو سال تک محنت صرف کی، لیکن لکھا اس کو انگریزی میں کیا انھوں نے ہندوستانی زبان اور ہندوستانی جنتا کو اپنے علمی افادہ سے محروم نہیں کر دیا!

ڈاکٹر سہنا نے یہ کتاب نو سال میں تمام کی لیکن کتاب کے گہرے مطالعہ کے بعد پتہ چلتا ہے کہ ریسرچ کا کام ختم کرنے کے بعد انھوں نے اپنے مواد کی ترتیب نہیں دی ہے، بلکہ نو سال کے اندر وہ ارتقار کی مختلف منزلوں سے گذرے ہیں، اس میں شک نہیں اقبال کے متعلق ایک بے لاگ تنقید لکھنے کے لئے ان کا خیال شروع ہی سے تھا، لیکن پہلے اس خیال میں وہ "وسعت" نہ تھی جو اقبال کے ماننے والوں کی نگاہ میں "تنگیٔ دل" سے بھی زیادہ محدود ہو کر رہ گئی ہے، جیسے جیسے اُن کی تحقیق میں وسعت ہوتی گئی ان کا نظریہ بھی بدلتا گیا، اور اسی وجہ سے اس کتاب میں تضاد خیال بھی پایا جاتا ہے۔ یہ تضاد خیال زیادہ تر دوسرے تیسرے، چھٹے، ساتویں، چودھویں اور سترھویں ابواب کے درمیان ہے۔

جنھیں صرف چار ابواب کا ترجمہ کیا ہے، تین ابواب کا ترجمہ تو تنقید اور تبصرہ لکھنے کے لئے دوسرے باب کا ترجمہ اس لئے کیا ہے، کہ اگر قارئین کی نظر سے یہ باب نہیں گذرے گا، تو وہ ڈاکٹر سہنا کے حقیقی رجحان، مخلصانہ اخلاق، اور بلند شخصیت کا صحیح تصور نہ کر سکیں گے، اور جو کچھ انھوں نے اقبال کے سلسلہ میں اختلافی خیالات کا اظہار کیا ہے، اس کو ایک بے لاگ تنقید کی بجائے عصبیت

پر مبنی سمجھنے لگیں گے،

ڈاکٹر سنہا کی کتاب میں تضاد خیال ہے اور اس کی وجہ وہی ہے جو میں نے اوپر لکھی، یعنی انھوں نے اپنے مواد کو ایک مرتبہ ترتیب نہیں دیا، دوسرے باب میں انھوں نے اقبال کی کتابوں کے نام گنائے ہیں، لیکن اس فہرست میں ان کی دو اہم کتابوں، پیام مشرق، اور 'جاوید نامہ' کا تذکرہ تک نہیں، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انھوں نے سترھواں باب لکھا تو 'جاوید نامہ' پر نظر نہ ہونے کے باعث ان سے سخت تنقیدی غلطیاں ہوئیں، انھوں نے دانتے اور اس کی "ڈیوائین کامیڈی" کا تذکرہ کرتے ہوئے اس کی عظمت تسلیم کی، لیکن اقبال کو اس سے ہیٹا سمجھا، کیونکہ 'جاوید نامہ' ان کے سامنے نہ تھی۔

ڈاکٹر سنہا کو جب 'جاوید نامہ' ملی (جس کا سرسری تذکرہ انھوں نے ص ۱۱۳ میں کیا ہے) تو بھی معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے اس کا مطالعہ نہیں کیا، ورنہ چھٹے باب میں اقبال کے فلسفیانہ پس منظر سے بحث کرتے ہوئے، پروفیسر شریف کی خبیر ماہرانہ تنقید نقل کرنے، اور اس میں اقبال کے فلسفہ کو نطشے سے مستفاد بتانے میں، ان سے لغزش نہ ہوتی، اقبال نے نطشے کے فلسفہ اور اسکی شخصیت کے متعلق 'جاوید نامہ' میں اپنی فکر و احساس وضاحت کے ساتھ پیش کر دی ہے، ڈاکٹر سنہا نے دوسرے باب میں اقبال کو فرقہ پرستی سے بہت بلند بتایا ہے، اور اس پر اپنے ایمان و یقین کا اظہار کیا ہے لیکن سترھویں

باب میں انھوں نے اس سے ہٹ کر اقبال کو اسلام کا پروپیگنڈہ کرنے والا اور فرقہ پرست ثابت کیا ہے،

ترتیب

یہ کتاب یار جنگ کے مقدمہ، سر سپرو کے اولین تاثرات اور امر ناتھ جھا کی تنقیدی پرکھ کے تین تمہیدی مقالات کے علاوہ ۲۰ ابواب امین جنگ کی "ادوار کی تحریر" اور تین ضمیموں اقبال اور سر فضل حسین، تحسین ناشناس کا مطالعہ، اور ماخذ کے مبسوط حوالوں پر منقسم ہے،

پہلا باب:-	تنقیدی اندازہ کیا ہے؟ توضیحی اور تمہیدی،
دوسرا باب:	اقبال کی زندگی۔ تصنیفات اور شخصیت،
تیسرا باب:	اقبال کی عظمت، بعض شہادتیں اور جرحیں،
چوتھا باب:	اقبال بہ حیثیت ہندوستانی شاعر،
پانچواں باب:	اقبال کا مذہبی پس منظر،
چھٹا باب:	اقبال کا فلسفیانہ پس منظر،
ساتواں باب:	اقبال کا سیاسی پس منظر،
آٹھواں باب	اقبال کی بنیادی کیفیات،
نواں باب:	اقبال کی کیفیات کے بعض نمونے،
دسواں باب	اقبال کی فارسی شاعری کی ادبی حیثیت،

گیارہواں باب: اقبال کی اردو شاعری کی ادبی حیثیت ،
بارہواں باب: اقبال کے فلسفیانہ نظریات کا مطالعہ ،
تیرہواں باب: تصوف کے ساتھ اقبال کا رویہ ،
چودہواں باب: اقبال کی تصنیفات اور انکے غیر مسلم قارئین ،
پندرہواں باب: اقبال کا ترکہ اور اس کا مستقبل ،
سولہواں باب: غالب، حالی، اور اقبال کا موازنہ ،
سترہواں باب: اقبال اور بعض عظیم الشان شعرا ،
اٹھارہواں باب: اختلافات بہ وجہ اختلاف شرح
انیسواں باب: مصنف کی تشریح اسلام
بیسواں باب: اقبال کی تشریح اسلام
اکیسواں باب: اقبال کے بعض تنقیدی تجزیے
بائیسواں باب: اقبال کا درجہ بہ حیثیت شاعر فلسفی
تیئیسواں باب: اقبال اور ہندوستان کی ثقافتی وحدت ،
چوبیسواں باب: اقبال اور حب وطن
پچیسواں باب: اقبال اور ہندوستانی مسلمانوں کا دور نہضت
چھبیسواں باب: اقبال اور فلسفۂ انسانیت ،
ستائیسواں باب: اقبال کی مقبولیت

اٹھائیسواں باب: آخری باتیں، سچائی، وادی اور اتحاد

یار جنگ اور اقبال

(مرزا یار جنگ سمیع اللہ بیگ چیف جسٹس ہائی کورٹ، حیدر آباد، دکن)

یار جنگ فرماتے ہیں" ڈاکٹر سنہا کا خیال ہے کہ اقبال نے اپنے خیالات کی مخصوص ترجمانی کیلئے فارسی زبان اختیار کرکے غلطی کی، اور یہ کہ اگر وہ اردو ہی میں زیادہ لکھتے، تو انکے اہل وطن کا بڑا طبقہ ان کو زیادہ سمجھ سکتا، اور اس طور سے وہ زیادہ مفید ہوتے، یہ بڑی زور دار تنقید ہے لیکن اسی کے ہم پلہ بھی بہت سی غور طلب باتیں ہیں، میرا خیال ہے کہ اقبال کا معاملہ صرف اس حدوث کا پتہ بتاتا ہے، جبکہ کسی کی مادری زبان کو جامعاتی تعلیم، یا اس کے وطن ہی کے ادبی حلقہ میں پیچھے کا درجہ دیا جاتا ہے، رابندر ناتھ ٹیگور، اور سروجنی نائیڈو نے اسی قسم کے اثرات کے ماتحت ایک بدیسی زبان میں مصنف کی حیثیت سے شہرت حاصل کی، اگر ہم اس کتاب کے فاضل مصنف ڈاکٹر سچانند سنہا

ڈاکٹر سنہا کی کتاب انگریزی میں ہے اس کا نام ہے

Iqbal : The poet and his message.

(اقبال: شاعر اور اس کا پیغام)

کی ساری زندگی کے علمی ذخیروں کا جو انگریزی زبان میں ہیں، انکی ان تحریروں سے موازنہ کریں جو انھوں نے مادری زبان میں لکھی ہیں تو غالباً انھیں وجھوں سے وہی عدم توازن پایا جائیگا،

اقبال فارسی زبان کے ایک فاضل متبحر تھے، اور اسی وجہ سے انکی اُردو شاعری میں بھی فارسی کی چمک دمک موجود ہے، اقبال کی اُردو شاعری میں حُسن کی وہ سادگی نہیں، جو حالی کی شاعری میں ہے، غالباً فارسی قافیہ اور روزن اقبال کے دماغ میں زیادہ سہولت سے رواں ہوجاتے تھے، اردو شاعری انکو اس قدر اپیل نہ کرتی ہو، بہرحال یہ ذاتی مذاق کا سوال ہے پھر یہ بھی تھا کہ وہ ہندوستان سے زیادہ وسیع حلقہ سے خطاب کرنے کا حوصلہ رکھتے ہوں ان اشاروں کا اضافہ محض اس امر کی وضاحت کے لئے کر رہا ہوں کہ کیوں اقبال نے فارسی زبان میں سوچا اور لکھا، ان ساری وجوہ کے باوجود اس عمومی قضیہ سے اختلاف کرنا مشکل ہے، کہ اپنے اظہار خیال کے لئے کسی مصنف پر بدیسی زبان کی بہ نسبت اس کی مادری زبان کے زیادہ حقوق ہیں، اور اس نقطۂ نظر سے مجھے ڈاکٹر سہا سے اتفاق ہے، کہ اقبال نے اُردو زبان سے حقیقۃً جو التفات برتا اس سے زیادہ کی وہ مستحق تھی،

بعض اوقات یہ اشارہ کیا جاتا ہے، کہ اگر اقبال ہندوستانی ہیئت اجتماعی کے بدلنے والے حالات سے اپنے کو ہم آہنگ کرتے اور اپنی زندگی کو

بہتیری معاشرتی خرابیوں کے قلع قمع کرنے میں صرف کرتے جو ناصور کی طرح ہندوستانی سوسائٹی کی جڑوں میں لگ رہے تھے، تو وہ بہ حیثیت شاعر زیادہ کامیاب ہوتے، ایک خاص حد تک اقبال کی شاعری معاشرتی خرابیوں کو زیر بحث لاتی ہے، یہ بتانا مشکل ہے کہ کہاں تک اس سلسلہ میں انکی فطری مناسبت میلان ان کاموں کے لئے ان میں عملی دلچسپی پیدا کر سکتا تھا، یہ صحیح ہے کہ اقبال مغربی تمدن کو انسانیت کا نجات دہندہ یقین نہیں کرتے تھے، اس نظریہ میں وہ کوئی استثنائی حیثیت نہیں رکھتے تھے، اس سلسلۂ خیال کیلئے وجوہ زیادہ مضبوط ہوتی جاتی ہیں، ان لوگوں کے درمیان جو ابھی تک مغربی تمدن کی روشنی دکھانے والے سمجھے جاتے ہیں، جنگ کے جوش و خروش کی ترقی اور بنی نوع انسان کی خوں ریزی روز افزوں ہے اس تمدن کے ماتحت انسانیت کی روحانی دلچسپیاں مادی دلچسپیوں کے تابع ہوتی جاتی ہیں، اقبال نے عملی سیاسیات میں کبھی سختی کے ساتھ اپنے کو آلودہ نہ کیا، اور سیاسی پلیٹ فارم پر ان کا ہنگامی ظہور یا جذباتی طوفان بھی بظاہر ان کی طبعی پسند کی وجہ سے نہ تھا یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جب ان کے بعض مداحوں نے ان کو میدان سیاست میں ڈھکیل دیا، تو ان کو کچھ کہنا پڑا، ان حالات میں وہ بعض سیاسی نظریات کا اظہار کرتے تھے لیکن فوراً ہی وہ اپنے مخصوص شاعرانہ اور فلسفیانہ لچک دار انداز کی طرف لوٹ جاتے تھے، بعض اوقات ایک سوال اٹھایا جاتا ہے، کہ اقبال سب سے پہلے شاعر

تھے یا فلسفی، ایک انسان کا فلسفہ بہ حیثیت انسان کے اسکی حقیقت کو بے نقاب کرتا ہے، شاعری صرف ایک ادائے بیان ہے، ایک مفکر کی حیثیت سے فلسفیانہ موضوع پر اقبال کے نظریات انکی عمر کی ترقی کے ساتھ ساتھ رواں رہے، بڑھاپے میں قرآن شریف کے فلسفہ پر ان کا قوی ایمان ہوگیا، اور زندگی کے کئی مسائل کے لئے وہ اس مقدس کتاب سے حل تلاش کرتے تھے، انکی شاعری ان کے خیالات کی صرف زبان ہے، ہمیشہ آدمی پہلے آتا ہے اس کے بعد اسکی زبان آتی ہے، اس نقطۂ نظر سے وہ شاعر سے زیادہ فلسفی تھے۔

اس کے بعد یار جنگ نے اقبال کے فلسفۂ مذہب، انکی حب وطنی، فلسفۂ خودی وغیرہ پر بحث کی ہے، اور بہ حیثیت ہندوستانی شاعر اور رہنمائے مسلم اتحاد کے حامی و مبلغ کے ان کے کلام اور کارناموں پر فاضلانہ بحث کی ہے۔

سر سپرو اور اقبال

(رائٹ آنریبل، سر تیج بہادر سپرو، پی، سی، کے، سی، ایس، آئی، ڈی سی، ایل ایل ڈی)

ڈاکٹر سچانند نے اقبال پر اپنی ٹائپ کی ہوئی کتاب پڑھنے کے لئے مجھ پر لطف و کرم فرمایا، میرے لئے اس میں کشش تھی، چونکہ میں ہمیشہ اقبال کا، شاعر اور فلسفی اقبال کا، مداح رہا ہوں، اور اس وجہ سے بھی کہ ڈاکٹر سنہا ایک غیر معمولی ذہنی تربیت کے حامل ہیں، اور میرے خیال میں وہ یہ حق رکھتے ہیں کہ اقبال کو

جیسا کہ انھوں نے دیکھا ہے عوام کے سامنے پیش کریں،

مجھے شبہ نہیں کہ اقبال ایک بڑے شاعر تھے، ایک ایسے شاعر جن کی ہندوستان کے بڑے بڑے شعرا کی صف میں جگہ ہے، بہ حیثیت شاعر اور مفکر اقبال کے ارتقا میں چند مدارج تھے، اور یہ بالکل قدرتی امر ہے، کہ اس باب میں اختلاف آرا ہو کہ اقبال کب اپنے انتہائی عروج پہ تھے، میرا ہمیشہ یہ خیال رہا ہے کہ یہ کہنا اقبال کے لئے کوئی ملامت کی بات نہیں، کہ ان کی شاعری میں اسلام کی روح سرایت ہے اور یہ کہ انکی شاعری میں مذہب اسلام یا اسلامی تاریخ، کے متعلق متقل حوالے ہیں، ایک شاعر کے لئے یہ بالکل قدرتی امر ہے، کہ وہ اس مذہب سے جس میں پیدا ہوا، اور اس سوسائٹی کی تہذیب سے جس میں وہ رہتا سہتا ہے، متاثر ہو، ہر زمانہ اور ہر طبقہ کے بعض بڑے بڑے شعرا کے متعلق یہ کہنا صحیح ہے، مجھے خوشی ہے کہ ڈاکٹر سہانے اقبال پہ سر مہدی یار جنگ کا بصیرت افروز خطبہ اپنی کتاب میں درج کیا ہے، اس کتاب میں بعض ابواب مثلاً "اقبال کا فلسفیانہ پس منظر" "اقبال کا سیاسی پس منظر" "اقبال کی اردو شاعری کی ادبی قدر و قیمت" وغیرہ ہیں جن سے عمومیت کے ساتھ اتفاق نہ کیا جائے، لیکن کوئی وجہ نہیں، کہ اقبال تنقید سے بچ جائیں، بہ شرطیکہ تنقید محکم بنیاد پر اور اعتماد سے پاک ہو ڈاکٹر سہانے اپنے ایک باب "اقبال کی تفصیلات اور غیر مسلم قارئین" میں اکبر علی صاحب کی کتاب کا اقتباس دیا ہے، جسمیں فاضل مصنف نے اقبال کے حب وطن سے متعلق نغموں "ہندوستان ہمارا" "نیا شوالہ" "ہندوستانی بچوں کا قومی ترانہ"

سوامی رام تیرتھ رام ہمالیہ اور گائیتری منتروں کا اردو ترجمہ کا حوالہ دیا ہے،

اکبر علی صاحب اس واقعہ کا حوالہ دیتے ہیں کہ غیر مسلموں کو شکایت یہ ہے کہ شاعر کے یہاں اپنے جنم بھوم اور ہندوستانی قومیت کیلئے کوئی ربط باقی نہ رہا" اس کے بعد آپ فرماتے ہیں کہ "یہ خیال ہندوستان میں غیر مسلم ذہن کے اندر شاعر کے خلاف ایک تعصب پیدا کرنے میں ناکام رہا اور یہ کہ چند معزز مستثنیات کے ساتھ عام طور پر غیر مسلم انکی تصنیفات پڑھنے کی طرف توجہ نہیں دیتے" ذاتی طور پر میرا یقین ہے، کہ کوئی ہندو جو اردو فارسی سے دلچسپی رکھتا ہے، اقبال کو نظر انداز نہیں کر سکتا، یہ کچھ افسوسناک سی بات ہے کہ ہماری تاریخ کی موجودہ منزل میں، ثقافت اور ادب فرقہ وارانہ قسم کی بحث و جدل کا شکار ہو جائے، لیکن سچے دل سے میں یقین و اعتماد رکھتا ہوں، کہ یہ ہمارے قومی ارتقاء کی ایک گزر جانے والی منزل ہے، اور یہ کہ جب حالات زیادہ استوار ہونگے، اور جذبات میں ہندوستانی ثقافت کے متعلق ٹھنڈے دل سے نظر ڈالنے کی اہلیت پیدا ہو جائے گی، ہم اقبال کو ان کا صحیح مقام دینگے، جسکے متعلق میں پیشین گوئی کرنے کی جرأت کرتا ہوں کہ اس (عہد کی) تہذیب کی ہیئت ترکیبی میں وہ بہت ارفع مقام ہوگا،

ڈاکٹر سنہا کی کتاب میں جالب توجہ ابواب میں سے تیئیسواں باب "اقبال اور ہندوستانی کی ثقافتی وحدت" ہے، مجھے ڈاکٹر سنہا سے پورا اتفاق ہے کہ جو ثقافت آج ہندوستان میں ہم دیکھ رہے ہیں وہ نہ خالصتہً ہندوانہ ہے نہ خالصتہً مسلمانہ، بلکہ

مجموعہ ہے دونو کے ایک دلنواز امتزاج کا، پھر بھی انکی اس تنقید سے اتفاق کرنا میرے لئے اتنا آسان نہیں، کہ اقبال کا فلسفہ نہ تو ہندوستانی ہے اور نہ اسلامی، چونکہ قرآن (مجید) مافوق البشر کے اصول کی جسکو اقبال نے نطشے سے لیا، تائید نہیں کرتا یا اسکی اجازت نہیں دیتا، یہ سچ ہے کہ اقبال مغربی ثقافت اور اسلامی روایت میں شرابور تھے، لیکن میں یہ خیال نہیں کرسکتا کہ یہ رائے قایم کرلینا ممکن ہے کہ اقبال کی شاعری یا فلسفہ میں کوئی ہندوستانی عنصر ہے ہی نہیں، میرا نظریہ یہ ہے کہ اپنی کیفیت اور آثار کے لحاظ سے وہ صحیح ترین معنی میں ہندوستانی تھے، گو ان کا اسلوب بیان بڑی حد تک انکے عربی، فارسی علم سے متاثر تھا، بہرحال دینی قسم کے اختلافات، اور فرقوں کے باریک فرق کا جب لحاظ رکھا جاتا ہے یہانتک انسان کی روحانی زندگی اور زندگی کی ابدی حقیقتوں کے ساتھ اس کے ربط تعلق ہے تو ہندو تہذیب کو مسلم تہذیب سے علحدہ کرنے کیلئے کوئی سنگین خط فاصل نہیں، مجھے معلوم ہے کہ اس نظریہ کو فرقہ وارانہ ثقافتوں کے طرفدار آسانی سے تسلیم نہیں کرینگے، ڈاکٹر سنہا کی کتاب کے اس باب کے ساتھ اس سے پہلے کا ایک باب بھی پڑھنا چاہیئے جو "تصوف کے متعلق اقبال کے رویہ" سے بحث کرتا ہے، پورا باب دلچسپ مواد سے مملو ہے، اور خیال میں بہت ہی ابھار پیدا کرتا ہے، لیکن پھر یہاں بھی یہ کہکر میں کسی قدر مختلف نظریہ کا اظہار کرنے کی جرأت کرونگا، کہ میری رائے میں ان کی بعض نظمیں فارسی اور اردو دونو میں ان کے عالمی جوش کی جو فلسفیانہ ذہن کو اپیل کرنے والا ہے، کافی شہادت دیتی ہیں، ڈاکٹر سنہا کی

کتاب کا دوسرا باب جو جالب توجہ ہے، وہ "اقبال اور حب وطن" کا باب ہے ڈاکٹر سنہا کا خیال ہے کہ "اقبال کے ساتھ یہ پریشانی تھی، کہ انھوں نے بہتیرے اسلامی ممالک کی ساری سیاسی صورت حال کو غلط سمجھا، تاریخ کی روشنی میں بھی اور موجودہ حالات کے زور کے بہاؤ کے لحاظ سے بھی، اور اقبال نے انہیں غلط سمجھے ہوئے نظریات کو اپنی نظموں میں بیان کیا"، دنیائے ادب میں ایسی کم مثالیں ہیں کہ اچھے شعرا اچھے سیاستداں بھی ہوئے ہوں، اور اچھے سیاستداں اچھے شاعر ہوئے ہوں، کیا ہر شخص ملٹن یا سوین برن یا انگریزی زبان کے بعض جدید شعرا کی سیاسیات سے متفق ہوگا میرے خیال میں آئندہ نسل کے یہاں اقبال کی شہرت کا مدار ہوگا، انکی شاعری، ادبی صناعی اور خودی کی تعلیم کو اجاگر کرنے کیلئے (انکی) باشعور اور پیہم کوشش پر اسکے متعلق میرا یقین ہے، لیکن اس کا مجھے یقین نہیں کہ ہمارے اخلاف آج سے پچاس سال کے بعد اقبال کو سیاسیات میں ایک جدید مکتبۂ خیال کے بانی کی حیثیت سے دیکھیں گے اگر وہ انکو اس روشنی میں نہیں دیکھیں گے تو میرے خیال میں یہ چیز انکے بیسویں صدی کے ایک بڑے مفکر اور ایک بڑے شاعر ہونے کی قدر و قیمت میں کوئی نقص نہیں پیدا کریگی،

ڈاکٹر سنہا کی کتاب کے بعض حصے تمام اطراف سے شرف قبول حاصل نہیں کرسکتے، لیکن اس کے یہ معنی نہیں، کہ ایک غیر معمولی قسم کے تربیت یافتہ، اور مفکرانہ ذہن کی پیداوار کی حیثیت سے اسکی قدر و قیمت میں کوئی کمی ہوجائیگی، میرا یہ یقین ہے کہ

اس نوع کی اور کتابوں کی ضرورت ہے، ایسی کتابیں جو ہمارے سامنے غیر مروجہ نقطہائے نظر پیش کریں، اور جو آزادی خیال کی تحریک پیدا کریں، اور صرف اکابر پرستی کی ترغیب نہ دیں، مثال کے طور پر اسکے حصے وہ ابواب ہیں، جو فارسی شاعری اور فلسفہ سے متعلق ہیں، جو سخت تنقیدی ہیں، اور اقبال کے بعض ناسخن شناس مداح غرائیں گے، پھر بھی ڈاکٹر سنہا کا فیصلہ برا نہیں، میں خوش ہوں کہ انھوں نے اشارہ کیا ہے، کہ ایران میں غالب کی فارسی شاعری کا بھی اعتراف نہیں کیا گیا، ۱۹۱۹ء میں میں نے خود پروفیسر براؤن سے غالب کی فارسی شاعری کے متعلق گفتگو کی اور انھوں نے مجھ سے وہی کہا جو ڈاکٹر سنہا نے لکھا ہے، انھوں نے بتایا کہ صرف دو ہندوستانی شعرا ایک خسرو، دوسرے غنی کاشمیری (آخر الذکر بہت ہی کمتر درجہ میں) کا ایران میں اعتراف کیا گیا، لیکن خسرو کے والدین، ایرانی تھے، اس لئے ہندوستان اپنی فارسی شاعری کی خوبی کا زیادہ دعوی نہیں کرسکتا،

حال میں جب ایرانی وفد آیا تو اس نے مجھ سے ٹھیک وہی کہا جو ڈاکٹر سنہا نے لکھا ہے، کہ مغلوں نے ہندوستان کے لئے بہت کچھ کیا لیکن انھوں نے فارسی زبان کو تصنع اور طمطراق سے بگاڑ ڈالا، ڈاکٹر سنہا نے یہ صحیح اشارہ کیا ہے کہ اقبال نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں ثقیل فارسی الفاظ اور مبہم تلمیحات کا مذاق پیدا کرلیا تھا، پھر بھی ایک بڑے شاعر کی حیثیت سے انکی شہرت باقی رہیگی، ڈاکٹر سنہا نے نظیر اکبرآبادی اور آرزو لکھنوی کا حوالہ دیا ہے میری خواہش تھی کہ وہ اردو کے نمونہ کی حیثیت سے

میر اور درد کا حوالہ دیتے، بہ حیثیت مجموعی میں ڈاکٹر سنہا کی کتاب میں بہت گرویدگی پاتا ہوں، عوام سے اسکو اوجھل نہیں ہونا چاہیئے، جہاں تک جلد یہ شایع ہوجائے بہتر ہے، کہ میں اس کو ایک عظیم الشان کارنامہ اور ایک نہایت ہی عمدہ اور شاندار کتاب کی حیثیت سے دیکھتا ہوں،

امرناتھ جھا اور اقبال

(لفٹننٹ کرنل ڈاکٹر امرناتھ جھا، ایم۔اے۔ڈی۔لٹ، وائس چینسلر الہ آباد یونیورسٹی)

سر محمد اقبال ہندوستانی ادبیات میں ایک ممتاز حیثیت رکھتے ہیں، اردو اور فارسی میں انکی تحریریں مقبول ہوچکی ہیں، فلسفیانہ مذہبی موضوع پر ان کے خطبات کی بڑی تحسین کی جاتی ہے، اور اس میں شبہ نہیں کہ انھوں نے نئی پود کے مصنفوں اور مفکروں کی بہت بڑی تعداد پر گہرا اثر ڈالا، ایک فاضل نجی کی حیثیت سے انھوں نے اردو زبان کو الامال کرنے میں، اپنا علم صرف کیا، گو اپنی زندگی کے آخری ایام میں وہ اپنی وطنی زبان میں نہیں بلکہ ایران کی زبان میں تصنیف و تالیف کو ترجیح دینے لگے، یہ افسوس کی بات ہے کہ سینکڑوں بلکہ ہزاروں ہندوستانیوں میں جنھوں نے پچھلی چار صدیوں میں فارسی زبان میں لکھنا پسند کیا، ایک کے سوا کوئی بھی ایرانی ادبیات کی تاریخ میں قابل تذکرہ نہ سمجھا گیا، غالب جس نے اپنی فارسی شاعری کا اتنا بڑا سرمایہ چھوڑا ایران میں غیر معروف ہے، اس کے برعکس ان کے اردو اشعار نے انکو ان لوگوں کی صف اولین میں جگہ دی جنھوں نے دہلی کی جدید (مکسالی) زبان

میں لکھا، اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ اردو پر فارسی کو ترجیح دیکر اقبال نے بھی فیصلہ کرنے میں غلطی کی، انجام کار ادبیات میں انھوں نے کونسا اضافہ کیا؟ کیا وہ کوئی نئی بات کہتے ہیں، کیا انکے اظہار خیال کا کوئی دلکش اسلوب ہے، کیا انکی تشبیہات و اشارات نظر و تصورات جدید ہیں، کیا کسی لحاظ سے وہ ابداع و اختراع کے مالک ہیں، کیا ایک خلاق موسیقی کی حیثیت سے وہ کسی بلند سطح پر ہیں کیا اپنی زباں، اور اپنی نے یا فلسفہ کے لحاظ سے وہ شعراء اور مفکرین کے درمیان کسی افضلیت کا دعوی کر سکتے ہیں؟ نہ تو انکی دینیات یا سیاسیات پر میں کچھ لکھنے کا اہل ہوں نہ انکی فارسی نظموں پر، پھر بھی ان کی اردو نظمیں میں نے پڑھی ہیں، اور بڑے انبساط کے ساتھ پڑھی ہیں، یہ افسوسناک امر ہے کہ ابھی تک انکی اردو تصنیف پر کسی بے لاگ اور غیر جانبدارانہ تنقید و تحسین کی کوشش نہیں کی گئی، بہت سے نام نہاد تنقیدی اندازے تحسین ناشناس ثابت کر رہ گئے ہیں، جن میں قدیم ناقدوں کے طرز کی جھلک پائی جاتی ہے، اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں، کیونکہ جن لوگوں نے اقبال پر لکھا ہے، ان میں بیشتر وہ لوگ ہیں جو ان کو خود جانتے تھے، یا ان کی شخصیت کے اثر کا جادو ان پر چل گیا تھا، اس طور سے لازمی تھا کہ فیصلہ پر ذاتی عنصر اثر انداز ہو، کیا وہ ایک عقلمند آدمی نہ تھا جو ایک جدید تصنیف کی اشاعت پر ایک قدیم کتاب پڑھا کرتا تھا، ایک اور مجھدار انسان گذرا ہے جو کبھی کسی ایسے مصنف کا اقتباس نہ دیتا جو کم از کم ایک سو برس قبل نہ مر چکا ہو، کم از کم جہاں تک خالص ادبیات کا تعلق ہے، اس تاخیر سے

کوئی مضائقہ نہیں، وہ ساری چیزیں جو صرف معاصرانہ دلچسپیوں کی ہیں، وہ کل چیزیں جو ہنگامی ہیں، وہ ساری باتیں جو فضول اور غیر متعلق ہیں نظر انداز کر دی جاتی ہیں، اور ایک تصنیف کے متعلق تمام و کمال اس کے ادبی محاسن کے لحاظ سے فیصلہ کیا جاتا ہے، اس کے برعکس مستقل قدر و قیمت کی بہت سی تصنیفات جن کے بغیر آئندہ نسلیں نہیں رہ سکتیں اشاعت کے بعد سالہا سال تک بے اعتنائی کی حالت میں پڑی رہیں، اس طور سے "سنگدل زمانہ" ہی حقیقی جج ہے، پھر بھی معاصر تنقید تاریخی دلچسپی کی چیز ہوتی ہے،

ڈاکٹر سنہا کی کتاب اقبال کی وفات کے تقریباً نو سال کے بعد منظر عام پر آرہی ہے، لیکن یہ مشتبہ ہے کہ اس کی میزان، معقولیت، اور تنقیدی خوبی کو کچھ زیادہ پسندیدگی سے دیکھا جائیگا، کیونکہ اقبال کی پرستش بت پرستی کی حدود سے زیادہ دور نہیں ہوئی، لیکن ڈاکٹر سنہا نے اقبال کے تصانیف کے مطالعہ میں سالہا سال صرف کئے، اقبال نے جو کچھ لکھا یا اقبال کے متعلق تقریباً جو کچھ لکھا گیا، وہ سب انھوں نے لکھا، میں "تقریباً ہر چیز" مصلحتہً کہا ہے چونکہ ڈاکٹر سنہا جیسا بلا نوش قاری بھی اقبال کے متعلق تمام اخبارات و رسائل کے مقالات پر دسترس نہیں رکھ سکتا تھا، ڈاکٹر سنہا نے اس مطالعہ میں یورپی اور مشرقی ادبیات کی کافی معلومات فراہم کر دی ہیں، یہ ایک حیرت زا یادگار ہے، اور تنگ نظریوں اور ناہموار رویوں سے بالکل پاک صاف ہے، جو عالمگیر احترام کے اسرار میں سے ہیں، اور جو ان میں

(ڈاکٹر سنہا) اور انکی تحریروں میں جاری و ساری ہیں، تقریباً نصف صدی تک ڈاکٹر سنہا نے اپنی فرصت کی ۔ ساعتیں ادبی مشاغل پر صرف کی ہیں، انھوں نے پڑھا بھی بہت اور لکھا بھی بہت انکی دلچسپیاں ہمہ گیر رہی ہیں، انھوں نے مرکزی اور صوبائی مجالس قانون ساز میں سالہا سال تک عملی کام کئے کئی سال تک وہ صوبۂ بہار و اڑیسہ کی مالیات کے ذمہ دار رہے تھے، سالہا سال تک وہ پٹنہ یونیورسٹی کی قسمت کا فیصلہ کرنے میں صدارت کے فرائض انجام دیتے رہے، انھوں نے تقریباً پچاس سال سے ایک فاضلانہ رسالہ کی ادارت کی، وہ ایک مشیر قانونی کی حیثیت سے ایک مشغول زندگی رکھتے تھے، الہ آباد اور پٹنہ میں وہ جشن و زندہ دلی کا مرکز رہے ہیں، وہ نہ صرف اپنے معاصرین، بلکہ اپنے سے چھوٹے لوگوں کے مجمع میں بھی پذیرائی کے لائق مہمان، اور خوش دل میزبان رہے ہیں لیکن باوجود اپنی معاشرانہ اور پیشہ کی مشغول زندگی، اپنے قانونی اور انتظامی امور، اپنی مجلس قانون ساز کے ترجیحی شغل کے انھوں نے ادبیات کے ساتھ اپنے ربط کا سلسلہ جاری رکھا، چھہتر برس کی عمر میں اس عظیم الشان کتاب کی تخلیق، جس قدر ان کے زور و قوت کا خاص ہے، اسی قدر انکی ادبی مشغولیت کا بھی،

ڈاکٹر سنہا کی کتاب کے وہ حصے جنس ادبی تنقید ہے (جو اقبال کی مذہبیات، فلسفہ اور سیاسیات سے ما بہ الامتیاز ہے) اور جو بہت سے قاریوں کی دلچسپی کا سبب ہونگے) پانچواں، دسواں، سولہواں، سترہواں، اکیسواں ابواب ہیں، یہ

کہا جا چکا ہے کہ اقبال نے ہندوستان کے قومی شاعر ہونے کی حیثیت سے ابتدا کی، اس کے بعد وہ شاعر اسلام ہو گئے اور شاعر انسانیت کی حیثیت سے ان کا خاتمہ ہوا۔ ڈاکٹر سنہا نے بحث کی ہے کہ ہندوستانی موضوع پر انکی بعض نظمیں کس قدر جمیل و دلآویز ہیں، جیسے راوی، ہمالہ، تصویر درد، رام، سوامی رام تیرتھ، نیا شوالہ، ترانۂ ہندی، ابر موسمی۔ جو ہندوستانی شاعری میں ایک قابل لحاظ اضافہ ہیں، لیکن ساری نظمیں انکی زندگی کے اولین حصہ سے تعلق رکھتی ہیں، اور نا انصافی ہوگی اگر یہ اپنی سادگی اور ظاہری خوبیوں کے باوجود انکی (اقبال کی) شاعرانہ نو آموزی کی وجہ سے کم رتبہ سمجھی جائیں، یہ انکی عظمت کا ثبوت ہے کہ اپنی نوعمری میں بھی وہ ایسی نفیس نظمیں کہنے پر قدرت رکھتے تھے۔ (اس کے بعد جھاصاحب نے ڈاکٹر سنہا کی کتاب سے اقبال کی نظم "جگنو" کا انگریزی ترجمہ نقل کیا ہے)

یہ کس قدر حسرت کی بات ہے کہ جو شاعر اس لے میں شعر کہنے پر قدرت رکھتا ہو وہ عملی طور پر اردو کو ترک کر دینے کا فیصلہ کر لے، اور فارسی میں لکھنے لگے، جسکو وہ اہل زبان کی حیثیت سے نہیں، بلکہ پردیسی کی حیثیت سے استعمال کرتا تھا۔ پروفیسر براؤن کہتے ہیں ہندوستان میں جو فارسی ادب پیدا ہوا اس میں حقیقی ایرانی عمدہ خصوصیت نہیں پائی جاتی، جو وہاں کے دیسی لہجہ میں ہے، ۱۹۲۳ء میں ایرانی ثقافتی وفد جو ہندوستان آیا اس کے لیڈر رہز اکسلنسی علی اصغر حکمت نے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ انھوں نے کہا کہ اقبال کو ایران میں ولی نہیں جانتا، کس قدر دردناک

ہے کہ انھوں نے اپنی پختہ کارانہ اور حوصلہ مندانہ شعر گوئی کے لئے واسطہ کی حیثیت سے اردو پر فارسی کو ترجیح دی، یہ بھی کیسا دردناک ہے کہ جب اردو کی طرف وہ واپس آئے جیسا کہ "بال جبریل" سے ثابت ہوتا ہے انھوں نے "بانگ درا" کی نسبتہً خالص اور رواں زبان کو ترک کر دیا، اور ایک نمود فضل والی مصنوعی طرز اختیار کی، جو نہ اچھی اردو ہی ہے نہ اچھی فارسی ہی، ہمیں اسپنسر کے متعلق جانسن کی تنقید یاد آتی ہے کہ متروکات کو اختیار کر کے اس نے کوئی زبان ہی پیش نہ کی "بال جبریل" کی زبان میں آج کون لکھتا ہے، یا نصف صدی کے بعد کون لکھے گا، گیارہویں باب میں ڈاکٹر سنہا نے اس موضوع پر سنجیدگی سے بحث کی ہے، اور ثابت کیا ہے کہ اردو کی روایات سے اقبال کی علحدگی کس قدر غیر ضروری بلکہ مضرت رساں بھی تھی۔

سولہویں باب میں غالب، حالی اور اقبال پر ایک تنقیدی تبصرہ ہے، اور ڈاکٹر سنہا اس نتیجہ پر پہونچے ہیں، کہ نہ صرف ادا، طرز اور زباں کے انتخاب کے لحاظ سے بلند خیالات کے اظہار اور حقیقی شاعرانہ کیفیات کے اعتبار سے بھی حالی کو اقبال پر فوقیت حاصل ہے، یہ ایک مشکل میں پھنسا دینے کی سعی معلوم ہوگی، اور اقبال کے بہت ماننے والے کسی طرح اسکو تسلیم نہیں کرینگے، یقیناً خود حالی کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ انکی مسدس اور لمبی نظموں کی قبولیت کے سبب انکی غزلوں سے ایک غیر منصفانہ غفلت برتی گئی، حالانکہ اس میں بھی وہ ممتاز تھے، لیکن حالی کی عظمت مفصلہ ذیل سطروں سے ظاہر ہوتی ہے جن کا

وارڈ نے ترجمہ کیا ہے،

"علم تو خوشی کے خزانہ کی کنجی ہے تو مسرتوں اور فایدوں کا آمادہ نوارہ ہے، دونوجہاں کے اعتبار سے تیرے سایہ میں آرام ہے تو یہاں بھی بقا کا وسیلہ ہے اور اس کے بعد (آخرۃ) کا رہنما"

ڈاکٹر سنہا نے ادبیات کے حقیقی عناصر پر عمیق نظر ڈالتے ہوئے عظیم الشان شعرا کی صف میں اقبال کے مقام پر بحث کی ہے، انکی مفصلہ ذیل رایوں سے اختلاف کرنا بہت مشکل ہے۔ شاعری غیر فانی ہوتی ہے، بعینہ اس حد تک جس حد تک یہ عقیدہ اور ماحول سے بلند ہوگی، اور انسانی عنصر کو اپیل کرنے کے ذریعہ جو اس میں مدفون ہے، ہر انسان کے قلب کو متاثر کریگی، دوسری ساری شاعری کو صرف بعض لوگ بہ نظر تحسین دیکھیں گے، یا اس سے لطف لیں گے، ہوسکتا ہے کہ ایسی شاعری بعض سینوں میں جوش پیدا کر دے، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ عارضی ضرورت کو پوری کر دے، حسرت یہ ہے کہ اقبال جو ایک عالمگیر شاعری اور عالمی ادب میں اضافہ کر سکتے تھے، انھوں نے نظموں کا بہت بڑا ذخیرہ، عقیدہ اور پروپاگنڈہ کے لئے لکھا"

"اگر کالیداس ایک عظیم الشان شاعر ہیں تو اس لئے کہ وہ انسانی قلب کا مطالعہ کرتے، انسانی جذبات، اور جوش کا نقشہ پیش کرتے، انسانی سیرت کی

تفسیر بیان کرتے، اور فطرت کے حسن و جمال کو بے نقاب کرتے ہیں"

"بہترین شاعری ہمیشہ دلپذیر ہوتی ہے، وہ ہماری جبلتا پر غلبہ حاصل کرتی ہے، ہمارے جذبات میں لطافت پیدا کرتی ہے، ہماری زندگی میں نرمی اور شرافت کا اثر ڈالتی ہے، اور ہمارے سامنے بنیادی اوصاف کے نمونے پیش کرتی ہے جو انسانیت کا مرتبہ بلند کر دیتے ہیں"

"فلورنس کا رہنے والا دانتے خواہ مسیحیت سے کتنا ہی اثر پذیر ہوا ہو، اس نے اپنی "ڈیوائن کامیڈی" کو اپنے ایک مخصوص اور عالمگیر نظموں کے ذریعہ زمانہ کے درمیان پایدار بنا دیا، یقیناً یہ اس کی دینیات نہ تھی، اس کا عقیدہ نہ تھا اور حتی کہ اس کا گہرا مذہبی پس منظر نہیں ہے، بلکہ زندگی کے ابدی حقایق کے متعلق جنھوں نے انسانیت کو صدیوں سے منوھہ کر رکھا ہے، اس کے نظارہ کی عجیب وغریب ہمہ گیریت ہے، انسانیت کے لئے دانتے کی مستقل اپیل کو جو چیز یقینی بناتی ہے، وہ مجموعہ ہے، شکوہ، درد، احساس مصیبت، اور وسیع انسانی ہمدردی کا، یہ مسیحی عقاید کی مخصوص وکالت نہیں"

"اور ملٹن؟ ایک پیوریٹین، ایک پروٹسٹنٹ (ایک مسیحی فرقہ) کراموں کا معاون کیا اسکی شاعری میں ان ساری چیزوں کی یاد دلانے والی کوئی چیز ہے، اور کوئی کیسے ان حالات کو فراموس کر سکتا ہے، جنہیں وہ بسر کرتا، اور تصنیف و تالیف کرتا رہا، یا ان اسباب کو نظر انداز کر دے، جنہیں وہ بات پیر مارتا اور مصیبت سہتا رہا، کیا

اسکی "فردوس گم گشتہ" ساری نوع انسانی کی ایک شاندار مثنوی نہیں جسمیں انسانیت کی اخلاقی اور [illegible] ضرورتوں کو سرانجام دینے کی استعداد ہے، اور جو اپنے قصہ کے انجیلی پس منظر [illegible] علیحدہ چیز ہے"

ڈاکٹر سہا کی جامعیت علم وفضل، انکی تنقیدی قوتیں، اور انکے معتقدات کی ہمت اس کتاب کے تمام قارئین کو متاثر کریگی، انکی کاوش، انکی جامعیت اور اس کے اس شوق کی، کہ جس شے کو وہ جیسا دیکھیں، اسی طرح پیش کریں، یہ کتاب مدت دراز تک یادگار رہیگی، تنقیدی ادب میں ایک بہترین قابل ذکر اضافہ کی حیثیت سے اہل علم اسکی پذیرائی کرینگے کیونکہ یہ اقبال کا عمیق، سنجیدہ، مطالعہ اور انکی شاعری اور پیغام کا متوازن اور تنقیدی تخمینہ ہے،

امین جنگ اور اقبال

(ڈاکٹر سر احمد حسین نواب امین جنگ بہادر کے ہی، ایس، آئی۔ ایم۔ اے، ایل، ایل، ڈی ایف، آر، اے، ایس)

نواب امین جنگ نے اپنی "داعی تحریر" میں محبت یا موت کے اثرات کے ماتحت ڈاکٹر سنہا کی صرف ثناخوانی کی ہے، یہ ایک جذباتی اور غیر تنقیدی چیز ہے، ہاں اپنے خط کے آخری سطور میں البتہ انھوں نے اقبال پر اپنی خاص رائے لکھی ہے، جو ایک حد تک اہم ہے، فرماتے ہیں،

میں اس لمبے اور طولانی خط کو ڈاکٹر اقبال کے متعلق اپنے تاثرات ختم کرنے سے
جو خصوصیت کے ساتھ آپکی کتاب سے پیدا ہوا، اور قلیل حد تک اُن دو یا تین مختصر
سی ملاقاتوں اور بعض مراسلت کے ذریعہ جو ان سے ہوئی، میں انکے ذہن
کے اوصاف کی تحسین و احترام کرنے میں کسی سے ہٹیا نہیں، لیکن میں یہ جرأت کرتا ہوں
کہ مجھے بلا خوف و رعایت، اپنا ایماندارانہ عقیدہ ظاہر کرنے میں آپ کی تقلید کرنی چاہئے
انسان کی حیثیت سے یقیناً وہ (اقبال) ذہین تھے، لیکن ان میں پوری دلربائی نہ تھی
شاعر کی حیثیت سے یقیناً وہ اثر آفریں تھے، لیکن ان میں تیقن پیدا کرنے کی کمی تھی
فلسفی کی حیثیت سے لاریب وہ گہرے تھے، لیکن اس گہرائی میں منوانے کی صلاحیت
کافی نہ تھی، مسلمان کی حیثیت سے وہ پرہیزگار تھے، لیکن اس میں وسعت نظر کی
ہم آہنگی نہ تھی، میرے فقرہ "کافی نہیں" پر غور کیجئے، جس کا مفہوم میں نے یہ رکھا ہے
کہ اقبال کے یہاں شخصی دلربائی، منوانے کی قوت، فلسفیانہ ٹھوس پن اور وسعت نظر
تھی لیکن اتنی کافی نہ تھی کہ انکے ذہنی کمال، شاعرانہ رفعت، فلسفیانہ گہرائی اور مذہبی
زہد و ورع سے ہم آہنگی پیدا کر سکے۔

نواب امین جنگ نے اپنے ذاتی تاثرات پیش کئے ہیں، جو اہمیت کی چیز
ہیں، لیکن واقعات و لطائر پیش کرکے انھوں نے کسی تنقیدی اندازہ، یا مبصرانہ اخذ
نتیجہ کی کوشش نہیں کی، اس لئے انکے فیصلہ پر کوئی تنقیدی نگاہ نہیں ڈالی جا سکتی
نواب امین جنگ نے اپنا معیار بھی نہیں بتایا کہ اقبال کے یہاں جن اوصاف کی کمی

دہ پا رہے ہیں، اس کی تکمیل کی کیا صورت ہے، اور یہ کہ واقعۃً اقبال کے یہاں ان اوصاف کی کمی ہے، تو اس کے دلایل نواب امین جنگ کے پاس کیا ہیں،

اقبال کی نشو و نما تصانیف اور شخصیت

شاعر کی حیثیت سے اقبال کو پرکھنے کے لئے ایک آدمی کو ان کے پس منظر کی حیثیت سے، انکے دو کا ایک خاکہ اپنے ذہن میں رکھ لینا چاہیئے، تقریباً پینسٹھ ۶۵ سال کی انکی زندگی، کمتر و بیشتر، حادثہ سے خالی ہے، ۲۲ فروری ۱۸۷۳ء میں پنجاب کے شہر سیالکوٹ میں پیدا ہوئے، آپ کے آباؤ اجداد کا شمیری برہمن تھے، جنھوں نے اسلام قبول کر لیا تھا، انھوں نے مقامی اسکول میں اپنی ابتدائی تعلیم حاصل کی، انکی مادری زبان اس طور سے پنجابی تھی، نہ اردو (ہندوستانی) تھی نہ فارسی (جسکو اب ایرانی کہا جاتا ہے) جن دو زبانوں میں انھوں نے اپنی نظمیں لکھیں ۱۸۹۶ء میں پنجاب یونیورسٹی سے گریجویٹ ہوئے، ۱۸۹۹ء میں فلسفہ میں ایم۔اے کی ڈگری لی، بہ حیثیت لکچرار کے اورینٹل کالج میں زندگی شروع کی، اور لاہور کے گورنمنٹ کالج میں بھی ملازمت کی، پھر ۱۹۰۵ء میں وہ ۳۲ برس کی عمر میں کیمبرج گئے اور وہاں ڈاکٹر میک ٹیگارٹ کی رہنمائی میں جو فلسفہ کے ایک ممتاز پروفیسر تھے، اپنا مطالعہ جاری رکھا، ۱۹۰۸ء میں وہ انگریزی وکالت خانہ میں داخل ہوئے اور ۱۹۰۸ء میں اپنے وطن واپس آکر انھوں نے ۳۵ سال کی عمر میں ایٹ لا کی حیثیت

سے لاہور میں کام شروع کیا، لیکن انھوں نے قانون پر کبھی زور صرف نہ کیا، اور اس پیشہ میں کوئی امتیاز حاصل کرنے میں ناکام رہ گئے، ۱۹۳۵ء میں انھوں نے اپنے بڑھاپے میں ریاست بھوپال کے فرمانروا سے پانسو کا ماہانہ وظیفہ قبول کیا جس سے وہ اپنی وفات مستفیض ہوتے رہے، میونخ یونیورسٹی نے جہاں وہ علمی تحقیق (ریسرچ اسکالر) کر رہے تھے، انکے ایک مقالہ مطبوعہ ۱۹۰۸ء بعنوان "ایران میں علم مابعد الطبیعہ کی ترقی" پر انکو "دکتور" (ڈاکٹریٹ) کی ڈگری دی، بعد میں انھوں نے خود اپنے فلسفہ کو ترقی دی، جو رومی اور بعض جدید یوروپی فلاسفہ کی تعلیمات پر مبنی تھا، انھوں نے ۱۹۳۸ء میں بمقام لاہور ۶۵ برس کی عمر میں وفات کی،

اقبال کی سب سے پہلی اہم کتاب "اسرار خودی" جو فارسی میں لکھی گئی تھی، اور ۱۹۱۵ء میں بمقام لاہور شایع ہوئی، انکے فلسفیانہ خیالات کو ایک جامع صورت میں ضبط کیا، اور کیمبرج کے پروفیسر رینالڈ نکلسن اس کا انگریزی میں ترجمہ کیا، یہ انگریزی ترجمہ ۱۹۲۰ء میں شایع ہوا، ڈاکٹر نکلسن کے ترجمہ کی اشاعت کے تھوڑے دنوں کے بعد یہ ظاہر شاعر کی حیثیت سے انکی تصنیف کے اعتراف میں، اقبال کو ۱۹۲۲ء میں نائٹ کا خطاب ملا، ۱۹۳۷ء میں اپنے جشن زریں (گولڈن جوبلی) کے سلسلہ میں الہ آباد یونیورسٹی نے انکو ڈاکٹر آف لٹریچر کی اعزازی ڈگری عطا کی، اقبال کی فارسی نظموں کا آٹھ مجموعہ مع مذکورہ بالا "اسرار خودی" کے شایع ہوا، دوسری نظمیں تھیں:- رموز بیخودی، جو اگلی نظم کے سلسلہ موضوع پر تھی، زبور عجم، مسافر،

پس چہ باید کرد اے اقوام شرق، ارمغان حجاز، آخر الذکر میں اُردو اور فارسی دونوں نظمیں ہیں، اور ۱۹۳۸ء میں انکی وفات کے بعد شایع ہوئی، اردو میں انکی نظموں کے دو خاص مجموعے ہیں، بانگ درا (قافلہ کی گھنٹی) اور بال جبریل جو علی الترتیب ۱۹۲۴ء اور ۱۹۳۵ء میں طبع ہوئے، انکے دوسرے دو اردو مجموعے ضرب کلیم، اور شکوہ وجواب شکوہ، دو مجموعوں بانگ درا اور بال جبریل کی طرح اہم نہیں، اس طور سے اردو شاعری کے ادب میں اقبال کا اضافہ حجم کے اعتبار سے مختصر تر اور منضبط خیال کے لحاظ سے بہ مقابلہ انکی فارسی تحریروں کے اس قدر اہم نہیں، اول الذکر میں انھوں نے خاص طور پر مختصر نظمیں لکھیں، موخر الذکر میں انھوں نے لمبی نظمیں لکھیں، اور انمیں اپنے فلسفہ کی وضاحت اور اپنی تعلیمات پر نشیں کی،

۱۹۲۵ء سے ۱۹۲۸ء تک پنجاب کی مجلس قانون ساز کے رکن ہونے کی حیثیت سے اقبال نے صوبائی سیاسیات میں کچھ حصہ لیا، ۱۹۳۰ء میں بہ مقام الہ آباد مسلم لیگ کی نشست میں انھوں نے صدارت کے فرائض انجام دئے اور ۱۹۳۱ء میں لندن کی گول کانفرنس کی دوسری نشست میں انھوں نے شرکت کی، الہ آباد میں اپنے خطبہ صدارت کے دوران میں انھوں نے اپنا مفصلہ ذیل اظہار خیال کیا

"میں پنجاب، شمالی مغربی صوبہ سرحد، سندھ، اور بلوچستان کو ایک واحد ریاست میں منضم دیکھنا پسند کرتا ہوں، برطانوی حکومت کے ماتحت، یا اس سے باہر ملحقہ شمالی مغربی مسلم ریاست کی تعمیر شمالی مغربی ہند کے مسلمانوں کی قسمت کا آخری فیصلہ ہے"

لندن کی گول میز کانفرنس کی دوسری نشست میں برطانوی ہندوستانی وفد کی حیثیت سے انکی رکنیت کا حوالہ دیتے ہوئے "ٹائمز" نے اقبال کی موت پر جو مقالہ لکھا اس میں لکھتا ہے "شمالی ہندوستان میں اسلامی سیاسی استحکام کے نظریہ کے لئے جسکی قریبی مسلم ریاستوں تک توسیع کی جاسکتی ہے، انکی سند پیش کی جاتی ہے، جو کچھ حق بجانب بھی ہے، اب یہ ہندوستانی سیاسی محاورہ میں پاکستانی تحریک، سے مشہور ہے، لیکن یہ محاورہ اس وقت مروج نہ تھا جب پنجابی مسلمانوں نے اپنے لندن کے ہیڈ کوارٹر میں اقبال کے سیاسی نظریہ کے مخلص پیرو ہونے کا خیال کیا جس سیاسی نظریہ میں "پاکستان" کی مجوزہ شمالی مغربی مسلم ریاست کی وکالت کی گئی تھی، لیکن اسوقت اقبال کی وکالت کے باوجود پاکستان کی تحریک چل نہ سکی،

لندن کی گول میز کانفرنس میں اقبال خود اپنے پاکستان کا منصوبہ پیش نہ کرسکے، مشہور ترکی خاتون، سیاح خالدہ ادیب کی سبق آموز تصنیف "داخلی ہندوستان" کے ایک باب بعنوان "ایک ہندوستانی قوم یا دو ہندوستانی قومیں" میں کافی دلچسپ معلومات ہیں، جیسا کہ رفیق احمد زکریا صاحب، شاعر کے ایک شارح نے ان کی وفات کے بعد ان کے متعلق خود ہی لکھا، اقبال سیاستداں نہ تھے، اسلئے کوئی تعجب کی بات نہیں کہ جب کبھی انھوں نے سیاسیات سے دل بہلانے کی کوشش کی وہ بری طرح ناکامیاب ثابت ہوئے، وہ اس عہد میں تھے جس نے ہندوستانی قوم پرستی کو عروج پہ دیکھا، پھر بھی انھوں نے اس عظیم الشان تحریک میں کوئی حصہ نہیں لیا، گول میز کانفرنس

میں انکی حیثیت تقریباً صدا بصحرا تھی، جدید رجحانات کے ساتھ ہم آہنگ نہ ہونے کے باعث اور ہندوستان کے سیاسی مسئلہ میں اپنے جبت پسندانہ رویہ کے ساتھ وہ تقریباً اپنے عہد کے ناموزوں تھے، اقبال کی وفات (۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء) سے پاکستانی تحریک کی ترقیاں خالص سیاسی ہیں، اس لئے شاعر کی تصنیفات کے اس مطالعہ میں ان سے مجھے بحث نہیں، اقبال کی تحریروں کے طلبہ کے لئے اسکی اہمیت صرف میں اسلامی کی حیثیت سے انکی ذہنیت کی وضاحت کرنے اور انکی شاعری پر جس سے خاص طور پر ہمیں اس تبصرہ میں تعلق ہے، اسکی اثر آفرینی پیش کرنے میں ہے۔

چونکہ آئندہ ابواب میں ہم زیادہ تر اقبال کی شخصیت کی بجائے خصوصیت کے ساتھ انکی شاعری اور فلسفہ سے بحث کرینگے، اسلئے ہم یہاں انکی مسرت کے متعلق بھی کچھ کہیں گے، جو مبنی ہوگا بیس سال (۱۹۰۸ء سے ۱۹۳۸ء) کی لمبی مدت کے درمیان ہمارے اس علم پر جو انکی زندگی اور مزاج کے متعلق ہمیں حاصل ہے اقبال ان بڑی بڑی ذہنی طاقتوں میں سے ہیں، جنکو جدید ہندوستان نے پیدا کیا، وہ بلند ترین تہذیب، مشرقی اور مغربی دونوں کے حامل تھے، انکی زندگی کی خاص دلچسپیاں ذہنی اور تہذیبی تھیں نہ کہ سیاسی حقیقی معنی میں سیاسیات انکے لئے قطعاً نامناسب حال چیز تھی، اور جیسا کہ ڈاکٹر ٹائیر نے اشارہ کیا) جیسا کہ وقتاً فوقتاً موقعہ ہوا وہ کانگریس، مسلم کانفرنس، اور مسلم لیگ کی پالیسی پر سخت نکتہ چینیاں کرتے" وہ اپنے ذوق اور دوستی کے لحاظ سے بھی وسیع مشرب کے انسان تھے، اور میں ڈاکٹر ٹائیر سے

پورا اتفاق رکھتا ہوں، کہ "وہ ایک متعصب، فرقہ پرست، نہ تھے جو انکے بعض نام نہاد مداحوں نے انکو بنا کر رکھدیا" اس خاص اعتبار سے انکی کتابیں میرے خیال میں خود اس آدمی کی حقیقی تصویر نہیں پیش کرتیں جس میں انسانی رافت کا دودھ جاری وساری تھا، اور جو ایک خوش باش، زندہ دل اور بامروت انسان تھا، اگر انکی تصنیفات الٹا اثر پیدا کرتی ہیں تو یہ انکی شاعری کا قصور ہے نہ کہ خود شاعر کا، سارے لوگ جو (موجودہ مصنف کی طرح) انکو اچھی طرح جانتے ہیں بلا تردد تصدیق کرینگے کہ مذہبی عقیدہ پرستی کا ان پر ہلکا اثر تھا، بہ حیثیت مجموعی اقبال ایک دلکش موہنی شخصیت کے مالک تھے، جو اپنے دوستوں پر ایک نہ مٹنے والا نقش چھوڑ جاتی تھی، ان دوستوں پر جو بڑی محبت اور اعلیٰ احترام کے ساتھ انکی یاد مناتے رہیں گے، گو انکی نظموں کے اندر انکے فلسفہ کی اچھائی یا برائی، یا انکے ادبی یا جذباتی تخمینہ کے متعلق مخالفانہ ہی رائے کیوں نہ رکھتے ہوں،

اقبال کی شخصیت کے اس مختصر سے تخمینہ کو ختم کرنے سے قبل میں انکی ایک جاذب توجہ خصوصیت کا حوالہ دونگا، یعنی انکی گفتگو کی دلربائی، جس میں شوخی کا انوکھا پن پایا جاتا تھا ہندوستان کے طول وعرض میں میرے وسیع حلقہ احباب کے اندر اقبال بلا شبہ بات چیت کرنے میں فطرتاً سب سے زیادہ طباع آدمی تھے، خواہ وہ انگریزی میں گفتگو کرتے، یا اردو یا پنجابی میں سادہ گفتگو میں ان کے بیان کے اندر یکساں برجستگی پائی جاتی، زبان کی موزونیت، شوخی کا سرمایہ، اور قبل سے

بلاسوچی سمجھی ہوئی بذلہ سنجی اور حاضر جوابی ان کے عمومی اخلاص میں ملکر انکی صحبت کو بہت مسرت بخش اور فرحت بنا دیتی تھی، وہ اپنی مادری زبان پنجابی کے بھی بڑے شایق تھے اور وہ اسی میں اپنے پنجابی احباب اور اعزہ سے گفتگو کرنے کو ترجیح دیتے، جس دن انکی وفات ہوئی اس کی اگلی شب کو ایک دوست نے جو ان کے بستر کے پاس موجود تھا، انکی زندگی کے آخری مرحلہ کو اس طور سے دہرایا ہے، جو نقل کرنے کے لایق ہے، شاعر نے دیوان علی سے ایک پنجابی گیت سنانے کے لئے کہا، شاعر کی التجا نے ایک دلنواز وقفہ کا کام کیا، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ شاعر اسوقت بھی حتیٰ کہ اپنی وفات سے چند گھنٹے قبل ذہنی طور پر انتہائی درجہ ہوش وحواس میں تھا، دیوان علی نے پنجاب کے صوفی شاعر بلّے شاہ کے چند اشعار پڑھے، ان اشعار نے شاعر کے قلب کی نازک رگ کو چھوا، اور آنسو اس کے رخسار سے بہ نکلے" یہ دل پر اثر ڈالنے والا قصہ جسکو مصنف نے اس خوبی سے روایت کیا ہے، نہ صرف اپنی مادری زبان سے اقبال کے شوق و تعلق کے متعلق میرے بیان کی توثیق کرتا ہے، بلکہ قدرتی طور پر یہ اہم سوال بھی پیدا ہوتا ہے، کہ وہ اپنی نظمیں ایران کے اعلیٰ محاورہ، یا شمالی ہند کی اردو (ایک پنجابی کیلئے تحصیلی زبان) کے بدلے، پنجابی ہی میں لکھتے تو انکی قسمت کا کیا رنگ ہوتا، بہت ممکن تھا کہ پنجابی میں انکی نظم نگاری اس زبان میں ادب کے اندر انقلاب پیدا کر دیتی، اور اسکو بلند سطح پر پہونچا دیتی اس موضوع پر مزید بحث بے فائدہ ہے، کیونکہ اقبال نے کبھی اپنی توجہ اپنی

مادری زبان میں نظم لکھنے کے سوال کی طرف صرف نہ کی انکی ساری نظمیں اردو یا فارسی میں ہیں، ہندوستان کی ادبی دنیا میں اقبال کے مقام سے قطع نظر یہ دکھانے کیلئے کافی کہا جا چکا ہے، کہ بیسویں صدی کے نصف اول میں ملک کی سماجی، تہذیبی اور ذہنی زندگی میں ان کا ممتاز مقام رہا ہے، انکی اختراعی قابلیت ہمہ گیر تھی، اور قدرت کی طرف سے انکو یہ نمایاں انعام ملا تھا، کہ جس شے کو وہ مس کرتے، اسکی آرایش و تجمیل بھی کر دیتے تھے، میرے آیندہ صفحات میں انکی شاعری اور فکر دونو پر حتی الوسع کچھ لمبی بحث کی ہے، جسمیں ہم نے ذاتی دوست نہیں بلکہ ایک نکتہ رکھنے والے نقاد کے نقطہ نظر سے شاعر اور مفکر دونو اعتبار سے انکی تصنیف اور جوہر کا اندازہ لگانے کی کوشش کی ہے مصنف کی حیثیت سے اقبال کے متعلق میرے افکار و آرا کی جو بھی قیمت ہو، وہ کسی طرح میرے محبت بھرے خراج کی قدر گھٹا نہیں سکتے، جو یہاں اس شخص کی یاد میں پیش کیا گیا ہے جو اپنے وطن کے سامنے تین پائیوں تک اثر آفریں ذہنی قوت، سادہ زندگی اور بلند خیالی کے پر اثر نمونہ، اور سب سے زیادہ بہت سے عظیم الشان اور اچھے کام کیلئے ایک زوردار منارہ کی حیثیت سے کھڑا رہا ہندوستانی معاصرین کے درمیان انکو مقدم رکھتے ہوئے ہیں ان کے متعلق ہلا تردد شکسپیر کے ان الفاظ کا استعمال کرونگا جو بروٹس کے بارہ میں انطونی کی زبان سے ادا ہوئے ہیں، اس کی زندگی شریفانہ تھی، اور ایسے عناصر اسمیں ممزوج تھے، کہ فطرت کھڑی ہو کر ساری

دنیا سے کہتی! یہ ایک انسان تھا" پھر اقبال کی شخصیت ایسی ہی تھی، ایک انسان کیا تھا یا کیا ہے؟ یہ قطعی مختلف چیز ہے اس سے کہ اس نے کیا کیا تھا یا کیا کیا ہے؟ انسانیت کی بلند ترین تکمیل یہ نہیں ہے کہ کیا اس نے کیا ہے، بلکہ یہ ہے کہ وہ خود ہے کیا؟ کیونکہ یہ شخصیت ہے جو شاعری، سیاسیات، اور اصول سے زیادہ زمانہ کو حرکت دیتی ہے، اس لئے ایک انسان کا سراسر اس حیثیت سے اندازہ لگانا نہیں چاہیئے جو اس نے انجام دیا، یا حاصل کیا، بعض بڑے بڑے شعرا تمام مخلوقات میں سب سے زیادہ غیر شاعر تھے، اسکے برعکس بعض کمتر درجہ کے لوگ بڑے موہنے رہے ہیں، اس شاعری سے بھی زیادہ جس سے وہ فنی طور پر بے بہرہ تھے، اسلئے ہملوگوں کو چاہیئے کہ ایک انسان اور اس کے کام (یا تصنیف) میں فرق و امتیاز کرنا سیکھیں، اور آخر الذکر کو اس وقت تنہا چھوڑ کر میں اقبال کو اس پراسرار چیز کے لئے جس کو شخصیت کہا جاتا ہے، بلند ترین مقام دینے میں تردد محسوس نہیں کرتا، وہ شخصیت جو اقبال کے تعلق کے ساتھ ایک ناقابل تفریح طور سے موہنی اور ناقابل بیان طور پر ترسانے والی چیز تھی، اقبال کی شخصیت کے سامنے اپنا خراج احترام و عقیدت پیش کر کے جہاں تک میرے بس میں ہوگا ذاتی ملاحظات سے غیر متاثر ہو کر اب میں نقاد کی حیثیت سے اپنے ہی اختیار کئے ہوئے کام کے لئے خود کو خطاب کرونگا۔

استدراک

ڈاکٹر سنہا نے اس باب میں جس جوش محبت اور فرط احترام کے ساتھ اقبال کا تذکرہ کیا ہے، اس سے اقبال کی ایک ایسی موہنی شخصیت سامنے آجاتی ہے جسکی وضاحت سنہا صاحب ہی کر سکتے تھے، چونکہ ان کو اقبال کے ساتھ نجی طور پر ربط و اخلاص تھا، اور ایک نے دوسرے کی پر لطف صحبتوں سے فیض و لطف اوٹھایا تھا، ڈاکٹر سنہا کی شخصیت خود ہی بہت اثر آفریں ہے، جس کا اس شاندار انداز میں ڈاکٹر جھا نے اعتراف کیا ہے، ڈاکٹر سنہا کے سطور بالا کو پڑھ لینے کے بعد ہمیں بے طرح گاندھی جی یاد آئے، کاش انکی بیتاب مگر اب یاس بھری نظروں سے ڈاکٹر سنہا کے یہ الفاظ گذر جاتے، تو شاید انکی نگاہ واپسیں میں وہ تاثرات نہ ہوتے جنہیں اُلجھ کر انھوں نے ہندوستان کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہا، ڈاکٹر سنہا کی یہ رس اور پیار بھری باتیں ہندوستان کی سماجی اور سیاسی زندگی کا حاصل پیش کرتی ہیں، انھوں نے محبت کے جس اتھاہ سمندر میں ڈوب کر اخلاص و عقیدت کے یہ نایاب جواہر پارے نکالے ہیں، وہ رہتی دنیا تک انسانیت کے سامنے بالعموم اپنی چمک اپنی دلربائی، اور اپنی افادیت کا سماں پیش کرتے اور ہندوستان کی عام جنتا کے لئے بالخصوص وطن کی نجات، ترقی اور فلاح کے لئے مشعل راہ کا کام دیتے رہیں گے، ڈاکٹر سنہا فرماتے ہیں "میں ڈاکٹر اقبال کو انکی پراسرار چیز کے لئے جس کو شخصیت کہا جاتا ہے، بلند ترین مقام دینے میں تردد محسوس نہیں

کرتا، وہ شخصیت جو اقبال کے تعلق کے ساتھ ناقابل تصریح طور سے ایک موہنی اور ناقابل بیان طور پر ایک ترسانے والی چیز تھی" ڈاکٹر سنہا کے ان پریم بھرے جملوں میں ہمیں نہ صرف انسانیت کی سربلندی، اور شخصیت کی معراج نظر آتی ہی جسکے حامل نہ صرف وہ ہیں جنکے متعلق یہ جملے لکھے گئے، بلکہ خود لکھنے والا بھی پڑھنے والے پر اپنی شخصیت کا یہی نقش چھوڑ جاتا ہے، ڈاکٹر سنہا غالباً شعر نہیں کہتے لیکن ان کے اس جملہ میں جو مٹھاس، لوچ، اور اپدیش ہے وہ ہمیں شاد کا یہ شعر یاد دلا دیتا ہے، اس شاد کا جسکے کلام کی اشاعت میں ایک افادیت بخش حصہ لیکر سنہا صاحب نے بھی اردو زبان پر غیر فانی احسان کیا، شاد کہتے ہیں،

ڈھونڈھوگے اگر ملکوں، ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم
تعبیر ہے جسکی حسرت و غم اے ہم نفسو! وہ خواب ہیں ہم

ڈاکٹر سنہا نے اگلے سطور میں لکھا ہے، کہ "بعض لوگ بڑے موہنے رہے ہیں، اس شاعری سے بھی زیادہ جس سے وہ فنی طور پر بیگانہ تھے، یہاں پہونچکر ڈاکٹر سنہا ہم پر اپنی شخصیت کا یہی اثر ڈالتے ہیں اور اس طور سے اپنے فلسفیانہ قول کی تصدیق بھی کر دیتے ہیں۔

ڈاکٹر سنہا نے اس باب میں اقبال کی تصنیفات پر بھی تبصرہ کیا ہے، لیکن ان میں "پیام مشرق"، اور "جاوید نامہ"، کا کوئی تذکرہ نہیں، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اقبال کے کلام اور شاعری پر تنقید لکھنے میں ان سے غلطیاں ہوگئیں،

بلا لگی لپٹی میں یہ کہنے پر مجبور ہوں، کہ ڈاکٹر سنہا نے اقبال کے متعلق" کافی مطالعہ کیا، لیکن خود اقبال کی تصنیفات پر انھوں نے گہری نظر نہیں ڈالی، امرناتھ جھا کی طرح اقبال کی فارسی شاعری تک انکو نارسائی اور انکے اردو کلام میں زبان کی کٹھنائی کا گلہ تھا، اس لئے زیادہ تر انھوں نے بقول بابو شنکر دیال (فلسفۂ آوری) انگریزی میں" اقبال کے متعلق" مطالعہ و تحقیق کی، کاش وہ اقبال کو خود اسکی تصنیفات کے آئینہ میں دیکھتے تو میرے خیال میں انکی شاعری سے انکی شخصیت کی نسبت کسی طرح کم متاثر نہ ہوئے،

ڈاکٹر سنہا کے سطور بالا میں بیان کا زور، اور اخلاص کی دلربائی اتنی ہوش ربا ہے کہ انسان گم ہو کر رہ جاتا ہے، انھوں نے انسان کے پرکھنے کا جو معیار قایم کیا ہے، اس سے یہ تو پتہ ضرور چل جاتا ہے، کہ انکو اقبال کے ساتھ کتنی غیر معمولی محبت تھی، کہ بالآخر اپنی تنقیدی حربوں سے انکو محفوظ کرنے کے لئے سنہا صاحب کو ایک کلیہ فرض کرنا پڑا فرماتے ہیں" انسانیت کی بلند ترین تکمیل یہ نہیں ہے کہ کیا اس نے کیا ہے بلکہ یہ ہے کہ وہ خود ہے کیا، کیونکہ یہ شخصیت ہے جو شاعری، سیاسیات، اور اصول سے زیادہ، زمانہ کو حرکت دیتی ہے، اسلئے ایک انسان کا سراسر اسی حیثیت سے اندازہ لگانا نہیں" چاہیئے جو اس نے انجام دیا یا حاصل کیا" سنہا صاحب نے اقبال کی محبت میں یہ لکھدیا، لیکن انکو شاید یہ خیال نہ رہا کہ شخصیت تو مٹ جاتی ہے دنیا میں خیال و عمل ہی نقش پایدار بنکر رہ جاتا

اور پھر شخصیت کیا خیال و عمل کے دایرہ سے کوئی خارج شے ہے کیا اشخاص اپنے خیال و عمل کی تبدیلیوں کے ساتھ ہماری فکر و عقاید بدل نہیں دیتے ہم شخصیت کو کسی طرح خیال و عمل سے جدا نہیں کر سکتے، ہاں انبیاء و رسل، رشی و منی کی شخصیتیں کہاں ہیں؟ ہم تو آج محض انکے خیال و عمل کے تصورات سے اثر لیتے ہیں سنہا صاحب کے یہاں یہ فلسفیانہ پیچیدگی اسلئے نظر آتی ہے کہ انھوں نے "اقبال کے متعلق" تحقیقات کی تو انکی یہ تصویر انکی اصلی شبیہہ سے بھونڈی اور غیر متناسب نظر آئی، اسلئے انھوں نے اضطراب میں آنکھیں بند کرلیں اور اپنی تحقیق اور اقبال کی شخصیت کے اثرات میں مطابقت پیدا کرنے کے لئے ایک غیر فلسفیانہ کلیہ فرض کرکے شخصیت کو خیال و عمل سے ایک جداگانہ شے تعبیر کرلیا، اگر وہ اقبال کی تصنیفات کا بلا واسطہ مطالعہ کرتے اور بیشتر انکے نقادوں کی فکر و آرا پر اعتماد نہ کرتے، تو آج سنہا صاحب کو اقبال کے کارناموں اور اس نجی شخصیت میں جسکے تاثرات انھوں نے سطور بالا میں پیش کئے ہیں، اختلاف و تضاد نظر نہ آتا،

اقبال کا فلسفیانہ پس منظر

اب میں اس فلسفہ سے بحث کرونگا جسکو اقبال نے اپنے فارسی کلام میں بالخصوص اور بعض اردو نظموں میں ترقی دیا، اور پھیلایا، اسکی خوبی کو سمجھنے کے لئے ہمیں شاعر کے فلسفہ کے پس منظر کو جس سے یقین کیا جاتا ہے کہ اسکی تحریریں اثر پذیر ہوئیں، ذہن میں رکھ لینا چاہیئے، سب سے پہلے عربی فلسفہ کو لیجئے، ڈاکٹر ٹی، جے، بویر کی رائے میں جو اسکی کتاب "تاریخ فلسفۂ اسلام" میں پائی جاتی ہے، اور اس موضوع پر ایک مستند کتاب ہے، اس (عربی فلسفہ) نے خواہ جدید مسائل پیش کرکے یا قدیم مسایل کو حل کرنے کی سعی کرنے کی خصوصیت کے ذریعہ اپنے اندر ایک امتیازی شان پیدا کی" اور پھر وہ مصنف یہ اضافہ کرتا ہے، "اسلئے اسمیں خیال کی کوئی قابل ذکر ترقی نہیں پائی جاتی، ہملوگ صحیح معنی میں "مسلم فلسفہ" کا تذکرہ نہیں کرتے" برطانوی دایرۃ المعارف جیسی مستند تصنیف میں بھی یہی نظریہ ظاہر کیا گیا ہے "جو عربی فلسفہ کے نام سے مشہور ہے اسکو تسمیہ یا زبان کے لحاظ سے سرزمین عرب سے کوئی تعلق نہیں، یہ ایک یونانی نظام تصور تھا، جسکو وجود میں لایا گیا، اور جسکو مفکرین کی ایک مختصر سی جماعت کی جانبازی و ولولہ نے زندگی بخشی، یہ مفکرین اپنی قوم کی نگاہ میں نامقبول اور مشتبہ رہے، فلسفہ کے ایک مورخ کی نظر میں ان (مسلم فلسفہ کو رواج دینے والوں) کا خاص دعوی گرم جوشی کے ساتھ فلسفۂ یونان کی پذیرائی پر مبنی ہے

جبکہ اسکو اپنی اصلی سرزمین سے جلاوطن کر دیا گیا، اور جبکہ مغربی یورپ ابھی اس کا وطن بننے کے لایق نہ تھا، کیونکہ یہاں بربریت وجہالت چھائی ہوئی تھی، خلیفہ مامون کے عہد حکومت (۸۱۳ھ سے ۸۳۳ھ) میں سب سے پہلے عربی میں ارسطو کی کتابوں کا ترجمہ کیا گیا، عربوں کی نگاہ میں ارسطو ہی فلسفۂ یونان کی نیابت کرتا اور اسکے مواد کا حامل تھا، اول سے آخر تک عرب فلاسفہ نے کسی طبع زاد اور خلقی فلسفیانہ تصور کا دعوی نہیں کیا، انکی غرض وغایت محض فلسفۂ مشائین کی صداقت کی اشاعت تھی، جس صورت میں یہ انکے سامنے پیش کی گئی" دوسری بڑی اتھارٹی ڈاکٹر جانز فلپ کی ہے، وہ اپنی کتاب "تمدن عرب" میں اسی موضوع پر یوں تحریر کرتے ہیں "ارسطو عربوں کا سب سے بڑا معلم بنا، جو کچھ اسکی تعلیم تھی، اسکو بلا جرح وتعدیل قبول کر لیا گیا، تھوڑی سی مستثنیات کے ساتھ اسکی رہنمائی، بلکہ مطلق العنانی پر کوئی عذر کرنے والا نہ تھا" مختصر اعربی فلسفہ عہد وسطی میں فلسفۂ یونان کے مطالعہ وتحصیل کی تاریخ میں اس طور سے ایک باب کی حیثیت رکھتا ہے، ایک ایسا باب جو عرصہ ہوا تمام ہو چکا" اقبال خود ہی اپنی کتاب "اسلام میں مذہبی خیال کی تعمیر جدید" میں صفائی کے ساتھ تسلیم کرتے ہیں، "اسلام کی تاریخ میں یونانی فلسفہ ایک بڑی تہذیبی قوت کی حیثیت رکھتا ہے جس نے مسلم مفکرین، کی نظر میں بڑی وسعت پیدا کر دی اور مسلم فلاسفہ یونانی سرچشمۂ خیال سے سیراب ہوئے"

جرمن فلسفی نطشے کے متعلق کیا کہا جاتا ہے؟ اسکی بہت سی جلد وں کا حاصل

اور لب لباب ایک مستند شہادت کے پیش نظر ایک ایسا نظام ہے جو تمام مذاہب کا منکر ہے، اور جو تمام اخلاقی قوانین کو مسیحیت کے اوہام کی باقیات سے تعبیر کرتا ہے، اس کا تصور ی[illegible] مافوق الانسان، جس کو زندگی کی جنگ میں بے لگام آزادی دیکر ترقی دینی چاہیئے، خود اپنے اقتدار اور اپنی لذت کا جویا ہے، اور وہ رحم نہیں جانتا" ہم سے کہا جاتا ہے کہ آج جرمنی میں یہ ایک مقبول عام کلیہ زندگی ہے، اور فرانسیسی فلسفی برگسان کا کیا حال ہے؟ ہاں، اسی تصنیف کے حوالہ سے وہ زمان کی حقیقت کا حامی ہے۔ اب دیکھئے ایک طرف اس عربی فلسفہ میں جو یونانی نظام سے مستفاد ہے اور جس کے [illegible] کی شہادت کی بنا پر مسلم مفکرین کی نظر میں بہت زیادہ وسعت پیدا کر دی [illegible] نطشے اور برگساں کے درمیان جن دو آخر الذکر میں خود ہی زمان کے خیال و تصور کے لحاظ سے بعد المشرقین ہے کونسی مشترک چیزیں ہیں؟ ممکن ہے، یہ [illegible] کہ ایک اعلیٰ فلسفیانہ ذہانت رکھنے والے کے لئے بھی ممکن ہے کہ وہ کلی متضاد چیزوں میں تطبیق دینے کی کوشش کرے، اسلئے یہ کوئی تعجب خیز [illegible] کہ اقبال ان متضاد عناصر یعنی ارسطو کے عربی فلسفہ، نطشے کی مافوق البشریت اور برگساں کی ہمہ وجہیت، یا تخلیقی ارتقائیت اور دو برطانوی مفکرین کے اثر کے ساتھ جن کا مفصل حوالہ آئندہ صفحات میں ملیگا، ایک مربوط اور دلنشین نظام فلسفہ کو ترتی دینے میں ناکامیاب رہے، بین طور پر اسی طرح سے جماد تعدیل کا نتیجہ ہے کہ "ٹائمز" نے شاعر کی موت اور اسکی سوانح پر تبصرہ کرتے ہوئے

خاص طور پر اسکی کتاب "اسلام کے مذہبی خیال کی تعمیر جدید" کے حوالہ سے لکھا کہ تاریخی فیصلہ کی صحت اور واقعیت انکو خاص طور پر قدرت نے نہیں بخشی تھی، اس نظریہ کی توثیق ایک مشہور ہندوستانی مسلمان فاضل عبداللہ یوسف علی سے ہوتی ہے جنھوں نے شاعر پر ایک تقریر کے سلسلہ میں ظاہر کیا، "اقبال افلاطون کے منکر ہیں اور وہ اسلامی خیال پر اسکے اثر کا صحیح اندازہ بھی نہیں لگاتے انھوں نے نطشے جیسے جدید لوگوں کو بھی محض مادہ پرست ہونیکی حیثیت سے ٹھکرادیا"

یہ مختصر سا خاکہ ان لوگوں کے لئے تشفی بخش نہیں ہوسکتا، جو اقبال کو ایک عظیم الشان اور خلقی فلسفی خیال کرتے ہیں، یہ لوگ ان کے فلسفہ کی ایک مکمل بحث پر اصرار کرینگے، تاکہ انکی شاعری میں جن فلسفیانہ تصورات کی تشکیل ہے اسکو سمجھ سکیں، فلسفہ سے میری سرسری واقفیت ہے، اس لئے میں اپنے ایسے فلسفیانہ ذہن والے قارئین کی تشفی نہ کرسکتا، اور وہ ناامید ہوجائے، لیکن خوش قسمتی سے اقبال کے فلسفہ پر ایک مبسوط اور بصیرت افروز بحث ایک مستند اور اعلیٰ قابلیت والے شخص کے قلم سے نکل چکی ہے، چونکہ یہ ممکن نہیں کہ اسکو پورے طور پر اس باب میں سمو یا جائے اسلئے میں قارئین کے فائدہ کیلئے ایک خاکہ (مختصر اور مرتب مجموعہ) پیش کردونگا، اور اس کا مطالعہ ان کو مطمئن کردیگا کہ گو جرمن فلسفی نطشے اور فرانسیسی فلسفی برگسان نے کسی ایک مرحلہ یا دوسرے میں بعض حد تک اقبال کے فلسفیانہ تصورات کو اثر پذیر کیا ہو، پھر بھی یہ دونو

براعظمی فلاسفہ تھے جن کا اوپر ذکر ہوا جنھوں نے اقبال کے فلسفہ پر اتنا اثر ڈالا جس قدر ان دو برطانوی مفکرین میک ٹیگارٹ، اور وارڈ نے جن کے ساتھ اپنے کیمبرج کے دوران قیام (۱۹۰۵ء - ۱۹۰۸ء) میں اقبال کو ربط و اتصال ہوا تھا۔ اس (میرے) خلاصہ کو اس مقالہ کے لکھنے والے پروفیسر ایم، ایم، شریف نے غور سے پڑھا ہے، نکتہ رسی کے ساتھ اس پر نظر ثانی کی ہے، اور اس موضوع پر اپنے نظریہ کی صحیح توضیح کی حیثیت سے اسکو پسند کیا ہے،

مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کے پروفیسر ایم، ایم، شریف نے ایک مقالہ میں جو انھوں نے جولائی ۱۹۳۲ء کے "اسلامی کلچر" (جو اعلیٰ حضرت، حضور نظام، کی حکومت دکن کی سرپرستی میں نکلتا ہے) میں لکھا ہے، بڑی فلسفیانہ دقیقہ سنجی سے اقبال کے فلسفہ، اسکے ماخذ اور اثرات سے بحث کی ہے، گو اس مقالہ کو خاکساری کے طور پر انھوں نے "اقبال کا تصور باری" سے تعبیر کیا ہے، اس موضوع کے متعلق تمام طلبہ کو اس کا غور سے مطالعہ کرنا چاہیئے، کیونکہ اقبال کے فلسفیانہ خیال اور اسکی ترقی کے متعلق یہ ایک بلند تنقید ہے لیکن جیسا بے لاگ خاکہ ہے، فاضل پروفیسر نے اسکو تین خاص حصوں میں تقسیم کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ پہلے حصہ میں جس کا زمانہ ۱۹۰۱ء سے ۱۹۰۸ء تک منتہی ہوتا ہے اقبال خدا کو ایک حسن ازلی تسلیم کرتے ہیں، جو تمام موجودات سے مختار اور ماورا لیت رکھتا ہے، لیکن انہیں پیوستہ اور نمایاں بھی ہے، اس معیار کی وضاحت کرتے ہوئے اور اسی کو مرکز تسلیم کرکے مقالہ نگار

نے مذکورہ بالا نظریہ پر زور دیا ہے، اور اس کے بعد یوں اس کا ملخص پیش کرتے ہیں "مختصراً انکی فکر و عقیدہ کے اولین دور میں یہی اقبال کا تصور باری تھا، اسکے ماخذ کا پتہ لگانا زیادہ مشکل نظر نہیں آتا، بنیادی طور پر یہ افلاطونی تصور ہے، کیونکہ افلاطون بھی خدا کو ایک حسن ازلی تسلیم کرتا ہے، ایک قدرت کلی جو تمام موجودات پر اولیت رکھتا ہے، اور صورت کی حیثیت سے انہیں جاری و ساری بھی ہے" اسلئے اس کا طول و اختصار یہ ہے کہ یہ افلاطونی تصور جسکی افلاطونیوں نے تشریح کی، قدیم مسلم متکلمین نے لے لیا، اور وحدت وجودی صوفیہ نے عقیدۂ وحدت فی الکثرت کے موافق پایا، یہی تصور اردو اور فارسی میں ایک افسانۂ گہن کی حیثیت سے [illegible] تک پہونچا، اور انھوں نے انگریزی رومانی شعرا کے مطالعہ کے ذریعہ اس کو سمجھا کیا، لیکن زمانۂ مابعد میں جیسا کہ ہم دیکھیں گے، اقبال نے غیر متوازن اصطلاحوں میں افلاطون کا تمسخر اور انکار کیا ہے کے لئے قطعی طور پر انکو کوئی حق نہیں پہونچتا

پروفیسر شریف اسکے بعد رقمطراز ہیں، "اقبال کی ذہنی ترقی کا دوسرا دور ۱۹۰۵ء سے ۱۹۲۰ء تک محیط ہے، ۱۹۰۵ء سے ۱۹۰۸ء تک اقبال نے کیمبرج میں میک ٹیگارٹ، اور جیمس وارڈ کے ماتحت مطالعہ و اکتساب کیا اسی زمانہ میں انھوں نے اپنے کیمبرج کے قیام کے سلسلہ میں رومی کے متعلق گہرا مطالعہ کیا، اقبال پر انگلستان سے انکی واپسی کے قبل میک ٹیگارٹ اور وارڈ کا اثر غیر محسوس رہا، جب تک وہ وہاں رہے، ایک وحدت وجودی صوفی بنے رہے، اسکی تصدیق

اقبال کے نام میک ٹیگارٹ کے اس خط سے ہوتی ہے، جو انھوں نے انکی 'اسرار خودی' کے انگریزی ترجمہ نکلسن کی اشاعت پر لکھا، میک ٹیگارٹ دریافت کرتے ہیں کہ "کیا تم نے اپنی حیثیت میں بہت زیادہ تغیر نہیں پیدا کر لیا ہے، یقیناً اس زمانہ میں جبکہ ہمعلوگ فلسفہ پر گفتگو کیا کرتے تھے تم بہت زیادہ ایک وجودی اور صوفی تھے"، یہ واقعہ کہ اقبال نے اپنے ایک مقالہ میں میک ٹیگارٹ کی رائے بلا بحث نقل کی ہے کیا ثابت نہیں کرتا ہے کہ وہ اپنی حیثیت کے متعلق اسکو صحیح سمجھتے تھے تقریباً ۱۹۰۷ء میں وہ میک ٹیگارٹ کے 'شخصی ابدیت' کے تصور کو قدر کی نگاہ سے دیکھنے لگے، انھوں نے وارڈ کی خدا پرستانہ کثرت وجود، اور رومی کی مابعد الطبیعی حیثیت میں ایک مشابہت دیکھنا شروع کیا، اور جلد ہی وہ خود ایک ایسے خدا پرست ہو گئے جس پر کثرت وجود کا عقیدہ چھا گیا، تھوڑے دنوں کے بعد انھوں نے رومی کو اپنا روحانی مقتدا، اور ساری زندگی کا رہبر بنا لیا، کیونکہ اقبال کے وہ جدید موضوعات نطشے و برگسان کے بنیادی تصورات رومی کے یہاں قبل سے موجود ہیں،

اور اس طور سے قدیم ترین یونانی فلاسفہ میں سے ایک (افلاطون) کی رہنمائی کا اتباع کرتے ہوئے اقبال نے خود کو عہد وسطی کے ایک شاعر فلسفی کی رہبری کے حوالہ کر دیا، گو ان کو مذکورہ بالا، جدید برطانوی، جرمن، اور فرانسیسی فلاسفہ سے فیضان حاصل ہو چکا تھا، پروفیسر شریف سلسلۂ بیان جاری رکھتے ہوئے فرماتے

ہیں" اس طور سے ایک قدم مشرقی فلسفی کی رہبری میں اور چند جدید مفکرین کی مدد سے اقبال نے خود اپنے فلسفۂ خودی کو ترقی دینا شروع کیا، اسی فلسفہ کی روشنی میں حسن کی ابدیت اور تاثیر بخشی کے متعلق کوئی شخص اقبال کے برابر گھٹتے ہوئے اعتقاد کو سمجھ سکتا ہے، یہ اسکے رویہ میں ایک تغیر تھا جو انکو افلاطونیت اور وحدت وجودی تصوف سے بہت دور ہٹا لے گیا، اقبال نے اپنا جدید فلسفہ، بانگ درا، اسرار خودی اور رموز بیخودی کی آخری نظموں میں اصولی طور پر پیش کیا، فشٹے اور وارڈ کا تتبع کرتے ہوئے اقبال ہمیں بتاتے ہیں کہ خودی اپنی تکمیل کے لئے اپنے ہی اندر ناخودی کو فرضیے کے طور پر مان لیتی ہے۔ یہاں بھی اس دور میں ہم اقبال کے فلسفیانہ خیال، اسکے ماخذ اور اثرات کا پتہ لگا لیتے ہیں، یہ افلاطونی تصوف کے ترک و رست برداری اور جدید تصورات سے جو بیسویں صدی کے یوروپی فلاسفہ سے لئے گئے ہیں، روی کی صوفیت کا امتزاج ہے، نتیجہ یہ ہوا کہ اقبال نے یہ رائے قائم کی جو (پروفیسر شریف کے الفاظ میں) یہ تھا کہ "باری تعالیٰ حقیقت آخریں، ایک ذات مطلق ہے ایک اقتدار اعلیٰ رکھنے والا انسان ہے اب حسن ازلی کی حیثیت سے اسکو دریافت نہیں کیا جا سکتا، افلاطون اور حافظ جیسے شعرا کو جو ایسا عقیدہ رکھتے تھے رد کر دیا گیا ذات باری کو اب ایک ابدی مثبت کی حیثیت سے دیکھا جانے لگا، اور حسن کو اسکی معراج سے اتار کر ذات باری کی صفت کی حیثیت دیدی گئی، ایسی صفت جو جمالیاتی اور اخلاقی دونوں قدروں کو حاوی ہے، ذات باری کے حسن کے بدلے

اسکی وحدانیت پر اب زور صرف ہونے لگا، دوسرے دور خیال میں یہی اقبال کا تصور باری تھا" اقبال کا یہی دوسرا دور فکر تھا، جس کا مظاہرہ انکی نظموں کے تین مجموعوں بانگ درا (اردو) اسرار خودی اور رموز بیخودی (فارسی) میں ہم دیکھتے ہیں، جن میں افلاطونی تصوف اور حافظ کی صوفیت کی خبر لی گئی اور انکو برا بھلا کہا گیا ہے،

اقبال کی ذہنی ترقی کا ایک دوسرا دور تقریباً ۱۹۲۰ء سے انکی وفات کی تاریخ ۱۹۳۸ء تک منتہی ہوتا ہے، پروفیسر شریف لکھتے ہیں کہ "دوسرا دور اگر عہد ترقی سے تعبیر کیا جا سکتا ہے تو تیسرے دور کو عہد پختگی و استواری کہہ سکتے ہیں، وہ کل اثرات قبول کر چکے ہیں جن کے قبول کرنے کی اجازت ان کا ذہن انکو دے سکا، انھوں نے اپنے نظام فلسفہ کو ترکیب دینے کے لئے عناصر جمع کر لئے ہیں اور اب انکو ایک حاوی نظام میں ترتیب دے رہے ہیں، اس زمانہ میں ان کے فلسفہ کو صحیح طور پر فلسفہ تغیر کہہ سکتے ہیں، خودی کی حیثیت سے حقیقت کا تصور اب بھی نمایاں ہے، لیکن تغیر کا تصور زیادہ ہے، پروفیسر شریف نے اس تیسرے دور میں اقبال کے فلسفیانہ تصورات پر لمبی بحث کی ہے انکی وسیع تحقیقات اور عام عدم میں نہیں، بلکہ تصور باری کے متعلق شاعر کے خاص علاقہ سے اس کے بعد پروفیسر صاحب فرماتے ہیں" برگسان کی طرح اقبال کے یہاں بھی کامل انفرادیت نام ہی ایک نامی کل کا، جس کا کوئی حصہ علیحدہ ہو کر نہیں حاصل کر سکتا، اور پھر اقرار کرتے ہیں، کہ اقبال کے مطابق برگسان کا یہ عقیدہ صحیح ہے، کہ تجربہ نام ہے ماضی

کے ساتھ متحرک ہونے، اور حال کے ساتھ لڑھکتے رہنے کا، لیکن وہ حقیقت کی نمایاں خصوصیت کا انکار کرکے غلطی کا ارتکاب کرتے ہیں، اس بنیاد پر کہ مستقبل کے دروازے حقیقت کے سامنے وا رہنے چاہئیں" یہ اساسی انا، منشا کے موافق ہی ہمارے شعور کا اتحاد اپنے اندر صرف ماضی کو سربستہ نہیں رکھتا، بلکہ آگے کی طرف حرکت بھی رکھتا ہے، وہ مستقبل کے ساتھ ایک منشا کا تعلق رکھتا ہے، منشا نام ہی شعور میں آگے کی حرکت کا، حقیقتہً یہ اسکے سوا اور کچھ نہیں، اس خیال کو ترتیب دینے کے بعد فاضل لکھنے والے نے اپنی مفصل بحث کو اس طور سے سمیٹا ہے، وہ لکھتے ہیں، "یہ ہے آخری منزل میں اقبال کے تصور باری کا مختصر حال" یہی وہ آخری فلسفیانہ تصور ہے جسکی اقبال نے اپنی آٹھ تصنیفات میں وضاحت کی اور جو پے در پے سرعت کے ساتھ ۱۹۱۳ء اور ۱۹۳۸ء کے درمیان منظر عام پر آئیں۔

میں اقبال کے فلسفہ کی بحث کو پروفیسر شریف کی تنقیدی مشاہدات کی روشنی میں ختم کرونگا، پروفیسر صاحب نے اس موضوع کی جو بصیرت افروز وضاحت کی ہے، اسکو تمام وکمال پڑھنے کی ضرورت ہے، ہم انہیں کے الفاظ میں اس کا اختصار اور خلاصہ کر دیا ہے، جو ضروری تھا کر دیا گیا تھا (اور اس مسئلہ پر زور صرف کرنیکی ضرورت ہے، اس نقطۂ نظر سے کہ اس موضوع پر غیر تنقیدی رائے کا انبار لگا ہوا ہے) کہ اقبال کے نام کے ساتھ صرف ایک منضبط نظام فلسفہ وابستہ نہیں، بلکہ خیال وفکر کے کم از کم تین مختلف نظام ہیں جنکو انھوں

نے وقتاً فوقتاً متضاد اثرات کے ماتحت ترقی دیا، جسکو علی گڈھ کے فاضل پروفیسر نے یوں پیش کیا ہے "ہندوستان میں ایم، اے، کی ڈگری کیلئے انکے (اقبال کے) مغربی فلسفہ کے مطالعہ اور انگلستان اور جرمنی میں مسلم فلسفہ پر انکی محققانہ تصنیف نے عمومی حیثیت سے اقبال کے فلسفہ اور بالخصوص حقیقت باری کے مسئلہ کیلئے زمین ہموار کی، اور انکی ابتدائی مذہبی تعلیم نے تخم افشانیاں کیں، جن کے ذریعہ ایک حسین و جمیل پودا اگا، جسکی آخری تشکیل کے لئے رومی، میک ٹیگارٹ جیمس وارڈ برگسان اور لوٹسے نے پرورش و پرداخت کی، دوسرے رخوں پر دوسروں کے اثرات جو بھی ہوں لیکن موجودہ مسئلہ (یعنی اقبال کا تصور ذات باری) کے حل وعقد کے متعلق اقبال کے خیال پر خاص طور سے وارڈ نے اثر ڈالا"

دوسرے فلسفیانہ خیال کے متعلق جسکو اقبال رد کرتے، یا قبول کرتے ہیں، پروفیسر صاحب لکھتے ہیں "لوٹسے کے فلسفہ میں خدا کا تصور نہیں، ماقوق البشر کے دل میں بسے ہوئے تصور نے اس کے تصورات اجتماع و حقیقت کو بے معنی بنا ڈالا برگسان کا تخلیقی تبیح بہت حد تک شوپنہار کے غیر شعوری متنار سے ملتا جلتا ہے۔ دوسری طرف اقبال کی نگاہ میں حقیقت آخریں خدا ہے جو حیثیت شعوری اور ذاتی میک ٹیگارٹ مسلسل زماں میں نہیں بلکہ ازل میں خودی کا مقدر و منتہا پاتا ہے رومی اور اقبال میں بہت سی مشترک چیزیں ہیں، لیکن انکے (رومی) بہت سے افکار کی تشریح، وجودی اصطلاحات میں کی جاسکتی ہے، پھر بھی وارڈ کا حال مختلف

ہے، اقبال پر اس کا اثر زیادہ تر ہے اس اثر کو پرکھنے کے لئے مسئلہ ہذا میں دونو کے نظریات میں مشترک عناصر کو دیکھنا ہوگا۔ اس طور سے پروفیسر شریف کی رائے کے مطابق یہ نظر آئیگا کہ گو مشرقی مفکرین میں سے رومی اور جدید یورپی فلاسفہ میں سے نطشے، اور برگسان سے کم و بیش درجہ میں، اقبال کے فلسفیانہ خیال پر اثر ڈالا، پھر بھی وہ برطانوی مفکرین (میک ٹیگارٹ اور جیمس وارڈ) کے سب سے زیادہ مرہون ہیں اور ان دونو میں سے خصوصیت کے ساتھ وارڈ (مولود ۱۸۷۱ء متوفی ۱۹۲۵ء) سے زیادہ مستفید ہوئے، وارڈ، فلسفہ پر بعض اعلیٰ التعلیمی اور قوت فکری کو ابھارنے والی کتابوں کا مصنف ہے، ان میں دو مشہور ترین کتابیں ہیں دہریت یا لاادریت (۱۸۹۹-۱۹۰۰ء) اور خاتمہ کی مملکتیں، یا کثرت وجود اور خدا پرستی (۱۹۱۱ء)

پروفیسر شریف نے اقبال اور وارڈ کے نظریات کا موازنہ ذیل میں بہت پورے طور پر نمایاں کیا ہے، دونو کینٹ کے انداز میں خدا کے وجود کے متعلق تین مشہور دلائل کو نامنظور کر دیتے ہیں، افلاطونیت اور مطلقیت (یہ عقیدہ کہ نجات کے باب میں خدا مالک مطلق ہے) کا انکار کرتے، اور علم غیب کو ایک مقدر حقیقت کا علم پیشین نہیں تسلیم کرتے، اور سلسلہ وار زمان کا تصور خدا اور محدود ذات کے ساتھ وابستہ نہیں کرتے، اور یہ سب ٹھیک ایک ہی اسباب کے ماتحت دونو کثرت وجود اور خدا کے قایل ہیں، دونو روحانی موحدین ہیں، دونو فرد کی تخلیقی آزادی

اور لازوالیت پر ایمان رکھتے ہیں، دونو کیلئے عالم حواس ذوات کے تفاعل کے سبب ہے، ذہن نے جسم کو اپنے مقاصد کی تکمیل کیلئے پیدا کیا، اور سلسلہ وار زماں ذہن کا محض ایک فعل ہے، دونو ٹھیک ایک ہی بنیاد اور ایک ہی معنی میں خدا کو لامحدود، شعوری، قادر مطلق، اور عالم الغیب روح سمجھتے ہیں جو محدود "اناؤں" میں محیط ہے، اور پھر ماورا بھی ہے جس طرح ہر جسم نامی اجزا کو بھی محیط ہے اور ان سے پرے بھی، دونو کے یہاں وہ (خدا) ایک تخلیقی روح ہے، جو آزاد، محدود اناؤں کو پیدا کرکے اپنی آزادی کی حد بندیاں کر دیتا ہے اور دونو کے نزدیک یہ داخلی حد بندی اسکی اپنی کامل آزادی کے منافی نہیں، دونو کے نزدیک خدا اپنی تخلیقی ترقی میں اول سے آخر تک کامل ہے، کیونکہ یہ ترقی کمال میں ترقی ہی حصول کمال کیلئے نہیں، دونو کا دعوی ہے کہ خدا کی مشیت محدود اناؤں کے ارادہ کے ذریعہ، کام کرتی ہے، دونو کا عقیدہ ہے کہ عقل، ایمان کیلئے ایک ضرورت کا ثبوت پیش کرتی ہے، لیکن ایمان کو علم میں منتقل نہیں کر سکتی، دونو تیقن ہیں کہ خدا کا اعتقاد رکھنا، انجام کی حیثیت سے ایمان کا معاملہ ہے، گو ایک عقلی ایمان کا یہ کہ اعتقاد یا اس کے متعلق مکمل یقین عقل کے ذریعہ نہیں فراہم ہوتا بلکہ زندگی کے ذریعہ، یہ کہ اس سے بلا واسطہ علاقۂ محبت کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے، اور یہ کہ محض اس سے محبت ہی کے طفیل میں محدود ذات کو بقا حاصل ہوتی ہے" یہ پروفیسر شریف کے اس مطول لیکن بصیرت افروز بیان کے نقل کرنے کے لئے

معلوم نہ ہو سکا جس میں بہت خوبی کے ساتھ اقبال اور وارڈ کے فلسفیانہ نظریات کا موازنہ کیا گیا ہے وہ وارڈ جس نے (مقالہ نگار کی رائے کے مطابق) شاعر کے خیال پر عمیق اثر ڈالا،

اس کے بعد پروفیسر شریف پیرایۂ ذیل میں تصفیہ کرتے ہیں "ان ساری باتوں سے اقبال کا وارڈ سے متمتع ہونا ظاہر ہے، شاید پورے انصاف کے ساتھ انکو "وارڈ کا مرید" کہا جا سکتا ہے، لیکن یہ خیال کرنا غلط ہے، کہ اقبال، وارڈ کے تصور باری سے پرے نہیں جاتے، یقیناً وہ جاتے ہیں، اور وہ بھی ایک بہت اہم اعتبار سے، وارڈ خدا کو ازلی خیال کرتا ہے، لیکن وہ 'ازل' کی وضاحت کرنے میں ناکام رہ جاتا ہے، خاصکر اسلئے کہ وہ زماں کا تصور بحیثیت "ناسلسلہ وار" نہیں کر سکتا، اقبال پیغمبر اسلام صلعم کی ایک حدیث سے جس میں زماں کو خدا بتایا گیا ہے کسی قدر ترمیم کے ساتھ برگسان کی خالص مدت کے نظریہ کو تسلیم کرتے ہیں، اور اس طور سے وہ خدا کی ازلیت کو واضح کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں، بلکہ حقیقت کی قوت محرکہ رکھنے والی صورت پر بھی زیادہ زور صرف کرنے میں ان کو کامیابی ہو جاتی ہے پھر اقبال کا تصور کمال وارڈ کی طرح نہیں، یہ جزوی طور پر برگسانی تصور ہے اور جزوی طور پر ان کا اپنا" تمام غیر جانبدار قارئین کو پروفیسر صاحب کے اس اخذ نتیجہ سے اتفاق ہوگا کہ گو اقبال ایک بہت ہی اہم اعتبار سے اپنے استاد سے پرے چلے گئے، کچھ تو فرانسیسی فلسفی برگسان سے متاثر ہو کر اور کچھ اپنی ذہنی ترقی کے نتیجہ کے

طور پر، پھر بھی وہ خیال کی مملکت میں صحیح اور "پروارڈ کے چیلے" ہی کہے جاسکتے ہیں، اس حقیقت کی تردید نہیں ہوسکتی (پروفیسر شریف کی ناقابل اعتراض سند کی بنا پر) کہ دوسرے اور تیسرے مراحل میں اقبال کے فلسفیانہ تصورات پر رومی، نطشے، برگسان، میگ ٹیگارٹ (مولود ۱۸۶۶ء متوفی ۱۹۲۵ء) کیمبرج میں فلسفہ کے لکچرار، (۱۸۹۷ء ۱۹۲۳ء) اور "ماہیت موجودات" کے مصنف، اور زیادہ خصوصیت کے ساتھ وارڈ نے اثر ڈالا، اس حد تک کہ پروفیسر شریف انکو "وارڈ کا چیلہ" بتانے میں اپنے کو حق بجانب محسوس کرتے ہیں،

آخر میں پروفیسر شریف فلسفۂ اقبال کے مفصلہ ذیل منصفانہ اور غیر جانبدارانہ اندازہ کے ساتھ اپنی بصیرت افروز بحث کا اختتام کرتے ہیں، "جب ہم لوگ وارڈ، برگسان اور اقبال کے طریقوں کا موازنہ کرتے ہیں، تو ہمیں نظر آتا ہے کہ اطالیہ کے جدید مثالیت پسندوں کی طرح، سب تینوں انفرادی تجربہ سے آغاز کرتے ہیں، اس کارروائی میں کوئی غلطی نظر نہیں آتی، اس سے کہ ہم لوگ ساری چیزوں سے قبل اپنے ہی تجربہ پر یقین رکھتے ہیں، یہی بہترین طریق کار ہے گو جیسا کہ اقبال خود ہی خیال کرتے ہیں، یہی ایک صحیح طریق کار نہیں کہ 'علت اولی' کی تلاش میں ہم تجربہ کو نقطۂ آغاز قرار دیں، پھر بھی ہمارے اس بہترین طریق مطالعہ میں ایک بڑا خطرہ ہے، یہ ہر شے پر تشبیہی حیثیت سے نظر ڈال کر چھپے ہوئے گڈھے میں گرنے کا خطرہ ہے، اور مجھے معلوم ہوتا ہے کہ وارڈ اور اقبال دونوں اس گڈھے میں گر گئے۔

اقبال کے فلسفیانہ تصورات اور انکی ترقی کا مذکورہ بالا خاکہ جیسا کہ پروفیسر شریف نے واضح کیا ہے، نتیجے کے طور پر تین امور کو حتمی طور سے منواتا ہے، اقبال نے اس افلاطونی اور صوفی کی حیثیت سے ابتدا کی جس کا نمونہ فارسی کے ایک بڑے شاعر حافظ ہیں، اس کے بعد انکے فلسفیانہ خیالات میں تغیر ہوا۔ ہر چند اس میں مکمل تبدیلی نہ ہوئی، اور وہ کیمبرج میں میک ٹیگارٹ، رومی، نطشے برگسان اور ریمنڈ میں وارڈ کے زیر اثر آئے نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۹۰۸ء میں ہندوستان واپس آکر آزادی کے ساتھ اپنی نظموں کے تین مجموعوں میں جو ۱۹۰۱ء اور ۱۹۲۲ء کے درمیان شایع ہوئے وہ اپنے نظریات ظاہر کرنے لگے، جیسا کہ ان اثرات نے انکی تشکیل کی تھی پھر آخری ایام میں "وارڈ کے چیلے" بجانے کی حیثیت سے وہ زیادہ سے زیادہ وارڈ کے زیر اثر آنے لگے، اور انکے اس زمانہ (۱۹۲۲ء تا ۱۹۳۸ء) کے نظریات نظموں کے آٹھ مجموعوں میں پائے جاتے ہیں جو اس اٹھارہ سال میں اشاعت پذیر ہوئے،

فلسفۂ اقبال کے متعلق پروفیسر شریف کی وضاحت کے خلاصۂ بالا میں جسکو اور راہ لطف مقالہ نگار نے پڑھا، اور اپنے نظریات کے صحیح بیان کی حیثیت سے پسند کیا، اور جسمیں میں نے انکی ساری تجویزیں اور ترمیمیں بھی مرتب کردی ہیں اتنا کافی مواد ہے کہ قاری اپنا آزادانہ فیصلہ اس پر مبنی کرسکتا ہے، یہ سمجھنا اسکا کام ہے، کہ آیا اقبال کے فلسفہ کو کسی معنی میں اصلی اور خلقی حتی کہ اسکو پورا نظام کہہ سکتے ہیں جو ہربرٹ اسپنسر کی طرح ایک پورے منصوبہ کے ماتحت سوچا سمجھا ہوا ہے، یا یہ

ایک مجموعہ ہے خیال کے منتشر سلاسل کا جو بہت سے ماخذ سے مستفاد ہوا اور جس کو مختلف نظاموں کے متضاد اثرات کے ماتحت جیسکے ڈانڈے افلاطونیت سے لیکر خدا پرستانہ کثرت وجودتک ملے ہوئے ہیں، ترتیب دیا گیا ہے، اور انجام کار ہر شے پر تشبیہی حیثیت سے نظر ڈالی گئی ہے، اور اس نتیجہ کے ساتھ کہ ہارڈی اور اقبال دونو پروفیسر شریف کے الفاظ میں "چھپے ہوئے گڑھے اندر گر گئے" ایسا ہمارا کام نہیں کہ ہم شعبہ فلسفہ میں اضافہ کی حیثیت سے اقبال کی فکر کے تغیر پذیر نظام کی قدر و قیمت کا تعین کریں اور اس کا اندازہ لگائیں، کیونکہ جیسا کہ اوپر ظاہر کر دیا گیا ہے، ہمیں ان سے فلسفی کی حیثیت سے زیادہ، شاعر کی حیثیت سے واسطہ ہے لیکن فلسفۂ اقبال کے متعلق پروفیسر شریف کی توضیح کے مفولہ بالا خلاصہ کو غور سے پڑھنے کے بعد، قاری آسانی کے ساتھ اپنی رائے قائم کر سکتا ہے کہ آیا شاعر کسی معنی میں بڑا فلسفی اور خلقی مفکر بھی تھا یا اسکے فلسفیانہ تصورات، قدیم، متوسط، جدید مفکرین کے متضاد تصورات کا پرانا مجموعہ تھے جن کو نیا روپ دیا گیا تھا، اور وہ مفکرین جنھوں نے اسکے فلسفیانہ خیال پر بنیادی طور سے اثر ڈالا، اور جسکو لازمی طور پر وہ وقتاً فوقتاً بدلتے رہے، میں بعد میں بحث کرونگا کہ شاعر کا فلسفہ بلکہ اسکے فلسفے اعلیٰ رتبہ کی شاعری کیلئے ایک موافق موضوع ثابت ہوتے، مشرق اور مغرب دونو جگہ نظر آتا ہر بڑے ادب میں فلسفی شعرا ہیں، لیکن بحث کے اس حصہ پر جب ہم پہونچیں گے تو دیکھیں گے کہ وہ پہلے شاعر اسکے بعد فلسفی، اقبال کا بھی یہی حال تھا، یا اسکے علاوہ ہم انتظار کریں اور دیکھیں

استدراک

سنہا صاحب نے اقبال پر تنقیدی اندازہ لگانے میں، شاعر کی تصنیفات کو پیش نظر رکھکر آزادانہ تحقیق و کاوش کرنے کی بجائے، دوسروں کی فکر و احساس اندازہ، دیرکھ پر زیادہ زور صرف کیا ہے، بعض بعض پورے جواب جو ہم موضوع سے متعلق ہیں انھوں نے دوسروں ہی سے اخذ کئے ہیں، اقبال کے فلسفہ پر جو کچھ انھوں نے لکھا ہے وہ پروفیسر شریف کے ایک مقالہ سے مستفاد ہے، ڈاکٹر سنہا نے ہرچند فلسفہ سے اپنی "سرسری واقفیت" کا اقرار کرکے اپنی ذمہ داری کا بار ہلکا کر لیا ہے، پھر بھی اس سرسری مطالعہ، و وقوف کی بنا پر انھوں نے جو ذاتی رائے دی ہے، اسکو بڑے زور اور یقین کے ساتھ لکھا ہے، حالانکہ پروفیسر شریف دران کے مقلد ہونے کی حیثیت سے ڈاکٹر سنہا دونے اس باب میں جو کچھ لکھا ہے وہ نہ صرف اقبال پر ایک غیر ماہرانہ تنقید ہے بلکہ فلسفہ کی تاریخ کے لحاظ سے بھی اسمیں خامیاں پائی جاتی ہیں،

اسلامی فلسفہ کی تاریخ سے بحث کرتے ہوئے سنہا صاحب نے ڈاکٹر بویر کی کتاب کا تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب جرمن میں لکھی گئی، انگریزی ترجمہ عام طور پر متداول ہے، یہ ایڈورڈ آر، جولس کی تراوش قلم کا نتیجہ ہے، جامعہ ملیہ نے اس کا ایک مبہم اور غیر واضح اردو ترجمہ بھی شایع کیا ہے، سنہا صاحب نے بڑے یقین اور سند کے ساتھ ڈاکٹر بویر کی یہ رائے نقل کی ہے کہ اول سے آخر تک عرب فلاسفہ

نے کسی طبع زاد اور خلقی فلسفیانہ تصور کا دعویٰ نہیں کیا" اگر ڈاکٹر بوہر کی یہ رائے سنہا صاحب کے نزدیک بہت زیادہ قابل اعتبار ہے، تو اس کے متعلق ان کا کیا خیال ہے، جو اسی کتاب میں ڈاکٹر بوہر نے ظاہر کی ہے "اہل ہند کی تحقیقات نے جو اکثر مقدس کتابوں کے ساتھ وابستہ اور سراسر مذہبی مقصد کے رنگ میں ہے، یقیناً فارسی تصوف اور اسلامی تصوف پر اپنا دیرپا اثر ڈالا، لیکن قطعی طور پر فلسفہ ایک یونانی تصور ہے، اور ہمیں کوئی حق نہیں کہ مذاق زمانہ کے پاس ہیں برگزیدہ ہندوں کے "طفلانہ خیالات" کی تفصیل میں غیر ضروری جگہ کا احاطہ کریں" ڈاکٹر بوہر نے نہ صرف بدھ، اور اجیوک کو نظر انداز کر دیا، بلکہ اہل ہند کے فلسفہ کو "طفلانہ تصورات" سے تعبیر کیا، کیا سنہا صاحب بوہر کی اس رائے سے بھی اتفاق کریں گے؟ بات یہ ہے کہ فلسفہ مابعد الطبیعہ کے اکثر مسائل، خالق، کائنات، زندگی، موت، غرض ہستی وغیرہ کے متعلق قرآن نے اپنے بنیادی نظریات پیش کر دیئے ہیں، اس لئے کوئی مسلم فلسفی ان سے انحراف نہیں کر سکتا تھا، اس کے علاوہ، فلسفہ، طبیعات، طب اور ریاضی کے متعلق مسلم محققین کے یہاں اختراعی قدریں اگر نہ ہوتیں تو اندلس بغداد، اور شام کے مسلم علما فارابی و ابن سینا، ابن رشد و ابن مسکویہ، غزالی، رازی کو یورپ کے محققین اتنی اہمیت کیوں دیتے،

Dr. T. J. Doer History of Philosophy in Islam.

ابو علی ابن سینا تحصیل علوم جیسے طبیعیات، الٰہیات اور اسی طرح کے دوسرے شعبوں کی طرف مشغول ہوا، اور اس نے فصوص الحکم اور اسکی شرحوں پر نظر ڈالی اور اللہ نے اس پر علوم کے دروازے کھول دیئے، اس کے بعد وہ طب کی طرف راغب ہوا اور اس فن کی کتابوں پر غور و تامل کرنے لگا، اور اس نے علاج کرنا شروع کیا، حصول کے لئے نہیں، بلکہ اخلاقی طور پر، بہت ہی قلیل مدت میں اسکا علم اس فن میں اگلوں اور پچھلوں سے بڑھ گیا، اور اسمیں وہ یگانۂ روزگار اور بے مثل ہوگیا،

فارابی کی ایک قابل اعزاز کتاب علوم کے شمار اور اس کے مقاصد کے متعلق ہے اسکے پہلے کسی نے ایسی کوئی کتاب نہ لکھی اور کسی کے یہاں اس مذہب کا پتہ نہیں اور کوئی طالب علم اس (کتاب) کی رہنمائی سے بے نیاز نہیں ہو سکتا

ایک مرتبہ سیف الدولہ کی شاہی مجلس میں موسیقی کا مظاہرہ ہو رہا تھا، فارابی نے ارباب طرب کی فنی خامیاں بیان کیں، سیف الدولہ نے کہا کہ کیا اس فن موسیقی سے تم واقف ہو، فارابی نے جواب دیا ہاں! پھر اپنے کمر سے ایک تھیلی نکالی اور اسکو کھولا، اس سے بانسریاں نکالیں اور انکو ترکیب دیکر بجانے لگا، مجلس کے سارے لوگ ہنسنے لگے، پھر اس نے اس کو جدا جدا کرکے دوسری ترکیب سے جوڑا، اور بجایا اب مجلس میں جو بھی تھا رونے لگا، پھر اس نے اس کو جدا کیا اور ترکیب بدل ڈالی، اور دوسری طرح سے بجانے لگا اب مجلس میں جو تھا سو گیا، یہانتک کہ دربان بھی، ان کو سوتا ہوا چھوڑ کر وہ چلا گیا، بیان کیا جاتا ہے کہ آلۂ موسیقی جسکو "قانون"

کہتے ہیں اس نے ایجاد کیا تھا اور وہ پہلا شخص ہے جس نے اسکو اس ترکیب سے جوڑا تھا[1]
اس کے علاوہ ہیئت، ریاضی، مناظر المرایا، تاریخ وغیرہ میں مسلمانوں کی اختراعات سے کس کو انکار ہو سکتا ہے،

سنہا صاحب آگے چلکر فرماتے ہیں "یہ سمجھنا اس کا (قاری کا) کام ہے کہ آیا اقبال کے فلسفہ کو کسی معنی میں اصلی اور خلقی حتیٰ کہ اسکو پورا نظام بھی کہہ سکتے ہیں، جو ہربرٹ اسپنسر کی طرح ایک پورے منصوبہ کے ماتحت سوچا، سمجھا ہوا ہو یا یہ ایک مجموعہ ہے خیال کے منتشر سلاسل کا، جو بہتیرے ماخذ سے مستفاد ہے، اور جسکو مختلف نظاموں کے متضاد اثرات کے ماتحت جسکے ڈانڈے افلاطونیت سے لیکر خدا پرستانہ کثرت وجود تک ملے ہوئے ہیں ترقی دیا گیا ہے" پروفیسر شریف کا ہر گروہ مفہوم نہیں جو ڈاکٹر سنہا نے سمجھا ہے، ڈاکٹر سنہا کو کیا معلوم نہیں کہ شاعر ہو یا فلسفی انسانی تصورات میں قدیم زمانہ سے آج تک کوئی اصلی و خلقی عنصر نہیں پایا جاتا، چراغ سے چراغ جلتا جا رہا ہے، البتہ ہر بڑے شاعر اور فلسفی نے قدیم تصور میں نیا انداز، نیا روپ پیدا کیا، جدید، رنگ بھرا، آپ کسی بڑے سے بڑے شاعر کو لیجئے، اس کا خیال آپ اس کے کسی پیشرو میں ضرور پائیں گے، فلسفہ کا بھی یہی حال ہے جرمن فلاسفہ، شوپنہار، نطشے ولیبنز اور مارکس، ہوں یا فرانسیسی مفکرین برگسان ڈیکارٹ

---

[1] وفیات الاعیان، جلد ۱، ذکر ابن سینا، اور الفارابی

یا برطانوی فلاسفہ لاک، ہوبس اور ہیوم آپ کے سب کے نظام فلسفہ میں کسی دوسرے فلسفی کا بنیادی تصور جاری ساری پائیں گے،

جرمن فلسفی شوپنہار کے نظام فلسفہ میں شاعری اور جمالیات کے امتزاج کے ساتھ میر تقی جیسا گہرا سوداوی رنگ پایا جاتا ہے، اس کے انداز میں بظاہر انفرادیت پائی جاتی ہے، لیکن وہ خود کیا کہتا ہے،

میں پہلے اڈیشن کے دیباچہ میں واضح کر چکا ہوں، کہ میرا فلسفہ کینٹ کے فلسفہ کی بنیاد پر ہے اور اس لئے اس کا پورا علم اسمیں مضمر ہے، کینٹ کی تعلیم ہر اس آدمی کے ذہن میں جس نے اس کو سمجھا ہے ایک بنیادی تغیر پیدا کر دیتی ہے یہ تغیر اتنا عظیم الشان ہوتا ہے، کہ اسکو ایک جدید ذہنی تخلیق سے تعبیر کر سکتے ہیں، وہ ذہن جو جوانی ہی کی تازگی میں ہیگل کے لایعنی نظام فلسفہ سے داغدار و تباہ ہو چکے ہیں کس طرح کینٹ کے عمیق اکتشافات کی پیروی کر سکنے کی صلاحیت رکھینگے[1]

یورپ میں کینٹ کے نظام فلسفہ کا اثر ہمہ گیر رہا ہے، خصوصیت کیساتھ انیسویں صدی کا سارا فلسفہ، کینٹ کے زیر اثر تھا، اور اس کی زوردار اختراعی قابلیت کا وقار اتنا عظیم الشان رہا ہے کہ مختلف مکتبۂ خیال کے مفکرین بھی اسکی

---

[1] دیباچہ جلد اول (انگریزی اڈیشن)

1. The World as will and Idea :

تحریروں میں اپنی تعلیمات کی موافقت کے لئے مباحث تلاش کرتے ہیں" ۲؎

ایک دوسرا جرمنی فلسفی لیبنز (۱۶۴۶ء ۔ ۱۷۱۶ء) ایک ہمہ گیر علمی ذوق کا انسان تھا، وہ مساوی طور پر ماہر نفسیات بھی تھا، اور فاضل علمیات بھی (علمیات اس شعبۂ علم کو کہتے ہیں جو علم انسانی کے ذرایع و مواد سے بحث کرتا ہے) وہ علم الاحصار کے انکشاف میں نیوٹن کا مدمقابل ہے اور اپنے "جدید مقالہ" میں ایک مشہور "مقالہ" سے بڑھ گیا ہے، وہ ایک فاضل مورخ بھی تھا، اس نے خاندان "برنسوک" کی تاریخ لکھی، گوئٹے نے بھی اسکی مدح سرائیاں کیں، وہ ایک دوررس مدبر اور سیاست داں تھا جسکی یورپ کی متعدد طاقتور حکومتوں نے عزت کی، وہ ایک عظیم الشان فلسفی گذرا ہے، جو جدید جرمن خیالی فلسفہ کا بانی تھا، اور جو اس لایق ہے کہ خود کینٹ کے ساتھ اس کا نام لیا جائے، پروفیسر ہگلے کے الفاظ میں جدید معنی میں وہ اول درجہ کا سائنسداں تھا، لیکن اسکے نظام فلسفہ کا ایک ایک نقاد لکھتا ہے "لیبنز ڈیکارٹ کے مکانکی عقیدہ (جو کل مظاہر کو محض طبعی حرکت کا نتیجہ سمجھتا ہے) کو نہ کبھی نظر انداز کرتا ہے نہ مسترد کرتا ہے، اس کا ادعا ہے کہ فطرت کی ہر شے کی وضاحت "مکانکی عقیدہ" کے ماتحت کی

۲؎ 2. The System of kant کی فرانسیسی کتاب کا انگریزی ترجمہ از اسمارٹ، آر، ای) M. Disdauits

جاسکتی ہے، اس کے نظریہ میں علم مابعد الطبیعہ میں مکانکی عقیدہ سے تضاد نہیں بلکہ قومیت (Dynamism) فلسفہ کا ایک نظریہ کہ مادہ اور روح دو نوعی قوتوں کی حرکت سے پیدا ہوتے ہیں، اصل جوہر قوت ہی کی وساطت سے یہ اسکی تکمیل ہے، ڈیکارٹ کے بعد فلسفہ کا خصوصی میلان آخرالذکر عقیدہ کی طرف ہو رہا ہے، اور اس کا خاص محرک لیبنز تھا[1]،

انگریز فلسفی لاک (۱۶۳۲ء - ۱۷۰۴ء) حکومت میں اعلیٰ مناصب پر فایز ہوا، نیوٹن کو اس سے گہرا روحانی ربط تھا، لاک نے ملازمت سے سبکدوش ہوکر ۱۶۹۱ء میں ایسکس کے مقام اوٹس میں سکونت اختیار کرلی، تو نیوٹن اکثر وہاں جاتا، لیبنز اس کا معاصر تھا لیکن وہ اس سے اثر پذیر نہ ہوا، بلکہ اپنے مقالہ میں وہ سپرایرا دکرتا ہے، وہ خود معترف ہے، کہ کتابوں کی بہ نسبت اس نے دوبدو ہونیکے ذریعہ زیادہ سیکھا، ڈیکارٹ کے مطالعہ نے اس کو فلسفیانہ اشیا کا مزہ دیا، وہ ہابس اور ہولبس کے افکار اور گاسنڈی کے نظریہ جوہریت سے اثر پذیر ہوا، اپنے مقالہ کی ابتدا کرتے ہوئے جن الفاظ میں وہ اسکی تصنیف کی صورت حال بیان کرتا ہے، وہ ہمیں کینٹ کی کتاب "تنقید ادراک خالص"

---

1. Leibniz : Discourse on Metaphysics.

2 Locke : S. Alexandar.

کے دیباچہ کی یاد دلاتے ہیں[۲]

مارکس کا فلسفہ اشتراکیت عہد حاضر کے فلسفیانہ رجحانات میں عملی اور نظری دونو اعتبار سے اہم ترین ہے اس فلسفہ نے بین الاقوامی سیاسیات میں جو انقلاب پیدا کر دیا ہے وہ عوامی نگاہ سے بھی پوشیدہ نہیں، مارکس کے فلسفہ کی ہیئت ترکیبی میں ہیگل کے نظام فلسفہ کو سب سے زیادہ دخل ہے، لینن لکھتا ہے" مارکس اٹھارہویں صدی کی مادیت پر قایم نہ رہا بلکہ اس نے فلسفہ کو آگے بڑھایا، اس نے اسکو مسلم ثبوت جرمن فلسفہ کے اکتسابات بالخصوص ہیگل کے نظام فلسفہ سے مالا مال کر دیا ہیگل کے فلسفہ نے آگے چلکر فیوربخ کی مادیت کی تخلیص کی[۱]"

ام، ان، رائے بھی لینن کی طرح یہی عقیدہ ظاہر کرتے ہیں، مارکس کے فلسفہ کی وضاحت کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں" وہ (مارکس) جامع طور سے انسانی تصورات کی ترقی کی جانچ کرنے لگا، اس کوشش میں وہ پہلا رہنما نہ تھا بلکہ پہلی رہنمائی کا کام ہیگل نے انجام دے دیا تھا، ہیگل، کارل مارکس کا تصوری مرشد تھا[۲]"

---

1. Historical developmeat of Materialism.

2. Twen teeth Century.

ہیگل نے مارکس جیسا انقلابی پیدا کر دیا، لیکن شوپنہار اس کے فلسفہ کو لایعنی بتایا ہے، وجہ یہ ہے کہ شوپنہار ذہنی ساخت اور طبعی رجحانات کے لحاظ سے "خیالی اور روحانی" تھا اسی لئے اس کے فلسفہ میں شاعرانہ حال پایا جاتا ہے وہ ہندو فلسفہ کا بھی بڑا معتقد تھا، اس کے برخلاف ہیگل اور مارکس بر ادیت چھائی ہوئی تھی، وہ تصوری سے زیادہ عملی تھے اور روح و خیال سے ان کو چنداں دلچسپی نہ تھی، اقبال بھی ہیگل کے منکر تھے، اسکی وجہ بھی انکی صوفیت تھی،

شواہد بالا سے ثابت ہوتا ہے کہ بڑے سے بڑا فلسفی بھی اپنے پیشرو سے متاثر ہوا، اور اس کے نظام فلسفہ میں اسکے پیشرو کی فکر و احساس جاری و ساری ہے یہ صورت حال یہ ہو تو پھر ڈاکٹر سہنا کا اقبال کے نظام فلسفہ کو ایک تقلیدی چیز اور پیشروؤں کے تصورات سے مستفاد بتانا کہاں تک صحیح رکھتا ہے، اقبال پر مشرقی اور مغربی دونو تصورات نے اپنا تنوع اثر ڈالا، اس تنوعات سے اقبال کے تصور میں ایک طبعی نمو کی صورت اختیار کر لی اور انھوں نے اپنا فلسفہ خودی پیش کیا، شاعر اور فلسفی کے ذہن میں متنوع تصورات کی اس طبعی نمو سے جو خیالات پیدا ہوتے ہیں، انکو خلقی ہی کہا جاتا ہے، کیونکہ وہ اپنے مبدا، اور ماخذ کی ہو بہو تصویر نہیں ہوتے، بلکہ انہیں شاعر اور فلسفی اپنا تجربہ، اپنا مشاہدہ اور اپنا فطری انداز بھر دیتا ہے، اور پھر وہ ایک نئی چیز بن کر ہمارے سامنے آتے ہیں، ہم اقبال کے فلسفہ کو اس حیثیت سے خلقی ہی کہہ سکتے ہیں،

ڈاکٹر سنہا نے اقبال کو شاعر سے زیادہ فلسفی بتایا ہے (حالانکہ وہ ان کے فلسفہ کے قایل بھی نہیں) اور پھر تنقید کرتے ہیں، کہ مشرق اور مغرب دونوجگہ تقریباً ہر بڑے ادب میں فلسفی شعرا ہیں، لیکن بحث کے جب اس حصہ پر ہم پہونچیں گے، تو دیکھیں گے کہ پہلے وہ شاعر تھے، اسکے بعد فلسفی" نواب یار جنگ نے اپنے مقدمہ میں اس کا جواب دیا ہے "انسان کا فلسفہ بحیثیت انسان کے اسکی حقیقت کو بے نقاب کرتا ہے، شاعری صرف ایک ادائے بیان ہے" اسکے بعد آگے چلکر فرماتے ہیں "انکی (اقبال کی) شاعری انکے خیالات کی صرف زبان ہے، ہمیشہ آدمی پہلے آتا ہے، اس کے بعد اسکی زبان آتی ہے اس نقطۂ نظر سے وہ شاعر سے زیادہ فلسفی تھے"

نواب یار جنگ نے ایک منطقیانہ استدلال سے کام لیکر سنہا صاحب کا رد کیا ہے، مگر وہ سنہا صاحب کی اس رائے کو مان لیتے ہیں کہ اقبال پر شعر سے زیادہ فلسفہ طاری تھا، حالانکہ ہمیں سنہا صاحب کی اس بنیادی رائے ہی سے اختلاف ہے، رومی، دانتے، عراقی، درد، گوئٹے، تلسی داس سب کی شاعری میں فلسفہ اور تصوف کے امتزاج نے ایک بلند عالمانہ انداز پیدا کر دیا تھا، شاعری اپنی معراج کے زمانہ میں صوفیت اور فلسفہ کا روپ اختیار کر لیتی ہے، رجحان اور ذوق کے لحاظ سے ہر فلسفی کا جداگانہ انداز رہا ہے، رومی شاعر تھے، لیکن ان پر فلسفۂ اشراقی کا اتنا گہرا رنگ ہے کہ فلسفیانہ تصورات کے لحاظ سے ان میں اور فلاطینوس میں امتیاز کرنا مشکل ہو جاتا ہے، رومی کے سارے سرمایۂ شعر پر تصوف اور اشراقیت کا اتنا گہرا اثر ہے کہ سنہا صاحب

کی رائے کے مطابق وہ بھی اقبال کی طرح شاعر سے زیادہ فلسفی ہونیکے باعث مورد الزام ہوسکتے ہیں، حالانکہ یہ کوئی نقص نہیں گوئٹے کے متعلق بھی سکے انتار لیکی نے لکھا ہے" جس طرح افلاطون ایک شاعر فلسفی کی حیثیت سے اپنے ملک کے جمالیاتی اور مابعد الطبیعی عناصر کی مخصوص نیابت کرتا ہے، اسی مخصوص انداز سے فاؤسٹ کا مصنف (گوئٹے) فلسفی شاعر کی حیثیت سے اپنے ملک و قوم کی خدمات انجام دیتا ہے، دانتے کی ڈیوائن کامیڈی ہمیں شاعر کے اچھوتے حکیمانہ اور صوفیانہ انداز کا پتہ بتاتی ہے، عراقی اور رزد تصوف کے نشہ میں سرشار تھے، ان کی شاعری، انکی صوفیت کی آئینہ دار ہے لیکن دنیا نے کبھی اسکو عیب نہیں سمجھا، لیکن اقبال کا حال رومی اور عراقی سے جداگانہ ہے، دانتے کیطرح انکی زندگی کے مختلف زینے ہیں، سنہا صاحب نے جو رائے دی ہے وہ اسرار خودی کو سامنے رکھکر، حالانکہ باانگ درا میں کثیر نظمیں ایسی ہیں جو ان کو فلسفی سے زیادہ شاعر کی حیثیت سے پیش کرتی ہیں، دانتے کی اس عہد کی شاعری کو لیجئے جب وہ بیٹرس پر عاشق تھا، اور جو وٹا نووا کی صورت میں موجود ہے یقیناً وہ اسوقت فلسفی یا صوفی نہ تھا لیکن "کانویو" جب اس نے لکھی تو وہ ایک فلسفی اور ڈیوائن کامیڈی، لکھی تو "صوفی شاعر" بن گیا، اول تو دنیا کے بڑے بڑے ادب میں ایسے شعرا موجود ہیں جو شاعر سے زیادہ فلسفی تھے، اور یہ کوئی عیب کی بات نہیں دوسرے اقبال پر سرے سے یہ تنقید لاگو ہی نہیں ہوگی، چونکہ ان کی شاعری نے بہت سے اجزا پر فلسفہ یا تصوف کا غلبہ نہیں پایا جاتا،

یہاں تک تو اقبال کے فلسفہ پر سنہا صاحب کی ایراد کا جواب تھا

اب آئیے خود شریف صاحب کے نظریات پر بحث کریں، انھوں نے اقبال کے فلسفیانہ تصورات پر جو محاکمہ و تبصرہ کیا ہے، اسمیں واقفیت بھی ہے یا محض انھوں نے اپنے مطالعۂ فلسفہ کو زبردستی اقبال کی شاعری پر منطبق کرنے کی کوشش کی ہے، شریف صاحب نے اقبال کے فلسفیانہ تصورات کو تین دور میں تقسیم کیا ہے، ایک دور تو وہ تھا جبکہ اقبال خدا کو افلاطونی تصور کے ماتحت ایک حسن ازلی تسلیم کرتے تھے جو تمام موجودات سے خود مختار اور اولیت رکھتا ہے لیکن اُن میں ہیولیٰ اور ہیولیٰ بھی ہے، اس کا زمانہ ۱۹۰۱ء سے ۱۹۰۸ء تک ہے دوسرے دور کو ۱۹۰۸ء سے ۱۹۲۰ء تک منتہی بتاتے ہیں، اس عہد میں انھوں نے رومی، میک ٹیگارٹ، اور وارڈ کی تقلید کی اور خدا پرستانہ کثرت وجود کے قائل ہوگئے، تیسرا دور ۱۹۲۰ء سے ۱۹۳۸ء تک ختم ہوتا ہے اس دور میں اقبال کے فلسفہ کو فلسفۂ تغیر کہہ سکتے ہیں، وہ برگسان اور نطشے سے متاثر ہوئے لیکن حقیقۃً وارڈ کے چیلے" تھے،

پروفیسر شریف نے اقبال کے فلسفہ پر بحث کرتے ہوئے جو رائیں دی ہیں، وہ زیادہ تر افسانوی انداز کی حامل ہیں، انہیں روح استدلال مفقود ہے، وہ علی الرغم اپنے ظنون و تخیلات پیش کرتے جاتے ہیں، لیکن ثبوت میں اقبال کی کوئی عبارت، ان کا کوئی کلام، کوئی شعر پیش نہیں کرتے، ضرورت تھی کہ اپنے نظریات کی تصدیق و ثبوت میں ہر دور کے کلام سے وہ استدلال

کرتے، لیکن ایسا کہیں نہیں، پروفیسر شریف کی بحثوں میں اسمیں ایک تمثیلی کردار نگاری، یا صناعانہ تزئین وتجمیل نظر آتی ہے،

اقبال نے ضرب کلیم میں برگسان کی تقلید کو بری نگاہ سے دیکھا ہے، اسی طرح جاوید نامہ میں نطشے کے متعلق وہ لکھتے ہیں "یورپ میں نطشے کی حالت ایسی تھی جیسے کوئی رہرو طریقت ہو اور اسکو کوئی مرشد نہ ملے، نتیجہ یہ ہوا کہ وہ "راہ صواب" تک نہ پہونچ سکا، گمراہ ہوکر رہ گیا" پیام مشرق میں بھی انھوں نے اس کے متعلق کہا تھا،

آنکہ بر طرح حرم تیشہ نہ ساخت ۔۔۔ قلب او مومن دماغش کافر است

یہاں اقبال اور پروفیسر شریف کے بیان میں تضاد ہے اقبال کے فلسفہ کے متعلق خود اقبال کی شہادت زیادہ قابل وثوق ہے یا شریف صاحب کی، اس کا فیصلہ ناظرین کریں،

اقبال کے فلسفیانہ تصورات کے مدارج کے متعلق جو کچھ شریف صاحب نے لکھا ہے اس میں بھی کوئی ایقانی کیفیت نہیں، اقبال نے نہ تو افلاطون کے مطالعہ کے بعد کبھی خدا کا تصور کیا، اور نہ "وارڈ کا چیلہ" ہونے کی حیثیت سے وہ تصوریاری سے متاثر ہوئے اس باب میں ان کا تصور خالص اسلامی تھا، ہاں اپنے رہبر طریق، رومی کے اثر سے وہ اشراقی عقیدہ کے ماتحت وحدت فی الکثرت کے قائل تھے،

اسلام کی بنیادی تعلیم توحید ہے، اس مسئلہ پر قرآن مجید نے مختلف پیرایہ میں روشنی ڈالی ہے پیغمبر اسلام صلعم نے فرمایا کہ سورۂ اخلاص نصف قرآن ہے، یہ ایک بہت مختصر سی سورہ ہے، اس تعلیم میں کہی گئی ہے کہ اللہ ایک ہے وہ بے نیاز ہے نہ وہ کسی کو جنتا ہے، اور نہ اسکو کسی نے جنا، اور نہ اسکی وحدانیت میں اس کا کوئی مقابل ہے، اسلام کی تعلیم کا دارومدار اسی بنیاد پر قایم ہے، قرآن نے اس اہم پیغام کو مختلف اسالیب سے نوع انسان تک پہونچایا، اس نے ساری کائنات کا خالق ایک اللہ کو بتایا، حیات و موت، ترقی و تنزل، رحمت و شفقت سب اسی کے قبضہ و اختیار میں ثابت کیا ہے، فرمایا افرایتم ما تمنون أأنتم تخلقونه أم نحن الخالقون[1] پھر خدا کی کامل وحدانیت کا یقین دلانے اور ساری کائنات سے اسکو اعلیٰ اور ارفع رکھنے کے لئے اس طرح سے سمجھایا، ان اللہ لا یغفر ان یشرک به ویغفر ما دون ذالک لمن یشاء (جو شرک اور فقدان توحید کا گناہ ہے اس سے بڑھ کر کوئی گناہ نہیں) اس کے بعد یہ اعتقاد دلایا، لا یغفر اللہ لمن یشاء من رحمته فلا ممسک لها، وما یمسک فلا مرسل لہ من

---

[1] اچھا پھر یہ نطفہ جو منی تم پھینکتے ہو اس کو تم آدمی بناتے ہو یا ہم بنانے والے ہیں۔ (واقعہ)

[2] اللہ نہیں معاف کریگا اگر اسکے ساتھ شریک کیا جائے اور اسکے علاوہ (گناہوں کو) معاف کردیگا۔

[۳] ہو العزیز الحکیم، قرآن کی تعلیم کے مطابق خدا اپنی ذات کے اعتبار سے واحد ہے اور ساری کائنات اور اسکے حرکات و انقلابات سب اسی کے قبضہ و اقتدار، حکم و مشیت کے تابع ہیں۔ اسی لئے اسلام نے اپنے دایرہ میں آنے کے لئے سب سے پہلی شہادت لا الٰہ الا اللہ مقرر کیا۔ اس کلمہ کے حقایق و محاسن، اسکی گہرائیوں اور خصوصیتوں کے متعلق میں محدثین و فقہا نے بھی کاوشیں کیں اور اسلامی فلاسفہ اور صوفیہ نے بھی بہت کچھ کہا۔ غیر مسلم عالموں نے بھی اس پر بڑی اور مدلل بحثیں کیں[۴]

اسلامی توحید نے تصور باری کا مسئلہ بڑی جامعیت کے ساتھ حل کر دیا ہے اور ہر مسلم کا فرض ہے کہ وہ ذات باری کے متعلق یہی عقیدہ رکھے۔ اسکے دوسرے

---

[۲] اللہ جو رحمت لوگوں کے لئے کھول دے اس کا کوئی بند کرنے والا نہیں، اور جسکو بند کر دے سوا اس کے بعد اسکا کوئی جاری کرنے والا نہیں اور وہی غالب حکمت والا ہے (فاطر)

[۴] ابراہیم الکردی المدنی کی کتاب اتحاف الاذکیاء علی تحقیق لا الٰہ الا اللہ اور ملا علی قاری کی تحقیق لا الٰہ الا اللہ بڑی فاضلانہ تصانیف ہیں، ان کتابوں میں کردی اور علی قاری نے لا الٰہ الا اللہ کے فلسفہ پر تفسیر، حدیث، منطق و نحو کی روشنی میں بہت ہی مفید اور دلنشین بحثیں کی ہیں۔ ان کتابوں کے قلمی نسخے اکثر کتب خانوں میں موجود ہیں،

مذاہب اور قوموں سے اسلام کا واسطہ ہوا، تو اسلام کے اندر فلسفہ، تصوف، اور مختلف سیاسی، اجتماعی اور ذہنی سرچشموں کے ذریعہ اسلام کی داخلی زندگی میں بھی تصور باری کے متعلق اختلافات پیدا ہوئے، لیکن ایسے اداروں کی گہرائی اور بطلان بالکل عریاں ہے، اور ہر سچا مسلمان اس مسئلہ کے حق و باطل پہلوؤں میں آسانی سے تمیز کر سکتا ہے۔

سطور بالا میں اسلام کے تصور باری کے متعلق قرآن مجید کی مختصر سی تعلیم پیش کی گئی ہے اسکو وضاحت کے ساتھ علمی انداز میں سمجھنے کے لئے ہم ایک ایسے جامع انسان کی تحریر پیش کرتے ہیں جو بیک وقت اسلامیات کا عالم، مبصر، مفسر، محدث اور فقیہ بھی تھا، اور ایک صوفی، فلسفی اور نحوی بھی۔ یہ امام غزالی کی ذات ہے جو چھٹی صدی ہجری میں گذرے ہیں، امام غزالی نے تصور باری کے متعلق مفصلہ ذیل بحث کی ہے،

معرفت وجود، یعنی خدا کی ہستی کی پہچان، یہ اس کلیہ سے ظاہر ہے کہ عالم حادث ہے، اور اسکے حدوث کے لئے کسی سبب کی ضرورت ہے،

اللہ قدیم اور ازلی ہے، اس کے وجود سے پہلے کوئی شے نہ تھی بلکہ وہی ہر شے سے پہلے ہے،

وہ ابدی ہے، یعنی جس طرح ہر شے سے اسکی ذات اول ہے اسی طرح آخر بھی یعنی ہر شے کے مٹنے کے بعد بھی اسکا وجود قایم رہیگا،

- اللہ تعالیٰ جوہر نہیں ہے جسکے لئے مکان کی ضرورت ہے،
بلکہ وہ مناسبت مکانی سے بلند اور پاک ہے، اور اسکی دلیل یہ ہے،
کہ ہر جوہر کے لئے مکان کی ضرورت ہے، اور وہ اس سے خصوصیت
رکھتا ہے، اس میں وہ ساکن ہوگا یا متحرک، وہ حرکت و سکون سے
خالی نہیں ہو سکتا، اور یہ دونوں حادث ہیں، اور جو حوادث سے
پاک نہیں، وہ خود حادث ہے۔
- اسکی ذات جسمانی نہیں ہے
- اور نہ وہ عرض ہے تو جسم کی [illegible] پاک ہے
- وہ جہات سے پاک ہے
- اللہ تعالیٰ عرش پر ہے، اس معنی میں جس میں اللہ نے "استواء"
کا مفہوم سمجھا ہے،
- وہ صورت اور مقدار سے پاک ہے
- اللہ واحد ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے[1]

اسلام کا حقیقی تصور باری یہی ہے جسکو قرآن نے پیش کیا اور جسکی وضاحت امام غزالی نے کی، اب اگر نطشے کے فوق البشر اور ڈارون کی کثرت وجود کا

---

[1] احیاء العلوم الدینیہ، مطبوعہ مصر، جلد اول، ص ۹۴، ۹۶

کوئی قابل ہے تو وہ صحیح اسلامی اعتقادات ہیں نہ کہا جائیگا اقبال کی تصنیفات ہمیں بتاتی ہیں کہ وہ اسلام کے سچے، اور پرجوش پیرو تھے، اس لئے نتیجہ نکلتا ہے کہ پروفیسر شریف کی یہ ساری کاوش خامہ فرسائی، اقبال کے فلسفہ کی تنقیح اور پرکھ نہیں بلکہ خود پروفیسر شریف کے مطالعۂ فلسفہ کے طور پر ان کی خیال آرائی اور ناصواب انتخاب ہے،

رومی جس طرح سنائی، اور عطار کے تتبع کا اعتراف کرتے ہیں، اسی طرح اقبال نے رومی کی رہبری کا اقرار کیا ہے، انھوں نے اسرار خودی، پیام مشرق، ضرب کلیم اور جاوید نامہ میں رومی کے ساتھ جس عقیدت اور احترام کا اظہار کیا ہے، اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ پروفیسر شریف کی اصطلاح کے مطابق "وارث کے چیلے" نہیں تھے بلکہ "رومی کے مرید" تھے، رومی کے اشراقی انداز نے اقبال کو متاثر کر لیا تھا برگسان، نطشے، اور ہیگل کے وہ کھلم کھلا منکر ہیں،

کانٹ، لاک، برگسان، شوپنہار، نطشے، ہیگل کی فکر و عقاید کے متعلق اقبال نے "پیام مشرق" میں بھی اپنی رائیں دی ہیں لیکن انکی آخری رائیں جو ضرب کلیم، جاوید نامہ میں ہیں منضبط ہیں، زیادہ قابل لحاظ ہیں، ضرب کلیم میں برگسان کے متعلق لکھتے ہیں

تو اپنی خودی اگر نہ کھوتا زناری برگسان نہ ہوتا

اسی کتاب میں وہ ہیگل کا مصرف گھر سے خالی بتاتے ہیں نطشے کے متعلق "پیام مشرق" اور جاوید نامہ، میں انکی بصیرت افروز تنقیدیں موجود ہیں، پیام مشرق میں بھی اقبال نے "جلال و ہیگل" کا موازنہ کیا ہے،

می کشودم شبے بہ ناخن فکر — عقدہ ہائے حکیم المانی
آنکہ اندیشہ اش برہنہ نمود — ابدی راز کسوت آنی
پیش عرض خیال او گیتی — خجل آمد ز ننگ دانائی
چو بدریائے او فرو رفتم — کشتی عقل گشت طوفانی
خواب بر من دمید افسونے — چشم بستم ز باقی و فانی
نگہ شوق تیز تر گردید — چہرہ نمود پیر یزدانی
آفتابے کہ از تجلی او — افق روم و شام نورانی
شعلہ اش در جہاں تبرہ نمود — بہ بیاباں چراغ رہبانی
معنی از حرف او ہمی روید — صفت لالہ ہائے نعمانی
گفت با من چہ خفتہ برخیز — بہ سراب سفینہ می رانی
بہ خرد راہ عشق می پوئی — بہ چراغ آفتاب می جوئی

اسرار خودی، ضرب کلیم اور جاوید نامہ کی طرح یہاں بھی اقبال نے رومی کی رہبری کا اعتراف کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: ایک شب میں جرمن فلسفی کی گتھیاں سلجھا رہا تھا، لیکن جیوں جیوں میں ڈوب کر اس کا مطالعہ کرتا تھا اتنی ہی میری عقل ناآسودہ ہو رہی تھی، مجھے نیند آگئی، خواب میں میں نے ایک بزرگ کو دیکھا آپ کے چہرہ کی چمک سے روم و شام کے افق روشن ہو رہے تھے، انھوں نے فرمایا کہ اٹھ، سویا کیا ہے، ہیگل پر سر کھپاتا ہے، سراب پر کشتی چلانے کی کوشش کرتا ہے

عقل کے بل بوتے پر عشق کا راستہ طے کرنا چاہتا ہے، آفتاب کا پتہ لگانا چاہتا ہے چراغ کے ذریعہ"

اس لئے یہ کہنا کسی طرح صحیح نہیں کہ سلامی توحید اور رومی کی صوفیت اور اشراقیت کے علاوہ کسی دوسرے کتبۂ خیال نے انکی ذہنی تربیت کی ہے، ذیل میں ڈاکٹر نکلسن نے رومی کے صوفیانہ افکار کا فلسفۂ اشراقی سے موازنہ کیا ہے:

"یقین کے ساتھ صوفیانہ تعلیم کے ماخذ کا پتہ لگانے کے لئے ہمارے پاس کافی معلومات کافی نہیں۔ یہ کوشش بہرحال ناقابل حل مشکلات پیدا کریگی، دو عقاید کی مشابہت سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ ایک دوسرے کی پیداوار ہے، دو نو مسائل سبب کے نتائج ہوسکتے ہیں جہاں ربط و تعلق کا یقین ہے وہاں بھی یہ دکھانا مشکل ہے انمیں مقدم کون ہے اور موخر کون! اس کے علاوہ چونکہ صوفیانہ روح کے سارے ظہور بنیادی طور پر یکساں ہیں جب تک ان ظہوروں میں سے ہر ایک پر اسکے مخصوص ماحول اور مذہب کے اثر سے جسکے ساتھ پیشتر پناہی کے لئے وہ مربوط ہوتا ہے جزوی تغیر و تبدل نہ ہوا ہو ہم مختلف زمانوں میں دنیا کی دو دور از سرزمینوں میں ایک ہی محسوس اصول کو مختلف طریقوں سے منضبط دیکھکر تعجب نہیں کرینگے میں جلال الدین (رومی) اور فلاطینوس کی خاص تعلیمات کے ذریعہ اس یکسانیت کی توضیح کرنے کی رائے دونگا، گو مشرق میں فلاطینوس کا نام غیر معروف رہا ہے، اس کے جانشین اسکے فلسفہ کو منظم پیرائے، اور اس نے ارسطو کی کتابوں کی شرحوں کے ذریعہ مماثل مشرقی نظام پر

بے انتہا اثر ڈالا، ظہور ملکہ اسکی مخصوص صورت جو تصوف میں نمایاں ہے، اگر ہم غلطی نہیں کر رہے ہیں، تو اشراقی ہی مکسال سے نکلی ہے، صوفیانہ علوم مابعد الطبیعہ جو ندرتی طور پر بچہ کا رانہ غور و فکر کی پیداوار ہیں، سراسر اس سانچہ میں ڈھالے ہوئے ہیں، جسکو اسکندریہ نے اس عہد کی یاس انگیز ضعیف الاعتقادی اور دینداراند ولولہ کو آسودہ کرنے کیلئے موافق و مناسب سمجھا، یہ مشابہت جو عملی اخلاق میں پھیلی ہوئی ہے اگر قطعی مختلف پیرایہ میں چھپی نہ ہوتی تو اور زیادہ حیرت زا ہوتی، فلاطینوس جو کچھ اختصار اور جامعیت کے ساتھ صاف صاف کہتا ہے، جلال الدین اسکو مبہم کنایہ میں ادا کرتے ہیں، وہ اشیا کا اظہار کرتے ہیں لیکن کبھی ان کا نام نہیں لیتے، یہ اشارہ کیا جا چکا ہے کہ جلال الدین اخلاقی پہلو سے اپنے موضوع تک پہونچتے ہیں اور گو منطقیانہ اور مربوط توضیح کے وہ دعویدار نہیں پھر بھی اپنی مختصر مابعد الطبیعیاتی اڑان میں وہ اس قدر خیال پسند، مبہم اور پر کنایہ ہیں کہ یونانی اور عربی فلسفہ سے انکی واقفیت کی گہرائی کا صحیح اندازہ نہیں لگایا جا سکتا، پھر بھی اگر ہم عمدہ طور سے اس روشنی میں جو صوفی مصنفوں اور شارحوں نے بہم پہونچائی ہے، ان پر اسرار بیانات کی تشریح کریں، تو فلسفۂ اشراقی کے مقصد ذیل فاکہ میں کوئی ایسی چیز باقی نہیں رہ جاتی جبکہ جلال الدین نے اپنے انداز میں اپنی مثنوی اور رباعیوں کے قارئین کے سامنے پیش نہ کر دیا ہو، فلاطینوس کی غرض ہے ذات باری کے ساتھ کامل اتحاد (وصل) پیدا کرنا، وہ عالم مادی کے اوپر مافوق الطبعی حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے

دکھاتا ہے، (الف) وہ تعلق جو دونوں کے درمیان ہے، (ب) وہ ذرایع جن کے ماتحت مادی کو مابعد الطبعی تک رسائی ہو،

(الف) تسلسل، فلسفہ اشراقی کا اصولی قول ہے، خدا اور انسان، روح اور مادہ کے درمیان کوئی ناقابل عبور خلیج حایل نہیں، وہ ایک ہی سلسلہ کی اوپر اور آخری کڑیاں ہیں، اس طور سے فلاطینوس یہ پیام دیتا ہے۔

(۱) توحید مطلق (Absolute Unity) ساری ہستی کی اصل، ایک خیال اعلیٰ، ایک خیر اعلیٰ، ایک حسن اعلیٰ، بلکہ یہ تمام چیزوں سے بلند و برتر، یہ ناقابل تصور ہے، اسلئے ناقابل بیان بھی، اسکو صرف نفی ہی میں بیان کیا جاسکتا ہے۔

'توحید مطلق' کے لئے تصوف میں 'قدم' کا لفظ ہے، جلال الدین کے یہاں اس اعلیٰ فرضیہ کو ظاہر کرنے کے لئے کوئی مخصوص اصطلاح نہیں، ہستی مطلق کے لئے انکے یہاں عام مجازی محاورے ہیں، سمندر، روشنی، عشق، شراب، حسن اور صدق،

(۲) عقل کل: (Universal Mind) یہ واحد کا سب سے بڑا نتیجہ، جو ازل سے اسکے ارادہ میں ہے، یہ واحد سے کمتر ہے، کیونکہ خیال سے شرک پیدا ہوتا ہے یہ تصورات کا گھر ہے، اور عالم مظہر کا نقش اولین،

عقل کل کی یہ اصطلاح جلال الدین کے یہاں موجود ہے، وہ مثنوی میں 'روح اول' بھی بتاتے ہیں، 'واحد' کے ان تصورات کو رومی "اعیان علمیہ" کہتے ہیں اور عالم مظہر میں ان کا نمود ہوتا ہے، تو انکو "اعیان ثابتہ" کہا جاتا ہے،

(۳) جان کل: (Universal Soul) یہ عقل کل سے پیدا ہوئی اور اسمیں اور عالم محسوسات میں ربط پیدا کرتی ہے، یہ ایک دہری خصوصیت رکھتی ہے، آسمان کے ستارہ زہرہ کی طرح یہ "عقل کل" سے کسب نور کرتی اور اسکے ذریعہ خطہ ادنی (دنیا والوں) کو منور کرتی ہے،

خطہ ادنی مادی دنیا ہے، مادہ نام ہے صورت کی غیر موجودگی محض نقص اور عدم کا، وہ بذات خود کچھ نہیں، پھر بھی وہ ساری اشیاء کا آئینہ ہے، یہ شر بھی ہے کیونکہ یہ خیر سے بالکل محروم ہے، شر کے متعلق فلاطینوس کے نظریات جیرت انگیز ہیں، جلال الدین کے نظریات سے ملتے ہیں، اب ہم یہ سوال کر سکتے ہیں، کہ واحد کی داخلی خلوت سے کثرت کیوں پیدا ہوتی ہے، فلاطینوس جواب دیتا ہے کہ ہر کامل، میں دوسرے کو پیدا کرنیکی خواہش ہوتی ہے، واحد یقیناً غیر متحرک اور غیر ناقص رہتا ہے، اسکے جوہر میں کوئی تغیر نہیں ہوتا، بلکہ اسکی طاقت صبا بیز ہوتی ہے، وہ اس طرح کا موازنہ کرتا ہے، درخت کے رس سے جو درخت میں جاری و ساری رہتا ہے، آفتاب کی تنویر سے جو فضا کو منور کر دیتی ہے، رومی فرماتے ہیں،

خورشید رخت چو گشت پیدا ذرات دو کون شد ہویدا

ہر رخ تو چو سایہ افگند

زان سایہ پدید گشت اشیا

اس طرح سے ساری اشیاء میں خدا کا رنگ پایا جاتا ہے اسی مناسبت سے

جس حد تک انکو مبداءِ الوہیت سے قربت ہوتی ہے۔ سب کی کوشش ہے کہ اس وحدت سے ملیں۔ جس کے بغیر وہ اپنا وجود قایم نہیں رکھ سکتے۔ اور کائنات کی تخلیق اسی کشاکش سے ہوئی۔

آسماں گرد عشق می گردد بہر عشق است گنبد دوار

(ب) روح اپنی قدیم (اصلی) حالت میں ارواح سے تعلق رکھتی ہے۔ وہ ازل سے نکل کر معقول (جس کا ادراک حواس کے ذریعہ نہیں، بلکہ علم کے ذریعہ ہو) کی سرحدوں کو عبور کر کے مادہ کی مملکت میں داخل ہوتی ہے۔ اس کا یہ فعل اسکے ارادہ کے ماتحت نہیں بلکہ ایک جبلی ضرورت کی اطاعت میں اس نے ایسا کیا۔ جسمانی تخلیق کے لحاظ سے وہ فطرت کا ایک جزو ہے۔ روحانی ہونیکی حیثیت سے وہ اب بھی تخیلی عالم میں اپنا قدم جمائے ہوئے ہے۔ وہ نیچے گر گئی لیکن اس طور سے نہیں کہ اسکی تلافی نہ ہو سکے۔ وہ قدیم بگڈنڈی سامنے موجود ہے۔ اسکی طرف مراجعت کرنا انسانی فریضہ کی غرض و غایت ہے

چونکہ روح کا عدم کمال محض جسم کے ناپاک اثر کے باعث ہے۔ بہ نتیجہ یہ لازمی ہے کہ جب یہ رشتہ ٹوٹ جائیگا تو پھر وہ کامل ہو جائیگی۔ وہ شہوات، ہوائے نفس اور دنیوی تصورات سے اور جو کچھ عنصر اسمیں سے بیگانہ ہے اس سے خود کو پاک صاف کر کے، اس فردوس کو حاصل کر سکتی ہے، جسکو قدرتی طور پر اس نے کھو دیا ہے۔ پھر بھی یہ عالم صورت روحانی عالم کے لئے ایک پل کا کام دے سکتا ہے۔ اور اسی

حسن و جمال کا عشق بھی ایک مقدس ترین التہاب پیدا کرتا ہے چونکہ عشق نام ہے خیر و جمال کے اشتیاق کا۔ روح اوپر چڑھنے والے زینوں کے سلاسل کے ذریعہ اپنے وطن کی طرف سفر کرتی ہے، ہبوط کی طرح صعود کے بھی زینے ہیں، تصوف میں اسی کو "مقامات" سے تعبیر کرتے ہیں، آخر میں وہ غیر شعوری سرخوشی کے اس "مقام" پر پہونچتی ہے جو ادراک و علم سے ورے ہے، جہاں شاہد و شہود ما بالامتیاز نہیں، جہاں طالب، مطلوب ہے، اور عاشق، معشوق سے ملکر ایک ہو جاتا ہے، وہ اپنی انسانیت کا چولا بدل کر خدا میں سما جاتی ہے[1]

---

(1) R. A. Nicholson : Selected poems from the Diwan Shams Tabriz

اقبال کا سیاسی پس منظر

آخری دو نوابواب میں، اقبال کے مذہبی اور فلسفیانہ پس منظر سے بحث کرنے کے بعد یہ بھی ایسا ہی اچھا ہوگا کہ سیاسی نظریات پر بھی نظر ڈال لی جائے۔ جو اقبال کی شاعری کو محیط ہیں، تاکہ تبصرہ مناسب طور پر مکمل ہو جائے۔ یہاں بھی انکے فلسفیانہ تصورات کی طرح ایک ممتاز ہندوستانی مسلمان فاضل غلام سرور کی رہنمائی سے ہم استفادہ کر رہے ہیں۔ انھوں نے ایک عالمانہ اور بصیرت افروز مقالہ بعنوان "اقبال کی شاعری کی بعض صورتیں" ایس، پی، شاہ کی یادگار میں، کی جلد کے لئے لکھا، جسکو ایس شاہ نے مرتب کیا۔ دیکر ۱۹۴۴ء میں شائع کیا۔ اقبال کی شاعری پر تبصرہ کے دوران میں جس کا حوالہ اس کتاب میں ادھر اُدھر دیا گیا ہے، سرور صاحب نے شاعر کے سیاسی فلسفہ پر بحث کی ہے۔ اور چونکہ یہ ایک متنازعہ موضوع ہے میں بلا تکلف اسکی بعض نمایاں عبارتیں، قارئین کے سامنے پیش کرتا ہوں، اور بعض تنقید کر کے جو سلسلۂ بیان میں وارد ہوئیں، خود کو مطمئن کر لیتا ہوں۔ غلام سرور لکھتے ہیں "سیاسیات عمل کا ایک خاص میدان ہے، اسکے اقبال کو اس سے بڑا انہماک تھا جیسے جیسے وہ زندگی کا مرحلے طے کرتے گئے وہ اپنے ذاتی تجربہ کی روشنی میں، سیاسی نظریوں کی جانچ اور پھر دوبارہ جانچ کرتے رہے اور آہستہ آہستہ انھوں نے اسکو اس منصوبہ کے ساتھ ہم آہنگ بنایا، جسکی وہ آخر میں تبلیغ کرتے رہے یہ منصوبہ تمام

جدید سیاسی نظاموں کو رد کرتا، اور قدیم اسلامی نظام مدنی کی حمایت کرتا ہے، جس نے حکمراں کو بادی اور روحانی دونو اقتدار بخشا۔ اقبال نے اپنے مخصوص پرزور پیرایہ میں شہنشاہیت، جمہوریت، بالشویت، قومیت پر نظر ڈالی، اور آخر میں اس طرز حکومت کی حمایت میں سب کو رد کر دیا، دوسرے الفاظ میں اقبال کا بلاوا، اسلامی نظام سلطنت کی طرف رجعت پسندانہ تھا، اور یہ نظام سیاست جو عرصہ دراز قبل خود اسلامی دنیا سے معدوم ہو چکا تھا، اقبال کے خیال میں آج کی دنیا کے بہت ہی پیچیدہ حالات کے موافق تھا۔"

"ان کا خیال تھا کہ مسلمانوں کے اتحاد کو جغرافی حدود سے آزاد ہونا چاہیئے" اور اس کے اندر سر وزیر حسن صاحب اقبال کے فلسفۂ سیاسیات کے شارح کی حیثیت سے لکھتے ہیں: "ایک مسلم قوم سے دوسری مسلم قوم کے درمیان کوئی امتیاز نہ ہونا چاہیئے" بہرحال مجھے اقبال کے سیاسی نظریات پر زیادہ سختی سے بحث کرنے کی ضرورت نہیں، کیونکہ سر وزیر حسن صاحب نے خود ہی ان پر سخت اور پرزور تنقید لکھی اور ذیل میں اسکی غیر معقولیت واضح کی ہے "یہ ایک حقیقت ہے کہ آخر میں ان کا رخ فرقہ پرستی اور اتحاد اسلامی کی طرف پھر گیا تھا، گو اس الزام کی تلخی اس حقیقت سے کم ہو جاتی ہے، کہ انھوں نے ان تعلیمات کی تبلیغ اسوقت شروع کی جبکہ انھوں نے دیکھا کہ اسلامی دنیا کے حیات بخش مفاد پر دوسری قوموں کا جبر و تسلط ہو رہا ہے، اور یہ منزل فنا کے قریب ہو رہی ہے، سوال اس پر نہیں کہ

انکے نظریات کے پیچھے کونسا منشا تھا بلکہ دیکھنا یہ ہے کہ عہد حاضر میں یہ کہاں تک قابل عمل ہے، حکومت کے سارے نظاموں کو ترک کرکے انھوں نے اسلامی طرز حکومت کی طرف رجعت کی، جسکے ماتحت حکمراں کو مادی طاقت کے ساتھ روحانی اقتدار بھی حاصل ہوتا ہے"

اقبال کے نظریہ کی وضاحت کرکے سرور صاحب اس طور سے شاعر کے سیاسی خیالات پر تنقید کرتے ہیں" جب دونوں نے باہم متضاد روپ اختیار کرلیا، تو دنیا صدیوں کی نزاع اور انہماک سعی کی قیمت پر دونوں کو (یعنی مادی اور روحانی اقتدار کو) جدا کرسکی، یہ تقریباً ناممکن ہے کہ ہم ایک ہزار برس سے زیادہ پیچھے مڑ جائیں اور ایک ایسے نظام کو زندہ کریں، جس کا کبھی زمانہ تھا، اور جسکو نکال پھینکا گیا، کیونکہ یہ اپنی افادیت سے زیادہ مدت تک باقی رہ گیا تھا، جدید سیاسی اور عمرانی مسائل کا تقاضا ہے، کہ انکو جدید معیار سے حل کیا جائے اور وہ اصول جن پر قدیم اسلامی طرز حکومت کی بنیاد تھی، بہت ہی سادہ ہیں، اور بیسویں صدی کے الجھے ہوئے مسائل سے اثر آفریں طریقہ پر عہدہ برآ نہیں ہوسکتے، جو دھارا پل کے نیچے چل پڑا ہے وہ رک نہیں سکتا، قدیم اسلامی روایات اور قانون کے ساتھ انکی (اقبال کی) عقیدت کیشی محبت بہت زیادہ قابل تعریف ہے، لیکن بدقسمتی سے ان کا منصوبہ دنیا کو ایک دوسرا یوٹوپیا (ایک کتاب جو سر طامس مور نے ۱۵۱۶ء میں شایع کی اسمیں ایک فرضی جزیرہ کا ذکر ہے جسمیں ایک مکمل، مثالی، تمدنی و سیاسی نظام رائج

تھا) دینے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔"

یہ امکانی سے زیادہ مثالی ہے، ان کی طرح کا بڑا مفکر، قدیم اسلامی حالات کے فرط محبت میں یہ حقیقت، کھول جاتا ہے کہ مقتدر قوتیں آسانی کے ساتھ اپنی ہی نفسیات کو واگذاشت نہیں کرسکتیں، جو دباؤ اور ظلم کے اندر راہ پاتی رہتی ہے زمانہ بعید کے انحطاط کا ملی، اور خرابی سے، بے مثال پاکیزگی عمل کے حالات کی طرف مراجعت کرنا اعجازی دنیا کا کارنامہ ہے، یہ انسانی امکان کے حدود کی چیز نہیں، جیسے کارناموں میں ہم بیسویں صدی میں ان کی مثالی دنیا کی کلاسیکی جو صرف انہیں کے زمانہ میں ممکن ہوسکتا تھا، اقبال کو اپنی تجلیات کیلئے جدید طریقوں پر عمل کرنا ہے۔"

اقبال کی شاعری کی تشریح کرنے کے لئے مجھے معارف قرآنی کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ انگریزی میں قرآن (مجید) کے ایک مترجم، فلسفۂ قرآن اور تاریخ اسلام کے مصنف اور اقبال کے ایک ساتھی کی تراوش فکر کا نتیجہ ہیں۔ اس لئے قدرتی طور پر ان (اقتباسات) کا [illegible] ہے۔ اور اسلئے نتیجہ کے طور پر اقبال کی سیاسی تعلیمات کے متعلق سرور صاحب کی بحث اسی نتیجہ پر پہونچاتی ہے جس طرح شاعر کے فلسفیانہ نظریات کی بحث، یعنی بودا، غیر مدلل، حقیقتاً اس کے سوا اور ہو بھی نہیں سکتا تھا، کیونکہ نظام فلسفہ یا سیاسیات صرف ذہنی حلقۂ انسانیت کو اپیل کرتا ہے، اگر یہ اس آزاد ذہن کی پیداوار ہے جو جمے ہوئے معتقدات میں جکڑا نہ

ہو، اقبال ایسا ذہن نہیں رکھتے تھے، اسوجہ سے کہ قدیم اسلامی طرز حکومت سے ان کو شدت کے ساتھ وابستگی تھی، جیسا کہ انکے شارح سرور صاحب نے صاف گوئی کے ساتھ تسلیم کیا ہے، اقبال ہی کی طرح بین طور پر اسی نظریہ کے حامی، ڈاکٹر عزیز احمد، قدیم اسلامی طرز حکومت کا تصور ان الفاظ میں اپنے ایک مقالہ "اسلامی طرز حکومت اور جدید سیاسی نظریہ" کے سلسلہ میں ظاہر کرتے ہیں "اسلام ایک جمہوریت، جنتا کی حکومت، جنتا کیلئے اور جنتا کے ذریعہ نہیں ہے یہ نوع انسانی کی تکمیل کیلئے خدا کے نائبوں کے ذریعہ خدا کی حکومت ہے۔ ملت اور امیر ذمہ دار ہیں کہ خدا کی حکومت، خدا کی کتاب اور پیغمبر صلعم کی احادیث کے مطابق قایم کریں، اس طور سے قانون الہیہ کا اقتدار اسلامی طرز حکومت کے بنیادی مسائل میں سے ہے اور امیر و ملت کے ارکان کو اپنی رہبری کیلئے شریعت کا مطیع رہنا ہوگا، اسکو یہ سمجھتے ہوئے کہ یہ اللہ کا حکم اور منشا ہے، سطور بالا سے یہ ظاہر ہے کہ اسلام کا نظام حکومت مغربی شان کی جمہوریت کی طرح نہیں ہے، جہاں کوئی قانون اکثریت کی دلی خواہش کے مطابق نافذ کیا جاسکے، اسمیں تغیر ہو یا ترمیم، اسلام میں صرف اللہ کی حکومت ہوتی ہے اور اسی کا قانون جاری ہوتا ہے"

توضیح بالائی صحت تسلیم کرتے ہوئے ایک بے لاگ ناقد آسانی کے ساتھ محسوس کریگا جیسا کہ سرور صاحب نے کہا کہ "اقبال کی سیاسی تعلیمات دنیا کے سامنے ایک دوسرا یوٹوپیا، جامکانی سے زیادہ مثالی ہے، پیش کرنے سے زیادہ حیثیت

نہیں رکھتے اور یہ کہ نئی نسل کو اپنی نجات کے لئے نئے طریقوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے" یہ ایک سبق ہے جس کا احساس معلوم ہوتا ہے اقبال کو نہ تھا، کیونکہ وہ ایک شاعر تھے، باضابطہ مفکر یا تربیت یافتہ سیاستداں نہ تھے، اسلئے وہ یہ سمجھنے سے قاصر رہ گئے کہ اسلام کی تاریخ میں خواہ ایک ہی بار قلیل عرصہ کیلئے سہی مسلم ریاستوں کی سیاسی جھکاؤ کی وجود ہی نہیں، آیا اس کا کبھی وجود ہوگا یہ ابھی تک ڈانواڈول ہے، اس کے برخلاف یہ ظاہر ہے کہ اس نظام کے ماتحت جسے اقبال نے پیش کیا ہے، ہندوستان کی طرز حکومت کا مسئلہ لاینحل رہ جاتا ہے، اس کو جانے دیجئے خود مسلم ممالک میں قوت عملی اثرات اور رجحانات کا دھارا کھلم کھلا لادینی قومی حکومت" کی طرف مڑ رہا ہے، اور بجائے مادی و روحانی طاقت کے جو قدیم اسلامی طرز حکومت کی ایک چیز ہے قابل تعریف طریقہ سے اس طرف مڑ چکا ہے مصطفی کمال کی زعامت کی بدولت سالہا سال ہوئے ترکی ایک لادینی ریاست بن چکا ہے، اور وہاں حکومت کا کوئی مذہب نہیں، دوسرے اسلامی ممالک بھی مثلاً مصر و ایران کھلم کھلا اسی رخ پر جھکے جا رہے ہیں، پھر بھی اسلامی دنیا کی ریاست کا یہ پودا (سیاسی تصور) اقبال کی طبع شاعرانہ میں الہامی کیفیت پیدا کرتا رہا، تو پھر تعجب کی کونسی بات ہے، اگر یہ لوگوں کے قلوب میں کوئی ولولہ نہ پیدا کر سکا جو صحیح طور پر اشیا کا ادراک کرتے اور جو آج کی دنیا میں صورت حال کی صحیح داخلیت کو پرکھتے ہیں، کسی شخص کو اس امر واقعہ سے تعجب میں آنیکی ضرورت نہیں، کہ سرور صاحب اور دوسرے ناقدانہ ذہن رکھنے

والے لوگوں کی طرح ڈاکٹر عبداللطیف بھی اسی نتیجہ پر پہونچے کہ ماضی کی طرف مسلمانوں کی مراجعت کیلئے شاعر کا سیاسی مطمح نظر جدید تمدن کی ترقی پذیر روح سے ٹکرا جائیگا" لیکن یہ ساری شبہات اور دقتیں اقبال کو تکلیف نہیں پہونچاتیں، اور اس لئے وہ اپنی نظموں کے پڑھنے والے کے افادہ و رہنمائی کے لئے انکو واضح کرنے کیلئے توجہ نہیں دیتے،

اس سوال پر غور کرنے کے لئے عرب ریاستوں کی لیگ کے معاہدہ نامہ کے متن کا مطالعہ بہت زیادہ بصیرت افروز اور معنی خیز ثابت ہوگا، لیگ کے دستور کے پورے متن سے جس پر ۲۲ مارچ ۱۹۴۵ء میں بمقام قاہرہ دستخط ہوا ظاہر ہوتا ہے کہ مخصوص دستخط کنندگان میں شامی اور لبنانی جمہوریتیں، ایچ، آر، ایچ، شاہزادہ شرق اردن، اور عراق، سعودی عرب، مصر اور یمن کے سلاطین تھے دستور کا تمہیدی بیان اس طرح شروع ہوتا ہے،

"اس قریبی رشتہ کو استوار کرنے کی خواہش کی بنا پر جو عرب ریاستوں کو وابستہ کئے ہے، اور ان رابطوں کو جو ان ریاستوں کی حکمرانی اور خودمختاری پر مبنی ہیں مستحکم اور پختہ کرنے کے لئے سخت آرزومند ہو کر انکی کوششوں کو سارے عرب ممالک کی مشترک فلاح، کی طرف رہنمائی کرنے، انکی حالت کی ترقی، انکے مستقبل کی صیانت، انکی آرزوؤں کے حصول، اور سارے عرب ممالک میں عرب رائے عامہ کی خواہشات کی تعمیل کے لئے (دستاویز کے دستخط کنندگان نے) اس مقصد کے لئے ایک معاہدہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اور اپنے مدار المہاموں (یا وکلائے مطلق) کو نامزد

کر دیا ہے جنھوں نے اچھی اور مناسب صورت میں وکالت نامہ کا جائز تبادلہ اور پہچان کر لیا ہے، اور مفصلہ ذیل ضابطہ کو مان لیا ہے" معاہدہ نامہ کے بائیس شرائط میں سے میں صرف دو شرطوں کے متن کا اقتباس پیش کروں گا جو واضح طور پر لیگ کے اغراض و مقاصد ظاہر کرتے ہیں۔ سات عرب ریاستیں جنھوں نے لیگ کے دستور کو تسلیم کرتے ہوئے اس معاہدہ نامہ پر دستخط کیا: مصر، سعودی عرب، شرق اردن، شام، لبنان، عراق اور فلسطین پر مشتمل تھیں۔ فلسطینی نمایندہ نے اپنی ریاست کی طرف سے دستخط کیا اس دستور کی ایک نقل امام یحیی والی یمن کو بھیجی گئی، چونکہ اس ریاست کی طرف سے کانفرنس میں کوئی نمایندہ نہ تھا تاکہ وہ بھی اگر مایل ہوں تو لیگ میں شرکت کریں۔ چنانچہ مجموعی عرب ریاستوں کی بہت بڑی تعداد جن کا شمار سات تک ہوتا ہے، معاہدہ نامہ پر دستخط کیا، اور لیگ کے دستور کو مان لیا،

عرب لیگ معاہدہ نامہ کی دو شرائط حسب ذیل ہیں،

(۱) عرب ریاستوں کی لیگ، آزاد عرب ریاستوں پر مشتمل ہے، جنھوں نے معاہدہ نامہ پر دستخط ثبت کیا ہے، ہر آزاد عرب ریاست لیگ کا رکن بن سکتی ہے،

(۲) لیگ کا مقصد یہ ہے کہ ساری ممبر ریاستوں کو ایک دوسرے سے قریب کر دے، انکی سیاسی حرکت و عمل میں ہم آہنگی اور ان میں دوستانہ تقویت کا احساس پیدا کرے، انکی آزادی اور سلطنت کے تحفظ اور عمومی طور پر انکے مفاد کے لئے اور ان سارے سوالات کے لئے جو عرب ممالک اور ان کے مفاد سے متعلق

ہیں، نظام کے طریق کار اور ہر ریاست میں حالات کے متناول ہونے کے لحاظ سے یہ (معاہدہ نامہ) یہ بھی مدنظر رکھنے کا یقین دلاتا ہے، کہ ممبر ریاستوں کے درمیان مفصلہ ذیل امور میں قریبی ربط و ہم آہنگی رہیگی،

(الف) اقتصادی اور مالیاتی حالات: جو تجارت، تبادلہ، محصول درآمد، سکہ، زراعت، اور صنعت وغیرہ پر مشتمل ہونگے،

(ب) مواصلات: جو ریلوے، سڑک، ہوائی پرواز، جہاز رانی، ڈاک اور تار وغیرہ کو محتوی ہوگا۔

(ج) تہذیبی معاملات

(د) سوالات متعلقہ قومیت، پاسپورٹ، پروانہ راہداری کی تصدیق، سرکاری فیصلہ کی تعمیل، تحویل مجرمین۔

(ر) فلاح عمرانی،

(س) صحت عامہ

یہ بین الاقوامی دستاویز بہت زیادہ معنی خیز ہے، جو کچھ اسمیں موجود ہے اس اعتبار سے بھی اور جو نہیں ہے اس لحاظ سے بھی، سب سے پہلے فروگذاشتوں کو لیجئے، یہ تعجب انگیز ہے کہ مذہب سے متعلق، مطلق کسی چیز کا حتی کہ جسکو دور کا بھی واسطہ ہو، اسلام، یا مسلم یا بین اسلام یا اسی طرح کی اصطلاحات کا اسمیں تذکرہ نہیں، یہ فروگذاشت بالکل نمایاں ہے، اس دستاویز میں جسکے ذریعہ عربی بولنے

والی ریاستیں اپنے مستقبل کا مقابلہ کرنے کے لئے متحد ہوئی ہیں، کوئی مذہبی اشتہاری ترکیب، خاص کلمہ یا نعرہ نہیں پایا جاتا، اور نہ کسی مذہبی ماخذ نے اس کی تحریک چلائی یا اس کو فیضان پہونچایا، بلکہ اس کے برخلاف اسکی ربوبیت رومانی ماخذوں (نسلی اتحاد اور مشترک لسانی یگانگت) سے ہوئی۔ اس معاہدہ نامہ کو ہندوستان کے بعض مسلم رہنماؤں نے ایک نامبارک ابھار، یورپی نظریۂ قومیت کی تخلیق سے تعبیر کیا، یہ بیان (اگر عرب ریاستوں کی لیگ کے معاہدہ نامہ پر برسبیل تنقید دیا گیا ہو تو) بالکل صحیح ہے، کیونکہ یہ کھلم کھلا یورپین نظریۂ قومیت کی پیداوار ہے، اس حیثیت سے یہ چیز ان تمام باتوں کی تائید کرتی ہے، جو ہم نے اس کتاب میں ہندوستان سے باہر بہتیری مسلم ریاستوں اور مسلم ممالک کے سیاسی زور کے بیان کے متعلق کہا ہے، عرب ریاستوں کی لیگ نہ تو اسلام کے نظریۂ ریاست پر مبنی ہے اور نہ اس سے اسکو فیضان پہونچا ہے، اور نہ اسمیں اسلامی احساس کی کارفرمائیاں ہیں، یہ مشترک مذہب نہیں بلکہ بین طور پر مشترک نسل و زبان کے غور و تامل پر مبنی ہے، پھر یہی وجہ ہے کہ ترکی، ایران، افغانستان اور بعض دوسری مسلم ریاستیں ایشیا اور افریقہ دونوں جگہ جو نہ تو نسلاً عرب ہیں اور نہ انکی بول چال عربی ہے، لیگ سے اسکے دستور کے متن کے واضح شرائط کے ماتحت مخصوص طور پر علیحدہ رکھی گئی ہیں،

اس لئے میں بحث وجدال کرونگا کہ لیگ کا قیام، پورا پورا ثبوت ہے، اس کا جو کچھ ہم نے اس کتاب میں اسلام کے سیاسی تصورات اور نصب العین کے

متعلق (جسکی اقبال نے تفسیر و وضاحت کی تھی) کہا ہے، کہ یہ خود مسلم ممالک کی جدید ریاستوں کی حرکت عمل کے ناموافق ہیں، ہندوستان جیسے ملک کے باب میں تو کچھ کہا ہی نہیں جا سکتا، جب یہ خیال کیا جاتا ہے، کہ اقبال قومی بنیاد پر ریاستوں کے تخیل کے سخت مخالف تھے، اور ایک مسلم وفاقی مملکت، یا گروہ بندی پر ایمان رکھتے تھے، تو عرب ریاستوں کی لیگ کی تعمیر، ان کے ان نظریوں کی جو انھوں نے اپنی نظموں میں ظاہر کیا، ایک غمناک شرح ہے، ان کی مخالف قومی نظموں میں سے صرف ایک کو دہرائیے "جدید بتوں میں سب سے بڑا بت وطن یا مادر وطن کا بت ہے لیکن وہ عبا جو اسکی آرایش کرتا ہے، مذہب (اسلام) کا کفن ہے، اس بت کے خط و خال سے بالکل نئی تہذیب کا عکس پڑ رہا ہے جو ہیئت اجتماعیہ کی اسلامی تشکیل کے لئے تباہ کن ہے" اس زور دار شعر پر ختم کرتے ہیں "مسلمانو! اس بت (قومی حب الوطنی) کو خاک میں ملا دو" اور پھر بھی ابھی شاعر کی وفات کو سات سال بھی نہیں گذرے تھے، کہ عرب ریاستوں کی لیگ کے معاہدہ نامہ کا وجود ہوا، جو مبنی تھا قومی اور لادینی ریاستوں کے تصور پر اور اس کو اس نظری نصب العین سے کوئی سروکار نہ رہا جو عرب میں قدیم خلافت کے زمانہ میں متداول تھا، اور جس فکر و تصور کو اقبال اپنی نظموں میں اس تن دہی کے ساتھ نشو و نما دیتے اور اس کی کفالت کرتے رہے"

اتحاد عرب کی تعمیر پر لکھتے ہوئے ایک بہت ہی باخبر اخبار نویس

(مسٹر فرنیک اڈبرین) اپنے خیال کا یوں اظہار کرتا ہے "نسلی یک رنگی کے ایک زبردست احساس اور تاریخی صف بندی نے عرب ریاستوں کو ایک سلک میں منظم کر دیا ہے، نسلی اخوت کا احساس مستقل طور پر بڑھ رہا تھا اور عرب قومیت تیزی سے ابھر گئی" ٹھیک یہی بحث ہے جو ہم نے اس باب میں اٹھائی ہے، یہ کہ عرب اتحاد ایک نسلی یک سانیت کا نتیجہ ہے، نہ کہ مذہبی مشابہت کا، ہندوستان کے متعلق علی گڑھ کے پروفیسر محمد حبیب ایک مقالہ "ہندی اسلامی تحریک سے قومیت کی طرف" کے زیر عنوان مرقومہ "انڈیا کوارٹرلی" بابت اپریل ۱۹۴۵ء میں اس موضوع پر اپنا خیال یوں ظاہر کرتے ہیں "یہاں تک کہ مسلمانان ہند محسوس کرتے ہیں کہ مسلمانوں کی بین الاقوامی خلافت کا زمانہ گزر چکا، اور یہ کہ ہندوستان میں یا اور کہیں اسلام مقامی، قومی اور شاہانہ ریاست میں ظہور پذیر رہیگا، ایک مسلمان جو ابھی تک خلافت پر یقین رکھتا ہے، ایک ذہنی مریض کی حیثیت سے محسوب ہوگا، ایک طرح سے قومیات انتہا ہی قدیم ہے، جتنا خود تمدن کیونکہ انسان اپنی قسمت کے ہاتھوں، اپنی سرزمین سے وابستہ ہے، اس سرزمین سے جسمیں وہ زراعت کرتا ہے، وہ سرزمین جس کا محصول ادا کرتا ہے، وہ سرزمین جسمیں وہ لوٹ کر جاتا ہے"

اس قضیہ پر جرح و تعدیل کرنا بیکار ہے جسکو پروفیسر حبیب جیسے مسلم دنیا کی سیاسی طاقتوں کے دھارا کے باخبر شاہد نے پیش کیا ہے، یہ کہ عربوں کی تحریک اغراض و مقاصد کے لحاظ سے بالکل غیر مذہبی اور خالص لادینی ہے

ایک دوسرے بیان سے پایہ ثبوت کو پہونچتا ہے، جو دسمبر ۱۹۴۶ء میں عطیہ صاحب نے دیا ہے جو لندن میں عرب لیگ دفتر کے ذمہ دار ہیں "یقیناً عرب ممالک کے مسلمان ہندوستانی مسلمانوں سے ایک روحانی رشتہ رکھتے ہیں، لیکن اس کا مفہوم یہ نہیں کہ پاکستان یا بین اسلامی تحریک میں انکی کوئی حمایت بھی کی جا سکتی ہے، ہمارے عرب دنیا میں مشرق قریب، اور مشرق وسطی کے ممالک اور ہندوستان کی ایک گروہ بندی کے تصور سے گہری دلچسپی رکھتے ہیں، جیسا کہ اگست ۱۹۴۲ء کے کانگریس کی تجویز میں منضبط ہے، ہمارے لوگوں کو مہاتما گاندھی، پنڈت جواہر لال نہرو اور مولانا ابوالکلام آزاد کے تصورات سے فیضان حاصل ہوا، اور ہمارے لوگوں کو گہرے طور پر علاقہ لگا ہوا ہے، کہ زنداں سے اپنی رہائی کے بعد گو وہ لوگ پہلے سے ہی اہم ہندوستانی مسائل میں مشغول ہوں، وقت نکالکر عربوں کی انتہائی آرزوؤں کے متعلق غیر مبہم حمایت کا اظہار کرینگے، ہمارے لوگ اس اخوت پسندانہ دوستی کو فراموش نہیں کر سکتے،" انھوں نے اضافہ کیا "ہمیں گہرا افسوس ہے کہ مسلم لیگی حلقوں میں بعض نجی اور ذاتی خطوط کو توڑ مروڑ کر معنی پہنایا گیا ہے جن سے پاکستان کے متعلق عرب لیگ کی حمایت کا مفہوم پیدا ہوتا ہے، اس بارہ میں میں زور دونگا کہ عرب استخلاص کی تحریک نہ تو مذہبی نوعیت رکھتی ہے اور نہ یہ کوئی مسلم تحریک ہے، یہ اپنے تصور کے لحاظ سے غیر فرقہ وارانہ اور لادینی ہے، اس میں مسلم بھی ہیں، اور عیسائی بھی، سب کے سب عرب دنیا کے پلیٹ فارم پر متحد ہیں"

اس بحث کے سلسلہ میں جو اس باب میں اٹھائی گئی ہے، ام عطیہ کے اعلان سے زیادہ کوئی دوسری چیز نتیجہ خیز نہیں ہو سکتی کوئی قوم عربوں سے زیادہ اسلامی مسائل روایات کی پابند نہیں، جو کہ ایک قدرتی امر ہے کیونکہ نبی صلعم نے انہیں کے درمیان اس مذہب کی تبلیغ کی وانھوں نے قایم کیا، پر کہ انھیں (عربوں) نے سیاسی اور اقتصادی اغراض کے لئے اب سراسر غیر مذہبی اور خالص لادینی بنیاد پر اپنے کو منظم کیا ہے؛ ایک ایسا واقعہ ہے جسکے معنی وہ بھی مناسب طور سے سمجھ سکتا ہے جو دور رہا ہو،

استدراک

میک ڈاوگل کے نزدیک نفسیات تمام معاشرتی علوم کی بنیاد ہے، اس کے نزدیک وہ لوگ غلطی پر ہیں، جو اخلاق و مذہب، قانون و آرٹ معاشیات و سیاسیات پر لکھیں، اور نفسیات کی بنیادی اہمیت سے انکار کریں، یا اس کو فراموش کر دیں جس طرح نفسیات معاشرتی علوم کا سنگ بنیاد ہے، اسی طرح سیاسیات کا دائرہ اثر و نفوذ ان تمام معاشرتی علوم پر جاری و ساری رہتا ہے، سیاسیات کی تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ انسانی زندگی کے ان سارے عمرانی و مدنی پہلوؤں پر سیاست کا گہرا اثر ہے، اس لئے سیاست صرف اس اجتماعی علم کا نام نہیں جو زمین کی خاص حدود کے اندر داخلی طور پر انسانی زندگی کے امن و سکون، معاشرتی فوز و فلاح، اور مدنی نظم و نسق کا کام انجام دے، اور خارجی طور پر غیر اقوام

اور ممالک سے دوستانہ بین المملکتی معاہدات اور تجارتی شرائط کی پابند ہو، بلکہ اسکے ذرائع بہت زیادہ وسیع ہیں،

قدیم ادبیات میں ملوکیت اور مزاج کے نقطۂ نظر سے سیاست کی بھی تعریف کی گئی ہے راعی و رعایا کے تعلقات، فرمان روائی اور فرماں برداری، عدل و انصاف، جود و کرم سیاست کے اہم مفروضات سمجھے جاتے تھے ابن عبدربہ نے ارسطو، آردشیر، امیر معاویہ و عبدالملک، ولید و منصور کے جو اقوال نقل کئے ہیں، ان سے صرف ملوکیت کی نفسیات، اسکی قدروں، اور بادشاہوں کی مخصوص اداؤں کا اندازہ ہوتا ہے، انسان کی جمہوری زندگی، اس کے معاشی پہلو، اور عوامی مفاد کی تشریحیں، قدیم سیاسی ادب میں کم ملتی ہیں[1] اس کی وجہ انسان کے نظام زندگی کا تغیر ہے، انسان پہلے ملوکیت کا حامی تھا، اور اسی نقطۂ نظر سے سوچتا تھا، اب جمہوریت کا دور ہے، اسلئے انسان کا زاویۂ فکر بھی بدل گیا، سیاست کی تاریخ ہمیں بتاتی ہے، کہ انسانی زندگی کے ان پہلوؤں پر جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، سوچنے والوں کی دو جماعتیں ہوئی ہیں، ایک جماعت تو ان افراد پر مشتمل رہی ہے، جن کے ذہن و زبان میں ہم آہنگی نہیں، جنکے احساس و بیان میں بعد المشرقین پایا جاتا ہے جو ہمیشہ ماحول، فضا اور کسی غیر اجتماعی غرض

---

[1] العقد الفرید، جلد اول، ص ۸

کو سامنے رکھکر اپنی اوضاع، رجحانات اور کردار کا مظاہرہ کرتے ہیں، اور اکثر و بیشتر اسمیں خلوص ناپید ہوتا ہے، دوسری جماعت وہ ہے جو ہر حال میں حق پرستی کی داعی رہتی اور اعلان حق کو اپنا فرض سمجھتی ہے، عام اصطلاح میں ایک اچھا سیاستداں وہی سمجھا جاتا ہے، جسکے دماغ میں آتشکدہ اور قلب میں برف کی سل رکھی ہو، وہ سوچے، اضطراب کے ساتھ لیکن جذبات سے ذرا متاثر نہ ہو، اس کا رویہ اس شاطر کا سا ہو، جو اپنے حریف کے ساتھ بادہ و شاہد کی رنگ رلیوں میں بھی مصروف ہو لیکن اپنے مہروں سے ہمیشہ چوکنا رہے، اور برابر اس فکر میں لگا رہے، کہ کب موقعہ ملے اور حریف کو مات کر دیا جائے، سیاست کا میدان انکے سامنے بساط شطرنج سے کسی طرح کم نہیں، اس کے برخلاف قوموں کی تاریخ میں حق پرستوں اور حق کا اعلان کرنے والوں کی بھی کمی نہیں رہی، ہمارے بڑے بڑے ائمہ دین سیاست کی قربانگاہ پر بھینٹ چڑھے،

دنیائے شعر و ادب میں زبان و احساس کا یہی میل ہے جو شاعروں اور ادیبوں کو سیاست کے میدان میں بھی صدق و صفا کا مظاہرہ کرنے پر مجبور کرتا ہے، دانتے و بایرن، ملٹن و سویں برن، اور گوئٹے و اقبال نے بھی اس دنیا سے دلچسپی لی، سیاستداں کی حیثیت سے وہ ناکام رہے، انکی ناکامیاں اعلان حق کا لازمی نتیجہ تھیں، دانتے نے "ڈی مونارکیا" لکھی اور سیاست میں عملی حصہ لینا شروع کیا، تو حکومت نے اس کا سر قلم کر لینے کا فرمان جاری کیا، اس کا مال

اسباب ضبط کر لیا گیا اسکو جلاوطنی کی مصیبتیں جھیلنی پڑیں، بایرن کی اسی صدق بیانی، اور بے لاگ سیاسی شعور کا اثر تھا کہ اسکو انگلستان چھوڑنا پڑا، اور قریب تھا کہ اس کو یورپ ہی سے نکال باہر کیا جائے، ملٹن، اور سویں برن کی شاعرانہ عظمتیں تاریخ فراموش نہیں کر سکتی لیکن انکے سیاسی مشاغل ان کو کامیاب سیاستداں نہ بنا سکے، اقبال کے ساتھ بھی آسمان کی یہی بے اعتنائیاں تھیں، وہ صداقت حق پرست تھے، انکے یہاں زبان و احساس میں ہم آہنگی تھی۔ جو سوچا وہی بولے، جو محسوس کیا وہی لکھا، اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ نہ صرف اپنے عہد کی سیاست میں وہ ناکام رہے بلکہ آج جبکہ انکی سیاست پر تبصرہ کیا جا رہا ہے، تو ان کے مذہبی اور غیر مذہبی دونوں حلقوں سے انکے سیاسی شعور کو ناقص اور انکے سیاسی تصورات کو دقیانوسی بتایا جا رہا ہے،

سر تیج بہادر سپرو نے ایک نقاد کی حیثیت سے دنیا شعری کو سیاست سے ورے بتایا، آپ کے نزدیک نہ تو ایک اچھا شاعر اچھا سیاستداں ہو سکتا ہے اور نہ ایک اچھا سیاستداں ایک کامیاب شاعر، غلام سرور، پروفیسر حبیب اور ڈاکٹر عبداللطیف، اقبال کے نظام سیاسی کے تصور کو عہد حاضر کیلئے ناقص، کم مایہ، اور ناقابل قبول بتلاتے ہیں، یہ غالباً نتیجہ ہے اس امر کا کہ محض مغربی تعلیم نے انکی زندگی پر اسلامی فیوض کا اثر پڑنے نہ دیا، انھوں نے اسلامی قوانین و دستور کا مطالعہ ہی نہیں کیا جسکی رو سے وہ عالمگیر انسانی مفاد کے نقطۂ نظر سے اسلامی سیاست اور اس کے اثرات و

افادات کی تنقیدی پرکھ کر سکتے۔

اقبال کے سیاسی تصورات کے متعلق ڈاکٹر صاحب کی تنقید درمیں زور اور دلائل میں سنوانے کی صلاحیت موجود ہے لیکن انھوں نے نام نہاد اسلامی حکومتوں کے موجودہ رویہ کو پیش نظر رکھ کر اقبال کے سیاسی افکار کا تنقیدی اندازہ لگایا ہے، ڈاکٹر صاحب نے موجودہ مسلم ریاستوں کی قومیت پرستی کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا، لیکن سوال یہ ہے کہ دنیا میں اگر اشتراکیت نام نہاد امریکی و یورپی جمہوریتیں اپنی سرمایہ دارانہ سامراجی پالیسی کے ماتحت مشرقی اقوام کو اپنے سیاسی جال میں پھنسائے ہوئی ہیں تو کیا جمہوریت کی افادی خصوصیات ہی سے انکار کر دیا جائیگا، اقبال نے اس موضوع پر اپنا خیال ظاہر کیا ہے وہ یورپ کے پرفریب جمہوری نظام سلطنت کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتے تھے، بلکہ وہ ایسے جمہوری نظام پر ملوکیت کو ترجیح دیتے تھے،

متاع معنی بیگانہ از دوں فطرتاں جوئی ز سوراں نشوخی طبع سلیمانی نمی آید
گریز از طرز جمہوری غلام پختہ کارے شو کہ از مغز دو صد خر فکر انسانی نمی آید[1]

اقبال ایک راسخ الاعتقاد پرجوش مسلمان تھے، اسلام اپنے پیروؤں میں وطنیت و قومیت کی تنگ نظریاں پیدا کرنا نہیں چاہتا، بلکہ قرآن پاک کی تعلیمات

---

[1] پیام مشرق ص ۱۵۸

اور سنن رسول کی تلقینیں، ایک سچے مسلمان کے اندر بین الاقوامی حساسات پیدا کر دیتی ہیں وہ دنیا کے تمام مسلمانوں کے ساتھ خود کو ایک رشتہ اخوت میں منسلک پاتا ہے، ہو سکتا ہے جمہوری، اعتبار سے عہد حاضر کے تیز سیاسی تجارب اس کے اس داعیہ نفس اور وسعت نظر میں تلخیاں پیدا کر دیں، لیکن وہ اسکو انسان کی اخلاق بے مائگی سے تعبیر کر کے کف افسوس مل لیگا۔ پھر بھی وہ آسانی کے ساتھ اپنی بین الاقوامیت کے تصور سے دست بردار نہیں ہو سکتا۔

تعجب ہے ڈاکٹر عبداللطیف، پروفیسر حبیب اور غلام سرور اقبال کی اسلامی ریاستوں کے وفاق یا قدیم خلافت کے طرز کی اسلامی ریاست کے تصور کو عہد حاضر کی پیچیدہ تمدنی زندگی میں ایک ناقابل قبول چیز سمجھتے ہیں، آج ہمارے سامنے برطانیہ، روس اور امریکہ ہے۔ تو خلافت راشدہ کے عہد میں قیصر، کسریٰ اور حبشہ کی سامراجیں تھیں، جب اسوقت ایک مسلم خلیفہ اپنی روحانی اور مادی طاقتوں کے ذریعہ دنیا کے اقوام و ممالک پر اپنا اثر و نفوذ رکھ سکتا تھا، اموی و عباسی خلفاء نے بھی، یورپ کے جارحانہ اقدامات کے باوجود اپنے وسیع ممالک محروسہ پر اپنا اقتدار رکھا تو کوئی وجہ نہیں کہ آج پھر وہی صورت حال نہ پیدا ہو سکے عباسیہ کے دور، (۷۵۰ء - ۱۲۵۸ء) میں بہت سے شاہی خانوادے وجود میں آئے صفاریہ ایوبیہ، بنی طولون و اتابکان موصل، سامانیہ (۸۷۴ء - ۹۹۹ء) و دیالمہ (۹۳۲ء - ۱۰۵۵ء) غزنویہ (۹۶۳ء - ۱۱۸۶ء) سلجوقیہ (۱۰۳۷ء - ۱۳۰۰ء) ان تمام قوتوں

نے عباسیہ کا اقتدار تسلیم کیا، اور اکثر بادشاہوں کی جانشینی اسوقت تک باضابطہ نہ سمجھی گئی جب تک خلیفۂ بغداد نے اس پر مہر رضامندی ثبت نہ کر دی،

یعقوب بن لیث الصفار نے ۸۷۳ء میں طاہریہ کی مملکت سجستان پر قبضہ کرلیا، اور پھر کل جدید فارس، خراسان اور طبرستان کو اپنی مملکت میں شامل کرلیا۔ عراق پر حملہ آور ہوا، لیکن عباسی خلیفہ موفق نے بہ مقام واسط اسکو زبردست شکست دی، ۸۷۹ء میں وہ مرگیا، اسکے بھائی اور جانشین عمرو بن لیث نے خلیفہ معتمد عباسی سے صلح کرلی، خلیفہ نے اپنے منشور کے ذریعہ اس کے مقبوضہ ممالک پر اسکی خود مختارانہ سیادت تسلیم کرلی،

شہنشاہ ہند (محمد تغلق) کو بھی خاندان عباسیہ سے امتیاز برقرار رکھنے کا شوق تھا، اس نے خلیفہ المستنصر باللہ عباسی کے پردادے امیر غیاث الدین محمد بن عبدالقاہر جیسے آوارہ وطن اور بینوا کے ساتھ جو ماوراالنہر میں قبر کی مجاوری کرتے تھے شاہانہ عزت و احترام سے پیش آیا اور دولت سے مالا مال کردیا، ایک مرتبہ امیر غیاث الدین آزردہ خاطر ہوگیا تو شہنشاہ ہند ایک بندۂ کمتر بن کی طرح اس کے سامنے معذرت کے لئے آیا، اور عباسی شاہزادہ سے عفو خواہی کی اور اسوقت تک اس کو شاہزادہ کی رضامندی کا یقین نہ آیا جب تک شاہزادہ کا پیر شہنشاہ ہند کی گردن میں حمائل نہ ہوگیا "حتی تضع قدمک علی عنقی"[1]

---

[1] رحلہ ابن بطوطہ، الجزء الثانی ص ۴۵

اسی طرح ایک دوسرے شامی عرب امیر سیف الدین کے ساتھ شہنشاہ نے بڑی دھوم سے اپنی بہن کی شادی رچائی غزنہ کے بادشاہ بہرام نے دربار دہلی میں ایک وفد بھیجا، تو سلطان نے اس کے لئے بھی بڑا اہتمام کیا،

ڈاکٹر سنہا فرماتے ہیں "اسلام کی تاریخ میں ایک ہی بار قلیل عرصہ کے لئے سہی مسلم ریاستوں کی جتھا بندی کا وجود ہی نہیں" کیا سیاسی عہد میں ایوبیہ کے ساتھ ایرانی، عرب، اور ترک مسلمانوں نے متحدہ طور پر یورپی طاقتوں سے نبرد آزمائیاں نہیں کیں، انگلستان تو ریچارڈ سے صلح کرنے پر تیار ہوگیا تھا کیا اسوقت اسلامی سلطنت کے کسی گوشہ سے بھی بہ استثنائے بعض ناقابل لحاظ داخلی مخالفت ایرانی، عرب اور ترک جتھا بندی کے خلاف کوئی مظاہرہ ہوا تھا، اسی طرح مغل سلاطین دہلی اور ایران کے صفوی خاندان سے گہرا سیاسی معاشرتی اور مذہبی ربط ہوچکا تھا، یہاں تک کہ ہمایوں کو ہندوستان کی دوبارہ حکومت بھی صفویہ ہی کی مدد سے میسر ہوئی، عہد حاضر میں معاہدہ سعدآباد اسلامی ریاستوں کی گروہ بندی کی زندہ مثال ہے جب چند مسلم ریاستوں کا وفاق ممکن ہوا تو پھر عالمگیر طور پر مسلم ریاستوں کا وفاق مستبعد کیونکر ہوسکتا ہے،

اس کے علاوہ امریکہ، برطانیہ اور فرانس کے گہرے روابط اور مشرقی ممالک پر انکی اثر اندازیاں، کس رجحان کا پتہ بتاتی ہیں، روس، یورپ و امریکہ کے انہیں سرمایہ دارانہ سامراجی منصوبوں سے متاثر ہوکر، اشتراکی نظام کی توسیع

کے ذریعہ دنیا کے اقوام اور حکومتوں پر اپنے اثرات ڈال رہا ہے: ترکستان کی متعدد حکومتیں اسکے زیر اثر آگئیں، اب سرخ چین اور اسرائیل کی جدید سلطنتیں بھی اسکی ہوا خواہ ہوگئیں، مشرق میں بڑی سرعت اور زور کے ساتھ اس کے اثرات پھیل رہے ہیں، کیا اسلامی حکومتوں کا اتفاق اسی طرح ممکن نہیں جس طرح برطانیہ کی دولت مشترکہ اور اشتراکی نظام کے ماتحت مغربی اور مشرقی ریاستوں کا روسی بلاک!

ڈاکٹر سنہا فرماتے ہیں عرب ریاستوں کی لیگ نہ تو اسلام کے نظریہ ریاست پر مبنی ہے نہ اسکو اس سے فیضان پہونچا ہے، ورنہ اس میں پین اسلامی احساس کی کارفرمائیاں ہیں یہ مشترک مذہب نہیں بلکہ مشترک نسل و زبان کے غور و تامل پر مبنی ہے، تعجب ہے ڈاکٹر سنہا عرب لیگ کے اس سیاسی تصور کو مسلمانوں کے عالمگیر وفاقی نظریہ پر مبنی نہیں سمجھتے (گو عرب لیگ کے معاہدہ نامہ میں اسکی تصریح نہیں اور ایم عطیہ نے اس کا انکار کیا ہے) مختصر پیمانہ پر یہ ایک پین اسلامی ہی تحریک کا آغاز ہے، عرب لیگ کے بیدار مغز، وسیع النظر اور معاملہ فہم سیاستدانوں کے لئے اس کے سوا کیا چارۂ کار تھا کہ وہ عرب و شام، مصر و لبنان کے عیسائی عربوں کی بڑی تعداد کی ہمدردیاں حاصل نہ کرتے اور اپنے داخلی حدود میں ایک زبردست مخالف بلاک قایم کرکے ترکوں، ایرانیوں اور افغانوں سے رشتۂ محبت استوار کرتے، اور پیمان وفا باندھتے، ڈاکٹر سنہا شاید

بے خبر نہ ہونگے کہ عرب لیگ جو اول اول سات آزاد ریاستوں پر مشتمل تھی اب اسمیں تقریباً تین گنا اضافہ ہوگیا ہے، اور اگر شام اور شرق اردن کے پس پردہ دول یورپ کے سرمایہ دارانہ سامراجی منصوبے نہ ہوتے تو عرب لیگ بہت زیادہ طاقتور ہوجاتی، پھر بھی فلسطین کے مسئلہ نے دنیا کے مسلمانوں کی آنکھیں کھول دی ہیں، کیا عرب لیگ کی ممبر ریاستوں پر امریکہ، برطانیہ اور روس کی پالیسی کا انقلاب انگیز اثر نہ ہوگا اب رہ گیا یہ امر کہ اسلامی ریاستوں کے وفاق کا مسئلہ ہندوستان کی سیاست سے کہاں تک موافقت رکھتا ہے، ڈاکٹر سہنا نے یہ اسوقت لکھا تھا جب پاکستان نہ بنا تھا، پاکستان میں یہ تحریک زور پکڑ رہی ہے، لیکن ہماری رائے میں اسلام کے سیاسی تصور کے یہ بالکل منافی ہے، ایک عظیم الشان پڑوسی حکومت سے جسکے ساتھ قدرتی وحدت کے لحاظ سے گہرے دوستانہ روابط ہونے چاہئیں طاقتور بنیاد پر دوستانہ معاہدہ کئے ہوئے پاکستان کے لئے مسلم ریاستوں کا وفاق قایم کرنا کوئی زیادہ سود مند نہیں، جیسا کہ خود رسول پاک کی مدنی زندگی سے ثابت ہے جبکہ آپ نے ایک طرف قریش سے صلح حدیبیہ کرلی، اور دوسری طرف مدینہ کی پڑوسی طاقتوں بنی قریظہ، بنی قینقاع وغیرہ سے دوستانہ معاہدہ کرلیا تھا، رسول پاک کی سیاسی پالیسی نے نہایت دیانت سے یہود کیلئے امن کی زندگی گذارنے اور خود مسلمانوں کے لئے امن کے ساتھ اسلام کی دعوت و تبلیغ کرنے کی راہ پیدا کردی تھی، یہودیوں نے عہد شکنی کرکے اپنی بربادی خود

مول لی، اسی طرح عرب لیگ کی پالیسی بھی پاکستان کے لئے شمع راہ ہوسکتی ہے جس نے عیسائی عربوں کا اتحاد پہلے ضروری سمجھا، پاکستان اور ہندوستان دونوں کا فوز و فلاح اسی میں ہے کہ انہیں گہرے دوستانہ روابط ہوں، رہ گیا مسلمانان ہند کا نظریۂ سیاسی، چونکہ آزادی کے بعد انڈیا یونین ایک "لادینی جمہوری ریاست" ہے اس لئے اسکی اسلامی گروہ بندی کا کوئی سوال ہی نہیں، یہاں کا مسلمان انڈین یونین کے مفاد کے لحاظ سے مولانا آزاد اور پنڈت نہرو کی مشترقی ریاستوں کی گروہ بندی پر یقین رکھتا ہے اور اسی میں اپنی اور ہندوستانی عوام کی ترقی محسوس کرتا ہے،

سر فضل حسین اور اقبال

ڈاکٹر سبہانے ذیل کا مضمون اپنی کتاب کے آخر میں درج کیا ہے، چونکہ کتاب کی ترتیب کے بعد یہ معلومات فراہم ہوسکی ورنہ اس کو اقبال کے سیاسی پس منظر کے سلسلہ میں ہونا چاہیئے تھا، ہم نے اس باب کے بعد اس کو رکھا، ڈاکٹر سبہا فرماتے ہیں "اس کتاب کے تکملہ کے بعد "سر فضل حسین کی سوانح زندگی" شائع ہوئی، یہ ان کے صاحبزادہ عظیم حسین صاحب کی لکھی ہوئی ہے سیاسیات کے میدان میں سر فضل حسین اور سر محمد اقبال کے تعلقات کے متعلق اس کتاب میں بعض دلچسپ اشارات پائے جاتے ہیں، کتاب کے مصنف اور ناشر کے اعتراف کے ساتھ ذیل میں یہ قصے نقل کئے جاتے ہیں، اقبال کی تصنیف پر سیاستداں، اور عوامی رہنما کی حیثیت سے یہ کتاب تازہ روشنی ڈالتی ہے"

۱۹۳۵ء میں انجمن حمایت اسلام کے سالانہ جلسہ میں ڈاکٹر اقبال نے اپنی تقریر میں کہا "یہ حقیقت" المناک ہے کہ شہری، دیہاتی (حلقۂ انتخاب کے) سوال کو سر فضل حسین کی حمایت حاصل ہو، جنھوں نے بدیہی طور پر صوبے کے دیہاتی (علاقہ کے) رہنما نہیں بلکہ مسلم رہنما کی حیثیت سے اقتدار حاصل کیا، لیکن اقتدار سے پیوستہ ہونے کے بعد انھوں نے دیہاتی شہری اختلافات پر زور دینا شروع کیا، اس طور سے انھوں نے بعض ایسے شرکاء کار حاصل کرلئے جن کو حکومت میں

اقتدار حاصل کرنے کا نہ تو کوئی حق تھا اور نہ جن میں وزارت جیسے مناصب پر متصرف رہنے کا اثر و نفوذ ہی تھا، جو اس کیلئے ضروری ہے لیکن جو محض اسی وجہ یعنی اپنی معمولی قابلیت کے باعث انکو ایک مافوق البشر کی حیثیت سے دیکھتے ہیں بعض ارباب اختیار نے بھی اس پالیسی کی ہمت افزائی کی، کیونکہ اس صورت سے وہ لوگ ۱۹۱۹ء کی اصلاحات کا زور توڑ سکتے تھے جہانتک مسلمانوں کا تعلق ہے ان رجحانات کا نتیجہ یہ ہوا کہ حقیقی رہنمائی کا منصب بہت دور چلا گیا اور اس کے برعکس قطعاً "نااہل سیاسی جانباز" انتہائی روشنی میں آگیا،

چونکہ فضل حسین کے خلاف تنقید عام طور پر ڈاکٹر اقبال کی وجہ سے شروع ہوئی آخرالذکر کی زندگی خاص طور پر قابل ذکر ہے، کیونکہ حقیقتہً فضل حسین نے انکو مدد پہونچانے کی پیہم کوشش کی، لیکن ڈاکٹر اقبال ان پیش کردہ مواقع سے بہرہ حاصل کرنے میں ناکام رہ گئے، ۱۹۲۴ء میں حسین نے سر میلکام ہیلی کو ترغیب دی کہ وہ ڈاکٹر اقبال کو جج کا عہدہ دیں، لیکن یہ امر زیر تجویز ہی تھا کہ ڈاکٹر اقبال نے حکومت پر بے لگام تنقید لکھکر سرکاری افسران کی ہمدردیاں کھو دیں،

۱۹۲۷ء میں آئندہ اصلاحات میں مسلمانوں کے مطالبات پیش کرنے کے لئے، انگلستان میں سکریٹری آف اسٹیٹ کے پاس مسلم وفد بھیجنے کی تجویز ہوئی سر فضل حسین نے ڈاکٹر اقبال سے اس وفد کی رہنمائی کے لئے کہا اور اس غرض

کے لئے تین ہزار روپیہ جمع کیا، یہ چیز ڈاکٹر اقبال کے لئے قدر اول کی سیاسی زندگی کو تیقن کر دیتی، لیکن انھوں نے جانے سے انکار کر دیا، چونکہ ان میں مزید چند ہزار روپیہ کا صرفہ تھا، انکے بدلے میں سر ظفر اللہ جانے کے لئے راضی ہو گئے اور انھوں نے اپنے لئے روشن مستقبل تیقن کر لیا، اس (واقعہ) نے ڈاکٹر اقبال کو مدد پہونچانے کے لئے فضل حسین کو مزید کوششیں کرنے سے باز نہ رکھا، اور انھوں نے تجویز پیش کی کہ کانسل کے صدر کی حیثیت سے چودھری شہاب الدین کی میعاد ختم ہونیکے بعد ڈاکٹر اقبال کو مجلس اتحاد ئین (یونینسٹ پارٹی) کی حمایت کے ذریعہ صدر منتخب کیا جائے ڈاکٹر اقبال نے انکی پالیسی پر تنقید، اور اخبارات میں ان پر سخت حملے کر کے انکی ہمدردیاں کھو دیں، نتیجہ یہ ہوا کہ یونینسٹ پارٹی کی اکثریت نے ان کو صدر قبول کرنے سے انکار کر دیا ۱۹۳۱ء میں فضل حسین کے کہنے سے وائسرائے نے دوسری گول میز کانفرنس کے لئے ڈاکٹر اقبال کو نامزد کیا، کانفرنس میں شرکت کرتے ہوئے اقبال مسلم وفد کے ایک نمایاں رکن سر اکبر حیدری سے الجھ گئے اور یہ چیز رکن وفد کی حیثیت انکی کامیابی میں سد راہ ہو گئی، ہندوستان واپس آکر انھوں نے مسلم وفد کے کام پر سخت تنقید کی، اس تنقید نے سکریٹری آف اسٹیٹ کو سخت آزردہ بنا دیا، کیونکہ اس سے کانفرنس کی کارروائیوں کا معیار گر گیا[1] دوسرے

---

[1] آزردہ ہونیکی وجہ ہی تھی، اس سے برطانوی پالیسی کو دھکا لگا، طفل تسلی، نمائشی ہمدردی

سال سر فضل حسین نے ترغیب دی کہ ڈاکٹر اقبال کو پھر گول میز کانفرنس میں بھی بھیجا جائے، یا وفد دیگران کو فیڈرل اسٹرکچر کمیٹی کی خدمت پر مامور کیا جائے۔ ہندوستانی وفد کے رکن کی حیثیت سے مجلس اقوام میں بھیجا جائے۔ اگلے سال کے تجربہ کی بنا پر ڈاکٹر اقبال کو گول میز کانفرنس میں بھیجنے کے لئے سر دھہری کے ساتھ رضامندی ہوگئی ابھی کانفرنس شباب پر تھی کہ ڈاکٹر اقبال استعفا دیکر ہندوستان چلے آئے اور الہ آباد میں مسلم لیگ (کے جلسہ میں) اپنے خطبہ کے اندر سخت ترین ممکن الفاظ میں حکومت برطانیہ پر کھلم کھلا الزام لگایا۔ اس لئے یہ کوئی تعجب انگیز امر نہیں۔ کہ فضل حسین کی پیہم درخواستوں کے باوجود وائسرائے نے ڈاکٹر اقبال کو پبلک سروس کمیشن کا

بقیہ نوٹ ۳۱۱ اور سیاسی چال بازی کا بھانڈا پھوٹا۔ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ ہندوستان کے "نام نہاد راکین" ملک کے اغراض پر برطانوی مفاد کو ترجیح دیتے ہیں، ع، م

ع کیا مطلب تھا، اقبال منافقانہ چال کے ذریعہ دوسرے سروں اور خان بہادروں کی طرح برطانوی سیاست کا ہتکنڈہ بن جاتے، اور مسلم مفاد کو اپنے انگریز آقا کی رضامندی پر قربان کر دیتے اگر سیاست اور تدبر اسی کا نام ہے تو یقیناً اقبال ایسے نہ تھے اقبال تو خیر بہت بلند شخصیت کے حامل تھے، ایک معمولی درجہ کے سیاستداں کو بھی ایسا رویہ رکھنا نہ چاہیئے، یہ قوم کے ساتھ کھلی ہوئی غداری ہے، ع، م

رکن بنانے سے انکار کر دیا، لیکن فضل حسین کو کوئی چیز ڈاکٹر اقبال کی مدد کرنے سے پھر بھی باز نہیں رکھ سکتی تھی، اور انھوں نے سفارش کی کہ جذبی انگلستان میں ایجنٹ کی حیثیت سے ان کے تقرر پر غور کیا جائے،

سر فضل حسین (جب) ڈاکٹر اقبال کو سرکاری عہدہ دلانے میں ناکامیاب ہو گئے تو انھوں نے ڈاکٹر اقبال کی مدد کے لئے نظام حیدرآباد سے رجوع کیا، جواب میں سر اکبر حیدری نے لکھا کہ "اقبال نے تار کے جواب میں کہ امداد کی مخصوص صورت اور حد کے متعلق بتائیں" جواب دیا ہے، پانچ ماہ صحافت کا کام، چلتے، ملاقاتیں، پانچ کی پارٹی، سرسری اندازہ ساٹھ ہزار" کیا آپ خیال کر سکتے ہیں کہ میں اپنی کمیٹی اور حکومت سے اپنے دوست پر اتنا صرف گراں لینے کے لئے کہہ سکتا ہوں، اس پر فضل حسین نے رقم کے متعلق کچھ ترمیم پیش کرتے ہوئے لکھا "میں خیال کرتا ہوں کہ ڈاکٹر سر محمد اقبال کو دو یا تین اچھے آدمیوں کی معیت میں بامنطقہ ملاقاتوں اور خطبات کے لئے مدد پہونچانا ریاست اور ہندوستانی مسلمانوں کے لئے مفید ہوگا، مجھے پسند ہے کہ حیدرآباد اس پیشکش کو منظور کرے" ڈاکٹر اقبال اپنے مسرفانہ تجویز پر اڑے رہے اور اس لئے یہ (تجویز) ناکام ہو گئی،

تین سال کے بعد اسی قسم کی ایک کوشش کی گئی، جبکہ سر فضل حسین نے میاں امیر الدین کو لکھا "اقبال کہتے ہیں کچھ دن ہوئے ہیں نے سنا وہ اچھی طرح نہیں ہیں، اور یہ کہ وہ بعض مالی مشکلات میں ہیں، میں خوش ہونگا اگر تم بہت

ہی رازدارانہ طور پر مجھے بتاؤ گے کہ صحیح حالت کیا ہے، میں کالج کے زمانہ سے ان کا بڑا مداح رہا ہوں، ایک بار پھر میں انکو مدد پہونچانے کی کوشش کرنا چاہتا ہوں، اگر مجھے صحیح طور سے معلوم ہو جائے۔ کہ آجکل صحت، مالیات، اور حقیقی کاروبار اگر کوئی ہے) کے لحاظ سے وہ کیسے ہیں"

میاں امیرالدین نے جواب دیا کہ "ڈاکٹر اقبال نے ۱۹۳۱ء سے وکالت ترک کردی انکی صحت اور اسی طرح انکی مالی حالت خراب ہے، اور انکی آواز سرعت کے ساتھ بیٹھی جا رہی ہے۔ انھوں نے یہ تجویز پیش کی کہ اگر حیدرآباد میں سلسلہ خطبات کا انتظام اور ایک معقول معاوضہ کا تعین کر دیا جائے، تو اس سے انکو بیحد مدد پہونچیگی" فضل حسین نے دس ہزار روپیہ میں جدید اسلامی تخیل" پر چھ خطبات دینے کا منصوبہ تیار کیا لیکن نظام کی حکومت نے ڈاکٹر اقبال کے مجوزہ شرائط کو ماننے سے انکار کر دیا اور خط و کتابت پھر بے نتیجہ ہو گئی حقیقی معاملہ یہ ہے کہ ڈاکٹر اقبال سیاستداں نہ تھے وہ ایک سیاسی فلسفی تھے، وہ ایک تخیلی انسان تھے اور یہ سمجھ نہیں سکتے تھے کہ "سیاسیات مصالحت کا ایک کھیل ہے" وہ منصب حاصل کرنے یا لیڈر بننے سے محروم رہ گئے، کیونکہ وہ معاملات کے آدمی ہونے سے زیادہ شاعر اور مفکر تھے[1]

---

[1] سچ فرمایا آپ نے اقبال نے خود ہی کہا تھا،

فلسفی را با سیاست داں بہ یک میزان مسنج ۔ چشم آں خورشید کور ے دیدہ ایں بے نمے

(بقیہ صفحہ ۳۱۵ پر)

فضل حسین نے مسلم سیاسیات کے جس نظریہ کی وکالت کی اسکو عام طور پر سارے ہندوستان کے مسلمانوں نے مان لیا، لیکن ۱۹۳۷ء میں بنیادی طور پر مسلم سیاسیات کے ایک مختلف نظریہ کی وکالت ہونے لگی، اس نے ڈاکٹر اقبال کے فلسفیانہ تخیل میں جنم لیا، انھوں نے یہ طور نہیں اس امر کا آغاز نہ کیا کہ مذہب اور تہذیب کی وجہ سے مسلمان ہندوؤں سے بنیادی طور پر مختلف ہیں، اور یہ کہ سیاسی اور اقتصادی لحاظ سے دونوں کا ایک دوسرے سے موالات ممکن نہیں، اور اس لئے اس کا حل یہ ہے کہ ایک مسلم ریاست جو ہندو ریاست سے ممتاز ہو عالم وجود میں آئے، یہ صحیح ہو سکتا ہے کہ چند علاقوں میں ہندو مسلمان ایک ہی زبان بولتے،

بقیہ نوٹ صفحہ ۳۱۴

آں تراشد قول حق را حجت نا استوار ۔۔۔ ہیں تراشد قول باطل را دلیل محکم،

فلسفی اور سیاستداں کا فرق یہ ہے کہ فلسفی کی آنکھ آفتاب کو نہیں دیکھ سکتی سیاستداں کی آنکھ لذت آشک ریزی ہی سے محروم رہتی ہے، فلسفی حق کی پاسداری تو کرتا ہے لیکن اسکی دلیل بودی ہوتی ہے، سیاستداں ناحق کی حمایت میں مضبوط دلیل پیش کرتا ہے (پیام مشرق: فلسفہ و سیاست) اسلئے اقبال فلسفی اور سیاستداں دونوں کی کمزوریوں سے واقف تھے فلسفی ذہنی مرض میں مبتلا رہتا ہے، سیاستداں اخلاقی مرض میں، اقبال فلسفی بھی تھے اور سیاستداں بھی لیکن ذہن و اخلاق کے لحاظ سے دونوں سے بہت بلند تھے،

ایک ہی سماجی رسوم کے پابند، مشترک اقتصادی مشاغل میں شریک کار، اور ایک ہی نسل یا اختلاط نسل سے تعلق رکھتے ہیں پھر بھی مذہبی عقیدہ کا اختلاف ایک ایسا اختلاف ہے، جو سب سے بالا ہے اور اس کو اضافی حرکت و عمل کے ہر شعبہ میں فیصلہ کن عنصر کی حیثیت سے سمجھنا چاہیئے،" ڈاکٹر اقبال اس وطنی قومیت کے قایل نہ تھے، جس نے مغرب میں نشو و نما پائی تھی، انھوں نے ایک ایسی قومیت کی وکالت کی جو اول سے آخر تک مذہب کی بنیاد پر قایم ہوا،

فضل حسین نے ایسی پالیسی میں سنگین خطرات دیکھے، اور پنجاب میں ایک غیر فرقہ وارانہ جماعت قایم کرکے (اقبال کے تخیل کی) سخت مزاحمت کی، اور آل انڈیا مسلم کانفرنس کے ذریعہ انھوں نے انہیں خطوط پر سارے ہندوستان کے اندر غیر فرقہ وارانہ جماعتوں کی تعمیر کی وکالت کی، یہ اسی مزاحمت کا کھلا نتیجہ تھا کہ جناح صاحب اپنی غرض حاصل کرنے میں ناکام رہ گئے اور ۱۹۳۶ء کی صوبائی اسمبلیوں کے عام انتخابات میں مسلم لیگ کے امیدوار اتنی اقلیت میں کامیاب ہوسکے جن کو خوردبین کے ذریعہ دیکھا جاسکتا تھا،

استدراک

ملک کو ممنون ہونا چاہیئے عظیم حسین صاحب اور ڈاکٹر سنہا کا کہ انھوں

نے اقبال کی نجی زندگی کے بعض مخفی پہلوؤں کو واضح کیا، ہمیں اکثر اقبال کے "سر" ہونے پر افسوس آتا تھا اور ہم اس سرکاری قشقہ کو انکی جبین بے نیاز پر ایک بدنما داغ سمجھتے تھے، عظیم حسین صاحب نے اقبال پر سر فضل حسین کی عنایتوں کی روئیداد پیش کرکے ثابت کر دیا کہ یہ خطاب اقبال کو سرکار پرستی کے صلہ میں نہیں ملا تھا بلکہ انکے مہربان دوستوں نے انکو اس "طرح" پر پہونچایا،

ڈاکٹر سہنا نے بہت اچھا کیا کہ سر فضل حسین کی سوانح زندگی، سے اقبال کے بعض نجی حالات کا اقتباس دیدیا، سہنا صاحب نے اقبال کی کمزوری اور سیاسی نااہلیت کے ثبوت میں یہ مواد فراہم کیا ہے حالانکہ یہ واقعیت اقبال کی اخلاقی زندگی کا معیار بہت بلند کر دیتے ہیں، واقعات بالا کے ہر پہلو سے اقبال کی معراج انسانیت اور اونچی ہوتی جاتی ہے یہانتک کہ اقبال کی بلند شخصیت ہمیں ماضی کے بعض نہایت ہی قابل احترام تاریخی انسانوں کی یاد دلاتی ہے، جنکی حق گوئی و حق پرستی نے گو ان کو عارضی مصائب و مشکلات میں مبتلا کیا، لیکن انسانیت کی اخلاقی رہنمائی کے لئے وہ ایک نہ مٹنے والا پیغام دے گئے، آج دنیا ان کے اخلاص، راستبازی، اور بلند کردار پر سر دھنتی ہے، اخلاقیات کی مثالی زندگی میں ایسی شخصیتوں کے وجود سے استدلال کیا جاتا ہے ہمارے ائمہ دین میں ایسی بہتیری مثالیں ملتی ہیں، جنھوں نے حق پرستی کے مقابلہ میں نہ حکومت کی پروا کی نہ اس کے مواخذہ و عتاب کی، انھوں نے ایمان و دیانت

کے ساتھ اپنی بلند محسوسات کو دنیا کے سامنے پیش کیا حکومت نے کوڑے برسائے، ہٹڑکوں پر گھسیٹا، نہایت بہیمانہ انداز میں انکی تذلیل و تحقیر کی، لیکن انھوں نے زبان سے وہی کہا جو انکے ذہن میں تھا، یہی وجہ تھی کہ سفیان ثوری کو امویوں نے اچھی نظر سے نہیں دیکھا، ان سے مواخذہ کرنا چاہا، امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام احمد بن حنبل کے واقعات مشہور ہیں، یحیٰی بن ابی کثیر کے ساتھ اموی حکومت نے بربریت کا سا سلوک کیا، امام مالک کے استاد زبیعہ الرائی، نے سفاح کے عطیہ سے انکار کر دیا، ابو بردہ (متوفی ۱۰۴ھ) اور ابو قلابہ (متوفی ۱۰۴ھ) نے منصب قضا کو ٹھکرا دیا، میمون بن مہران (۱۱۷ھ) سرکاری ملازمت پر اظہار افسوس کرتے تھے، ابن ابی ذئب، سعید بن مسیب، اور یزید بن ابی حبیب نے نہ بادشاہوں کی پروا کی اور نہ انکے سطوت و جلال کی، دوٹک بولے، حق کہا اور بے نیاز رہے[1]، ہم اقبال کو ایک بلند انسان سمجھتے تھے لیکن اتنا بلند نہیں کہ وہ ہماری "امامت" کے بلند منصب تک پہونچ گئے ہوں، سر فضل حسین کی سوانح زندگی سے تو اقبال کی سیاسی نااہلیت نہیں بلکہ اسرار روحانی کی محرومیت ثابت ہوتی ہے، ان کی زندگی کا یہ رخ انکی شاعرانہ لے کو ایک پیمبرانہ الہام، روحانیت کا مخزن اسرار اور رشد و

---

[1] یہی رائے اقبال میں بھی تھی۔ فرماتے ہیں۔

آئین جواں مرداں حق گوئی و بیباکی
اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی
(بال جبریل)

رایت کا ابدی صحیفہ بنا دیتا ہے، انھوں نے بڑے جوش سے فرمایا تھا،
آہ! اس راز سے واقف ہے نہ ملا نہ فقیہہ: وحدت افکار کی ہے وحدت کردار ہے خام
اقبال کا نظریہ تھا کہ فکر و کردار میں ہم آہنگی ہونی چاہیئے اور یہ
انھوں نے برت کر دکھا دیا،

بیشک عظیم حسین کے الفاظ میں "سیاسیات مصالحت کا ایک کھیل ہے"
لیکن کونسی سیاست وہ جسکو سر فضل حسین، سر شفیع اور سر سپرو نے کھیلا، اور
فکر و احساس کے جس اسکول میں سنہا صاحب نے بھی تربیت حاصل کی، ہاں
بدقسمت ہندوستان کی پستی کا ایک زمانہ تھا جبکہ یہ سیاسی تخیل پروان چڑھا، اس
عہد میں اسکی اہمیت بھی ہم تسلیم کر لیتے ہیں، لیکن ہمیں تو اجمل و نہرو، گاندھی و
آزاد، ڈاکٹر محمود، اور سی، آر، داس کی ضرورت تھی، ہندوستان کے ان بیٹوں
نے مادر وطن کو آزاد کرا لیا، ورنہ ہم کیا امید کر سکتے تھے کہ سر فضل حسن یا سر سپرو
ہمیں آزادی دلا سکتے،

سر فضل حسین کی یونینسٹ پارٹی غیر فرقہ وارانہ سہی، لیکن سر فضل حسین
کبھی قومی و وطنی نہ تھے، انھیں بزرگوں کے وجود نے تو برطانوی سامراج کو
تقویت پہونچائی، ہندو مسلمانوں کی مخلوط سیاسی پارٹی بنانے سے قوم پرستی و
وطن دوستی کا ثبوت نہیں ملتا، بلکہ برطانیہ کے سایہ میں حصول اقتدار کی یہ
بھی ایک صورت تھی کانگریس کے خلاف یہ ایک برطانوی سیاسی محاذ تھا،

جسمیں، امرا، رؤسا، سر، اور خان بہادر شامل ہوئے۔

سنہا صاحب نے اقبال کو پاکستانی تصور کا بانی بناتے ہوئے اُن کو سیاسی اعتبار سے سر فضل حسین سے کمتر درجہ کا سیاستداں بتایا ہے، ہم بھی اس تصور کے سخت ترین دشمن تھے، گو موجودہ صورت حال نے ہمارے تصورات ماضی کو افسردہ بنا دیا ہے، اقبال اس تصور کے بانی کی حیثیت سے ہندوستان کے دشمن نہ تھے، یہ ان کا ایک فلسفیانہ تصور تھا، یہ ان کی جنتا کی زندگی کا نقشہ دیکھکر وہ اس قنوطیت میں مبتلا ہوگئے ہونگے، لیکن اس تخیل کی بنا پر اقبال فرقہ پرست اور یونینسٹ پارٹی کی بنیاد ڈالکر سر فضل حسین قوم پرور نہیں ہو سکتے۔ سر فضل حسین کی سوانح زندگی شاید ثبوت مل رہا ہے کہ اقبال برطانوی سامراج سے بھی ٹکر لینے کے لئے مستعد رہتے تھے، اور سرکار پرستوں کی سیاسی دسیسہ کاریوں سے بددل ہو کر وہ چیخ چلائے اور آخر انھوں نے اکثر مواقع پر اپنے مفاد کو بھی نقصان پہونچایا یہ ہندوستان کے اس عظیم الشان شاعر کی قربانی تھی،

اقبال کی کتابیں اور غیر مسلم قارئین

میں اس باب میں غیر مسلموں کی مخصوص نسبت سے اقبال کی قدر و قیمت سے بحث کرونگا، اردو یا ہندوستانی ہندوستان کی زبان ہے، اور ہندوستان صرف مسلمانوں ہی کی سرزمین نہیں، بلکہ ان دوسرے لوگوں کی بھی ہے، جو ابھی تک آبادی کی بڑی اکثریت پر مشتمل ہیں، اور جن کے نام پر خود ہی عربوں اور ایرانیوں نے ہندوستان کی [illegible] کے لیے [illegible] اس ملک کو ہندوستان کہنا شروع کیا تھا اب اقبال کی شاعرانہ پرواز خیال یا ان کے فلسفیانہ غور و تصور میں ہندو کہاں سے آگئے؟ میں اکبر علی صاحب کی کتاب سے اس کا تذکرہ اوپر ہو چکا ہے، ایک کافی طویل عبارت کا اقتباس پیش کرونگا، آجکل کی شدید فرقہ وارانہ نزاع کے زمانہ میں بھی جو شاعر کے خلاف انکے مسلم حقوق کی کمی ہوا خواہی کے باعث جو غیر مسلموں کے ذہن میں موجود ہے، ہم دیکھتے ہیں کہ شمالی ہندوستان کے ہندو انکی حب وطنی سے متعلق نظموں، 'ہندوستان ہمارا' 'نیا مندر' 'تصویر درد' 'ہندوستانی کا گیت' ہندوستانی بچوں کا قومی ترانہ' 'سوامی رام تیرتھ رام' 'ہمالیہ' 'گائتری منتر کا اردو ترجمہ' 'سوسومہ' 'آفتاب' اور انکی مشہور رمزی نظم، ایک طائر کا نالہ' کو پڑھتے ہیں ان کا گلہ ہے کہ شاعر کے دل میں اپنی جنم بھومی اور ہندوستانی قومیت سے کوئی وابستگی نہیں رہی، اور ان کا خیال ہے کہ وہ سراپا بین اسلامی عقیدہ کے حامل

بن گئے ہیں، اور ترکوں، ایرانیوں، افغانوں اور مصریوں کے مفاد اور ترقی کے لئے لکھتے ہیں، نہ کہ بحیثیت ہندوستانی کے ہندوستانیوں کے لئے۔ یہ خیال غیر مسلموں کے ذہن میں شاعر کے خلاف تعصب پیدا کرنے میں ناکام نہ رہا اور چند قابل عزت مستثنیات کے ساتھ غیر مسلم انکی کتابوں کو پڑھنے کے لئے توجہ نہیں دیتے۔"

جن لوگوں نے ابھی تک اس موضوع کی بحث کو سمجھا ہے انکو اس نظریہ کے ماننے میں کوئی دقت نہ ہوگی کہ ہندوستان کے غیر مسلموں کا کوئی قصور نہیں کہ وہ اقبال کی تصنیفات کو نہیں پڑھتے اس لئے کہ ان کو آسانی سے کوئی کتاب نہیں ملتی۔ مسئلہ طور پر ان کی شاعری کا بہت بڑا حصہ فارسی میں ہے جسکو اور تو ہندوستان میں ۱۹۳۸ء کے بعد سے بحیثیت شعر و ادب کی زبان کے موقوف کر دیا گیا اور جب کی وجہ سے انکی تحصیل قانونی کچہریوں اور حکومت سے وابستہ دفاتر کی بڑی اکثریت نے ترک کر دی، اگر اقبال نے کھلم کھلا صرف غیر ممالک کے مسلمانوں کے لئے لکھنا پسند کیا (اس کا سوال نہیں کہ آیا وہ اسکی کوشش میں کامیاب رہے یا ناکام) اور اپنے غیر مسلم ہموطنوں کے لئے نہیں (رہ) انکو اپنا ممنون ہونا چاہیے اگر آخر الذکر اب قدیم ایرانی زبان میں انکی بہتیری کتابوں کو پڑھنے اور انکی قدر کرنے کے لئے نہیں پڑھیں گے، انکی اردو شاعری کا بھی بیشتر حصہ جیسا کہ پہلے دکھایا جا چکا ہے زبان، موضوع اور طرز کے سخت معائب کی وجہ سے خراب ہو کر رہ گیا ہے، اور توقع نہیں کی جا سکتی کہ ایک ہندو دوست ایک درجن

نظمیں گا تا رہیگا جن کا اکبر علی کی کتاب کے مذکورہ بالا اقتباس میں شمار کرایا گیا ہے انڈین نیشنل کانگریس کے افتتاحی جلسوں میں جب وہ اور پوری ہندوستان میں ہوئے ہیں، تو ان میں دو نظمیں گائی گئی ہیں صرف جہاں اودی ہندوستانی یا اردو جسمیں اقبال لکھا کرتے تھے کم و بیش سمجھی جاتی تھی لیکن اسمیں دو رائیں نہیں ہو سکتیں کہ اقبال نے عمداً یا دوسری وجہ سے غیر مسلموں کی علمی ضروریات کو نظر انداز کر دیا اور انکے باشندوں کو یہ سمجھ نہ ہونا چاہیئے کہ اردو ادب کے غیر مسلم طلبہ میں بھی اس حد تک اقبال کی کتابوں کے پڑھنے والے نہیں ہیں جس حد تک اقبال کے پرجوش پیرو ان کا پڑھنا اور ان کی تحسین کرنا پسند کرینگے،

یہ بھی ظاہر ہے کہ تعلیم یافتہ ہندو بالخصوص اور اب عوام الناس بالعموم انگریزی عمل کی عادت ہو جو گئی ہو اور ان کا اندازہ کتنا ہی غلط بجانب یا حقیقی معنی میں اس کے خلاف ہو قوم پرستی کے تصورات اور ولولے رکھتے ہوئے اور سیاسی عروج پر فائز ہونیکے شوق سے بھرے ہوئے ہیں اور قومیں کی طرح جو یورپ اور امریکہ میں رہتی ہیں یا ایشیائے چین و جاپان میں اسلئے کوئی ہندوستانی شاعر جو صاف صاف یا اشارہ کنایہ میں قوم پرستی کے خلاف تبلیغ کریگا یا اس پر ناپسندیدگی کا اظہار کریگا یا صرف اپنی مذہبی بین الاقوامیت کی وکالت کریگا، جیسا کہ اقبال نے کیا تو اسکو غیر مقبول ہونا ہی ہے، اب انہیں کا سیاسی مطمح نظر پیش کرنا مسلم گروہ پسندی کا تھا، میں نہیں دیکھتا کہ کیوں ہندوؤں کو

ناقدر شناس اور مورد الزام بنایا جائے جب خود شاعر نے انتخاب موضوع، زبان، طرز ادا، مرکز نظر کے لحاظ سے انکے جذبات اور کیفیات پر اثر ڈالنے کی طرف توجہ نہ دی، اسلئے انکی شاعری آج کے اردو داں ہندوؤں پر عموماً اور انکے فرقہ پرستانہ ذہن رکھنے والوں پر خصوصاً اثر انداز نہیں تو یہ تعجب کی کوئی بات نہیں ہندوستانی ادب اور علمیت کو ۱۹۳۳ء میں ڈاکٹر ضیاء الدین کی قبل از وقت موت سے جو نقصان پہنچا بنگلور کی مشہور یونیورسٹی "شاستنی کمیٹیں" میں بجائی کے پروفیسر تھے سخت نقصان پہنچا انھوں نے "شواجی بھارتی" کوارٹرلی" میں اقبال کی شاعری اور پیغام پر کتابچہ لکھا کیا، یہ شاعر کی زندگی میں لکھا گیا تھا لیکن ان کی وفات کے بعد شائع ہوا ہیں ذیل میں اس کے بعض اقتباسات دیتا ہوں، جو میرے زیر بحث نقطۂ خیال پر ایک گہری روشنی ڈالتا ہے مجھے اقبال کے کسی آخری اور غیر مبہم بیان کا علم نہیں جو انھوں نے ہندوستانی مسلمانوں کی قوم پرستی کے مسئلہ پر دیا ہو، پھر بھی یہ صاف ہے کہ انکی خواہش ہے کہ مسلمان اپنی ہیئت اجتماعی کا خط وصال دوسرے فرقوں سے بالکل متمایز رکھیں، ہندوستان میں دوسری جماعتوں کے ساتھ مسلمانوں کا اتحاد اقتصادی اور سیاسی بنا پر ہو سکتا ہے معاشرتی اور تہذیبی بنا پر نہیں ہو سکتا اقبال کی صورت حال صریحاً برطانوی حالت کے بالمقابل ہے، انھوں نے ہندوستان کے مسلمانوں کی آزادی غصب کرلی ہے اس لئے ہر مسلمان پر فرض ہے کہ وہ اس آزادی کو واپس لے لیکن حصول آزادی کے بعد صلح و آشتی کے کن شرائط کے

ماتحت ہندو مسلمان، ہندوستان پر حکومت کرنے کے لئے متحد ہوں، واضح نہیں ہے، اور نہ اقبال اس سوال پر کوئی روشنی ڈالتے ہیں،

اچھی بات ہے، اقبال نے اگر ایسا نہ کیا اور اپنے سیاسی فلسفہ میں ایک ایسا نظام چھوڑا جسمیں بظاہر غیر مسلموں کے لئے کوئی جگہ نہ بھی تو تعجب کی کونسی بات ہے اگر آغا الدین کراس سے کتراتے ہیں، اور شاعر کے تصانیف کے بہت بڑے ذخیرہ سے بھی جو ایران کے اجنبی محاورہ میں مدفون ہے، اس طور سے جیسا کہ ڈاکٹر ضیاء الدین نے تصریح کی ہے، معلوم ہو جائیگا کہ اقبال کا سیاسی فلسفہ غیر مسلموں کے لئے بھی ایسا ہی بے آب و گیاہ تھا جیسا کہ ان کے لئے شاعر کے فلسفۂ مذہب کا زیادہ حصہ، اردو میں اقبال نے جو قلیل سا ورثہ چھوڑا اس کے متعلق اسکے موضوع، زبان اور طرز سب پر بحث کی جا چکی ہے، اور یہ کہا جا چکا ہے کہ انکی نظم کے بڑے سرمایہ کا موضوع انکی زبان کی طرح زیادہ تر غیر ہندوستانی ہے اور انکے طرز کی بنیاد اجنبی نمونہ پر ہے، ان ناقابل تردید حقایق کے پیش نظر تعجب کی کوئی وجہ نہیں اگر اکبر علی صاحب کے الفاظ میں "چند قابل عزت مستثنیات کے علاوہ غیر مسلم انکی کتابوں کو پڑھنے کی طرف توجہ نہیں دیتے"، جہاں تک ہندوستانی قوم کی بڑی اکثریت کا تعلق ہے، اقبال کی شاعری اور ان کا فلسفہ ایسا ہے کہ انکے لئے کوئی قبول و کشش نہیں رکھتا، جیسا کہ ایک بہت ہی فاضلانہ سنڈیکیٹ، بمبئی یونیورسٹی کے وائس چینسلر سر بامن جی داد بلے نے اپنے مقالہ "بڑے ادیب کی صفات" کے دوران میں جو ہندوستان یونیو

(بابت ستمبر ۱۹۳۲ء) میں شائع ہوا ہے۔ معمارانہ حیثیت سے وضاحت کی ہے "بڑے ادب کی جانچ یہ ہے کہ اسمیں وسیع تر پیمانہ انسانی مفاد کے لئے اپیل ہو، اس اپیل میں کلیت، اور پائداری پائی جائے جسکے مقابل زمانہ اور وضع و انداز کا تغیر مجبور ہوکر رہ جائے" اور اس باب میں یہی بحث و جدل ہے کہ اقبال کی شاعری میں وسیع تر انسانی مفاد کیلئے اپیل کی بہت بڑی کمی ہے جسکے سبب یہ غیر مسلموں کیلئے کشش پیدا کرنے میں ناکام رہ گئی، یہ بحث و جدل اس مواد کی بنا پر جو اس جلد میں فراہم کیا گیا ہے اگرچہ ناقابل تسلیم ہے اسکے متعلق فیصلہ کرنا خود قاری کا کام ہے لیکن صحیح نتیجہ اخذ کرنے کے لئے اس باب کو ختم کرنے سے پہلے میں اسکو اقبال کے الفاظ میں پیش کرتا ہوں جنکے ذریعہ وہ اس کا جواب دینگے اسکو اس مقالہ کے ایک جدید ترین مصنف نے پیش کیا ہے،

شاعر کے بعض ناسخن شناس ناقدوں نے اس نظریہ کو پیش کرکے بڑا زور صرف کیا ہے کہ اقبال نہ صرف شاعر فطرت ہیں بلکہ وہ ایک شاعر ہیں اسی بلند سطح کے جسطرح شیلے اور ورڈسورتھ ہیں اسکو فرض کرتے ہوئے لیکن اس دعوی کو صحیح نہیں تسلیم کرتے ہوئے، یہ واقعہ رہ جاتا ہے اگر ایسا ہو تو بھی اقبال کے اشعار کا زیادہ حصہ فارسی میں ہے، اور اس حیثیت سے غیر مسلم ہندوستانیوں کی بہت بڑی اکثریت پر اثر انداز نہیں ہوتا جو کہ بہ ہیئت مجموعی تقریباً اس زبان سے اب ایک لخت نابلد ہیں، اقبال کے ایک ایسے مداح کو بہ حیثیت اس جماعت کے نمونہ

کے لیجئے، جو اقبال کو شاعر فطرت کی حیثیت سے ورڈ سورتھ کے زمرہ میں شامل کرتی ہے، میں پورے طور سے اس کے تبصروں کا اقتباس دونگا، وہ لکھتا ہے "اقبال ورڈ سورتھ کی طرح ایک بڑے شاعر فطرت ہیں وہ ایک فن کار کی آنکھ رکھتے ہیں، رنگ اور فطرت کی تمام تدریجی حسین وجمیل کیفیتوں کی تشریح کرتے ہیں، وہ اس کے کردار دں کے دقیقہ سنج مشاہد، اور اس کے ظہور کے زود فہم طالب علم ہیں، بدلیاں ستارے، پہاڑ، درخت، پھول، اور آبشار اسکی قوت مصورہ کے لیے کشش رکھتے ہیں، وہ ایک منظر کی جھلک، ایک پہاڑ کی چوٹی کا خاکہ یا سمندر کی ایک لحظہ چمک دمک دیکھتے ہیں اور اسی دم اپنے اثرات میں خود کو محو کر لیتے ہیں، انکے تصوری اثرات غیر معمولی اور نہایت دلکش ہیں، ان کے دامنی پہاڑ اپنے مقام پر جمے اور منتظر رہتے ہیں، یہاں تک کہ انکی صورتیں ہماری یاد پر چھا جاتی ہیں شاعر انکے نقش دنگار میں وقت صرف کرتا ہے، اور ہم اس تصویر کو جانتے اور محبوب رکھتے ہیں، کس خوبصورتی سے وہ تماثیل کا بیان کرتے ہیں، اسکی عظمت وجلالت ہمدوگوں کے لیے مانوس چیز بن جاتی ہے، ناقابل تسخیر فصیل کی حیثیت سے اسکی بلندی اور سرچشموں پر قبلی سفیدی اس کا چھپا ہوا خزانہ، فوارہ کا سرچشمہ جس سے دریا اور چشمے بہ نکلے ہیں، یہ ساری چیزیں شاعرانہ مہارت اور سبک دستی کے ساتھ واضح کی گئی ہیں،

دوبارہ وہ دعوی کرتے ہیں، کہ اقبال کی ایک اردو نظم "بدلی" کے متعلق بھی اسی طرح گفتگو کی جاسکتی ہے جس طرح شیلی کی نظم پر" اپنے اعتقاد کا اعلان کرتے

ہوئے کہ "مناظر فطرت کے نقاش کی حیثیت سے اقبال سب سے بڑے شاعر ہیں"۔ اور یہ کہ "وہ وہی شوخی، اور حسن پیش کرتے ہیں، جو ایک بڑا مصور ٹرنر، اپنے رنگ اور موقلم کے آلے کے ذریعہ پیش کرتا تھا" لکھنے والے فیصلہ سنانے کے لئے آگے بڑھتے ہیں "اقبال کے استعاروں میں انکی نظم بدلی کے اندر بڑے رومانی شاعر کالرج کے الفاظ کا عقیقی مفہوم ملتا ہے" کالرج کو چھوڑ کر وہ پیچھے ورڈسورتھ کی طرف مڑتے ہیں، اور اعلان کرتے ہیں، کہ "ورڈسورتھ کے "دسٹ منسٹر کاپل" کی طرح خوبصورتی کے ساتھ نہایت دلکش انداز میں شام کا امن وسکون واضح کیا گیا ہے" بہر تقدیر میں کوئی تنقید کرنا نہیں چاہتا کیونکہ ان میں بہت سی نظمیں انگریزی ترجمہ کے ذریعہ انگلش باب میں جمع کر دی گئی ہیں، اور قاری جو ورڈسورتھ اور شیلے سے واقف ہے، وہ اقبال کے متعلق بحیثیت شاعر فطرت یا کالرج کے مثل بحیثیت رومانی شاعر اپنی رائے قایم کر سکتا ہے، لیکن ہر شخص کے ذہن میں یہ بات کھٹک جائیگی، کہ اگر اقبال شیلے اور ورڈسورتھ کی طرح شاعر فطرت اور کالرج کے رنگ کے رومانی شاعر ہوتے تو کیا ہندوستان کی ادبی دنیا اقبال کے اشعار کی طرف سے ایسی ہی غیر ملتفت رہتی، جیسا کہ صورت حال ہے، بہ استثنائے اس حلقہ کے جو شاعر کے مسلک کا پیرو ہے،

ہندوستان کی ادبی تحریکوں کے ان ممتاز نقادوں کو جنکو ملک کے حالات مروجہ سے واقفیت ہے پوری طرح یہ علم ہے کہ ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں میں یکساں ایک غیر معقول وجہ موازنہ کا رواج ہے، ان مصنفین اور یوروپی ادبیات میں

ان سے ہومہ مقابل لوگوں کے درمیان جنکو وہ اچھالنا چاہتے ہیں، اس طور سے بنگال کے ادبی حالات کی خاص نسبت سے میکائیل مدھوسودن دت، کو عام طور سے اس صوبہ میں بنگال کا ملٹن کہا جاتا ہے اور چند دوسرے بنگالی شاعروں کو بھی اسی طور سے، یہ چلن بنگال سے گذر کر دوسرے صوبوں میں پھیل رہا ہے۔ اور ہینے اسی طرح کے دعاوی اس ملک میں دوسری جدید زبانوں کے مصنفین کے بارہ میں بھی دیکھے ہیں، اس لئے جہاں تک صحیح تنقیدی تناسب رکھنے کا تعلق ہے کسی کو اقبال یا کسی دوسرے مصنف کے متعلق ایسے دعاوی کو کوئی زیادہ اہمیت دینے کی ضرورت نہیں، لیکن وہ قاری جو کالی داس کی تشریحات سے واقف ہے خاصکر میگھ دت، راسجاب پیغام بر، یا تلسی داس کی رامائن، سے وہ اس مصنف کے بیان کے رد میں جس کا ہینے اوپر اقتباس دیا، خود بھی بہہ نہ جائیگا، اقبال کے متعلق بہ حیثیت ایک بڑے شاعر فطرت کے یہ بحث زیادہ اہمیت بھی نہیں رکھتی، کیونکہ ایسی نظمیں کی تعداد جو اردو میں ہیں اور صرف جس سے جہانتک ہندو قارئین کا تعلق ہے، ہمارے متعلق ہیں مسلمہ طور پر کم ہے، زیادہ سے زیادہ جن کا شمار بارہ ہوگا ان حالات میں صحیح طور پر فیصلہ کیا جاسکتا ہے کہ اقبال کے اردو اشعار میں فطرت کی شاعری کی حیثیت سے یہاں تک کہ اگر بحث کے لئے یہ بھی تسلیم کر لیا جائے کہ وہ اتنے بڑے شاعر ہیں، جیسے ورڈسورتھ، یا شیلی یا کالرج خواہ ان پر بہ حیثیت مجموعی نگاہ ڈالی جائے یا انفرادی طور پر تو بھی ہندو

قارئین کو متاثر کرنے کے لئے کچھ زیادہ مواد نہیں،

میں اس کے بعد اقبال کے اشعار کے اس مجموعہ سے بحث کروں گا جس کو ان کے روح قومی یا حب وطنی سے تعبیر کرتے ہیں، اس مجموعہ میں سب سے زیادہ اہم وہ ہے جو ہندوستان ہمارا سے مشہور ہے یقیناً یہ نظم صحیح معنی میں اس اشعار کے دائرہ میں آتی ہے جنکو قومی یا حب وطنی کہنا مناسب ہے، انہیں کوئی بے سر الفت نہیں انہیں سے کسی ہندوستانی کے احساسات مجروح ہوں، اسکی ذات یا قوم چوٹ ہو، اور یہ نظم ایک مدت تک جیسا کہ اس کو ہونا چاہیے ہندوستان کا قومی ترانہ بنی رہی، مجھے شبہ نہیں کہ یہ اپنا وہ مرتبہ زیادہ مکمل و پایدار بنائے رکھتی، اگر وہ صورت حالات پیش نہ آتی، اس وجہ سے کہ کچھ تو بعض اشعار میں انکی زبان کے اندر فارسی کے موٹے موٹے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں، جنکو عام ہندوستانی نہیں سمجھ سکتے، اور زیادہ تر اس وجہ سے کہ شاعر نے بعد میں ایک دوسری نظم لکھی جو کھلے کھلا اس سے تضاد رکھتی تھی، جو کچھ اس نے ہندوستان ہمارا میں کہا تھا ایسا نہ تھا کہ اقبال غیر ملکی زبان سے بالکل مار کئے ہوئے کوئی نظم لکھنے پر تیار ہی نہ ہوں، یہ شاعر کے مطالعہ کرنے والوں کو معلوم ہے، نتیجہ یہ نکلا کہ ایسے ہندوستانیوں کے لئے زیادہ خوش ادا معلوم ہونے لگے اس وجہ سے کہ انہیں ہندی کے دلکش الفاظ کے سلیس الفاظ تھے، میں صرف دو مثالیں نقل کروں گا،

اقبال بڑا اپدیشک ہے ۔ من باتوں میں موہ لیتا ہے

شکتی بھی شانتی بھی بھگتوں کے گیت میں ہے دھرتی کے باسیوں کی مکتی پریت میں ہے

اقتباسات بالا میں کل الفاظ خالص ہندوستانی ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اگر ایسا کرنے کے لئے اقبال توجہ دیتے تو وہ صحیح معنی میں ہندوستان کے لئے قومی گیت لکھ سکتے جو اردو جاننے والے بڑے طبقہ پر اثر انداز ہو سکتا، لیکن اسکی قطعی کوتاہیوں سے قطع نظر اقبال کی نظم "ہندوستان ہمارا" ہمارے سامنے قومی ترانہ سے جو اب تک لکھا جا چکا ہے قریب ترین رسائی پیش کرتی ہے، اس کا تذکرہ بے محل نہیں کہ دوسری جنگ عظیم کے درمیان اقبال کی زیر بحث نظم کی بڑی تحسین کی گئی جبکہ نصف درجن یا اسی ایک دوسرے کے مخالف لشکروں سے یہ گائی جاتی تھی اتحادی اور محوری پروپاگنڈہ کرنے والے مساوی طور پر اس سے کام نکالنے کے لئے خواہشمند تھے تاکہ اردو جاننے والے ہندوستانیوں کی ہمدردی حاصل کریں لیکن بہتر ہی بدقسمتی سے بعد میں اقبال نے ایک دوسری اردو نظم لکھی جس کے آغاز کے الفاظ یہ ہیں،

چین و عرب ہمارا ہندوستان ہمارا مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہان ہمارا

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہندو اسوقت سے حیران ہیں، وہ تاثرات جو پہلی نظم "ہندوستان ہمارا" میں پیش کئے گئے ہیں اسکی اصلیت پر بھی انکو شبہ ہونے لگا، کیونکہ ہندو سے ہندوستان ہمارا گانے کے لئے کہنا پھر خواہ اس کے پہلو بہ پہلو یا اس کے بعد چین و عرب اور بقیہ عالم کے متعلق جسمیں قدرتی طور پر ہندوستان بھی شامل ہے، دوسرا

نغمہ چھیڑا صرف یہی نہیں کہ واقعات سے کھیلنا ہے بلکہ کھلم کھلا غریب ہندو کی حیثیت کو تمسخر انگیز بنانا ہے،

ان واقعات و ملاحظات کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ تعجب انگیز نہیں، کہ اقبال کی قدیم تر نظم ہندوستان ہمارا اپنے مقصد کے حصول میں ناکام رہ گئی، میرے خیال میں یہ بہت ہی افسوسناک ہے، لیکن اگر سارے ہندوستانیوں کو اپنے جنم بھوم کی پکار کی طرف بلانے کے بعد، شاعر نے چین، عرب اور نیل کے بجائے کو ہندوستان ہی کی سطح پر رکھا، (اس بنا پر کہ سارا جہاں مسلمانوں کا وطن ہے) تو یہ تاثر بہرحال آخر الذکر کے لئے پسندیدہ اور خوشگوار ہو لیکن حقیقت نفس الامری کے لحاظ سے ہندوؤں کے لئے بے مزہ تھا، چونکہ یہ انکے قومی اور حب وطنی تاثرات کے لئے اثر آفریں نہیں ہو سکتا تھا، جہاں تک ہندوؤں کا تعلق ہے اسکا ایک قدرتی ردعمل ہونا تھا اور اس لئے یہ ہو کر رہا،

دو نظموں میں جس اختلاف تاثرات کا اظہار کیا گیا ہے، (ایک میں ہندوستان کی شان نمایاں کی گئی ہے جسکی خاک کا ہر ذرہ ایک دیوتا ہے، اور دوسری نظم جسمیں چین اور عرب کو ہندوستان کے ساتھ مساویانہ طور پر وطن بتایا گیا ہے) وہ اس قدر بین اور ممتاز ہے کہ اسکو ایک سرسری نظر میں بھی سمجھا جا سکتا ہے، پھر بھی اقبال کے نکتہ ناشناس مداح شاعر کی پاسداری میں ان لوگوں پر حملہ کرنے سے تھکن محسوس نہیں کرتے، جو ان کے تاثرات میں

ایک قابل لحاظ تغیر کا پتہ بتلاتے ہیں، اس زمرہ کے ایک آخری عہدے کے مصنف نے مفصلہ ذیل اظہار خیال ہے "بعض لوگ ہیں جن کے ذہن پر ایسے پردے پڑے ہوئے ہیں، کہ وہ ان دونوں ترانوں میں تضاد پاتے ہیں، لیکن کوئی تضاد ہے نہیں چونکہ اقبال ایک راسخ العقیدہ بین الاقوامی بھی تھے جن کا اسلامی اقوام کی اخوت پر ایمان تھا، اقبال کے ذہن یا فلسفہ کا مقصود جیسا کہ تنگ نظر ارباب تعصب ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں، کبھی اسلام کے لئے ان ممالک کا فتح کرنا نہ تھا اقبال کا مطلب صرف اتنا ہے، کہ اسلامی اخوت کا دائرہ ساری دنیا کو محیط ہے" مصنف اقبال کے معاصروں کی اس مثال کی حمایت کرتے ہیں، جنکی زندگی کا خاص کام یہ ہے کہ وہ شاعر کی غیر تنقیدی مدح سرائی، اور اسی طرح ان کے نکتہ شناس مداحوں پر سب و شتم کی بوچھار کریں، اس زبان میں جس کا ایک اچھا نمونہ عبارت منقولہ بالا ہے، ان زمرہ کے اراکین احساس نہیں کر سکتے کہ ذہن پر پردہ ڈالے ہوئے، تنگ نظر ارباب تعصب، اور اسی نوع اور درجہ کے بہت سے سخت دماغ لوگوں سے ذہنی و عقلی مباحثہ کو دبایا نہیں جا سکتا، کوئی شخص اقبال کو اس کی آخری نظم میں اسلام کے لئے یا اسلام کے ہاتھوں، سارے جہان کی فتح کے اظہار تاثر پر معرد الزام نہیں بنانا جیسا کہ مصنف نے غلطی سے فرض کر لیا ہے تنقید کا نقطہ یہ ہے، کہ اگلی نظم میں فوراً ہی ہندوستان کی شان بڑھا کر وہ بعد میں اپنے مرز بوم کے علاوہ دوسری سرزمینوں کی طرف متوجہ ہو گئے اور

انکو ہندوستان کی طرح اسی سطح پہ اپنا وطن قرار دیا۔ معاملہ یہ ہے کسی اسلامی فتح کا اشارہ نہیں، جو اقبال کے خلاف پیش کیا جاتا ہے اور اس اعتراض کا جواب آج تک شاعر کے کسی حامی سے بن نہ آیا۔[1]

اب ہم اقبال کی ایک دوسری نظم پر بحث کریں گے جسکے متعلق شاعر کے حامیوں کا دعویٰ ہے کہ یہ قومی تاثرات سے بھری ہوئی ہے اور اسکو [illegible] حب وطنی کو ابھارنا چاہیئے، کوئی تنقید کرنے سے قبل میں ان ابیات کو جو اس نظم کا [illegible]

---

[1] جواب یہ ہے کہ [illegible] دونوں نے اس [illegible] اور [illegible] جواب دیا ہے [illegible] فرماتے ہیں "بیشک شاعر اور مفکر اقبال کے [illegible] اپنے [illegible] تاریخی امر ہے کہ اس باب میں [illegible] اقبال تک اپنے انتہائی عروج پر [illegible] کے [illegible] اقبال نے جو کچھ لکھا ایک سچے وطن پرست ہندوستانی کی حیثیت سے لکھا اور جو کچھ ایک [illegible] کی حیثیت سے [illegible] لکھا اور جو کچھ [illegible] کے ماتحت بھی جو کچھ انھوں نے لکھا اسمیں بھی سچائی اور حقیقت ہے" ڈاکٹر سنہا فرماتے ہیں "اس [illegible] کا جواب آج تک شاعر کے کسی حامی سے بن نہ آیا" میں سمجھتا ہوں سنہا صاحب کے وطن کا ایک حقیر طالب العلم آج اس باب میں انکی تشفی کر دیگا، ہر انسان مجموعہ ہوتا ہے چند رجحانات کا اقبال بھی انسان ہی تھے، اقبال ہندوستانی شاعر کی حیثیت سے سچے وطن پرست بھی تھے اور [illegible] ہونیکی حیثیت سے وسیع النظر بین الاقوامی بھی، اسی طرح ڈاکٹر سنہا ہندو مسلم [illegible] کو [illegible]

(بقیہ دوسرے صفحہ پر)

ہے، پیش کرتا ہوں "اے برہمن میں تجھ سے سچ کہتا ہوں، رنج نہ مان، تیرے مندر کے بت بہت پرانے ہوگئے ہیں ان بتوں نے تجھے تیری اپنی ہی قوم سے دشمنی سکھائی آخر کار مینے نا اُمید ہو کر مندر اور سجادہ دونوں سے بنا رخ پھیر لیا، پتھر کی مورتوں میں تو نے خدا کا وجود دیکھا میرے لئے میرے وطن کے غبار کا ہر ذرہ ایک دیوتا کی حیثیت

ایک مصنف جو اقبال کے غیر تنقیدی مداحوں کے مثال کی نسبت کرتے ہیں اس نظم کے متعلق لکھتے ہیں "وہ (اقبال) اتحاد کے پیغمبر کی حیثیت سے کھڑے ہوئے اور اپنی "نیا شوالہ" میں انھوں نے ہمیشہ کے لئے رواداری، رسم و رواج، کورانہ تقلید

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۳۴) خالص حالی بھی ہیں، اور وہ اگست ۱۹۴۷ء میں "جشن آزادی" کے وقت ایک دقیانوسی کٹر ہندو بھی بن جاتے ہیں، اور اپنے التہاب غم کو ایک لمبی تحریر میں ناک کے راستے پیش بھی کرتے ہیں جسمیں وہ ہندوؤں کو منع کرتے ہیں کہ وہ جشن آزادی میں حصہ نہ لیں، یہ جشن مسلمانوں کے لئے ہے نہ کہ ہندوؤں کے لئے۔ انکی آئندہ نسل تو ہم کریگی یہ موقعہ ہندو قوم کے لئے خوشی کا نہیں غم کا ہے، اردو زبان اور رسم الخط کے متعلق آج آپ کا رویہ بھی ٹنڈن جی سے مختلف نہیں۔ تو کیا ہندوستان والے آپ کو ایک فرقہ پرست سمجھ لیں اور آپ کی تمام قوم پرورانہ خدمات اور ہندو مسلم اتحاد کے متعلق بلند خیالات کو بھلا دیں، ع ۔م

عقیدہ، اشیا پرستی، بت پرستی کو رخصت کر دیا، اور انکے بدلے غبار وطن کے ہر ذرہ کے لئے ایک دیوتا کی حیثیت سے پرستش و نیایش کا اظہار کیا" نیا شوالہ" وطن کے ساتھ اقبال کی پرجوش محبت کا ایک صریحی پرتو ہے" نظم پر پہلی ہی نظر ڈالنے سے اور خاصکر آخری شعر سے جو بتاتا ہے کہ میرے غبار وطن کا ہر ذرہ ایک دیوتا ہے' یہ بحث ہو سکتی ہے کہ یہ نظم حب وطن سے متعلق ہے، اور صحیح معنی میں اسکو حب وطنی کے درجہ میں رکھ سکتے ہیں، لیکن شاعر کے منشا کی اصلیت پر جرح و قدح یا اس نظم کے لکھنے پر انکی غرض کی تجسس کئے بغیر بلکہ ان تمام باتوں کو قبول کرتے ہوئے جو اس نظم کے حب وطن سے متعلق ہونے کے باب میں کہا جا سکتا ہے، بیچیدہ نفس الامر باقی رہ جاتی ہے کہ وہ تاثرات جو اس میں جمع کئے گئے ہیں، انکو کم از کم ناکام کہہ سکتے ہیں کیونکہ جس مقصد کے حصول کے لئے یہ نظم لکھی گئی، اسی کو یہ رد و باطل کرنے کا رجحان رکھتی ہے، شارح کے الفاظ میں" شاعر نے ہندوؤں سے انکی پجاری ذات برہمنوں کے واسطہ سے التجا کی ہے کہ وہ روایاتی رسم و رواج، کورانہ تقلید، عقاید، اور بت پرستی کے آثار و علایم کو ہمیشہ کے لئے رخصت کر دیں، اور ان کے بدلے غبار وطن کے ہر ذرہ کی دیوتا کی طرح پرستش کریں، اب ڈیکن کے بلیک ہاؤس کے ایک مشہور کردار، مسٹر سینگز بائی کے محبوب فقرہ کو استعمال کر کے اور اس کے لئے ان سے معذرت کرتے ہوئے" کوئی لگی لپٹی نہ رکھکر" کہا ان خطوط پر ہندوؤں سے التجا کرنے میں اقبال پرلے درجہ کے نامو قعہ شناس نہ تھے، خواہ انھوں نے اتحاد ہی کیلئے

ایسا گیا ہو، کسی زمانہ یا ملک میں کسی نے شاعر ہو یا فلسفی، اخبار نویس ہو یا اہل سیاست یا خلق اللہ کے کسی خادم قوم سان شرایط کے ماتحت کیا کوئی ایسی التجا کی ہے کہ وہ کسی امر میں میں دوسرے فرقوں سے اتحاد کے لئے اپنی روایاتی رسم و رواج، اپنے مذہبی عقائد اور عبادت کو اس بنیاد پر جس کا شاعر نے ذکر کیا ہے ترک کر دے؟ کوئی تنگ نظر ہندو شاعر خواہ وہ اپنے قوم پرستانہ تہیج ہی سے متاثر ہو کر سہی اپنے فرقہ کے علاوہ دوسرے فرقہ سے ہندوؤں کے ساتھ اتحاد کے لئے حب وطن پر مبنی سمجھتے ہوئے اگر اس نوع کی اپیل کرتا کہ وہ اپنی روایاتی رسم و رواج، مذہبی شعائر، طریق عبادت، اور دینی معتقدات کو ترک کر دے تو کتنی ہولناک چیخ پکار ہوتی، سارے لوگ جو آج کے ہندوستان میں یا اس معاملہ میں کسی دوسرے ملک کی زندگی کے حقایق کو سمجھتے ہیں، بس ایک ہی غیر مبہم جواب دیتے، یہ بالکل دوسری شے بن جاتی، گو اس صورت میں غیر آرائی کی اور زیادتی ہی ہوتی، اگر اقبال ہندو فرقہ کی تخصیص کی بجائے، حیثیت مجموعی ہندوستانی قوم سے ہر قیمت پر اتحاد کے لئے اپیل کرتے، لیکن انھوں نے یہ سب کچھ کرنے کے لئے صرف ہندوؤں ہی سے اپیل کی اور اس ملک کے اور لوگوں سے نہیں، اس لئے شاعر کے خلاف ہندوؤں کی فریاد ہوئی اس امر کے لئے جسکو وہ انکی تنگ نظری سے تعبیر کرتے ہیں،

جو لوگ قانون پیشگی میں بحث کے متعلق وقوف و تجربہ رکھتے ہیں وہ اچھی طرح جانتے ہیں، کہ مقدمہ کا دار و مدار اس پر ہے کہ کس طرح یہ اجلاس میں پیش

کیا گیا، اگر قانون داں کو اس کے ساتھ یقین کلی بھی ہو، اور کس طرح اکثر ایک اچھا خاصہ مقدمہ خراب ہو جاتا ہے، اگر اسے نا موقعہ شناسی کے ساتھ پیش کیا گیا اس اہم امر کو ملحوظ رکھتے ہوئے، اسمیں بالکل تعجب نہیں، کہ اتحاد کے لئے اقبال کا ہندوؤں کو پکارنا ناکام رہ گیا، اور اس سے نہ تو کوئی اثر پیدا ہوا اور نہ اس نے کوئی مطلوبہ ردعمل کی تحریک پیدا کی، بلکہ سچ پوچھئے تو جب یہ مخصوص نظم ہندوؤں کے سامنے پڑھی جائے تو اس کا ناخوشگوار ردعمل پیدا ہوگا، کیونکہ یہ ایک چھیڑ کا کام کریگی، نہ ملایمت پیدا کرنے کا، اور اگر ایسا ہو تو اسمیں کوئی حیرت نہیں، ہندوؤں کا اوسط خواہ وہ کتنا ہی ترقی یافتہ کیوں نہ ہو، اپنے مذہب، مذہبی رسم و رواج اور طریق عبادت کے سوال پر مسلمانوں ہی کی طرح حساس واقع ہوا ہے، اوسط مسلمانوں کے سامنے ہندو بت پرست ہیں، اور یہاں تک کہ صاف صاف یہی نظریہ، اقبال جیسے مہذب اور روشن خیال شاعر کا بھی ہے، اور یہ نظریہ زیر بحث نظم کے الفاظ میں بھی ظاہر کیا گیا ہے اور 'تاثرات' میں بھی، یہ ہندوؤں کے لئے معنی خیز ہے کہ گو اقبال نے اپنی نظموں میں کثرت سے اصلاً اپنے ہندو ہونے کا حوالہ دیا ہے پھر بھی وہ ہندوؤں کے بت پرست ہونیکے متعلق رائے رکھنے اور اظہار خیال کرنے سے بلند نہ ہو سکے، جب ہم اس زیر بحث نظم اور دوسری نظموں میں بھی منضبط الفاظ اور تاثرات کی جانچ کرتے ہیں لیکن کوئی ہندو اپنے متعلق بت پرست ہونے کا اعتقاد نہیں رکھتا، خواہ اس معنی میں جسمیں اقبال نے اس اصطلاح کا استعمال کیا ہے یا اس معاملہ کے لئے کسی دوسرے

مفہوم میں، یہ اس کا رچا ہوا اعتقاد ہے، پھر اس نظریہ کے رکھنے میں وہ صحت پر ہے یا غلطی پر یہ بالکل دوسرا معاملہ ہے، اور نہ ہندو کو بت پرستی کے متعلق جیسا کہ وہ عمل کرتا رہتا ہے اقبال کا نظریہ قبول کرنے کی ترغیب دی جاسکتی ہے، جب کہ اس کو معلوم ہے کہ مشہور و ممتاز مسلم سندوں، مورخوں، مفکروں، اور عالموں۔ نے واضح طور پر قلمبند کیا ہے کہ ہندو بت پرست نہیں ہیں، اس نقطہ پر آیندہ ابواب میں مفصل بحث کی گئی ہے، لیکن اپنے بیان کی تائید میں "آئین اکبری" جیسی مشہور تاریخی کتاب اور سند نافذ سے چند سطریں نقل کرتا ہوں جنمیں ابوالفضل ذیل کے الفاظ میں ہندو اور اسکے مذہب کے متعلق تحریر کرتے ہیں "وہ لوگ ایک سے لیکر کل تک خدا کی وحدانیت پر ایمان رکھتے ہیں اور انکی وہ نیایش جو پتھر، لکڑی، اور اسی قسم کی مورتوں کے ساتھ ہے اور سادہ لوح بت پرستی خیال کرتے ہیں، لیکن یہ بت پرستی نہیں، وہ اپنی ساری تقریبات اور رواج میں قادر مطلق کے خاص جوہر کو بہ حیثیت ایک قوت عالمہ کے قصد کے مانتے ہیں، جو انسانی تجربہ، عقل، اور قیاس سے ماورا رہے،

اس کی، اور اسی طرح کی دوسری مستند شہادتوں کی موجودگی میں، یہ تقریباً ناممکن ہے کہ ہندو اس سخت الزام کو اپنا لے، کہ وہ ایک بت پرست ہے،

لاعلمی وقت کے باعث یعنی اپنے کو بت پرست نہ تسلیم کرنے میں، ہندوؤں کے کٹر پن اور ضد کی وجہ سے ظاہر ہے کہ اگر کسی مسلم شاعر یا مبلغ کی خواہش ہو کہ وہ ہندوؤں پر ذہن کے ایسے ڈھانچہ میں ڈھالنے کے لئے اثر ڈالے، جو ہندوستان کے

اور بالخصوص ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان نزاعوں میں اتحاد پیدا کرنے پر منطبق ہوتو اس پر اسی طرح فرض ہے کہ وہ ہندو مذہب کے بنیادی عقاید و اصول پر ایک ہمدردانہ بصیرت کے ساتھ اپیل کرے۔ اسی طرح ایک ہندو شاعر و مبلغ کا فرض ہے کہ اسلام کی بلند تعلیم کے متعلق ایسا ہی کرے اور اس کو یا اس کے پیغمبر محمد صلعم کو برا بھلا نہ کہے۔ یہ اتنی حسرت کی بات ہے کہ اس نازک موضوع پر بھی روح کے ساتھ پہونچنے کے بدلے بہت سے ہندو اور مسلم مصنفین ایسے طریق کار سے کام لیتے ہیں جو عام طور سے فائدہ پہونچانے سے زیادہ نقصان پہونچاتا ہے۔ ہر ایک ایسا کھلا ہوا معاملہ ہے جس کے لئے زبان مطلوب ہے۔ مذکورہ بحث اور جس قدر مصنف کا مرتبہ بلند ہوگا اسی قدر ذمہ داری کا سیاہ بلند ہوگا جسکی اس سے توقع کی جاسکتی ہے۔ ان اہم ملاحظات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایک غیر جانبدار ناقد اقبال کو اس پر خوش کرنے کے سوا دوسری بات نہیں کہہ سکتا کہ انھوں نے زیر بحث نظم میں یہ رائے دیکر اور مفہوم پیدا کرکے بھی کہ ہندو اپنے بت کو خود خدا سمجھتا ہے اور اس میں ..... بتا فرات کا بھی اظہار کرکے سنگین غلطی کی۔ اقبال کے اس افسوسناک رویہ کا موازنہ ایک مشہور بنگالی سے کیجئے، جس نے عیسائی مذہب قبول کرلیا تھا۔ اپنی مشہور کتاب "بنگال کی دیہاتی زندگی" میں کس طرح اس کے مصنف رابرٹ لال بہاری دے ہندو مذہب کے بنیادی عقاید اور اس کے اندر جو روح کارفرما ہے اس پر روشنی ڈالتے ہیں ایک دیہاتی کے گھر میں جہاں پوجا ہو رہی ہے اسکی تفصیلات

بیان کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں "لوگ اگر پسند کریں تو اسکو اصنام پرستی کہہ سکتے ہیں لیکن ناممکن ہے کہ اس گہری مذہبیت کی تعظیم نہ کی جائے جو ہندو نداز یہاں تک کہ عام ہندو دیہاتی میں پنہاں رہتی ہے۔ گو یہ تصاویر توہم پرستانہ ہیں لیکن یہ بے معنی نہیں ہیں، یہ ایک لازمی شعریانہ اور بیحد حساس تاثر کے وجود کا پتہ بتاتے ہیں، یہ ثابت کرتے ہیں کہ ایک غیر تعلیم یافتہ دیہاتی میں کچھ ہے جو ایک اعتراف ہے کہ انسانی مسرت موقوف ہے ایک غیر مرئی طاقت کی مسکراہٹوں پر، اور یہ کہ ساری فلاح ہمہ خیر کے دامن سے وابستہ ہے"

ارسطو کے منطق تصورات مجردہ کے متعلق عقل آمادگی کر سکتے ہیں لیکن انسانوں کا سواد اعظم صورتیں رکھے ہی گا، ہر زمانہ اور اقوام میں بت پرستی کی طرف جمہور کے محکم رجحان کی وضاحت کسی دوسرے اصول پر نہیں کی جا سکتی" میکالے نے ملٹن پر اپنے مقالہ میں اس طرح لکھا ہے

"انسان ہمیشہ کسی شے کی پرستش کرتا ہے، ہمیشہ وہ ازل کو کسی فانی میں منعکس دیکھتا ہے، اور یقیناً فانی شے میں وہ اس ازلی کو ایسا دیکھ سکتا یا اسے ایسا دیکھنا چاہیئے، یہ ایک بار اس کی آنکھوں کو اس پر اچھی طرح جما دیتا ہے" کارلائل نے اپنا نظریہ اپنے ایک مقالہ میں پیش کیا ہے جس کا موضوع عام طور پر بت پرستی بتایا جاتا ہے مسیحی مذہب قبول کرنے والے ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ ہندو اور دو ممتاز برطانوی مقالہ نگاروں کے اعلانات کے بعد، ہندو مذہب میں ذات باری کے اندرونی روحانی

ادراک کے مسئلہ پر حال ہی میں دوسرے کم زور دار اعلانات کا اضافہ نہیں ہوا ۱۹۳۲ء کے اواخر میں بعض ہندوستانی مسائل پر، لندن کے اندر برطانوی لشکری مباحث میں ہندوستان اور چار آزادیوں کے سلسلہ میں بحثیں کی گئیں، اسمیں ایک موضوع ہندو مسلم تعلقات تھا، بولنے والوں میں جنھوں نے ان مباحث میں حصہ لیا بنگال کے سابق گورنر لارڈ لیٹن اور سر سموئیل ہنگا دھن ہندوستان کے ہائی کمشنر تھے۔ قابل لحاظ بات یہ تھی کہ یہ دونو بولنے والے مسیحی مذہب کے پیرو تھے لارڈ لیٹن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ انھوں نے کہا "میں اپنے تجربہ سے کہہ سکتا ہوں کہ مذہب کے معاملہ ہندو فرقہ ایک بہت ہی روادار فرقہ ہے میرا خیال ہے کہ اس کی بڑی وجہ یہ واقعہ ہے کہ مذہب کے باب میں ہندو طور سختی کے ساتھ انفرادی ہے" اس کے بعد ہندوستان کے ہائی کمشنر کی باری آئی جنھوں نے کہا "برطانوی حکومت نے سیاسی آزادی کے اطلاق میں ہندوستان کی بہت بڑی مدد کی، لیکن میرا خیال ہے ہندو مذہب میں روحانی آزادی لاینفک ہے" برطانوی، عیسائیوں اور ہندوستانی عیسائیوں کے یہ دونو بیانات ہندو مذہب کے متعلق اصل بصیرت کا پتہ بتاتے ہیں، یعنی دوسرے مذاہب کے متعلق اسکی مخصوص رواداری اور اپنے حامیوں کے لئے اسکی اپنی روحانی آزادی، یہ ایک حیرت انگیز صورت حال ہے کہ ہندو مذہب کے مخصوص صور کو قبضے کے لئے جنھوں نے اس کو غیر فانی بنا دیا جدید عیسائی اب کافی ترقی یافتہ ہیں، اس کے برعکس ہندوستان میں اسلام یہاں تک

کہ برطانوی اثر کے ماتحت بھی کم از کم جیسا کہ اقبال نے وضع کیا ہے ایسی بے تعصبی اور وسعت نظر پیدا کرنے سے قاصر رہ جائے، جو بعض جدید عیسائیوں میں پائی جاتی ہے یہ قابل ذکر ہے کہ تقریباً ایک صدی پہلے ٹینیسن نے اپنی "یادگار میں" کے اندر اپنے عہد کے غیر روادار عیسائی ہیلنوں کی غیر رواداری پر مشہور اشعار میں ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے،

"اے وہ کہ مشقت اور طوفان کے بعد ایک صاف تر فضا میں پہونچ جائے جس کا ایمان ہر جگہ مرکز رکھتا ہے، وہ ایمان جو خود شکل میں متعین نہیں رہتا۔ جب تمہاری بہن سویرے اپنی روحانی مسرت اور اپنے سرور آگیں نظریات کے ماتحت عبادت کرتی رہے تو تم اسے چھوڑ دو، اور ایک زندگی کو جو سریلے ایام کی طرف رہنمائی کرتی ہے ذرہ برابر درہم برہم نہ کرو"

لیکن بے تعصبی اور روحانی آزادی کے ایسے پیغام کی تخلیقی تحریک ہندوستان کے مسلم مصنفوں کی نظم یا نثر میں نہیں پائی جاتی، اور کسی حیثیت سے یہ چیز اقبال کے اشعار میں نمایاں نہیں، ایران کی قدیم شاعری کا یہ حال نہیں، جو کہ مذہب کے بنیادی اصول پر نہ صرف طباعانہ بلکہ ہمدردانہ وقت نظر کا ثبوت پیش کرتی ہے، جیسا کہ حسن و بلاغت کے ساتھ ایک فارسی شاعر نے اپنے مشہور مصرعہ میں ظاہر کیا ہے

در دل ہر ذرہ ہم پنہاں و ہم پیدا ستی

یا جیسا کہ دوسرے فارسی شاعر نے نزاد سنجی کی ہے،

گر گشتہ نہاں روے بکس ننمائی ۔ گدد و صور کون و مکاں پیشوائی

ایں جلوہ گری بہ خویش بنمائی ∴ خود عین عیانی و خود بیسمائی

بعض اوقات تو اپنے کو چھپاتا ہے اور کسی کو اپنی صورت نہیں دکھاتا، اس کے برعکس کبھی تو اپنے کو زماں و مکاں کی اس دنیا کی بہتیری شکلوں میں نمایاں کرتا ہے۔ تو خود ہی دیکھنے والا اور دیکھا ہوا ہے"

یا اس کو فلسفیانہ اصطلاح میں اس طور سے رکھ سکتے ہیں تو کل و جزو جوہر بھی اور عرض بھی۔

تاثر بالا جسکو ایک مسلم شاعر نے پیش کیا ہے ایک ہندو مذہب میں جاری و ساری ہے۔ اور اگر وہ عبادت جو ایسے روحانی مطمح نظر کا نتیجہ ہو کہ ہندوؤں کو شاید پرستی اور بت پرستی معلوم ہوتی ہو تو ہندو الہیات سے ان کے غور اور رفتہ داری پر بلا دھیان دئے اور بے نیازانہ انداز سے اپنی راہ چلتا رہیگا، اور اپنی اس رائے میں بے اندیشہ رہیگا کہ اس کے مذہبی عقائد اور طریق عبادت کو وہ لوگ پسند کرینگے خواہ وہ کسی سرزمین یا کسی مذہب سے متعلق ہوں جو لوگ ذات باری کی حقیقت کے متعلق زیادہ بہتر اور برتر ادراک رکھتے ہیں، کائنات کے ساتھ اپنے تعلقات کے نظریہ میں بھی وہ غلطی پر نہیں، اس نے اس کو مذہبی معاملات میں روادار ترین انسان بنا دیا ہے، چونکہ جیسا کہ ایک دوسرے ایرانی شاعر نے ہندوؤں کے نظریہ بت پرستی کو جسے کم فہم لوگ بت پرستی کہتے ہیں، واضح کیا ہے،

دانی کہ زچہ روئے گشتہ ساجد با ∴ بت گفت بہ بت پرست کاے عابد با

برما بہ جمال خود تجلی کردہ است آنکس کہ ز تست ناظر و ساجد ما

"بت نے بت پرست سے کہا اے میری عبادت کرنے والے۔
تجھے کچھ خبر ہے کیوں تو میری پوجا کرتا ہے اس وجہ سے کہ وہ ایک
جو خود کو تیرے ذریعہ ظاہر و بے نقاب کرتا ہے، وہی ہے جس نے
اپنی چمک دمک سے مجھ پر بھی روشنی ڈال رکھی ہے"۔

اپنے وسیع معنی میں یہی ہندو مذہب ہے، اور وہ لوگ جو اقبال کی طرح ہندوؤں کے مذہبی تاثرات و جذبات پر اثر ڈالنا چاہتے ہیں انکو اس کے روحانی نصب العین کو پیش نظر رکھنا چاہیئے اور اسکی تحسین کرنی چاہیئے نہ کہ اسکو بت پرستی اور اشیا پرستی سمجھکر ٹھکرانا چاہیئے کیونکہ ہندو اسکو برطرف کرینگے نہیں۔ . . . . . .

. . . . قبل اس کے کہ وہ ملک میں فرقہ وارانہ اتحاد کی امید کریں، اسی طرح سے وہ ہندو جو قومی اتحاد چاہتا ہے اسکو بھی اسلام کے بنیادی مسایل کی عظمت اور برگزیدہ روح کے لئے مساوی طور پر زیادہ انصاف پرور و رفعت افزا ذہنی ڈھانچہ بنانا چاہیئے ذات باری کے متعلق اسکے شاندار تصور اور عمرانی معاملات میں اسکی عالمگیریت کے احساس کے لئے جسمیں وہ عمل کے لحاظ سے ہر مذہب سے بلند تر ہے، اور جس نے اپنے پیروؤں میں نسل اور رنگ کے تمام امتیازات مٹا دیئے، جب تک ہندو اور مسلمان دو لوہمدردی، وسعت نظر، اور رواداری کی یہ روح نہ پیدا کریں ہندوستان میں اس وقت جو کچھ حاصل ہو رہا ہے اس سے بہتر حصول کی توقع کرنا مہمل بات

ہے، یہ بات اس وجہ سے ہے کہ ہندو اور مسلمان دونوں ابھی تک ایک دوسرے کے مذہب کے افہام اور تفہیم میں صحیح زاویۂ نظر کو ترقی دینے میں ناکام رہے ہیں اسی کا نتیجہ کہ ہندوستان کی چیزیں جو ہیں سو ہیں، اور اقبال کی طبع شاعرانہ کی اسی حقیقی روح سے محرومیت و بیگانگی ہے کہ انکی چند نظمیں بھی جنہیں انھوں نے قوم پرستی کی تبلیغ کی تھی اردو داں ہندوؤں کے تصور پر غلبہ حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکیں اس حیثیت سے اسکی ناکامی، دوسرے شاعروں اور مبلغوں کے لئے ایک خوشگوار تنبیہہ ہوسکتی ہے جو خود اقبال کی طرح بہترین نیتوں اور نصب العین کو حرکت دینے والے ہیں لیکن جنھوں نے بے تکاپن اور رسائی ناصواب کی وجہ سے اپنی کامیابی کے مواقع کو خطرہ میں ڈالدیا،

اوپر جو کچھ بیتے ہندو مذہب کے خاص امتیاز کے متعلق کہا ہے اسکی دوسرے مذاہب کے لوگوں نے بھی تصدیق کی ہے، جن لوگوں نے اس مذہب کا پہلے سے قایم کئے ہوئے تعصب کی بنا پر مطالعہ نہیں کیا ہے، حال ہی کے دو اقتباسات پیش کرتا ہوں، چودھری اکبر خاں (لندن کے ہندوستانی صحیفہ نگاروں اور مصنفین کی انجمن کے صدر اور نیز برطانیہ کے ہندوستانی مزدوروں کی گروہ بندی کے صدر) نے ہندو مذہب کے ایک جاہل بدنام کرنے والے کے دعاوی کی تردید کرتے ہوئے رویٹر کے بیان (۱۹۳۶ء) کے مطابق کہا ہے "ہندو مذہب میں عالمگیر اور جذب کی نمایاں قوت ہے، ہندو مذہبی عقاید نہیں رکھتے اس طور سے ان کا مذہب

وسیع اور لچکدار ہے۔ وہ سہل ترین طریقہ سے زمانہ کے حالات کے مطابق اپنے کو ڈھال سکتے ہیں، صرف ان اقوام کے درمیان خوفناک لڑائیاں ہوئی ہیں، جو مذہبی عقاید کا مجموعہ رکھتی ہیں" اس کے بعد ہندو مذہب کے متعلق میں برنارڈ شا کی مذرعقیدت پیش کرونگا، اپنی حالیہ تصنیف "ہر ایک کے متعلق کون کیا ہے" (جو ۱۹۴۴ء میں شایع ہوئی) میں مسٹر شا ہندو مذہب کے متعلق ان الفاظ میں اپنی منجھی تلی رائے دیتے ہیں "پہلی نظر میں دیوتاؤں کا ظاہری تعدد گمراہ نظر آتا ہے لیکن تمہیں جلد ہی معلوم ہو جائیگا کہ وہ سب ایک ہی دیوتا ہیں، وہاں ہمیشہ ایک آخری دیوتا ہے، جو جسمانیات سے منزہ ہے، یہ ہندو مذہب کو دنیا میں سب سے زیادہ روادار مذہب بنا دیتا ہے، کیونکہ اس کا اعلیٰ اور برتر دیوتا کل دوسرے ممکن دیوتاؤں کو محیط ہے، حقیقتہً ہندو مذہب اس قدر لچیلا، اور اتنا لطیف ہے، کہ اسکے اندر بہت ہی گہرے غیر معقول اور تنگ نظریت پرست ہم آہنگی کا لطف پاتے ہیں" ایک بہت روشن خیال ہندوستانی مسلمان محمد مجیب صاحب نے اپنی کتاب ہندوستانی تہذیب" میں اسی موضوع پر مفصلہ ذیل ملاحظات پیش کئے ہیں، بدھ مذہب نے قوم پر اپنا تصرف کھو دیا، ہندو مذہب نے اس کے عظیم الشان عناصر جذب کر لئے، ہندو مذہب خود ہی ساری باتیں پیش کر سکتا ہے جو اسلام میں حیاتی اور دلکش نظر آئیں، یہ قوت کی علامت ہے نہ کہ ضعف کی، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندو مذہب انفعالی اور شکست خوردہ نہیں، بلکہ وہ اپنے اندر ایسی صفات

پیدا کرتا ہے جسکی اسے ضرورت ہے، ہندو مذہب ایک طاقت ہے، اور ماضی میں جیسا کہ آج بھی ہے، اس کا خاص رخ اتحاد کی طرف رہا ہے، ہندو مذہب کے متعلق غیر ہندوؤں کے یہ تینوں عمدہ اور غیر جانبدارانہ تخمینے پورے طور سے اس حقیقت کی تائید کرتے ہیں کہ جب تک وہ مذہب دوسرے مذاہب کے نقادوں کی بڑی اور اچھی تعریف کے جذبہ وقبول کی خاص شان رکھتا ہے، اور اپنی قلب ماہیت کر کے اپنے کو ہر حصہ میں کھپا لیتا ہے وہ سدا قائم رہیگا، جیسا کہ وہ ہمیشہ بدلنے والے احول سے سازگاری پیدا کرنے کے لئے اپنی مستقل سعی کے نتیجہ میں وہ آج سات ہزار برس پھولتا پھلتا چلا آرہا ہے۔ یعنی قدامت پرستی کے باوجود ہندو مذہب کی مسلسل سازگاری اتنی تیز ہے کہ یہ نہ صرف غیر ہندو مفکرین کی نظر سے اوجھل ہوگئی ہے بلکہ خود ہندوؤں کی نظر سے بھی!

استدراک

ڈاکٹر سنہا نے اکبر علی صاحب کے حوالہ سے یہ عبارت نقل کی ہے "غیر مسلم اقبال کی کتابوں کو پڑھنے کی طرف توجہ نہیں دیتے" اسکے بعد آپ فرماتے ہیں، کہ ہندوستان کے غیر مسلموں کا انہیں قطعی کوئی قصور نہیں، کہ وہ اقبال کی تصنیفات نہیں پڑھتے اس وجہ سے کہ انکو انہیں کوئی کشش نظر نہیں آتی"، اکبر علی صاحب نے ہندوستان کی فرقہ پرستی کے سلسلہ میں ایک غمناک گلہ کیا تھا ڈاکٹر سنہا نے

اس کو ایک قضیہ بنا کر مبسوط منطقی بحث کی اور ثابت کیا کہ اقبال نے قوم پرستی کے خلاف تبلیغ شروع کی، اور مذہبی بین الاقوامیت کی وکالت کرنے لگے، اس لئے ہندوؤں میں انکو نامقبول ہونا ہی تھا، اسکے بعد آپ فرماتے ہیں "اقبال کا سیاسی مطمح نظر چونکہ مسلم گروہ پسندی کا تھا ہمیں نہیں دیکھنا کہ کیوں ہندوؤں کو ناقدر شناس اور مورد الزام بنایا جائے جبکہ خود شاعر نے انتخاب موضوع، زبان، طرز اور مرکز نظر کے لحاظ سے انکے جذبات اور کیفیات پر اثر ڈالنے کی طرف توجہ نہ دی"

سہنا نے اپنی مختصر سی تحریر میں ڈاکٹر سہنا کے اکثر اعتراضات کی معقول تردید کر دی ہے اس سلسلہ میں وہ لکھتے ہیں "ذاتی طور پر میرا یقین ہے کہ کوئی ہندو جو اردو فارسی سے دلچسپی رکھتا ہے اقبال کو نظر انداز نہیں کر سکتا" ڈاکٹر سہنا آگے چل کر رقم طراز ہیں "جہاں تک ہندوستانی قوم کی بڑی اکثریت کا تعلق ہے، اقبال کی شاعری اور ان کا فلسفہ ایسا ہے کہ ان کے لئے کوئی قبول نہیں رکھتا" اس کے بعد ڈاکٹر سہنا نے "بڑے ادب کی صفات" کے سلسلہ میں سر امس جی وڈیا کے رائے نقل کی ہے "بڑے ادب کی جانچ یہ ہے کہ اسمیں وسیع ترین انسانی مفاد کے لئے اپیل ہو اس اپیل میں کلیت اور پائداری پائی جائے جسکے مقابل زمانہ اور وضع و انداز کا تغیر مجبور ہو کر رہ جائے، اس کے بعد ڈاکٹر سہنا فرماتے ہیں اقبال کی شاعری میں وسیع ترین انسانی مفاد کے لئے اپیل کی بہت بڑی یہی کمی ہے جس کے سبب یہ غیر مسلموں کے لئے کشش پیدا کرنے میں ناکام رہ گئی"

ڈاکٹر سنہا کالیداس، دانتے اور ملٹن کو عظیم الشان شاعر مانتے ہیں انکو یہ بھی اعتراف ہے کالیداس کی شاعری کا پس منظر ہندو مذہب و روایات کا حامل ہے، اسی طرح دانتے کی ڈیوائین کامیڈی کا مسیحی عقائد پر مبنی ہونا ہر وسیع النظر نقاد تسلیم کریگا، پھر بھی ڈاکٹر سنہا کالیداس اور دانتے کی شاعرانہ عظمت پر ایمان رکھتے ہیں، آخر اقبال نے کیا جرم کیا تھا، اگر انھوں نے بالکل دانتے ہی کے ڈیوائین کامیڈی کے طرز میں جاوید نامہ لکھی، سنہا صاحب کو اقبال کی شاعری کا اسلامی پس منظر گوارا نہیں، لیکن کالیداس اور دانتے کی شاعری میں ہندو روایات اور مسیحی عقائد کے ساتھ وہ رواداری برتنے کے لئے تیار ہیں، امرناتھ جھا نے اپنی "تنقیدی پرکھ" میں ڈاکٹر سنہا کی کتاب سے کالیداس، دانتے، اور ملٹن کے متعلق مصنف کی قابل قدر رایوں کا اقتباس دیا ہے ڈاکٹر سنہا کی یہ تنقیدیں، بالکل معقول ہیں، مگر ہمیں تعجب ہے کہ دانتے کی شاعری کے مذہبی عنصر کو تو وہ قبول کر لیتے ہیں لیکن اقبال کی شاعری کے پس منظر کو پسند نہیں کرتے، حالانکہ جاوید نامہ لکھنے کے بعد اقبال دانتے سے بہت قریب آگئے ہیں، یہاں بھی سر سپر ولے ڈاکٹر سنہا ہمارا دکیا ہے فرماتے ہیں "اقبال کے لئے یہ کوئی ملامت کی بات نہیں کہ انکی شاعری میں اسلام کی روح سرایت کئے ہوئے ہے اور یہ کہ انکی شاعری میں مذہب اسلام اور اسلامی تاریخ کے متعلق مستقل حوالے ہیں" ایک شاعر کے لئے یہ بالکل فطری امر ہے کہ وہ اس مذہب سے جسمیں پیدا ہوا اور اس سوسائٹی کی تہذیب سے جسمیں وہ رہتا سہتا ہے متاثر ہو، ہر زمانہ اور ہر طبقہ کے

بعض بڑے بڑے شعرا کے متعلق یہ کہنا صحیح ہے"

سر سپر وایک وسیع النظر اور روادار نقاد کی حیثیت سے اپنی بحث میں اکثر صحیح نتائج تک پہونچتے ہیں، اس سلسلہ میں مذہبی شاعری کے متعلق مشہور جرمن مستشرق "ونٹرنز" کی فاضلانہ بحث غالباً اہمیت سے دیکھی جائیگی، اسکو سر سپرو کی مجمل تنقید کی شرح کہہ سکتے ہیں،

اقوام عالم کی تاریخ ادب میں ایسے شعرا کی کافی تعداد نظر آتی ہے، جنھوں نے اصناف شعر میں اپنے کمالات دکھلائے اور اپنی شعر کے فضائل و برکات بیان کئے انہیں اطالیہ کے دانتے، عرب کے حسانؓ، بدھ مت کے اسوا گھوش اور جین دھرم کے بھادر دیسوری کی مذہبی شاعری کو اہمیت کے ساتھ پیش کیا جا سکتا ہے،

اسوا گھوش سنسکرت زبان کے اکابر شعرا میں سے ہے، کالیداس سے قبل اس کا زمانہ ہے مثنوی، تمثیل اور تغزل کا اس کو خلاق بتایا جاتا ہے، اس کی کتاب بدھ چرتر ہے جسکو جرمن مستشرق ونٹرنز بدھ کرٹیا کہتا ہے، اس کتاب کا اصل متن اور ترجمہ یورپ کی مختلف زبانوں میں موجود ہے، ونٹرنز نے چینی، انگریزی، جرمن اور اطالوی تراجم کا تذکرہ کیا ہے اس کتاب کا اصل نسخہ موجود نہیں لیکن چینی سیاح

(I-Tsing) جسنے ۶۷۱ء - اور ۶۹۵ء کے درمیان ہندوستان کا سفر کیا، اسکی بڑی تعریف کی ہے، اور آج بھی جبکہ پہلی مرتبہ فرانسیسی عالم سلون لیوی، کے ذریعہ (جنھوں نے ۱۸۹۲ء میں بدھ چرتر کا پہلا باب شایع کیا) اہل یورپ

اسواگھوش سے روشناس ہوئے تو یہ کتاب اپنی بلند پائگی کے لئے بورپ سے خراج تحسین وصول کر رہی ہے۔ اس میں بدھ کے سوانح و معجزات کو بکمال حسن پیش کیا گیا ہے

اسواگھوش نے تغزل پر جو کارنامہ چھوڑا ہے اس میں صرف گنتی کے چند نام ملتے ہیں اسے، وان سٹیل ہالسٹین (A. Von Stael Halstein), نے چینی کتابوں سے اسکو اصل سنسکرت میں منتقل کیا، محاسن شعر و ادائے بیان اور جذبات نگاری کے لحاظ سے یہ کتاب بہت عمدہ اور اسواگھوش کے شایان شان ہے "سندری نند کاویہ" کے جو مختصر اجزا ہمارے سامنے ہیں، انکی بنا پر تغزل نگاری کے حیثیت سے اسواگھوش کو کالیداس کا قابل قدر پیرو کہا جا سکتا ہے۔ ہیان سانگ نے بدھ مت کے شعرا میں اسواگھوش، دیو، ناگا جن اور کمار لابدھ کو چار آفتاب سے تشبیہ دی ہے، جن سے دنیا روشن ہو گئی،

جینیوں (Jains) کے مذہبی ادب کی تاریخ میں بھی اکابر شعرا کے اسماء پائے جاتے ہیں، اسواگھوش کی طرح بھاؤ دیو نے بھی تقریباً اسی زمانہ کے حالات و سیرت پر اپنی کتاب "پارس ناتھ چرتر" لکھی آٹھویں صدی میں ہری بھدر گذرا ہے، جو چتر کوٹ (چتور) کے ایک برہمن گھرانہ میں پیدا ہوا، ایک جینی راہبہ یاکنی کی ہدایت کے مطابق جین بھشو کے ابرۂ تلمذ و تلقین میں وہ داخل ہوا وہ سنسکرت اور پراکرت دونوں کا ماہر تھا، نظم و نثر دونوں میں اسکی ایک ہزار سے زیادہ کتابیں بتائی جاتی ہیں جنمیں اٹھاسی کتابیں تو یقیناً مخطوطات کی شکل میں موجود ہیں

اور ان میں بیس کتابیں چھپ چکی ہیں،

سدھرسی، امینگتی، سدھاسین، دیواکر اور اسی طرح بے شمار اکابر شعرا اور انکی مثنوی، تغزل، اور دوسری نظموں کے قابل قدر کارناموں پر ونٹرنز نے روشنی ڈالی ہے۔

نواب امداد امام اثر بالمیکی، ہومر، اور میرانیس کو دنیا کے عظیم الشان شعرا میں شمار کرتے ہیں، کیا بالمیکی کی رامائن میں ہندو مذہب کے آثار و کوائف نہیں اسی طرح ہومر کی ایلیاد یونانی تہذیب و عقاید، اور میرانیس کے مراثی میں اسلامی تاریخ و روایات اور خالص مذہبی جوش و ولولہ نہیں پایا جاتا بدھ چرتر اور پارس ناتھ چرتر خالص مذہبی شاعری کے ماڈل ہیں، لیکن یورپ کے فضلا اور ناقدین ان پر آج سر دھنتے ہیں، اور اسوا گھوش اور بھاؤ دیو کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف کرتے ہیں، سنسکرت زبان اور ہندوستانی ادبیات کے مشہور جرمنی ماہر ہین سنگ نے اسوا گھوش کو شعر و ادب کا آفتاب تسلیم کیا، کیا سوامی تلسی داس کی شاعری میں ہندو تہذیب اور روایات کے نمایاں اثرات نہیں پائے جاتے، لیکن جاڑوں کی اسسان راتوں میں دور سے رامائن کی سریلی اور روح پرور لے ہر سننے والے کے قلب میں ایک تھرتھری پیدا کر دیتی ہے، کیا اسکی سامعہ نواز موسیقیت اس کا اخلاقی پیغام ہر سننے والے کو خواہ اس کا مذہب جو بھی ہو اس عالم آب و گل سے بہت دور روحانیت کی کسی سرور آفریں دنیا میں گم نہیں کر دیتا، ڈاکٹر سنہا کو اقبال کی شاعری کا مذہبی نقطۂ نظر ادا

نہیں، لیکن ہمیں تو اقبال اور سودائی جی دونوں اپنی شاعرانہ صلاحیت اور پیغام سے بیحد متاثر کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ ڈاکٹر سنہا نے بحیثیت ناقد ادب ڈاکٹر اقبال کی شاعری اور پیغام کو نہیں پرکھا ہے بلکہ ہمیں اس میں ایک مشیر قانونی کی موشگافیاں نظر آتی ہیں، مگر تعجب ہے کہ ڈاکٹر سنہا دانتے اور ملٹن جیسے بیسیوں شعراء کے معاملہ اتنے وسیع ہو جائیں، اور ایک اپنے دوست ہندوستانی شاعر کو وہ اپنی ہمدردیوں سے محروم کر دیں۔

ڈاکٹر سنہا نے اس مضمون میں ڈاکٹر اقبال کی اردو شاعری میں زبان اور محاورات کی اجنبیت، اور فارسی جیسی بدیسی زبان میں اپنی شاعری کا بڑا سرمایہ چھوڑنے پر اعتراض کیا ہے۔ فرماتے ہیں "اردو میں اقبال نے جو قلیل سرمایہ چھوڑا ہے اس کے متعلق اس کے موضوع، زبان اور طرز سب پر بحث کی جا سکتی ہے۔ اور [illegible] کہ ان کی نظر بڑے سرمایہ کا موضوع انکی زبان کی طرح زیادہ تر غیر ہندوستانی ہے، اور ان کے طرز کی بنا داخلی بنیاد پر ہے"۔

اقبال کی شاعری کا بڑا سرمایہ فارسی میں ہے، لیکن اردو میں بھی کم نہیں ہے بانگ درا، بال جبریل، ضرب کلیم اردو ہی میں ہیں۔ عرب کلیم جیسا فلسفیانہ دل شاہکار اردو میں پیش کر کے اقبال نے اردو زبان پر غیر فانی احسان کیا۔ ڈاکٹر سنہا اسکو "قلیل سرمایہ" بتاتے ہیں ڈاکٹر سنہا نے اقبال کے بعض ہندی آمیز اشعار کی بڑی تعریف کی ہے، مثلاً

شکتی بھی شانتی بھی بھگتوں کے گیت میں ہے،۔
دھرتی کے باسیوں کی مکتی پریت میں ہے

یا پھر اقبال کا یہ شعر،

اقبال بڑا اپدیشک ہے ۔ من باتوں میں موہ لیتا ہے

ڈاکٹر سنہا کو بہت متاثر کرتا ہے، آپ فرماتے ہیں "اقتباسات بالا میں کل الفاظ خالص ہندوستانی ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اقبال اگر ایسا کرنے کی کوشش کرتے، تو صحیح معنی میں ہندوستان کے لئے قومی گیت لکھ سکتے، جو اردو جاننے والے بڑے طبقہ پر اثر انداز ہو سکتا"

سر سپرو فرماتے ہیں "میری رائے میں انکی (اقبال) بعض نظمیں فارسی اور اردو دونوں میں انکے عالمی جوش کی جو فلسفیانہ ذہن کو اپیل کرنے والا ہے کافی مظہر ہیں" نواب یار جنگ نے بھی اقبال کی ثقیل اردو زبان اور فارسی اختیار کرنے پر بحث کی ہے، اور انھوں نے سر سپرو کی طرح اس کے حسن و نقص دونوں پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے، ڈاکٹر سنہا اور ڈاکٹر جھا دونوں کی بحثیں اس سلسلہ میں یکطرفہ ہیں،

زبان کا مسئلہ ہمیشہ سے اہم رہا ہے، مگر پچھلے تیس سال کے اندر اس نے خواص کے علاوہ عوام کو بھی اپنی طرف متوجہ کر لیا، جنگ آزادی کے دوران میں ہندوستانی کے نام سے ایک عام فہم زبان کی ترویج اور اسی کو اردو اور دیوناگری رسم خط میں قومی زبان تسلیم کرنے کی سعی کی گئی ملک کا بٹوارہ ہو گیا، اور اب انڈین یونین کی [illegible]

سے صرف ہندی کو دیوناگری رسم الخط میں قومی زبان قرار دیا، اب امرا تھجا کے الفاظ میں ڈاکٹر اقبال کی "بال جبریل" والی تقلیل اردو شاعری ہو یا ڈاکٹر سنہا کے پیش کردہ اقبال کے ہندی آمیز اشعار، نظیر اکبرآبادی کا سا لیس اور گہرا ہندوستانی رنگ ہو یا حالی کی اقبال پر فوقیت رکھنے والی ادا، طرز، اور بیان، ہندوؤں کے سامنے ڈاکٹر سنہا کے الفاظ میں اب صرف "اقبال کی تقلیل مخلق اور غیر ہندوستانی زبان" کا سوال نہیں رہا بلکہ اردو رسم الخط میں جو کچھ ہو وہ "ملسان باہر کی چیز ہے"، ڈاکٹر سنہا بھی تقریباً اس مخالفت میں اکثریت کے ہم آہنگ ہیں، کیونکہ اسی سیاسی انقلاب کی بنا پر انھوں نے بہار اردو کانفرنس (۱۹۳۷ء) کی صدارت سے انکار کر دیا۔ پھر صورت جب یہ ہو تو اقبال خواہ ہندی آمیز شعر کہتے یا فارسی آمیز، نتیجہ ایک ہی ہوتا، اردو رسم الخط میں قومی گیت قبول کرنے کے لئے کوئی ہندو اس وقت تیار نہیں ہے۔

زبان کے باب میں ذاتی طور پر میں کسی پابندی کا قایل نہیں، میں بعض فطری اصول کے ماتحت ابھار، ترقی، اور رواج ہوتا ہے، ہندی یا اردو کو آسان کرنے کا مشورہ دینا، قوانین فطرت سے جنگ ہے۔ انکی ترقی ادبی حیثیت سے آزادانہ ہونی

ع۱ اس مسئلہ پر تاریخ اور لسانیات کی روشنی میں حال ہی میں راقم نے بڑی مبسوط بحث کی ہے جس کا ایک حصہ "نوجوان" پٹنہ اور تاریخی و لسانیاتی حصہ "نگار" میں شایع ہو رہا ہے، ع۔م

چاہیے کہ سیاسی حیثیت سے پابند انہ ہندوستانی کا سوال ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا گیا یہ ہندی اور اردو دونوں کی راہ کا روڑا تھی، ہمیں خوشی ہے کہ اردو کو بھی اب فطری اصول کے ماتحت ابھرنے کا موقعہ ملیگا، خواہ اکثریت اسکو "راندۂ دربار" بنادے یا اسکی ترقی کی راہ میں، سہولتیں بہم پہونچانے میں کم نگاہی و بخل سے کام لے، اس کا مستقبل اب یکسوئی کی طرف مایل ہوگیا،

اقبال کی فارسی زبان کی ادبی شان اور ایران میں اس کے رد وقبول کے متعلق سنہا، سپرو، اور جھا، تینوں ہم خیال ہیں، فرق صرف یہ ہے کہ سپرو اقبال کی فارسی نظموں کو بھی دلچسپی سے پڑھتے اور اس کے عالمی جوش کے قائل ہیں، اس کے برخلاف ڈاکٹر سنہا اسکو ہندوؤں کے لئے اور ایک کنایہ آمیز طریقہ سے اپنے لئے بھی ناقابل اعتنا سمجھتے ہیں، ڈاکٹر جھا نے صاف صاف اعتراف کیا ہے کہ وہ اس سے ناواقف ہیں، پھر بھی انھوں نے کس زور سے اور دعوی کے ساتھ یہ لکھا ہے "یہ افسوس کی بات ہے، سینکڑوں بلکہ ہزاروں ہندوستانیوں میں جنھوں نے پچھلی چار صدیوں میں فارسی زبان میں لکھنا پسند کیا، ایک کے سوا کوئی بھی ایرانی ادبیات کی تاریخ میں قابل تذکرہ نہ سمجھا گیا" اس کے بعد ڈاکٹر جھا نے سر سپرو کی طرح ہندوستان کی فارسی شاعری کے متعلق براؤن کی تنقیدی رائے اور ایرانی وفد کے ریڈر رہزا کسیلینسی علی اصغر حکمت کا تعصب لبریز بیان نقل کیا ہے ہندوستان کی فارسی شاعری کے متعلق ایرانیوں کی تنقید میں عموماً وطنی تعصب پر مبنی ہیں ایرانیوں کو تو جانے دیجئے خود ہندوستانیوں

میں قدیم اور جدید دونوعہد میں ایسے فضلا کا وجود پایا جاتا ہے، جو ہندوستان کی فارسی زبان کو ایران کے حقیقی مزہ و لہجہ سے گرا ہوا بتاتے ہیں، زبان کے باب میں یہ سوء ظنی ابتدائی تاریخ کی کوئی نئی حقیقت نہیں، دہلی اور لکھنؤ والے ہندوستان کے دوسرے علاقوں کے لوگوں کی اردو زبان کو ٹکسالی نہیں سمجھتے یہی حال خود ایران میں شیراز و اصفہان والوں کا ہے اور وہ رومی و نظامی کو قابل استناد نہیں سمجھتے، ہندوستان کے نقادوں کی اتنی اہم اور پایدار خدمتیں انجام دی ہیں، کہ انکو کوئی انصاف پسند محقق نظر انداز نہیں کر سکتا، ہندوستان کے فارسی شعرا میں خسرو، فیضی، بیدل و غالب کی ایسی زبردست ہستیاں تھیں کہ ایران میں بھی انکو بڑی ہی قدر و منزلت سے دیکھا جاتا ہے لیکن قومی و ملکی تعصب اور تنگ نظری کا کیا علاج، کہ ایران انکو پسند نہیں کرتے حالانکہ ہندوستان نے خسرو، فیضی، بیدل و ناصر علی، غنی و مظہر جان آرزو و غالب اور اقبال کو پیدا کر کے نہ صرف فضلائے ایران کو حیرت میں ڈال دیا بلکہ انکے نگاروں اور اکابر شعرا سے خراج تحسین وصول کیا، خسرو کو تو متقدمین ایران تسلیم کرتے ہیں، فیضی و بیدل، غنی و ناصر علی، سہرندی اور جان آرزو کے متعلق ایرانی تذکرہ نگاروں کی رائیں ہندوستان کا مرتبہ بہت اونچا کر دیتی ہیں، شیخ علی حزیں کے اصفہانی اور صائب تبریزی جیسے ممتاز ایرانی شعرا، اور نقی اوحدی آذر، والہ اور طاہر نصر آبادی جیسے ایرانی تذکرہ نگاروں نے ہندوستان کے فارسی شعرا کے متعلق جو کچھ لکھا ہے، اس سے نہ صرف ہندوں، ایرانی وفد، اور ان کے اقوال کی بنا پر

سپہ واد رجحان کے بیانات کی تردید ہوتی ہے بلکہ قدرتی طور پر ایک علمی سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ اگر ہندوستان کی فارسی زبان کے سارے سرمایۂ شعر و ادب کو کسی باہر چیز سمجھ لیا جائے، تو بھی فیضی و بیدل، غالب و اقبال تو جیتی جاگتی چیزیں ہیں، ایران سے تو رام مخلص اور ایک چند بہار کے پایہ کا بھی کوئی اردو شاعر پیدا نہ کر سکا، مرزا معز فطرت، قوام فاروقی، ظہیر، اور شیخ علی حزیں برسوں ہندوستان میں رہے لیکن باوجود کوشش وہ ایک شعر بھی اردو میں ایسا نہ کہہ سکے جو مخلص و بہار نے فارسی میں کہے حالانکہ ان کو ایران کی ہوا بھی نہ لگی تھی۔

اس باب کی آخری بحث میں ڈاکٹر صاحب نے جس جوش و عتاب اور کثرت معلومات کا مظاہرہ کیا ہے اسے پڑھکر ہمیں حیرت زدہ رہ گیا، ایک مشاعرہ میں شاہجہاں بھی موجود تھے، چند رجہان برہمن نے اپنا شعر پڑھا،

۱؎ شیخ علی حزیں نے اصفہان سے بیتیس ۳۵ بیت کا ایک قصیدہ فیضی کی شان میں لکھکر بھیجا، ایک شعر ہے،

گیم با در سدد رشاعری دعوائے ہم چشمی — کہ در ایران خاقانی ہم من مریدا وست پیرمن

صائب تبریزی نے غنی کشمیری اور فیضی کی غزل پر غزل کہی،

ایں جواب آں غزل صائب کہ می گوید غنی — یا دایامے کہ دیگ شوق ما سرپوش داشت

ایں آں غزل کہ فیضی شیریں کلام گفت — در دیدہ ام خلیدہ و در دل نشستہ

(تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو سرود آزاد)

مرا دے است بہ کفر آشنا کہ چندیں بار
بکعبہ بردم و آخر برہمن آوردم

سرخوش کا بیان ہے کہ شاہجہاں نے نگاہ قہر سے دیکھکر فرمایا کہ "سخت کافر است" نواب افضل خاں وزیر اعظم نے چونکہ چند رجھان کے مربی اور دستگیر تھے، موقع کی نزاکت دیکھی فوراً شہنشاہ سے عرض کیا کہ حضور! شیخ سعدی نے فرمایا ہے۔

خر عیسیٰ اگر بہ مکہ رود باز آید ہنوز خر باشد

بادشاہ نے مسکرا دیا اور پھر دوسری طرف مشغول ہو گئے، نواب افضل خاں کی ذہانت اور موقع شناسی، ہمدردی اور دستگیری آڑے آئی،

ڈاکٹر سنہا اقبال پر گرجے بھی ہیں اور برسے بھی، یہاں تک کہ ہنس پڑا، غریب اقبال زندہ ہوتے تو خدا جانے وہ اپنے شاعر ہونے پر ماتم کرتے یا مشیر قانونی کے یہاں اپنے شعر کے پہونچنے پر، اقبال نے صرف یہی کہا تھا، اے برہمن میں تجھ سے سچ کہتا ہوں، رنج نہ مان، تیرے مندر کے بت بہت پرانے ہو گئے ہیں، ان بتوں نے تجھے تیری اپنی ہی قوم سے دشمنی سکھائی، آخر میں ناامید ہو کر مندر اور مسجد دونوں سے اپنا رخ پھیر لیا، پتھر کی مورتوں میں تو نے خدا کا وجود دیکھا، میرے لئے میرے وطن کے غبار کا ہر ذرہ ایک دیوتا کی حیثیت رکھتا ہے" اس پر ڈاکٹر سنہا نے شاہجہاں کی طرح اقبال کو بہ نگاہ قہر دیکھا، فرماتے ہیں "کیا ان خطوط پر ہندو سے التجا کرنے میں اقبال پہلے روحہ کے نامور قنہ شناس نہ تھے" اور آگے چلکر سنہا صاحب نے جس جوش

غضب کا اظہار کیا ہے اس سے تو ہمیں اسکول اور کالج کے جلسۂ مباحثہ کا مزہ مل گیا، فرماتے ہیں "اگر کوئی تنگ نظر ہندو شاعر خواہ اپنے قوم پرستانہ تہیج ہی سے متاثر ہو کر سہی اپنے فرقہ کے علاوہ دوسرے فرقہ سے ہندوؤں کے ساتھ تعاون کے لئے حب وطنی پر مبنی سمجھتے ہوئے اس نوع کی اپیل کرتا، کہ وہ اپنے روایاتی رسم و رواج، مذہبی شعائر، طریق عبادت اور دینی معتقدات کو ترک کر دے، تو کتنی ہولناک چیخ پکار ہوتی" ہمیں یہاں اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ ڈاکٹر سنہا ایک مضبوط عقیدہ کے سچے ہندو ہیں، یہ ایک قابل عزت رویہ ہے، مغربی تعلیم کے بعد لوگ اپنے مذہب اور مشرقی روایات سے بیگانہ ہو جاتے ہیں ڈاکٹر سنہا پر گہرا مذہبی رنگ ہے، اور اس حیثیت سے وہ قابل قدر ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ غریب اقبال کا جرم کیا ہے؟ کیا برہمن اور ربت کے وہی معنی ہیں جو سنہا صاحب نے سمجھا ہے، اور اگر ایسا ہے تو مسلمانوں کو بھی چاہیے تھا کہ مسجد کی اہانت کرنے پر اقبال سے مواخذہ کرتے، بیچارہ نے شاعرانہ انداز میں اصطلاحی اور رسمی باتوں سے گزر کر حقیقی زندگی کی ایک جھلک دکھائی تھی، اسمیں نہ کسی فرقہ کی اہانت و دل آزاری کا سوال تھا اور نہ مندر و مسجد کی تقدیس کی مخالفت کرنے کا، بلکہ شاعر دنیائے رسم سے کچھ بلند ہو کر انسانیت کو پیغام دیتا ہے، ڈاکٹر سنہا کو یہ اعتراض ہے، کہ شاعر نے مخصوص طور پر "برہمن" کا نام کیوں لیا، یہ وہی اعتراض ہے جو شاہجہاں کو چندر بھان برہمن کے منقولہ بالا شعر پر تھا جسمیں ایک "برہمن" نے کعبہ کا نام لے لیا تھا اور اس طرح سے اس کے نزدیک کعبہ کے تقدس پر

حرف آتا تھا اور اسلام خطرہ میں تھا، یہ شعر کو پرکھنا نہیں ہے بلکہ تاثر و تفکر جو کا حساب کرنا ہے، شاعر اور شعر و دل کے ساتھ یہ ایک ایسی ستم ظریفی ہے جس پر نقاد کی آنکھوں سے آنسو کے بدلے خون ٹپک پڑتا ہے میرے خیال میں جس طرح شاعر نے ہمارے ہاں رکھان کے شعر کا مفہوم پیدا کرکے اپنی بدمذاقی کا ثبوت دیا تھا، ویسی ہی غلط فہمی عالم ہا" ہمیں یہاں بھی نظر آتی ہے۔ اسکے بعد ڈاکٹر صاحب نے اپنے خیالات میں ہندو مذہب، اور ہندو سوسائٹی کی رفعت، وسعت اور ہمہ گیری پر ایک مبسوط بحث کی ہے اس بحث سے یہ تو پتہ چل جاتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کے ذہن میں ہندو ہیں، وہ ہندو مذہب کے دردمند اور عقیدت کیش بن بھی ہو سکتے ہیں لیکن اسکا کیا جواب ہے کہ انکی ساری بحثیں مذہب کی حیثیت سے ہندو ازم کی حقانیت ثابت کرنے کے بجائے اسکی بیماری کو اور بھی کھوکھلی اور کمزور بنا رہی ہیں، دنیا میں آج کل مذہب کو خدا کا پیغام سمجھنے والوں کی کمی نہیں لیکن صاحب موصوف نے ہندو ازم کی جو رائے بطور استناد نقل کی ہے، اس سے "الہام" کی حقیقت تک تو ان سارے آئے دن بدلنے والے سر کلر سے بھی زیادہ تغیر پذیر ہو کر رہ جاتی ہے اسکو مذہب دینوی معاملات کی حیثیت سے جو بھی چاہے کہہ لیجئے، لیکن اس سلسلہ میں زیادہ شرح کے ساتھ کوئی بحث نہیں کی جا سکتی ورنہ پھر ایک دلچسپ اور تنقیدی کتاب مذہبی مناظرہ کی لغویت کی حامل ہو جائیگی۔

افتالیات کا مختصر جائزہ

اقبال اور اس کا پیغام

تصنیف محمد طاہر سائز: ۳۰ × ۲۰ صفحات: ۶۶

یہ مختصر سی کتاب کہنے کو تو اقبال کی شاعری اور فلسفہ پر ایک انتقادی حیثیت رکھتی ہے لیکن شروع سے آخر تک آپ اسے پڑھ جائیں تو آپ کو مصنف کے ادبی ذوق اور بدیہی افشا کا بھی اعتراف کرنا پڑیگا۔ اس کتاب کے ابتدائی ۲۰ صفحات اس مقالہ کا آزاد ترجمہ و تلخیص ہیں جو ڈاکٹر لطیف حسین خاں نے اقبال کے سفر یورپ کے دوران میں دورہ انگلستان کے موقعہ پر اسکول ادب اور [illegible] پر لکھا تھا۔ یہ مقالہ بڑا مغلق تھا کہ اب کی زبان بھی شگفتہ اور عبارت میں بہت زور اور روانی ہے اور اقبال کے افکار و احساسات کے تمام گوشوں پر محمل تنقید کی گئی ہے۔ بایں ہمہ آپ اگر امعان نظر کے ساتھ اس کا مطالعہ کرینگے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ اس میں بے شمار علمی تاریخی اور انتقادی خامیاں ہیں اور تنقیدی حیثیت سے یہ کتاب کوئی زیادہ اہمیت نہیں رکھتی۔

مصنف نہ تو کوئی وسیع النظر نقاد معلوم ہوتے ہیں اور نہ کتب المطالعہ طالب العلم اپنے محدود مطالعہ اور معلومات کی بنا پر مصنف نے ایسی ایسی باتیں لکھ دی ہیں جن سے عوام کے اندر علمی گمراہی اور خواص میں غلط فہمی پیدا ہونے کا امکان ہے۔ مصنف نے پہلے اردو شاعری کے اس منظر سے بحث کی ہے اس کے بعد اقبال کی شاعری اور

فلسفہ کے مضامین پر تنقید کی ہے اور اس کا تجزیہ و تحلیل کرتے ہوئے اسکے محاسن و افادات پر روشنی ڈالی ہے اور آخر میں اقبال کی فکر و احساس پر تنقید کرتے ہوئے انکے نقائص و معائب پر بڑے زور شور سے محاکمہ کیا ہے۔ جہاں تک اردو شاعری کے پس منظر کا تعلق ہے مصنف نے ہندو فلسفہ اور ہندوستان کی قنوطیت کے متعلق جو کچھ لکھا ہے وہ یکسر تاریخ و تذکرہ سے عدم واقفیت کا نتیجہ ہے۔ اس سلسلہ میں انھوں نے ہندوستان ایران کے ذہنی اثر و تاثر پر جو بحثیں کی ہیں وہ یکسر ناقص ہیں نہ تو ہندوستان کا فلسفہ سانکھیہ، ویدانت، ویوگ ہندوستان سے فارس پہونچا اور اس نے فارسی شاعری کو متزوج کیا اور نہ ویدوں کے بعد ہندوستان کی شاعری بالکل ویوگ اور قنوطیت کی پیداوار ہے سنسکرت پراکرت اور بھاشا کی شاعری کے جو شاہکار ہمارے ہندوستانی ادب میں آجتک موجود ہیں ان میں صرف قنوطیم جذبات کی کارفرمائیاں ہی نہیں پائی جاتیں بلکہ نشاط، ولولہ اور رجائیت بھی ہے،

اس سلسلہ میں پروفیسر ڈیوس، پروفیسر گارنے، اور ڈاکٹر جی تھبوٹ نے ویدانت اور سانکھیہ کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اس سے خاور صاحب کے بیان کی تائید نہیں ہوتی امیکس مولر نے ویدوں اور اوستا کی ہمرنگی اور ہم آہنگی پر اور ونٹرنز نے اپنی معرکۃ الآرا کتاب "ہسٹری آف انڈین لٹریچر" میں ہندوستان کی قدیم شاعری پر جو بحثیں کی ہیں ہمارے لئے قابل غور ہیں۔ کیا ہندوستان نے نروان اور ویوگ کی بنا پر صرف قنوطی شعرا پیدا کئے اگر یہ صحیح ہے تو فطرت نگار شاعر کا پیدا ہونا

الفضائی شعرا تاک اور کہیں تک ہندوستانی شاعری کے جتنے ذخیرے ہیں انکو کس طبقہ میں رکھا جائیگا۔

اول تو یہی بیان قابل جرح ہے کہ ہندوستانی فلسفہ میں قنوطیت پائی جاتی ہے اور اسی کا اثر ہے کہ ہندوستانی شاعری میں قنوطیہ جذبات پائے جاتے ہیں اس سلسلہ میں میکس مولر کا مستند بیان قابل غور ہے تمام ہندوستانی فلاسفہ پر قنوطیت کا الزام لگایا جاتا ہے اور بعض صورتوں میں یہ الزام بے بنیاد بھی نہیں لیکن سب پر یہ الزام صادق نہیں آتا ہندوستانی فلاسفہ کے پیش نظر ہمیشہ صرف زندگی کی تلخیاں ہی نہ تھیں وہ صرف رونا گانا نہیں کرتے کہ زندگی رہنے کی چیز نہیں، انکی قنوطیت یہ نہیں وہ سادگی کے ساتھ یہ بیان کرتے ہیں کہ [illegible] عکس کا پیلا کیچ انکے اندر اس حقیقت کی وجہ سے پیدا ہوا کہ دنیا میں [illegible] "عالم کامل" میں محبوبیت کا گزر نہیں وہ محبوبیت کو ایک غیر طبعی چیز جانتے اور اسکی توجیہہ کرتے ہیں اور اسلئے یہ شرف حاصل کرنے کا امکان بتاتے ہیں۔ وہ دکھ کے اندر ایک نقص نا تمامی پاتے ہیں اور اس حیثیت سے انکے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوا کہ کیونکر اسکی تکمیل ہوتی اور کیونکر اسکو فنا کیا جا سکتا ہے لیکن اس طبعی میلان کو ہم قنوطیت کے نام سے تعبیر نہیں کرتے ہندوستانی فلسفہ میں خدا کی نا انصافی کے متعلق نہ تو چیخ پکار ہے اور نہ یہ استہلاک کو چارہ کار بنا کر اسکی ترغیب دیتا ہے اس بلا کش آفریں چارہ کار سے کوئی داد بھی نہیں کیونکہ ہندوستانی نظریہ کے مطابق الہیں مصائب

اور انہیں مسائل سے دوسرے جنم میں بھی دوچار ہونا پڑیگا یہ خیال کرتے ہوئے کہ ہندوستانی فلسفہ کی غرض و غایت مصیبت کو دور کرنا ہے، اس مصیبت کو جو جہالت کی پیداوار ہے اور وہ بلند ترین درجہ مسرت حاصل کرنا ہے جو علم کی پیداوار ہے، ہمیں زیادہ حق حاصل ہے کہ اسکو قنوطیت کی بجائے شادکامی سے

(Hedonism)) تعبیر کریں۔

اس ہم آہنگی کا مطالعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا جسکا آغاز ہندوستان کے خاص خاص نظام فلسفہ بلکہ بعض مذہبی نظام میں بھی پایا جاتا ہے یہ ہم آہنگی یہ ہے کہ دنیا مصیبت سے بھری ہوئی ہے اور یہ کہ اس مصیبت کی توجیہہ ہونی اور اسکو دور ہونا چاہیے یہ ہندوستان کے فلسفیانہ تصور کا اگر خاص نہیں تو خاص تہیجات میں سے ایک ضرور ہے، اگر ہم گیتنی سے ابتدا کریں ہم لوگ اسکے پردہ میں سے حقیقی فلسفہ کی توقع نہیں کرسکتے کیونکہ یہ تقریبا سوالات مثلاً قربانی وغیرہ سے متعلق ہے لیکن گو یہ قربانیاں ایک قسم کی روحانی مسرت کے حاصل کرنے اور ان دنوں کی معمولی مصیبت کو دور کرنے کا ذریعہ سمجھی جاتی تھیں یہ اس اعلیٰ روحانی مسرت کے حصول کا ذریعہ نہیں سمجھی جاتی تھیں جسکے لئے دوسرے فلاسفہ کوششیں کررہے تھے، "اپنیشدس" اور دوسرے فلسفے بلند تر سطح پر نظر آتے ہیں بادرائن کی تعلیم تھی کہ تمام شر کی اصل "اودیا" (جہل) ہے اس کے فلسفہ کی غرض یہ ہے کہ اس جہل کو ودیا (علم) کے ذریعہ دور کرے، اور اس طور سے برہما کا

حقیقی عرفان حاصل ہو جائے جو بذاتِ خود ایک اعلیٰ نعمت ہے۔ سانکھیہ فلسفہ بھی کم از کم جیسا کہ ہمنے اسکو کارِیکاؤں اور سترؤں کے ذریعہ گو "تفاسمانس" کے ذریعہ نہ بھی سمجھا ہو تین قسم کی مصیبت کے وجود کا قایل ہے انھیں سے ابتدا کرتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ اس کا بلند ترین مقصد یہ ہے کہ سارے دکھ کا خاتمہ ہو جائے، یوگی فلاسفہ تصوراتی جذب (سمادھی) کا طریقہ بتاتے ہوئے اظہار کرتے ہیں کہ تمام دنیاوی مصائب سے رہائی پانے کا بہترین ذریعہ ہے اور آخر میں "کیولیا" یا نجات کا ملہ پانے کا "ویشیشکا" اپنے متبعین کو حقیقت کے علم کی توقع دلاتے ہیں اور اس کے ذریعہ سارے دکھ کے خاتمہ کی۔ گوتم بدھ کا فلسفۂ منطق اپنے پہلے ہی سنتر میں شادکامی اور سعادت (اپورگ) کو اعلیٰ ثواب سے تعبیر کرتا ہے یہ شادکامی منطق کے ذریعہ سارے دکھ کے کامل خاتمہ کے بعد حاصل ہو سکتی ہے۔ بدھ کے مذہب کی اصل یہی ہے یعنی انسانی مصیبت اور اس کے اسباب اور اس کا مقصد بھی یہی ہے کہ کس طرح اس دکھ کا خاتمہ (نروان) ہو سکتا ہے اس حیثیت سے بدھ مذہب پر مزید روشنی ڈالنے کی ضرورت نہیں، یہ امر قابلِ یاد رکھنے کے ہے کہ دوسرے نظامِ فلسفہ میں بھی وہی اصطلاح اس "مقام" کے لئے (جسکی وہ آرزو رکھتے ہیں) پائی جاتی ہے یعنی نروان یا دکھ انت (دکھ کا خاتمہ) اس لئے اگر سارے ہندوستانی فلسفے دکھ کے ختم کرنے کی اہلیت کا اظہار کرتے ہیں تو اس وجہ سے عام اصطلاح میں انکو قنوطی نہیں کہا جا سکتا، حتیٰ کہ جسمانی دکھ بھی گو جسم سے اس کی علحدگی نہو

روح کو اثر پذیر نہیں کر سکتا جبکہ نفس جسم سے اس (روح) کی علیحدگی کا کامل احساس کرلے، اسی طریقہ تمام دکھوں کا نتیجہ ہوتا ہے دنیاوی تعلقات کا ختم ہو سکتا ہے اگر ہم خود کو ان آرزوؤں سے پاک کر لیں جن پر یہ تعلقات مبنی ہیں جب اس سارے دکھ کی علت کا ہم اپنے اعمال و تصورات میں خود اس عالم سے متعلق ہوں یا اگلے جنم سے ہیں پتہ لگاتے ہیں تو خدا کی تلاش کے متعلق ساری بحث ختم ہو جاتی ہے، ہم لوگ وہی ہیں جو ہمنے خود کو بنایا ہم دکھ اٹھاتے ہیں اس لئے کہ ہم نے ویسا کام کیا، جو ہمنے بویا وہی کاٹینگے گوتم بدھ نے فصل کی توقع کے ساتھ ہی روح کا مال ہیں جنکی توقع دنیا میں فلسفی کی زندگی کے خاص مقصد میں شامل ہے،

اس اعتقاد کے علاوہ کہ سارا دکھ ختم ہو جائیگا اگر اس دکھ کی ماہیت و اصلیت کی ایک بصیرت حاصل ہو جائے، دوسرے تصورات بھی ہیں جو پیدا کر رہے ایک بلند ذہنی مخزن کی جو ہر ہندوستانی مفکر کے سامنے کھلا ہوا رہتا ہے۔ مختلف نظام فلسفہ میں ان مشترک تصورات نے مختلف روپ اختیار کئے لیکن یہ ہمیں دھوکہ میں نہیں ڈال سکتے اور ایک مختصر سی روشنی ڈالنے کے بعد ہم انکے مشترک ماخذ کا پتہ لگا سکتے ہیں اس طور سے اگر ان مختلف نظام فلسفہ سے دکھ کی علت کا سوال کیا جائے تو سب کے پاس ایک ہی جواب ہے گو اصطلاحات مختلف ہیں، ویدانت اس دکھ کا سبب اودیا (جہل) بتاتا ہے۔ سانکھیہ اسکو اوپویک (عدم ادراک یا عدم امتیاز) کا نتیجہ کہتا ہے۔ بدھ اسکو متھیا گناں (علم غیر حقیقی) کی پیداوار کہتا ہے اور علم

ان ساری بے راہ رویوں کو "بندہ" (غلامی) سے نامزد کیا جاتا ہے اور یہ "بندہ" حقیقی علم سے توڑ دیا جا سکتا ہے، جسکی مختلف نظام فلسفہ تلقین کرتے ہیں۔ میکس مولر کے بیان کی روشنی میں خاوصاحب کی جتنی بحثیں تنقیدیں ہیں وہ یکسر غیر ماہرانہ ہیں اور پایۂ تحقیق سے گری ہوئی معلوم ہوتی ہیں اسی طرح اقبال کے افکار کی تحلیل کرتے ہوئے انھوں نے حالی و اکبر کے ساتھ سرسید و شبلی کا بھی نام لیا ہے یقیناً سرسید نے بحیثیت مفکر ادب و شعر کو اثر پذیر کیا شبلی شاعر بھی تھے لیکن انکی شاعری نے کوئی اثر آفرینی نہیں کی اگر بحیثیت نثر نگار شبلی سے اقبال اثر پذیر ہوئے تو پھر ذکاء اللہ نذیر احمد اور رشید کو کیوں نظر انداز کر دیا جائے، اللہ اللہ وہی نقاد جو شبلی کو جمعیت پسند اور اکبر کو حزن و یاس کا علمبردار کہے اکبر کی شاعری کو قوم کے لئے بے مایہ اور نزاع للبقاء کے منافی قرار دے) وہ اقبال کی شاعری کو سراہے جسکی اسلامیاتی، اصلاحی قومی شاعری انہیں بزرگوں کے نقوش خیال سے اُبھر کر جوان ہوئی ہو،

مصنف نے کتاب میں جو روح بیان پھونکی ہے وہ یہ ہے کہ مذہب، تصوف اور مشرق پرستی محض قدامت پرستی اور رکاکت خیال کا نتیجہ ہیں، اقبال کی اسلامی اور فقیرانہ زندگی نے انکی شاعری پر بُرا اثر ڈالا، یہاں تک کہ بقول مصنف "اقبال

The six systems of Indian philosophy.

او نئی نسل کے درمیاں ایک وسیع خلیج حایل ہے جو روز بروز زیادہ وسیع ہوتی جاتی ہے
اب سوال یہ ہے کہ اس نئی نسل کا کیا رجحان ہے اس کے ذوق فکر میں کونسا انقلاب
آگیا ہے، وہی عروض و توافی اور فنی محاسن سے عدم وقوف پر جدت طرازی اور
انقلابی شاعری کی نقاب چڑھانا اور رفتہ رفتہ اکمیت کی کورانہ تقلید اور مارکس کی پیروی کی
شہادت ہیں عہد حاضر کے کنپٹ سے نکلے ہوئے طالبعلموں اور "جدید یہ" کی
ہوا کی رخ پر بہنے والے نوجوانوں کا بے کیف ارغنوں!

اقبال کے فلسفہ شعر پر بحث کرتے ہوئے مصنف نے برگسان کے فلسفہ پر
سرسری نگاہ ڈالی ہے، اور اقبال کو اس کا مقلد و پیرو بتایا ہے مگر اس ترمیم کے
ساتھ جو میک ٹیگرٹ نے کی تھی،

اس کے بعد انھوں نے اقبال کے اشعار سے زندگی، خودی اور وحدت
وغیرہ مسایل کا برگسان کے انکار و آرا سے موازنہ کیا ہے اور اقبال کو برگسان
ریزہ چیں بتایا ہے،

پہلے اس تمام کاوش و خامہ فرسائی کے سلسلہ میں خود اقبال کا ایک شعر
سن لیجئے وہ کہتے ہیں

تو اپنی خودی اگر نہ کھوتا زناری برگسان نہ ہوتا

اقبال یہ شعر اپنی نظم "سید زادہ" میں لکھا ہے کیا ہم توقع کر سکتے

۱؎ ضرب کلیم

ہیں کہ وہی رہما جو دوسروں کو برگساں کی تقلید سے احتراز کرنے کی نصیحت کرے وہ خود برگساں کا متبع کرنے لگے۔ بات یہ ہے کہ ہمارے یہ جو [illegible] بات پیدا کرنے کی ایک اپج ہوتی ہے اور چونکہ وہ غلام ملک کی خدمت سرانجام دیتے ہیں اس لئے انکے دل و دماغ پر وہی غلامانہ تصورات مسلط رہتے ہیں۔ کہاں برگساں اور کہاں اقبال کا اس سے استفادہ! اقبال نے زندگی، خودی اور وجدان کے مسائل سلجھانے کے لئے قرآن سے، تصوف سے، اول و حسنت کے اس بیان کی تصدیق ہی فلسفہ کی تاریخ سے نہیں ہوتی کہ اقبال یورپ گئے تو وہاں ہیگل کے فلسفہ کا چرچا تھا اور ہیگل کے فلسفہ کا چرچا مارکس کی تعلیم نے اقبال جب وقت یورپ گئے تو ہیگل کے فلسفہ کا چرچا تھا اور ہیگل کی تعلیم نے مارکس کو اشتراکیت کے فلسفہ کی تعمیر و ترتیب کی طرف متوجہ کیا۔

روح اقبال

مصنف: ڈاکٹر یوسف حسین سایز: صفحات ۳۷۶

اس کتاب کے مصنف جامعہ عثمانیہ (حیدر آباد) کے شعبۂ تاریخ و سیاسیات کے لائق پروفیسر ہیں ابتدا میں ڈاکٹر ضی الدین صدیقی کا مقدمہ بھی ہے کتاب محنت اور قابلیت سے لکھی گئی ہے اور اقبال کے شاعرانہ و فلسفیانہ افکار پر مبسوط تصنیف کی حیثیت رکھتی ہے،

قبل اس کے کہ نفس کتاب کے متعلق کوئی تنقیدی نظر ڈالی جائے اسکے مقدمہ کے متعلق کچھ لکھنا زیادہ مناسب ہے، ضی صاحب کی کتاب "اقبال اور تصور زمان و مکاں" کے متعلق آگے بحث آئی ہے، وہاں تو نہیں ایک مجہول سا تبسم ہی آیا تھا اس مقدمہ کو دیکھنے کے بعد ہمارے اندر ایک افسردگی سی پیدا ہوئی مقدمہ کا نصف حصہ تو اقبال سہرائی سے متعلق ہے اور دوسرا مصنف "روح اقبال" کے تعارف سے، ایک اپنی افراط کے باعث قابل احتجاج ہے اور دوسرا گو مختصر ہے مگر اس کے اندر رایگاں حسن صناعانہ بھی پایا جاتا ہے پھر بھی یہ کتاب کا مقدمہ نہیں کہا جا سکتا، بلکہ پیش لفظ، کی حدود سے آگے نہیں بڑھتا،

ڈاکٹر صاحب نے اقبال کے متعلق جو والہانہ اظہار رائے کیا ہے اس کے پڑھنے کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ اقبال اگر ایک طرف قرآن، حدیث،

تفسیر اور علوم عربیہ و اسلامیات کے دوسرے شعبوں پر مہارت تامہ رکھنے کے باعث اسلامی دنیا میں امام کی حیثیت رکھتے تھے اور ان کو بخاری، غزالی اور شاہ ولی اللہ کے دوش بدوش رکھا جا سکتا ہے تو دوسری طرف وہ ہیئت، ریاضی، طبیعیات، ارض، طب، انجینئرنگ، تعمیرات وغیرہ سے بھی واقف تھے" نبی صاحب فرماتے ہیں "خواہ کوئی شخص اقبال کے کلام کا مطالعہ کرے وہ ضرور محسوس کرے گا کہ اقبال علوم قدیم و جدیدہ کی تقریباً تمام مصنفوں سے بخوبی واقف تھے" اور یہ عقیدت یہیں ختم نہیں ہوتی بلکہ یہ بھی فرماتے ہیں،

"یہ امر مسلمہ ہے کہ ایک غیر معمولی ذہین اور بڑا مفکر اپنے خاص غور و خوض کے علاوہ ہر میدان علم و فضل سے خیالات و تصورات حاصل کرتا ہے اور انہیں اپنا بنا لیتا ہے، وہ ان خیالات کا محض ترجمان نہیں ہوتا بلکہ انہیں اپنے تجربات فکار میں منعکس کرتا ہے اور پھر اپنے ذاتی اصول اور ایقان کی روشنی میں ایک جامع اور مرتب نظام دنیا کے سامنے پیش کرتا ہے بالکل یہی کیفیت اقبال کی ہے، جہاں تک ہر میدان علم و فضل سے خیالات حاصل کرنے کا تعلق ہے یہی پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتا ہر خدا جانے اقبال کا ایک جامع اور مرتب نظام پیش کرنا کیا معنی رکھتا ہے، جب وہ آگے چلکر ڈاکٹر صاحب یہ فرماتے ہیں کہ "اقبال نے کبھی یہ دعوی نہیں کیا کہ انھوں نے انسانوں کی رہنمائی کے لئے کوئی نیا راستہ تراشا ہے بلکہ وہ ہمیشہ کہتے رہے کہ یہ وہی سیدھا راستہ ہے جسکو خداوند کریم ابتدائے آفرینش سے آج تک بتلاتا رہا ہے

اور جسکو اسلام نے مکمل تفصیل اور وضاحت کے ساتھ دنیا کے سامنے پیش کیا
ناظرین فیصلہ کریں کہ اقبال جب اسلام کے مبلغ تھے اور اسی نظام کی طرف بلا
تو پھر دنیا کو ایک جامع اور مرتب نظام کیا دے گئے اور پھر رضی صاحب
کا تقابل سعدی اور رومی کی ہمہ گیری اور وسعت نظری سے کیا
سعدی کے کسی سوانح نگار کو دعویٰ ہوا کہ وہ دنیا کو ایک مرتب و جامع
اور نہ کبھی رومی کے ناقدوں نے یہ عقدہ حل کیا کہ وہ حیات اجتماعی
دستور کے مرتب تھے سعدی اپنے نیم صوفیانہ رنگ اور اخلاقی شاعری
والہانہ شدت احساس کے ذریعہ جو شمس تبریز کی محبت میں انکو نصیب
شاعری کی تاریخ میں ایک خاص مرتبہ رکھتے ہیں اور اس سے بھی انکار
کہ تکمیل کی صحبت میں اقبال کو رومی کے مطالعہ کا رجحان ہوا اسرار و
معنوی زبور عجم اور دیوان شمس تبریز کے تقابلی مطالعہ اور رومی
پیام مشرق، جاوید نامہ اور ضرب کلیم میں جن افکار و آرا کا اظہار
انکو دیکھنے کے بعد اقبال کو رومی کے فلسفہ آمیز صوفیانہ رنگ کا
جا سکتا ہے لیکن سعدی سے انکو کوئی مناسبت نہیں،

رضی صاحب فرماتے ہیں "ہمارا عقیدہ ہے کہ انسانوں کی انفرادی
پہلوؤں پر اسقدر ہمہ گیر اور وسیع نظر رکھنے والا مشرقی شاعر سعدی
بعد سے اقبال کے سوا کوئی اور نہیں ہوا" حالانکہ دنیا جانتی ہے سعدی

کے زمانہ ہی میں نظامی اور اس کے بعد خسرو اور جامی شاعرانہ ہمہ گیری اور وسعت نظر کے اعتبار سے مشرق میں پیدا ہوئے رہ گیا سعدی اور رومی کا انسان کے انفرادی اور اجتماعی پہلوؤں پر نظر رکھنا اگر اس سے مراد انکی شاعری کے علاوہ کچھ اور ہے تو ظاہر ہے تاریخ و سیر میں روسو یا مارکس کا درجہ نہ کبھی سعدی اور رومی کو حاصل ہوا اور نہ انکے شاعرانہ افادات سے کبھی اس کا ثبوت مل سکتا ہے الغرض مقالہ کے چند سطور میں اسی قسم کی اپج ہے

اقبال پر آجتک جتنی کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں کوئی ایسی کتاب نظر نہیں آتی جس کے مطالعہ سے اقبال کی زندگی و فکر کے تمام گوشے اجمالی ہی سہی ہمارے سامنے آجائیں اس کتاب میں بھی یہی نقص ہے کہنے کو تو بڑی سائز کے تقریباً چار سو صفحات کو محیط ہے لیکن بحث کرتی ہے صرف اقبال کی فکر کے محض ایک گوشہ سے۔ حالانکہ اتنی فراخ دامانی کے ساتھ اقبال کے کلام اور رویات کے بعض اور اہم زاویوں سے بھی بحث ہو سکتی تھی،

مصنف نے اقبال کے کلام و افکار پر آرٹ، تدن اور مابعد الطبیعات کے نقطۂ نظر سے بحث کی ہے، جہاں تک آرٹ کا تعلق ہے یہ حصہ بہت مختصر اور سیر حاصل ہے البتہ اقبال کی جدت ترکیب اور رنگ تغزل کے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے اس سے ہمیں اتفاق نہیں اقبال نے ترکیبوں میں کوئی خاص جدت طرازی نہیں کی ہے بلکہ ایران اور ہندوستان کے شعرائے متاخرین نے جو ترکیبیں استعمال

کی ہیں وہی اقبال کے یہاں بھی نظر آتی ہیں مصنف نے جو مثالیں دی ہیں وہ عموماً طوسی، بیدل اور غالب کے یہاں پائی جاتی ہیں اگر مصنف اقبال کی فارسی شاعری کے ارتقاء سے بحث کرتے تو پتہ چلتا کہ انھوں نے کس طرح ایران کے ان شعراء سے جو ہندوستان میں وارد ہوئے یا ہندی نژاد فارسی شعراء سے استفادہ کیا چونکہ مصنف نے تاریخی اور لسانیاتی نقطۂ نظر سے کلام اقبال پر غور نہیں فرمایا اس لئے ان کو اقبال کی فارسی ترکیبوں میں جدت خاص نظر آئی،

اسی طرح غزل گوئی کے اعتبار سے بھی اقبال کوئی انفرادیت نہیں رکھتے فارسی میں وہ رومی کے زلہ ربا اور اردو میں داغ کے بگڑے ہوئے شاگرد تھے، اس لئے استاد کی رشحات پر اپنی ذاتی متانت اور اخلاقی و مذہبی تکلفات کی نقاب چڑھانے کا نتیجہ کوئی بہتر نہ نکلا۔ وہ تو کہئے خود انکو شاید احساس پیدا ہو گیا اور انھوں نے راہ بدل دی ورنہ غزل گوئی کر کے ہمیشہ کے لئے فنا ہو جاتے اقبال کے مذہبی اور بالعموم اطمینانی تصورات کا حصہ جیسا کہ مصنف نے خود اشارہ کیا ہے، .....

..... اقبال کی کتاب "الہیات اسلامیہ کی تشکیل جدید" سے مستفاد ہے، ہر چند ہم اسلامی اعتبار سے انکو ابن رواحہ، کعب اور حسان کی طرح خادم مذہب و ملت تصور کرتے ہیں اور اس میں بھی شک نہیں کہ انھوں نے اس طور سے ملت اسلامیہ کی حمایت و تجدید میں حصہ لیا لیکن آزاد خیال نقادوں کی نگاہ میں شاعری کے یہی اجزا انکی عظمت کا پایہ کم بناتے ہیں، ابن رواحہ و کعب وغیرہ کی شاعری کے

وہ اجزا جو اسلامیات سے متعلق ہیں اس دور کی پیداوار ہیں جبکہ شعرائے عرب اسلام اور پیغمبر اسلام کی شان میں گستاخیاں کیا کرتے تھے، اور اسی لئے شاعری کی عمومی تقبیح کے باوجود سورۂ شعرا میں ایسے شعرا سے اسلام کے ساتھ رواداری اور ہمدردی برتی گئی ہے، وہ زمانہ ایسا تھا جبکہ مروانہ وار صحابہ خون سے نخل اسلام کو سینچ رہے تھے تو شعرا نے بھی بجائے خون دینے کے معاندین اسلام کے طعنوں اور گستاخیوں کا انہیں کی اصطلاح میں ترکی بہ ترکی جواب دیا یہ ایک خاص فضائی چیز تھی، خاص ماحول اور عہد کی پیداوار تھی، اس عہد میں ایک مخصوص مذہب کی حمایت میں شاعری کرنا کوئی خاص اہمیت نہیں رکھتا اور نہ دنیا کے کسی بڑے شاعر کا پیمانہ ہو سکتا ہے کہ وہ مذہب و فرقہ کو اپنی شاعری کا موضوع قرار دے، اقبال کے تمدنی افکار کے سلسلہ میں یہ صفحہ حسین صاحب نے جو کچھ لکھا ہے اس سے بجائے اقبال کی اہمیت ظاہر ہونے کے خود مصنف کی بصیرت و افادیت کا اظہار ہوتا ہے جس طرح مرقع چغتائی کے مرتب نے اپنے ذوق صورت کشی کے مطابق تصاویر مرقع تیار کر کے غالب کے اشعار بطور عنوان درج کر دئے ہیں، اسی طرح ڈاکٹر یوسف صاحب نے بھی چونکہ وہ سیاسیات و تاریخ کے استاد ہیں قدیم کے مسایل سے بحث کرتے ہوئے اقبال کے اشعار کا حوالہ دیکر اپنے موضوع کی تطبیق کر دی ہے مرقع چغتائی کا یہ نقص بادی النظر میں ہر وہ شخص سمجھ سکتا ہے جس کے ذہن میں غالب کے اردو اشعار مرتسم ہیں نکتہ شناس نگاہیں جانتی ہیں کہ "مرقع" میں غالب

کے جن اشعار کی تصویر دی گئی ہے ان سے بہتر اشعار غالب کے یہاں موجود ہیں جنکو اگر تصویر میں نمایاں کیا جائے تو شاعر بیہوش ہو جائے اور ادیب پر غمول طاری ہونے لگے کیا ہم یہ فرض کر لیں کہ چغتائی صاحب غالب کے ان اشعار کی مصورانہ خصوصیات سے ناواقف تھے؟ ہرگز نہیں۔ اسی طرح ہم یوسف صاحب کی کتاب کے اس حصہ کو انکی عالمانہ صلاحیت کا نتیجہ نہیں کہیں گے،

عہد حاضر میں ملت اسلامیہ کی بدخوش نصیبی ہے کہ یورپ کے تعلیم یافتہ حضرات اسلامیات کو بھی ادب کا موضوع قرار دینے لگے ہیں۔ مولانا عبیداللہ سندھی (آہ جنکو اب مرحوم لکھنا پڑتا ہے) نے کتاب "ترتیب نزول قرآن" پر مقدمہ لکھتے ہوئے اپنی جن تمناؤں کا اظہار فرمایا تھا اس کے آثار نظر آرہے ہیں یوسف صاحب نے اپنی کتاب میں قرآن و حدیث سے بھی بحث کی ہے اس سے قبل اسلامیات بالخصوص قرآن و سنن کا موضوع فرسودہ قماش مولویوں کے لئے مخصوص تھا جس طرح اطبائے یونان نے فن جراحت کو ذلیل سمجھ کر جراحوں کے سپرد کر دیا تھا، اس نوع کے مذاق کا ابتدا سرسید، نذیر احمد، حالی، اور شبلی نے کی ابوالکلام نے اس کو بڑھایا اور یاز نے اس کی تکمیل کی نیاز صاحب کا یہ احسان مسلمان کبھی فراموش نہیں کر سکتے کہ انھوں نے اسلامیات کو اپنے ابداعات ادبیہ کا خاص موضوع بنا کر اردو ادب کے دائرہ میں مذہب کو بھی داخل کر دیا ہر چند نیاز صاحب نے تخریبی کام کیا لیکن اس تخریب میں جو انوں کے لئے ایسی کشش نظر آئی کہ وہ بے اختیار مذہب کی

طرف کھنچے لگے۔ بعض کا مطالعہ محدود تھا انھوں نے بغاوت ہی کو شمع راہ بنا لیا کیونکہ اس میں ان کے لئے آسانیاں تھیں بعض مستعد اور وسیع النظر تھے انھوں نے تعمیری کام شروع کیا اسوقت یورپی درسگاہوں کے افاضل اردو زبان میں اسی نوع کے ادب کی تخلیق کر رہے ہیں ڈاکٹر یوسف صاحب میرے خیال میں انہیں لوگوں میں سے نظر آرہے ہیں۔ ڈاکٹر یوسف صاحب کی کتاب اقبال کا عمیق مطالعہ کرنے والوں کے لئے اہمیت رکھتی ہے،

اقبال اور اس کا تصور زمان و مکان

تصنیف ڈاکٹر محمد رضی الدین صدیقی سایز ۲۰×۳۰ صفحات ۲۰۰

اس کے مصنف ہندوستان کے ایک ذی فکر دانشور ہیں جنھوں نے حال ہی کم سنی میں "نوبل پرائز" حاصل کیا ڈاکٹر صاحب ہر ہندوستانی کے دل میں اپنا ایک مقام رکھتے ہیں انکی یہ کتاب "زمان و مکان" کے مسائل پر ایک مختصر سی اچھی کتاب ہوتی اگر وہ اقبال کی شاعری کو معرض بحث میں نہ لاتے شعر میں فلسفہ و تصوف کے مسائل کی اصطلاحی بحثیں شعر کی روحانیت و جاذبیت کو تباہ کر دینے والی چیزیں ہیں مگر اسے کیا کیجئے شعر و ادب پر جب کبھی کوئی فلسفی یا حکیم نگاہ ڈالیگا تو وہ یہی کرے گا جو ڈاکٹر رضی الدین صاحب نے کیا، ڈاکٹر صاحب کی اس کتاب کو پڑھنے کے بعد غالباً ہر وہ اہل قلم جو تنقید صحیح کا ذوق رکھتا ہے ایک مجہول سے تبسم سے کام لیگا۔ بایں ہمہ ہم ڈاکٹر صاحب کی محنت کی داد دئے بغیر نہیں رہ سکتے کیونکہ اردو میں اس تنقیدی کتاب کے ذریعہ کم از کم مسئلہ زمان و مکان پر افلاطون وغیرہ سے لیکر ابن حزم، دوانی، عراقی اور عہد حاضر کے مغربی فلاسفہ و حکما ڈیکارٹ، نیوٹن، اور یورپ کے دوسرے فلاسفہ کی فکر و آرا سامنے آگئیں، . . . . . مسئلہ خالص فلسفیانہ ہے اس لئے زبان گنجلک نہیں پھر بھی اگر ڈاکٹر صاحب کوشش کرتے تو عبارت کی ژولیدگی دور

ہو سکتی تھی، مصنف کا انداز فلاطینوس کی طرح مبہمانہ ہے دوسرے اڈیشن میں زبان کو اور بھی صاف اور عبارت کو زیادہ واضح ہونا چاہیئے، ہمارے بعض اردو ادیبوں نے فلسفہ پر بعض کتابیں لکھی ہیں جو باوجود خشک مسئلہ ہونے کے عبارت کی شگفتگی اور بیان کی دل آویزی کے باعث دلچسپی سے پڑھی جاتی ہیں مولینا عبدالماجد کی کتاب "فلسفہ جذبات" اور مجنوں گورکھپوری کی "شعر پہار" کے مطالعہ کے بعد ذہن و دماغ پر کوئی بار نہیں پڑتا، رضی الدین صاحب نے اقبال کے "خطبات" سے محض چند علمائے اسلام کے نظریات کی وضاحت کی ہے اس سلسلہ میں اگر وہ غزالی، رازی اور ابن سینا کے عالمانہ اور مبصرانہ مباحث پر بھی ایک نگاہ ڈال لیتے تو کتاب "عقل و دل" ہو جاتی:

حیات اقبال

ناشر: تاج کمپنی لمیٹیڈ لاہور سایز: $\frac{20\times30}{16}$ صفحات ۱۳۹

جہاں تک اردو میں نقد ادب کا تعلق ہے یہ کتاب کوئی اہمیت نہیں رکھتی، اہل پنجاب نے آج تک جتنی کتابیں اقبال و اقبالیات کے متعلق تصنیف کی ہیں ان میں کوئی کتاب ایسی نظر نہیں آئی جسمیں اقبال کے شعر و فلسفہ پر بلند پایہ تنقید بھی کی گئی ہو، اس کتاب میں بھی وہی کمی ہے، البتہ اقبال کی زندگی، اور ان کے تصانیف پر اوسط درجہ کا تاریخی تبصرہ پایا جاتا ہے، بعض اہم باتیں بھی ہیں مصنف نے چونکہ اقبال کو نزدیک سے دیکھا تھا ان سے ملا تھا اس لئے انکی نجی زندگی اور تاریخ و تصانیف کے متعلق بعد مفید اور کارآمد باتیں لکھی ہیں، اردو ادب کا مطالعہ کرنے والے عوام کے لئے یہ کتاب دلچسپ اور مفید ہے بعض باتیں خواص کے لئے بھی افادیت سے خالی نہیں مثلاً مولینا گرامی سے میل جول (ص ۸۰) لاہور میں ارشد گورگانی، حالی اور آزاد کی ادبی صحبتیں (ص۵۰) نادر کاکوروی، سرور جہانآبادی خوشی محمد ناظر، میر نیرنگ کا اقبال کی طرح انگریزی شعرا کے تتبع میں شعر کہنا (ص۳۲) اقبال کے "پیام مشرق" کا یورپ اور روس سے مشرقی ممالک میں مشہور ہونا، ترکی ادیب حسین دانش کا ترکی زبان میں اقبال کی بعض نظموں کا ترجمہ کرنا جرمن علماء ڈاکٹر فشر اور ڈاکٹر مانکے کا جرمن زبان میں "پیام مشرق" پر تبصرہ لکھنا، اسکے بعض حصے کا ترجمہ کرنا (ص۹۳)

پروفیسر طاہر فاروقی (صدر شعبۂ فارسی و اردو، آگرہ کالج) نے اپنی فاضلانہ کتاب "سیرت اقبال" میں اقبال کی تفہیم کے بعض انگریزی، جرمن، اطالوی، عربی اور ترکی تراجم کا تذکرہ کرتے ہوئے اٹھائیس کتابوں کے نام درج کیے ہیں، جو اقبال پر اردو اور انگریزی میں لکھی گئیں:

نام کتاب		مصنف
اقبال:		احمد دین، ایم اے
اقبال اُس کی شاعری اور پیغام:	(انگریزی)	شیخ اکبر علی
شاعر مشرق:	(انگریزی)	عبداللہ انور بیگ
مقالات یوم اقبال:		اقبال ڈے، لاہور ۱۹۳۸ء
آسپکٹس آف اقبال:	(انگریزی)	ایضاً
اقبال کا تعلیمی فلسفہ:	(انگریزی)	خواجہ غلام السیدین،
پیام اقبال:		شیخ عبدالرحمٰن طارق
اقبال اور اس کا پیغام:		ڈاکٹر تصدق حسین خالد
حیات اقبال:		تاج بکڈپو، لاہور،
متاع اقبال:		ابوظفر عبدالواحد
اقبال کا مطالعہ:		سید نذیر نیازی
اقبال کی شاعری:		عبدالمالک آرچی

نام کتاب	مصنف
اقبال نامہ :	کیپٹن چراغ حسن حسرت
تعلیمات اقبال :	پروفیسر محمد یوسف خاں سلیم چشتی
روح اقبال :	ڈاکٹر یوسف حسین خاں
اقبال :	انجمن ترقی اردو، دہلی
شاد اقبال :	ڈاکٹر سید محی الدین زور

مکتوبات اقبال بنام جامع صاحب (انگریزی)

یاد اقبال :- منظومات و مراثی کا مجموعہ،

کتب بالا کے علاوہ اقبال پر پروفیسر شریف، غلام سرور اور ڈاکٹر زکی الدین کے مقالات بھی ہیں جنمیں اقبال کے فلسفہ اور سیاسیات سے بحث کی گئی ہے اسی طرح مجنوں گورکھپوری اور پروفیسر اختر اورینوی نے بھی اقبال پر مختصر کتابیں لکھی ہیں۔ عطیہ بیگم صاحبہ کی کتاب بڑی اچھی ہے اس میں وسیع معلومات فراہم کئے گئے ہیں لیکن اس کا انداز علمی و تنقیدی نہیں، ایک تعلیمی ہے اور سکول اور کالج کے طلبہ کے لئے مفید ہو سکتی ہے۔

انتخاب کلام

انتخاب کلام

ہمالہ

اے ہمالہ! اے فصیل کشورِ ہندوستان!
چومتا ہے تیری پیشانی کو جھک کر آسماں

تجھ میں کچھ پیدا نہیں دیرینہ روزی کے نشاں
تو جواں ہے گردشِ شام و سحر کے درمیاں

ایک جلوہ تھا کلیم طورِ سینا کے لئے
تو تجلی ہے سراپا چشمِ بینا کے لئے

امتحاں دیدۂ ظاہر میں کوہساں ہے تو
پاسباں اپنا ہے تو دیوارِ ہندوستاں ہے تو

مطلعِ اول فلک جس کا ہو وہ دیواں ہے تو
سبزۂ خلوت گہِ دل دامنِ کشِ انساں ہے تو

برف نے باندھی ہے دستارِ فضیلت تیرے سر
خندہ زن ہے جو کلاہِ مہرِ عالم تاب پر

تیری عمرِ رفتہ کی اک آن ہے عہدِ کہن
وادیوں میں ہیں تری کالی گھٹائیں خیمہ زن

چوٹیاں تیری ثریا سے ہیں سرگرمِ سخن
تو زمیں پر اور پہنائے فلک تیرا وطن!

چشمۂ دامن ترا آئینۂ سیال ہے
دامنِ موجِ ہوا جس کے لئے رومال ہے

ابر کے ہاتھوں میں رہوارِ ہوا کے واسطے
تازیانہ دیدۂ بینائے برق تیرا ہے

اے ہمالہ کوئی بازی گاہ ہے تو بھی جسے
دستِ قدرت نے بنایا ہے عناصر کے لئے

ہائے کیا فرطِ طرب میں جھومتا جاتا ہی ابر
فیلِ بے زنجیر کی صورت اڑا جاتا ہی ابر

جنبشِ موجِ نسیمِ صبح گہوارہ بنی — جھومتی ہے نشۂ ہستی میں ہر گل کی کلی
یوں زبانِ برگ سے گویا ہے اسکی خامشی — دستِ گلچیں کی جھٹک میں نے نہیں دیکھی کبھی

کہہ رہی ہی میری خاموشی ہی افسانہ مرا
کنجِ خلوت خانۂ قدرت ہے کاشانہ مرا

آتی ہے ندی فرازِ کوہ سے گاتی ہوئی — کوثر و تسنیم کی موجوں کو شرماتی ہوئی
آئینہ سا شاہدِ قدرت کو دکھلاتی ہوئی — سنگ رہ سے گاہ بچتی گاہ ٹکراتی ہوئی

چھیڑتی جا اس عراقِ دلنشیں کے ساز کو
اے مسافر دل سمجھتا ہے تری آواز کو

لیلیٰ شب کھولتی ہی آکے جب زلفِ رسا — دامنِ دل کھینچتی ہے آبشاروں کی صدا
وہ خموشی شام کی جس پر تکلم ہو فدا — وہ درختوں پر تفکر کا سماں چھایا ہوا

کانپتا پھرتا ہے کیا رنگِ شفق کہسار پر
خوشنما لگتا ہے یہ غازہ ترے رخسار پر

اے ہمالہ! داستاں اس وقت کی کوئی سنا — مسکن آبائے انساں جب بنا دامن ترا
کچھ بتا اس سیدھی سادی زندگی کا ماجرا — داغ، دل پر غازۂ رنگِ تکلف کا نہ تھا

ہاں دکھا دے اے تصور پھر وہ صبح و شام تو
دوڑ پیچھے کی طرف اے گردشِ ایام تو

صدائے درد

جل رہا ہوں کل نہیں پڑتی کسی پہلو مجھے
ہاں ڈبو دے اے محیط آب گنگا تو مجھے

سر زمیں اپنی قیامت کی نفاق انگیز ہے
وصل کیسا یاں تو اک قرب فراق آمیز ہے

بدلے کیرنگی کے یہ نا آشنائی ہے غضب
ایک ہی خرمن کے دانوں میں جدائی ہے غضب

جسکے پھولوں میں اخوت کی ہوا آئی نہیں
اس چمن میں کوئی لطف نغمہ پیرائی نہیں

بندۂ قرب حقیقی پر مٹا جاتا ہوں میں
اختلاط موج سے دریا خجل ہوتا ہوں میں

آفتاب

اے آفتاب بارگہ دو جہاں ہے تو
شیرازہ بند نظم کواکب تجھ سے ہے تو

باعث ہے تو وجود و عدم کی نمود کا
ہے سبزہ ترے دم سے چمن میں کبود کا

قایم یہ عنصروں کا تماشا تجھی سے ہے
ہر شے میں زندگی کا تفاضا تجھی سے ہے

ہر شے کو تیری جلوہ گری سے ثبات ہے
تیرا یہ سوز و ساز سراپا حیات ہے

وہ آفتاب جس سے زمانے میں نور ہے
دل ہے، خرد ہے، روح رواں ہے شعور ہے

اے آفتاب! ہم کو ضیا روشنی دے
چشم خرد کو اپنی تجلی سے نور دے

ہے محفل وجود کا ساماں طراز تو
یزداں ساکنان نشیب و فراز تو

تیرا کمال ہستی ہر جاندار میں — تیری نمود سلسلۂ کوہسار میں
ہر چیز کی حیات کا پروردگار تو — زائیدگاں نور کا ہے ناجدار تو

بے ابتدا کوئی نہ کوئی انتہا تری
آزاد قید اول و آخر ضیا تری

ترانۂ ہندی

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا — ہم بلبلیں ہیں اسکی یہ گلستاں ہمارا
غربت میں ہوں اگر ہم رہتا ہے دل وطن میں — سمجھو وہیں ہمیں بھی دل ہو جہاں ہمارا
پربت وہ سب سے اونچا ہمسایہ آسماں کا — وہ سنتری ہمارا وہ پاسباں ہمارا
گودی میں کھیلتی ہیں اس کی ہزار ندیاں — گلشن ہے جن کے دم سے رشک جناں ہمارا
اے آب رود گنگا وہ دن ہیں یاد تجھکو — اترا ترے کنارے جب کارواں ہمارا
مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا — ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستاں ہمارا
یونان و مصر و روما سب مٹ گئے جہاں سے — اب تک مگر ہے باقی نام و نشاں ہمارا
کچھ بات ہے کہ ہستی مٹتی نہیں ہماری — صدیوں رہا ہے دشمن دور زماں ہمارا

اقبال کوئی محرم اپنا نہیں جہاں میں
معلوم کیا کسی کو درد نہاں ہمارا

ہندوستانی بچوں کا قومی گیت

چشتیؒ نے جس زمیں میں پیغام حق سنایا — نانک نے جس چمن میں وحدت کا گیت گایا
تاتاریوں نے جس کو اپنا وطن بنایا — جس نے حجازیوں سے دشت عرب چھڑایا

میرا وطن وہی ہے میرا وطن وہی ہے

یونانیوں کو جس نے حیران کر دیا تھا — سارے جہاں کو جس نے علم و ہنر دیا تھا
مٹی کو جس کی حق نے زر کا اثر دیا تھا — ترکوں کا جس نے دامن ہیروں سے بھر دیا تھا

میرا وطن وہی ہے میرا وطن وہی ہے

ٹوٹے تھے جو ستارے فارس کے آسمان سے — پھر تاب دے کے جس نے چمکائے کہکشاں سے
وحدت کی لے سنی تھی دنیا نے جس مکاں سے — میر عرب کو آئی ٹھنڈی ہوا جہاں سے

میرا وطن وہی ہے میرا وطن وہی ہے

بندے کلیم جس کے، پربت جہاں کے سینا — نوح نبی کا آکر ٹھہرا جہاں سفینا
رفعت ہے جس زمیں کی بام فلک کا زینا — جنت کی زندگی ہے جس کی فضا میں جینا

میرا وطن وہی ہے، میرا وطن وہی ہے،

نیا شوالہ

سچ کہہ دوں اے برہمن گر تو برا نہ مانے — تیرے صنم کدوں کے بت ہو گئے پرانے
اپنوں سے بیر رکھنا تو نے بتوں سے سیکھا — جنگ و جدل سکھایا واعظ کو بھی خدا نے

تنگ آ کے میں نے آخر دیر و حرم کو چھوڑا — واعظ کا وعظ چھوڑا چھوڑے ترے فسانے
پتھر کی مورتوں میں سمجھا ہے تو خدا ہے
خاک وطن کا مجھکو ہر ذرہ دیوتا ہے

آ غیریت کے پردے اک بار پھر اٹھا دیں — بچھڑوں کو پھر ملا دیں نقش دوئی مٹا دیں
سونی پڑی ہوئی ہے مدت سے دل کی بستی — آ اک نیا شوالہ اس دیس میں بنا دیں
دنیا کے تیرتھوں سے اونچا ہو اپنا تیرتھ — دامان آسماں سے اس کا کلس ملا دیں
ہر صبح اٹھ کے گائیں منتر وہ میٹھے میٹھے — سارے پجاریوں کو پیت کی پلا دیں
شکتی بھی شانتی بھی بھگتوں کے گیت میں ہے
دھرتی کے باسیوں کی مکتی پریت میں ہے

کنار راوی

سکوت شام میں محو سرود ہے راوی — نہ پوچھ مجھ سے جو ہے کیفیت مرے دل کی
پیام سجدہ کا یہ زیر و بم ہوا مجھکو — جہاں تمام سواد حرم ہوا مجھ کو
سر کنارۂ آب رواں کھڑا ہوں میں
خبر نہیں مجھے لیکن کہاں کھڑا ہوں میں

شراب بیخ سے رنگیں ہوا ہے دامن شام — لئے ہے پیر فلک دست عنشہ دار میں جام
عدم کو قافلۂ روز ، تیز گام چلا — شفق نہیں ہے یہ سورج کے پھول ہیں گویا

کھڑے ہیں دور و عظمت فرائے تنہائی — منار خواب گہ شہسوار چغتائی
فسانۂ ستم انقلاب ہے یہ محل — کوئی زبان سلف کی کتاب ہے یہ محل
مقام کیا ہے سرود خموش ہے گویا
شجر؟ یہ انجمن بے خروش ہے گویا

رواں ہے سینۂ دریا پہ اک سفینۂ تیز — ہوا ہے موج سے طاق جس کا گرم ستیز
سبک روی میں ہے مثل نگاہ یہ کشتی — نکل کے حلقۂ صد نظر سے دور رہی
جہاز زندگی آدمی رواں ہے یونہیں — ابد کے بحر میں پیدا یونہیں نہاں ہے یونہیں
شکست سے یہ کبھی آشنا نہیں ہوتا
نظر سے چھپتا ہے لیکن فنا نہیں ہوتا

سوامی رام تیرتھ

ہم بغل دریا سے اے قلزم بیتاب تو — پہلے گوہر تھا، بنا اب گوہر نایاب تو
آہ کھولا کس ادا سے تو نے راز رنگ و بو — میں بھی اک مضراب ہوں اسرار نغمہ تو بھی ہو
ریت کے غرغا زندگی کا شور شر بنا — یہ شرارہ بھی کسی آتش خانہ کا ذرہ بنا
نفی ہستی اک کرشمہ ہے دل آگاہ کا — لا کے دریا میں نہاں موتی ہے الا اللہ کا
چشم نابینا سے مخفی معنی انجام ہو — تھم گئی جس دم تڑپ سیماب سیم خام ہو
توڑ دیتا ہے بت ہستی کو ابراہیم عشق — ہوش کا دارو ہے گویا مستی تسنیم عشق

رام

لبریز ہے شراب حقیقت سے جام ہند
سب فلسفی ہیں خطۂ مغرب کے رام ہند

یہ ہندیوں کی فکر فلک رس کا ہے اثر
رفعت میں آسماں سے بھی اونچا ہے بام ہند

اس دیس میں ہوئے ہیں ہزاروں ملک سرشت
مشہور جن کے دم سے ہے دنیا میں نام ہند

ہے رام کے وجود پہ ہندوستاں کو ناز
اہل نظر سمجھتے ہیں اس کو امام ہند

اعجاز اس چراغ ہدایت کا ہے یہی
روشن ترا ز سحر ہے زمانے میں شام ہند

تلوار کا دھنی تھا شجاعت میں فرد تھا
پاکیزگی میں، جوش محبت میں فرد تھا

نانک

تو نے پیغام گورو نانک کی ذرا پردا زکی
قدر پہچانی نہ اپنے گوہر یک دانہ کی

آہ! بدقسمت رہے آواز حق سے بے خبر
غافل اپنے پھل کی شیرینی سے ہوتا ہے شجر

آشکارا اس نے کیا جو زندگی کا راز تھا
ہند کو لیکن خیالی فلسفہ پر ناز تھا

شمع حق سے جو منور ہو یہ وہ محفل نہ تھی
بارش رحمت ہوئی لیکن زمیں قابل نہ تھی

آہ! شودر کے لیے ہندوستاں غم خانہ ہے
درد انسانی سے اس بستی کا دل بیگانہ ہے

برہمن سرشار ہے اب تک مے پندار میں
شمع گو تم جل رہی ہے محفل اغیار میں

بت کدہ پھر بعد مدت کے مگر روشن ہوا
نور ابراہیم سے آذر کا گھر روشن ہوا

پھر اٹھی آخر صدا توحید کی پنجاب سے
ہند کو اک مرد کامل نے جگایا خواب سے

ایک آرزو

دنیا کی محفلوں سے اکتا گیا ہوں یارب
کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو

شورش سے بھاگتا ہوں دل ڈھونڈتا ہے میرا
ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو

مرتا ہوں خامشی پر یہ آرزو ہے میری
دامن میں کوہ کے اک چھوٹا سا جھونپڑا ہو

آزاد فکر سے ہوں عزلت میں دن گذاروں
دنیا کے غم کا دل سے کانٹا نکل گیا ہو

لذت مسرور کی ہو چڑیوں کے چہچہوں میں
چشمے کی شورشوں میں باجا سا بج رہا ہو

گل کی کلی چٹک کر پیغام دے کسی کا
ساغر ذرا سا گویا مجھکو جہاں نما ہو

ہو ہاتھ کا سرہانا سبزہ کا ہو بچھونا
شرمائے جس سے جلوت خلوت میں وہ ادا ہو

مانوس اس قدر ہو صورت سے میری بلبل
ننھے سے دل میں اسکے کھٹکا نہ کچھ مرا ہو

صاف باندھے ہر دو جانب بوٹے ہرے ہرے ہوں
ندی کا صاف پانی تصویر لے رہا ہو

ہو دلفریب ایسا کہسار کا نظارہ
پانی بھی موج بن کر اٹھ اٹھ کے دیکھتا ہو

آغوش میں زمیں کی سویا ہوا ہو سبزہ
پھر پھر کے جھاڑیوں میں پانی چمک رہا ہو

پانی کو چھو رہی ہو جھک جھک کے گل کی ٹہنی
جیسے حسین کوئی آئینہ دیکھتا ہو

مہندی لگائے سورج جب شام کی دلہن کو
سرخی لئے سنہری ہر پھول کی قبا ہو

راتوں کو چلنے والے رہ جائیں تھک کے جس دم
امید ان کی میرا ٹوٹا ہوا دیا ہو

بجلی چمک کے ان کو کٹیا مری دکھا دے
جب آسماں پہ ہر سو بادل گھرا ہوا ہو

پچھلے پہر کی کوئل وہ صبح کا مؤذن
میں اس کا ہمنوا ہوں وہ میری ہمنوا ہو

کانوں پہ ہو نہ میرے دیر و حرم کا احساں
روزن ہی جھونپڑی کا مجھ کو سحر نما ہو

پھولوں کو آئے جس دم شبنم وضو کرانے
رونا مرا وضو ہو نالہ مری دعا ہو

اس خامشی میں جائیں اتنے بلند نالے
تاروں کے قافلے کو میری صدا درا ہو

ہر درد مند دل کو رونا مرا رلا دے
بیہوش جو پڑے ہیں شاید انہیں جگا دے

محبت

عروس لالہ مناسب نہیں ہے مجھ سے حجاب
کہ میں نسیم سحر ہوں تو گل بدام بھی ہے

تمہارے پہلو میں دل ہے سکون سے محروم
اسی گھر میں کوئی مہمان نیک نام بھی ہے

تمہارے واسطے وادی بیکار سا لگتا تھا
یہ دشت سادہ بھی دیکھا ہوا مقام بھی ہے

ابھی یہاں کے حسینوں میں دلبری ہی نہیں
ادا شناس بھی ہے ناز برداشام بھی ہے

کہاں یہ لطف تھا کی ابھی تھی ہست و نابود
ہوا تھی نگینے کی تمنا چشم خاتم سے

سنا ہے عالم بالا میں کوئی کیمیا گر تھا
صفا تھی جس کی خاک پا میں بڑھکر ساغر جم سے

لکھا تھا عرش کے پایے پہ اک اکسیر کا نسخہ
چھپاتے تھے فرشتے جس کو چشم رمح آدم سے

نگاہیں خاک میں رہتی تھیں لیکن کیمیا گر کی
وہ اس نسخہ کو پڑھ کر جانتا تھا اسم اعظم سے

بہانے عرش کی جانب
تمنائے دلی آخر بر آئی سعی پیہم سے

پھر اپنا فکر اجزائے سے میدان امکاں میں
چھپے گی کیا کوئی شے بارگاہ حق کے محرم سے

چمکتا رے سے مانگی، چاند سے داغ جگر مانگا
اڑائی تیرگی تھوڑی سی شب کی زلف برہم سے

تڑپ بجلی سے پائی، حور سے پاکیزگی پائی
حرارت لی نفسہائے مسیح ابن مریم سے

ذرا سی پھر یہ بہت سے شان بے نیازی لی
ملک سے عاجزی، افتادگی تقدیر شبنم سے

پھر ان اجزا کو گھولا چشمۂ حیواں کے پانی میں
مرکب نے جست نام پایا باعرش اعظم سے

ہوس نے یہ پانی آتشی نوخیز پر چھڑکا
گرہ کھولی ہمزے نے اس کے گویا کار عالم سے

ہوئی جنبش عیاں ذروں نے نقش خواب کو چھوڑا
گلے ملنے لگے اٹھ اٹھ کے اپنے اپنے ہمدم سے

خرام ناز پایا آفتابوں نے ستاروں سے
چٹک غنچوں نے پائی داغ پائے لالہ زاروں نے

تنہائی

تنہائی شب میں ہے حزیں کیا
انجم نہیں تیرے ہمنشیں کیا

یہ رفعت آسمان خاموش
خوابیدہ زمیں جہان خاموش

یہ چاند یہ دشت و در یہ کہسار
فطرت ہے تمام نسترن زار

موتی تو ہے رنگ پیارے پیارے
یعنی ترے آنسوؤں کے تارے

کس شے کی تجھے ہوس ہے اے دل
قدرت تری ہم نفس ہے اے دل

فراق

تلاش گوشۂ عزلت میں پھر رہا ہوں میں
یہاں پہاڑ کے دامن میں آ چھپا ہوں میں

شکستہ گیت ہیں چشموں کے دلبری ہے کمال
دعائے طفلک گفتار آزما کی مثال

ہے تختِ لعل شفق پر جلوہ نما اختر شام
بہشت دیدۂ بینا ہے حسن منظر شام

سکوت شام جدائی ہوا بہا نہ مجھے
کسی کی یاد نے سکھلا دیا ترانہ مجھے

یہ کیفیت ہے مری جاں نواز تنہا کی
مری مثال ہے طفل صغیر تنہا کی

اندھیری رات میں کرتا ہو وہ سرود آغاز
صدا کو اپنی سمجھتا ہے غیر کی آواز

یہ نہیں میں دل کو پیام شکیب دیتا ہوں
شب فراق کو گویا فریب دیتا ہوں

وصال

جستجو جس گل کی تڑپاتی تھی اے بلبل مجھے
خوبی قسمت سے آخر مل گیا وہ گل مجھے

خود تڑپتا تھا چمن والوں کو تڑپاتا تھا میں
تجھ کو جب رنگیں نوا پاتا تھا شرماتا تھا میں

میرے پہلو میں دل مضطر نہ تھا سیماب تھا
از نگاہ جرم الفت کے لئے بیتاب تھا

نامرادی محفل گل میں مری مشہور تھی
صبح میری آئینہ دار شب دیجور تھی

از نفس در سینہ خوں گشتہ نشتر داشتم
زیر خاموشی نہاں غوغائے محشر داشتم

اب نہ تڑپ کے جہاں میں وہ پریشانی نہیں
اہل گلشن پر گراں میری غزلخوانی نہیں

عشق کی گرمی سے شعلے بنگئے چھالے مرے — کھیلتے ہیں بجلیوں کے ساتھ اب نالے مرے
غازۂ الفت سے یہ خاک سیہ آئینہ ہے — اور آئینے میں عکس ہمدم دیرینہ ہے
قید میں آیا تو حاصل مجھکو آزادی ہوئی — دل کے لٹ جانے سے میرے گھر کی آبادی ہوئی
صنوبر اس خورشید کی خنجر ہے تابندہ ابھی — چاندی جس کے غبار راہ سے شرمندہ ہے

یک نظر کردی و آداب نفس آموختی
اے خنک روزے کہ خاشاک مرا آتش زدی

گل پژمردہ

کس زباں سے اے گل پژمردہ تجھکو گل کہوں — کس طرح تجھکو سنائے دل بلبل کہوں
تھی کبھی موج صبا گہوارۂ پنہاں ترا — نام تھا صحن گلستاں میں گل خنداں ترا
تیرے احساں کا نسیم صبح کرتا تھا قرار — بیخ تیرے دم سے گویا تھا بہار جاں فزا
تجھ پہ برساتا ہے شبنم دیدۂ گریاں مرا — ہو نہاں تیری اداسی میں دل ویراں مرا
میری بربادی کی ہے چھوٹی سی اک تصویر تو — خواب میری زندگی تھی جسکی ہے تعبیر تو

بچوئے از نیستاں خود حکایت می کنم
بشنو اے گل از جدائیہا شکایت می کنم

ماہ نو

ٹوٹ کر خورشید کی کشتی ہوئی غرقاب نیل — ایک ٹکڑا تیرتا پھرتا ہے روئے آب نیل

طشت گردوں میں ٹپکتا ہے شفق کا خون ناب
نشتر قدرت نے کیا کھولی ہے فصد آفتاب

چرخ نے بالی چرالی ہے عروس شام کی
نیل کے پانی میں یا مچھلی ہے سیم خام کی

قافلہ نیرنگ داں بے منت بانگ درا
گوش انساں سن نہیں سکتا تری آواز پا

گھنٹے بڑھنے کا سماں آنکھوں کو دکھلاتا ہے تو
ہے وطن تیرا کدھر کس دیس کو جاتا ہے تو

سات تھا سیارۂ ثابت نما چل مجھے
خار حسرت کی خلش رکھتی ہے اب بیکل مجھے

نور کا طالب ہوں گھبراتا ہوں اس بستی میں میں
طفل کم سیماب پا ہوں مکتب ہستی میں ہیں

ستارہ

ترے کانوں کو ہے خطرہ سحر تجھکو
مآل حسن کی کیا لگ گئی خبر تجھکو

متاع نور کے لٹ جانے کا ہے ڈر تجھکو
ہے کیا ہراس فنا صورت شرر تجھکو

زمیں سے دور دیا آسمان نے گھر تجھکو
مثال ماہ اڑھائی قبائے زر تجھکو

غضب ہے پھر تری ننھی سی جان ڈرتی ہے
تمام رات تری کانپتے گذرتی ہے

چمکنے والے مسافر عجب یہ بستی ہے
جو اوج ایک کا ہے دوسرے کی پستی ہے

اجل ہے لاکھوں ستاروں کی اک ولادت پر
فنا کی نیند لے زندگی کی مستی ہے

وداع غنچہ میں ہے راز آفرینش گل
عدم عدم ہے کہ آئینہ دار ہستی ہے

سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

ایک شام
دریائے نیکر کے کنارے پر

خاموش ہے چاندنی قمر کی — شاخیں ہیں خموش ہر شجر کی
وادی کے فوافروش خاموش — کہسار کے سبزپوش خاموش
فطرت بیہوش ہوگئی ہے — آغوش میں شب کے سوگئی ہے
کچھ ایسا سکوت کا فسوں ہے — نیکر کا خرام بھی سکوں ہے
تاروں کا خموش کارواں ہے — یہ قافلہ بے درا رواں ہے
خاموش ہیں کوہ و دشت و دریا — قدرت ہے مراقبے میں گویا
اے دل تو بھی خموش ہوجا — آغوش میں غم کو لے کے سوجا

سلیمی

جسکی نمود دیکھی چشم ستارہ بیں نے — خورشید میں، قمر میں، تاروں کی انجمن میں
صوفی نے جسکو دل کے ظلمتکدہ میں پایا — شاعر نے جسکو دیکھا قدرت کے بانکپن میں
جسکی چمک ہے پیدا جسکی مہک ہویدا — شبنم کے موتیوں میں پھولوں کے پیرہن میں
صحرا کو ہے بسایا جس نے سکوت بن کر — ہنگامہ جسکے دم سے کاشانۂ چمن میں

ہر شے میں ہے نمایاں یوں تو جمال اس کا
آنکھوں میں ہے سلیمی تیری کمال اس کا

اگر کج رو ہیں انجم آسماں تیرا ہے یا میرا
مجھے فکرِ جہاں کیوں ہو جہاں تیرا ہی یا میرا

اگر ہنگامہ ہائے شوق سے ہے لامکاں خالی
خطا کس کی ہے یارب لامکاں تیرا ہے یا میرا

اسے صبحِ ازل انکار کی جرأت ہوئی کیونکر
مجھے معلوم کیا وہ رازداں تیرا ہے یا میرا

محمد بھی ترا جبریل بھی قرآن بھی تیرا
مگر یہ حرفِ شیریں ترجماں تیرا ہے یا میرا

اسی کوکب کی تابانی سے ہے تیرا جہاں روشن
زوالِ آدمِ خاکی زیاں تیرا ہے یا میرا

جوانوں کو مری آہِ سحر دے
پھر ان شاہیں بچوں کو بال و پر دے

خدایا آرزو میری یہی ہے
مرا نور بصیرت عام کر دے

کیا عشق ایک زندگی مستعار کا
کیا عشق پائیدار سے ناپائیدار کا

وہ عشق جس کی شمع بجھا دے اجل کی پھونک
اس میں مزا نہیں تپش و انتظار کا

میری بساط کیا ہے تب و تابِ یک نفس
شعلے سے بے محل ہے الجھنا شرار کا

کر پہلے مجھ کو زندگیِ جاوداں عطا
پھر ذوق و شوق دیکھ دلِ بیقرار کا

کانٹا وہ دے کہ جس کی کھٹک لازوال ہو
یارب وہ درد جس کی کسک لازوال ہو

کرم تیرا کہ بے جوہر نہیں میں
غلامِ طغرل و سنجر نہیں میں

جہاں بینی مری فطرت ہے لیکن
کسی جمشید کا ساغر نہیں میں

مٹا دیا مرے ساقی نے عالم من و تو
پلا کے مجھ کو مے لا الہ الا ہو

نے نہ شعر نہ ساقی نہ شور چنگ و رباب
سکوت کوہ و لب جوئے و لالہ خود رو

گدائے میکدہ کی شان بے نیازی دیکھ
پہنچ کے چشمۂ حیواں پہ توڑتا ہے سبو

مرا سبو بھی غنیمت ہے اس زمانے میں
کہ خانقاہ میں خالی ہیں صوفیوں کے کدو

ہیں تو نیاز ہوں مجھ سے حجاب ہی اولیٰ
کہ دل سے بڑھ کے ہے میری نگاہ پر قابو

اگرچہ بحر کی موجوں میں ہے مقام اسکا
سرشک چشم بلبل کی طینت سے ہے گہر کا خمیر

نیل تر ہیں گل و لالہ فیض سے اسکے
نگاہ شاعر رنگیں نوا میں ہے جادو

نالۂ بے نہاں ہے درد سوز آرزومندی
مقام بندگی دیکر نہ لوں شان خداوندی

ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا
یہاں مرنے کی پابندی وہاں جینے کی پابندی

حجاب اکسیر ہے آوارۂ کوئے محبت کو
مری آتش کو بھڑکاتی ہے تیری دیر پیوندی

گذار اوقات کر لیتا ہے یہ کوہ و بیاباں میں
کہ شاہیں کیلئے ذلت ہے کار آشیاں بندی

یہ فرزندان توحید نظر تھا یا کہ کتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسمٰعیل کو آداب فرزندی

ضمیر لالہ مے لعل کے جو لب ریز
اشارہ پاتے ہی صوفی نے توڑ دی پرہیز

بچھائی ہے جو کہیں عشق نے بساط اپنی
کیا ہے اس نے فقیروں کو وارث پرویز

پرانے ہیں یہ ستارے فلک بھی فرسودہ
جہاں وہ چاہیے مجھ کو کہ ہو ابھی نوخیز

کسے خبر ہے کہ ہنگامۂ نشور ہے کیا
تری نگاہ کی گردش ہے میری رستاخیز

نہ چھیڑ لذت آہ سحر گہی مجھ سے
نہ کر نگہ سے تغافل کو التفات آمیز

دل غنی کے موافق نہیں ہے موسم گل
صدائے مرغ چمن ہے بہت نشاط انگیز

حدیث بے خبراں ہے تو با زمانہ بساز
زمانہ با تو نہ سازد تو با زمانہ ستیز

وہی میری کم نصیبی وہ تیری بے نیازی
مرے کام کچھ نہ آیا یہ کمال نے نوازی

میں کہاں ہوں تو کہاں ہے یہ مکاں کہ لامکاں ہے
یہ جہاں مرا جواں ہے کہ تری کمر شکن ہے

اسی کشمکش میں گزریں مری زندگی کی راتیں
کبھی سوز و ساز رومی کبھی پیچ و تاب رازی

وہ فریب خوردہ شاہیں کہ پلا ہو گرگسوں میں
اسے کیا خبر ہے کیا ہے رہ و رسم شاہبازی

نہ زباں کوئی غزل کی نہ زباں سے باخبر تو
کوئی دلکشا صدا ہو عبث ہے ساز تازی

نہیں فقر و سلطنت میں کوئی امتیاز ایسا
یہ سپہ کی تیغ بازی وہ علم کی تیغ بازی

کوئی کارواں سے ٹوٹا کوئی بدگماں حرم سے
کہ امیر کارواں میں نہیں خوئے دلنوازی

اپنی جولانگاہ زیر آسماں سمجھا تھا میں
آب و گل کے کھیل کو اپنا جہاں سمجھا تھا میں

بے حجابی سے تری ٹوٹا نگاہوں کا طلسم
اک ردائے نیلگوں کو آسماں سمجھا تھا میں

کارواں تھک کر فضا کے پیچ و خم میں رہ گیا
مہر و ماہ و مشتری کو ہم عناں سمجھا تھا میں

عشق کی اک جست نے طے کر دیا قصہ تمام
اس زمین و آسماں کو بیکراں سمجھا تھا میں

کہہ گئیں راز محبت پر دہ دار ہائے شوق
تھی فغاں وہ بھی مری ضبط فغاں سمجھا تھا میں

تھی کسی درماندہ رہرو کی صدائے دردناک
جس کو آوازِ رحیلِ کارواں سمجھا تھا میں

پھر چراغ لالہ سے روشن ہوئے کوہ و دمن
مجھ کو پھر نغموں پہ اکسانے لگا مرغِ چمن

پھول ہیں صحرا میں یا پریاں قطار اندر قطار
اودے اودے، نیلے نیلے، پیلے پیلے پیرہن

رگِ گل پر رکھ گئی شبنم کا موتی بادِ صبح
اور چمکائی ہوا اس موتی کو سورج کی کرن

حسن بے پروا کو اپنی بے نقابی کے لئے
ہوں اگر شہروں سے بن پیارے تو شہر اچھے کہ بن

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغِ زندگی
تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن

من کی دنیا! من کی دنیا سوز و مستی جذب و شوق
تن کی دنیا! تن کی دنیا سود و سودا مکر و فن

من کی دنیا! من کی دنیا میں نہ جھکتے جم و کے
تن کی دولت چھاؤں ہے آتا ہے دھن جاتا ہے دھن

پاؤں کی زنجیر بن جاتی ہے تن کی آسائش
من کی دنیا میں نہ دیکھے میں نے شیخ و برہمن

یہ پیام دے گئی ہے مجھے بادِ صبح گاہی
تو جھکا جب غیر کے آگے نہ من تیرا نہ تن

تری زندگی اسی سے تری آبرو اسی سے
کہ خودی کے عارفوں کا ہے مقامِ پادشاہی

نہ دیا نشانِ منزل مجھے اے کلیم تو نے
جو رہی خودی تو شاہی نہ رہی تو روسیاہی

مجھے کیا گلہ ہو تجھ سے تو مرا رفیق کم ہے
مجھے کیا گلہ ہو تجھ سے تو نہ راہ نشیں نہ راہی

مرے حلقۂ سخن میں ابھی زیرِ تربیت ہیں — وہ گدا کہ جانتے ہیں رہ و رسمِ کجکلاہی
یہ معاملے ہیں نازک جو تری رضا ہو تو کر — کہ مجھے تو خوش نہ آیا یہ طریقِ خانقاہی
تو ہما کا ہے شکاری ابھی ابتدا ہے تیری — نہیں مصلحت سے خالی یہ جہانِ مرغ و ماہی
تو عرب ہو یا عجم ہو ترا لا الٰہ الا — نہ غریب جب تک ترا دل نہ دے گواہی

نگاہِ فقر میں شانِ سکندری کیا ہے — خراج کی جو گدا ہو وہ قیصری کیا ہے
بتوں سے تجھ کو امیدیں خدا سے نومیدی — مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے
فلک نے ان کو عطا کی ہے خواجگی کہ جنہیں — خبر نہیں روشِ بندہ پروری کیا ہے
فقط نگاہ سے ہوتا ہے فیصلہ دل کا — نہ ہو نگاہ میں شوخی تو دلبری کیا ہے
اسی خطا سے عتابِ ملوک ہے مجھ پر — کہ جانتا ہوں مآلِ سکندری کیا ہے
کسے نہیں ہے تمنائے سروری لیکن — خودی کی موت ہو جس میں وہ سروری کیا ہے
خوش آ گئی ہے جہاں کو قلندری میری — وگرنہ شعر مرا کیا ہے شاعری کیا ہے

اعجاز ہے کسی کا یا گردشِ زمانہ — ٹوٹا ہے ایشیا میں سحرِ فرنگیانہ
تعمیرِ آشیاں سے میں نے یہ راز پایا — اہلِ نوا کے حق میں بجلی ہے آشیانہ
یہ بندگی خدائی وہ بندگی گدائی — یا بندۂ خدا بن یا بندۂ زمانہ
غافل نہ ہو خودی سے کر اپنی پاسبانی — شاید کسی حرم کا تو بھی ہے آستانہ

اے لالہ کے وارث باقی نہیں ہے تجھ میں
گفتار دلبرانہ کردار قاہرانہ
تیری نگاہ سے دل سینوں میں کانپتے تھے
کھو یا گیا ہے تیرا جذب قلندرانہ
راز حرم سے شاید اقبال باخبر ہے
ہیں اس کی گفتگو کے انداز محرمانہ

مجھے آہ و فغاں نیم شب کا پھر پیام آیا
تھم اے رہرو کہ شاید کوئی پھر مشکل مقام آیا
ذرا تقدیر کی گہرائیوں میں ڈوب جا تو بھی
کہ اس جنگاہ سے میں بن کے تیغ بے نیام آیا
یہ مصرع لکھ دیا کس شوخ نے محراب مسجد پر
یہ ناداں گر گئے سجدے میں جب وقت قیام آیا
چل اے میری غریبی کا تماشا دیکھنے والے
وہ محفل اٹھ گئی جس دم تو مجھ تک دور جام آیا
دیا اقبال نے ہندی مسلمانوں کو سوز اپنا
یہ اک مرد تن آساں تھا تو لاکھوں کے کام آیا
اسی اقبال کی میں جستجو کرتا رہا برسوں
بڑی مدت کے بعد آخر وہ شاہیں زیر دام آیا

وہ طفلیان مشائی تو میں رہتا نہیں باقی
کہ میری زندگی کیا ہے یہی طفلیان مشائی
مجھے فطرت نوا پر ہے بہ پے مجبور کرتی ہے
ابھی محفل میں ہے شاید کوئی درد آشنا باقی
وہ آتش آج بھی تیرا نشیمن پھونک سکتی ہے
طلسب صادق نہ ہو تیری تو پھر کیا شکوۂ ساقی
نگر افرنگ کا اندازہ اس کی تابناکی سے
کہ بجلی کے چراغوں سے ہوا اس جوہر کی براقی
دلوں میں ولولے آفاق گیری کے نہیں اٹھتے
نگاہ ہوا میں اگر پیدا نہ ہو انداز آفاقی
خزاں میں بھی کب آسکتا تھا میں صیاد کی زد میں
مری غماز تھی شاخ نشیمن کی کم اوراقی

الٹ جائینگی تدبیریں، بدل جائینگی تقدیریں — حقیقت ہی نہیں میرے تخیل کی یہ غلاقی،

ہر ایک مقام سے آگے گذر گیا مہ نو — کہاں کسی کو میسر ہوا ہے بے تگ و دو
نفس کے زور سے وہ غنچہ وا ہوا بھی تو کیا — جسے نصیب نہیں آفتاب کا پرتو
نگاہ پاک ہو تیری تو پاک ہے دل بھی — کہ دل کو حق نے کیا ہے نگاہ کا پیرو
نہ پہنچ سکا نہ خیاباں میں لالۂ دل سوز — کہ ساز گار نہیں یہ جہان گندم و جو
نہ ہے نہ ایبک و غوری کے معرکے باقی — ہمیشہ تازہ و شیریں ہے نغمۂ خسرو

کھجور کا پہلا درخت اندلس میں

میری آنکھوں کا نور ہے تو — میرے دل کا سرور ہے تو
اپنی وادی سے دور ہوں میں — میرے لئے نخل طور ہے تو
مغرب کی ہوا نے تجھ کو پالا — صحرائے عرب کی حور ہے تو
پردیس میں نامبور ہوں میں — پردیس میں نامبور ہے تو
غربت کی ہوا میں بارور ہو — ساقی ترا نم سحر ہو
عالم کا عجیب ہے نظارہ — دامان نگہ ہے پارہ پارہ
ہست کو شناوری مبارک — پیدا نہیں بحر کا کنارہ
ہے سوز دروں سے زندگانی — اٹھتا نہیں خاک سے شرارہ

صبح غربت میں اور چمکا ٹوٹا ہوا شام کا ستارہ
مومن کے جہاں کی حد نہیں ہے مومن کا مقام ہر کہیں ہے

ہسپانیہ

ہسپانیہ تو خون مسلماں کا امیں ہے مانند حرم پاک ہے تو میری نظر میں
پوشیدہ تری خاک میں سجدوں کے نشاں ہیں خاموش اذانیں ہیں تری بادِ سحر میں
روشن تجھیں ستاروں کی طرح آج کی صنمیں خیمے تھے کبھی جن کے ترے کوہ و کمر میں
پھر تیرے حسینوں کو ضرورت ہے حنا کی باقی ہے ابھی رنگ مرے خونِ جگر میں
کیونکر تجھیں ظالم تہ شمشیر سے دیکھا مانا وہ تب و تاب نہیں اب کے شرر میں
غربت میں بھی دیکھا مری آنکھوں نے دلیکن تسکین مسافر نہ سفر میں نہ حضر میں
دیکھا بھی دکھایا بھی سنایا بھی سنا بھی ہے دل کی تسلی نہ نظر میں نہ خبر میں

ایک نوجوان کے نام

تیرے صوفے ہیں افرنگی تیرے قالیں ہیں ایرانی لہو مجھکو رلاتی ہے جوانوں کی تن آسانی
امارت کیا شکوہِ خسروی بھی ہو تو کیا حاصل نہ زورِ حیدری تجھ میں نہ استغنائے سلمانی
نہ ڈھونڈ اس چیز کو تہذیبِ حاضر کی تجلی میں کہ پایا میں نے استغنا میں معراجِ مسلمانی
عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں نظر آتی ہے اسکو اپنی منزل آسمانوں میں

نہ ہو نومید، نومیدی زوالِ علم و عرفاں ہے
امیدِ مردِ مومن ہے خدا کے رازدانوں میں

نہیں تیرا نشیمن قصرِ سلطانی کے گنبد پر
تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں

نصیحت

بچۂ شاہیں سے کہتا تھا عقابِ سال خوردہ
اے ترے شہپر پہ آساں رفعتِ چرخِ بریں

ہو شباب اپنی لہو کی آگ میں جلنے کا نام
سخت کوشی سے ہے تلخِ زندگانی انگبیں

جو کبوتر پر جھپٹنے میں مزہ ہے اے پسر
وہ مزہ شاید کبوتر کے لہو میں بھی نہیں

لالۂ صحرا

یہ گنبدِ مینائی یہ عالمِ تنہائی
مجھکو تو ڈراتی ہے اس دشت کی پہنائی

بھٹکا ہوا راہی میں بھٹکا ہوا راہی تو
منزل ہے کہاں تیری اے لالۂ صحرائی

خالی ہے کلیموں سے یہ کوہ و کمر ورنہ
تو شعلۂ سینائی میں شعلہ سینائی

تو شاخ سے کیوں پھوٹا میں شاخ سے کیوں ٹوٹا
اک جذبۂ پیدائی اک لذتِ یکتائی

غواصِ محبت کا اللہ نگہباں ہو
ہر قطرۂ دریا میں دریا کی ہے گہرائی

اس موج کے ماتم میں روتی ہے بھنور کی آنکھ
دریا سے اٹھی لیکن ساحل سے نہ ٹکرائی

ہے گرمیِ آدم سے ہنگامۂ عالم گرم
سورج بھی تماشائی تارے بھی تماشائی

اے بادِ بیابانی مجھکو بھی عنایت ہو
خاموشی و دل سوزی سرمستی و رعنائی

زمانہ

جو تھا نہیں ہے، جو ہے نہ ہوگا یہی ہے اک حرفِ محرمانہ
قریب تر ہے نمود جس کی اسی کا مشتاق ہے زمانہ
مری صراحی سے قطرہ قطرہ نئے حوادث ٹپک رہے ہیں
میں اپنی تسبیح روز و شب کا شمار کرتا ہوں دانہ دانہ
ہر ایک سے آشنا ہوں لیکن جدا جدا رسم و راہ میری
کسی کا مالک، کسی کا مرکب کسی کو عبرت کا تازیانہ
نہ تھا اگر تو شریکِ محفل قصور میرا ہے یا کہ تیرا
مرا طریقہ نہیں کہ رکھ لوں کسی کی خاطر مے شبانہ
مرے خم و پیچ کو نجومی کی آنکھ پہچانتی نہیں ہے
ہدف سے بیگانہ تیرِ اس کا نظر نہیں جس کی عارفانہ
شفق نہیں مغربی افق پر یہ بہتے خونِ رجالِ حُر ہے
طلوعِ فردا کا منتظر رہ کہ دوشِ دانا مرورِ سے فسانہ
وہ فکرِ گستاخ جس نے عریاں کیا ہے فطرت کی طاقتوں کو
اسی کی بینائی کھا گئی ہے یہ برق و بارانِ کہربانہ
ہوائیں انکی فضائیں انکی سمندر انکے جہاز انکے
گرہ بھنور کی کھلے تو کیونکر بھنور ہے تقدیر کا بہانہ

جہان نو ہو رہا ہے پیدا وہ عالم پیر مر رہا ہے
جسے فرنگی مقامروں نے بنا دیا ہے قمار خانہ
ہوا ہے گو تند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے
وہ مرد درویش جس کو حق نے دئے ہیں انداز خسروانہ

فلسفہ و مذہب

یہ آفتاب کیا یہ سپہر بریں ہے کیا
سمجھا نہیں تسلسل شام و سحر کو میں

اپنے وطن میں ہوں کہ غریب الدیار ہوں
ڈرتا ہوں دیکھ دیکھ کے اس دشت و در کو میں

کھلتا نہیں مرے سفر زندگی کا راز
لاؤں کہاں سے بندۂ صاحب نظر کو میں

حیراں ہوں یہ علی کہ میں آیا کہاں سے ہوں
رومی یہ سوچتا ہے کہ جاؤں کدھر کو میں

"جاتا ہوں تھوڑی دور ہر ایک راہرو کے ساتھ
پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں

نپولین کے مزار پر

لازہے راز ہے تقدیر جہاں تگ و تاز
جوش کردار سے کھل جاتے ہیں تقدیر کے راز

جوش کردار سے شمشیر سکندر کا طلوع
کوہ الوند ہوا جس کی حرارت سے گداز

جوش کردار سے تیمور کا سیل ہمہ گیر
سیل کے سامنے کیا شہ کیا نخچیر و فراز

صف جنگاہ میں مردان خدا کی تکبیر
جوش کردار سے بنتی ہے خدا کی آواز

ہے مگر فرصتِ کردارِ نفس یادِ نفس — عرضِ یک دو نفسِ قبر کی شب ہائے دراز
"عاقبت منزلِ ما وادیِ خاموشاں ہست — حالیا غلغلہ در گنبدِ افلاک انداز

تاتاری کا خواب

کہیں سجادہ و عمامہ رہزن — کہیں ترسا بچوں کی چشمِ حیاک
ردائے دین و ملت پارہ پارہ — قبائے ملک و دولت چاک در چاک
مرا ایماں تو ہے باقی و لیکن — نہ کھا جائے کہیں شعلے کو خاشاک
ہوائے تند کی موجوں میں مخمور — سمرقند و بخارا کی کفِ خاک

گمر دادگر خود چند انکہ ہستم
بلا انگشتری در من نگینم

یکایک ہل گئی خاکِ سمرقند — اٹھا تیمور کی تربت سے اک نور
شفق آمیز تھی اس کی سفیدی — صدا آئی کہ میں ہوں روحِ تیمور
اگر مخمور ہیں مردانِ تاتار — نہیں اللہ کی تقدیر مخمور
تقاضا زندگی کا کیا یہی ہے — کہ نورانی ہو نورانی سے مہجور

خودی را سوز و سازے دیگرے دہ
جہاں را انقلابے دیگرے دہ

فلسفی

بلند بال تھا لیکن نہ تھا جسور و غیور
حکیم سر محبت سے بے نصیب رہا
پھرا فضاؤں میں کرگس اگرچہ شاہیں وار
شکار زندہ کی لذت سے بے نصیب رہا

شاہیں

کیا میں نے اس خاکداں سے کنارا
جہاں رزق کا نام ہے آب و دانہ
بیاباں کی خلوت خوش آتی ہے مجھکو
ازل سے ہے فطرت مری راہبانہ
نہ بادِ بہاری نہ گلچیں نہ بلبل
نہ بیماریِ نغمۂ عاشقانہ
خیابانیوں سے ہے پرہیز لازم
ادائیں ہیں ان کی بہت دلبرانہ
ہوائے بیاباں سے ہوتی ہے کاری
جواں مرد کی ضربتِ غازیانہ
حمام و کبوتر کا بھوکا نہیں میں
کہ ہے زندگی باز کی زاہدانہ
جھپٹنا پلٹنا ، پلٹ کر جھپٹنا
لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ
یہ پورب یہ پچھم چکوروں کی دنیا
مرا نیلگوں آسماں بے کرانہ
پرندوں کی دنیا کا درویش ہوں میں
کہ شاہیں بناتا نہیں آشیانہ

حال و مقام

دل زندہ و بیدار اگر ہو تو بتدریج — بندے کو عطا کرتے ہیں چشم نگراں اور
احوال و مقامات پہ موقوف ہر سب کچھ — ہر لحظہ ہے سالک کا زماں اور مکاں اور
الفاظ و معانی میں تفاوت نہیں لیکن — ملا کی اذاں اور مجاہد کی اذاں اور
پرواز ہے دونوں کی اسی ایک فضا میں — کرگس کا جہاں اور ہے شاہیں کا جہاں اور

ابوالعلا معرّی

کہتے ہیں کبھی گوشت نہ کھاتا تھا معری — پھل پھول پہ کرتا تھا گذارا وقات
اک دوست نے بھونا ہرا تیتر اسے بھیجا — شاید کہ وہ شاطر اسی ترکیب سے ہوات
یہ خوان ترو تازہ معری نے جو دیکھا — کہنے لگا وہ صاحب غفران و لزومات
اے مرغک بیچارہ ذرا یہ تو بتا تو — تیرا وہ گنہ کیا تھا یہ ہے جس کی مکافات

سیاست

اس کھیل میں تعیین مراتب ہے ضروری — شاطر کی عنایت سے تو فرزیں میں پیادہ
بیچارہ پیادہ تو ہے اک مہرۂ ناچیز — فرزیں سے بھی پوشیدہ ہے فرزیں کا ارادہ

اذاں

اک رات یہ کہنے لگا مجھ سے فلک نے — آدم کو بھی دیکھا ہے کسی نے کبھی بیدار

کہنے لگا مریخ ادا فہم ہے تقدیر — ہو نیند ہی اس چھوٹے سے فتنہ کو سزاوار
زہرہ نے کہا اور کوئی بات نہیں کیا — اس کرکٹ شب کور سے کیا ہم کو سروکار
بولا مہ کامل کہ وہ کوکب ہے زمینی — تم شب کو نمودار ہو وہ دن کو نمودار
واقف ہو اگر لذت بیداری شب سے — اونچی ہے ثریا سے بھی یہ خاک پر اسرار
آغوش میں اسکی وہ تجلی ہے کہ جسمیں — کھو جائینگے افلاک کے سب ثابت سیار

ناگاہ فضا بانگ اذاں سے ہوئی لبریز
وہ نعرہ کہ ہل جاتا ہے جس سے دل کہسار

ختم شد

مآثر سید محمود

(از عبدالمالک آروی)

ہندوستان کے عظیم الشان رہنما، بہار کے وزیر تعلیم ڈاکٹر سید محمود کی زندگی آپ ادبیات، مذہبیات، عمرانیات اور سیاسیات پر سیر حاصل بحثیں اُن کی نفسیاتی تحلیل و تجزیہ اور ان پر ناقدانہ جرح و تعدیل۔

یہ کتاب نہ صرف ڈاکٹر صاحب موصوف کی حیات و اعمال سے بحث کرتی ہے بلکہ یہ ادبی تنقیدوں، نفسیاتی عقدہ کشائیوں، اور سیاسی مسائل کا ایک دلچسپ اور مفید مرقع ہے اسمیں ہندوستان کے انقلاب اور جوابی انقلاب، آزادی اور ٹھوارہ ہندو مسلم اتحاد و کشاکش، جہالت پسندی اور فرقہ پرستی کے اسباب و عواقب پر بے انتہا دلکش اور ساتھ ہی عمیق اندا میں روشنی ڈالی گئی ہے سائز ۳۰ × ۲۰ صفحات تقریباً

قیمت تخمیناً پانچ روپیہ (۵)

ہندوستانی مسلمان

(از عبدالملک آروی)

ہندوستان کے مسلمان ایک جدید، نازک اور تاریخی دو
سے گذر رہے ہیں، ان کے خیالات پریشان اور انکی زندگی ڈھال
ہو رہی ہے، اس کتاب کے مطالعہ سے انکی جامد و بارد زندگی
میں قوت و عمل کی حرارت اور مستقبل کی تعمیر کیلئے انکے تصورات
میں ایک نئی لہر پیدا ہو جائیگی، اس کتاب میں پاکستان، اسلامستان
انقلاب چین جیسے بین الاقوامی مسائل کے علاوہ اقلیت، ہجرت،
زبان اور معاش کے مسائل پر بے لاگ تنقیدیں کی گئی ہیں،
ضرورت ہے کہ ہندوستان کا ہر مسلمان یہ کتاب پڑھے اس کے
ذہنی ہیجان و اضطراب میں ایک سکون پر وٹھہراؤ پیدا ہو جائیگا
سائز ۲۰×۳۰ صفحات تقریباً ۵۰۰ قیمت کا اندازہ (سے ۶)

ملنے کا پتہ:۔ طاق بستاں آرہ (صوبہ بہار)